
اصلی و مکمل کیمیاگر

پرنٹر پریس شیر از نوری



منگوانے کا پتہ سیٹھ آدم جی عبداللہ سیلشرز بمبئی والے نولکھا بازار، لاہور

Price: Rs. 6-0-0.

جملہ حقوق محفوظ ہیں

[illegible]

کیمیاگر

جس میں کشتہ سونا ۔ چاندی ۔ تانبہ ۔ فولاد ۔ خبث الحدید ۔ قلعی ۔ پارہ ۔ شنگرف ۔ ہرتال ۔ سنکھیا ۔ یاقوت ۔ مرواربد ۔ مرجان ۔ حبت ۔ سنگ ہیری ۔ مردار سنگ ۔ روپا مکھی وغیرہ اور علم کیمیا پر مکمل بحث بمعہ عملی ثبوت باتصویر

مصنفہ

فخر الاطبا حکیم نور احمد ثاقب سرپرست عظیمیہ دواخانہ شہر جہلم

منگوانے کا پتہ

سیٹھ آدم جی عبداللہ پبلشرز و ناشران قرآن مجید بمبئی والے نولکھا بازار لاہور

مقبول عام پریس لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ناظرین! آپ کو معلوم ہے کہ علم کشتہ جات کسقدر وسیع علم ہے۔ مجھ ناچیز کی انبساط ہی کیا ہے۔ کہ اس کے متعلق کچھ لکھوں۔ جب کہ زمانہ جدید کے ماہر فن پنڈت صاحب نے یہ لکھا ہے کہ علم کشتہ جات وہ علم ہے کہ جس کے دریائے علم میں تمام عمر گذارنے کے بعد بھی میں تہ کا پتہ نہ کر سکا ہوں تو یہ سمجھتا ہوں کہ جملہ مخلوق خداوندی کی دعائیں میرے شامل حال ہیں میں اس مضمون کیلئے خامہ فرسائی کر رہا ہوں۔ چونکہ خزینۃ الارض کو چھپنے کے بعد عوام نے کافی تعداد میں خطوط لکھے اور فرمائش بھی کی کہ محض کشتہ جات پر کوئی جامع کتاب تصنیف کریں جس کی فی زمانہ اشد ضرورت ہے چنانچہ کافی عرصہ سیاحی کے بعد اس کتاب کو مکمل کشتہ جات کے نام سے تالیف کیا جو ہدیہ اہل ذوق ہے۔

کشتہ

کشتہ کے لفظی معنی ہیں:- مارا ہوا- اور دھات کو مارنا یہ الفاظ بھی مستعمل ہیں۔ ویدک اصطلاح میں مارن مارنا بنا دینے کو کہتے ہیں۔ سنسکرت میں بھسم کرنا لکھا ہے۔ اگر لفظ بھسم پر مضمون نگاری کی جائے تو بے معنی ہونے کے ساتھ ساتھ کتاب کی فضول ضخامت بڑھ جائے گی۔ لہٰذا اتنا عرض کر دینا ہی کافی ہے کہ یہ حلق سے نیچے اترتے ہی خون میں مل کر مانند آبحیات اپنا موثر اثر رونما کر دیتی ہے۔ جس کے متعلق عالم ویدک کے ماہرین کا متفقہ فیصلہ ہے۔ کیونکہ جڑی بوٹیوں کے اجزا اور آکسیجن وغیرہ اس کے اندر مل کر ایک اعلیٰ مرکب بن جاتا ہے اور امراض کو دور کرنے میں اکسیر اعظم بن جاتا ہے بعض امراض میں اس کا استعمال واقعی آبحیات کا سا نفع بخش ثابت ہوتا ہے۔ اس سے کسی طبیب کو بھی اختلاف نہ ہوگا۔ کہ اگر اعلیٰ قسم کے عمدہ کشتہ جات

سے علاج کیا جائے۔ تو یہ ایک ایسا مفید علاج ہے کہ اس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ تو یہ ایک ایسا مفید علاج ہے کہ اس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ بڑے بڑے نامور سنیاسی اپنے علاج سے دنیا کو حیرت میں ڈالتے رہے اور کشتہ جات کے ذریعہ ہی علاج کرتے رہے ہیں۔ زمانہ قدیم میں اگر حکمائے دہلی نے نام پایا تھا۔ تو اب تک ان کے نام کا وقار باقی ہے۔ تمام ملک میں یونانی اطباء ان کے مجربات سے مستفید ہو رہے ہیں۔ یہ دراصل کشتہ جات کی بدولت ہے اور میری یہ کوشش ہے۔ کہ جس قدر مجھ تک یہ علم پہنچا۔ یا میں نے حاصل کیا۔ اس کو میں عوام تک پہنچا دوں۔ تاکہ ہمارے ملک کے جملہ تمام فن طب یونانی سے شوق رکھنے والے حضرات مکمل طور پر افادیت حاصل کر سکیں۔ اور فدوی دعائے خیر برکت بن سکے۔

کشتہ جات کی طاقت کے متعلق وہ شخص ہی صحیح اندازہ کر سکتا ہے۔ کہ جس نے محنت کر کے کوئی کشتہ تیار کیا ہو۔ جو اطبائے اعلیٰ کشتہ جات جانتے ہیں اور تیار کر کے اپنے پاس رکھتے ہیں۔ وہ ہی کامیاب طبیب مانے جا رہے ہیں۔

کشتہ جات

آج کل عوام میں یہ مشہور ہے کہ چھوٹی عمر میں کشتہ جات نقصان دہ ثابت ہوتے ہیں۔ مگر میں کہتا ہوں کہ کشتہ جات نہ صرف نقصان دہ ثابت ہوں بلکہ چھوٹی یا بڑی عمر کی کوئی قید نہیں۔ یہ ہر ایک کے لئے موت کا پیغام ہیں۔ بشرطیکہ استعمال کرنے والا کھانے والوں جتنا علم رکھتا ہو۔ میں بحیثیت طبیب ہونے کے

دعویٰ سے کہتا ہوں۔ کہ کشتہ جات ایک دن کے بچہ سے کر ایک سو برس کے انسان تک کو مفید ثابت ہو سکتے ہیں اور اس کتاب میں آپ ایسے نسخے پائیں گے لیکن چونکہ آج کل کشتہ جات کا فن ہر اہل اور نااہل تک پہنچ گیا ہے۔ مگر اس میں بہت لوگ ایسے بھی ہیں۔ جو علم کشتہ جات کے صحیح اصول کو پا گئے اور ان کی محنت راس آگئی۔ جو دن رات محنت کرتے ہیں اور مخلوقِ خدا ان سے فیضیاب ہو رہی ہے۔ میں آپ سے بار بار یہ عرض کروں گا۔ کہ اگر آپ کو اس فن کا شوق ہے تو خوب محنت کریں جب آپ خود کو معالج کہلانے کے قابل بن جائیں۔ تو میدان میں آئیں خدمت خلق کریں۔ لاکھوں بوڑھے بچے آپ کو دعائے خیر سے یاد کریں گے اللہ تعالیٰ غریب کی بددعا سے بچائے مریض تو معذور غریب انسان ہوتا ہے جس کی نظروں میں خدا اور رسول اکرم صلعم اور آئمہ طاہرین کے بعد معالج کی عزت قدر و منزلت ہوتی ہے۔ معالج کا اللہ تعالیٰ نے بڑا درجہ لکھا ہے۔ لیکن معالج حقیقی معنوں میں معالج ہو اور نفع اندوزی سے اللہ تبارک و تعالیٰ محفوظ رکھے آمین بحق معصومین ؑ

پہچان دراصل کشتہ جات کی پہچان اتنی مشکل نہیں جیسا کہ لوگوں میں مشہور ہے جو کشتہ کامل صفائی اور با الترتیب مکمل محنت و جانفشانی سے تیار کیا جائے وہ ہرگز ہرگز نقصان نہیں پہنچاتا حقیقی معنوں میں وہ کشتہ دوسرے لفظوں میں اکسیر اعظم ہوتا ہے۔ دھاتوں کے کشتہ جات کی پہچان یہ ہے کہ وہ خاک جس کو آپ اکسیر اعظم کہتے ہیں ہلکی ہو جائے۔ دوسرے قلعی جتنی ہاتھ سے پس جائے وہ عمدہ کشتہ ہے اور جو نہ پسے اس کو آگ دینی چاہیئے جست کو بھی ہاتھ سے مل کر کپڑ چھان کر لیں۔ جو ہاتھ سے نہ پسے اس کو ناقابل استعمال یعنی خام سمجھیئے۔ ایسے ہی سونا

چاندی - فولاد - تانبا وغیرہ کو بھی دیکھ لینا چاہیئے - کہ کچھ ہلکا پن پیدا ہوا ہے یا نہیں
تیسرے یہ کہ ایک پیالہ پانی سے لبریز کر کے اس پر اپنا تیار شدہ کشتہ ڈال دیں جس
کو آپ دیکھنا چاہتے ہیں اور پھر اس کشتہ کے اوپر گندم کے دانے ڈال دیئے جائیں
جس قدر زیادہ سے زیادہ کشتہ گندم کے دانے اٹھالیگا - اتنا ہی عمدہ ہوگا اور
بہت سے کشتہ ایسے ہوتے ہیں - کہ وہ ایک چٹکی اکسیر ایک پاؤ دانوں کا وزن
اٹھا لیتی ہے - اگر کوئی کشتہ ایک دانہ بھی سہار نہ سکے تو اس کو خام تصور کریں
چوتھے کشتہ تانبہ ہلکا ہونے کے ساتھ ساتھ دہی پر ڈالنے سے سبز رنگ
کا ہو جائے - اگر یہ دانے سہارے اور دہی میں سبز رنگ نہ دے تو قابل استعمال نہیں -
غرض کہ موتی - یاقوت - سیپ - ہیرا - مرجان - زمرد یا اس قسم کے اور کشتہ جات
ان سب کی یہ پہچان ہے کہ ہاتھ سے پس سکیں -

پانچواں - یہ کہ اڑنے والی اشیاء مثلاً پارہ - شنگرف - سنکھیا - ہڑتال وغیرہ
کے کشتہ جات کی پہچان یہ ہے - کہ وہ آگ پر ڈالنے سے نہ اڑیں - اگر دھواں دیدے
تو کشتہ کامل نہیں - اس کو پھر تیار کرے - جب وہ دھواں دینے یعنی اڑنے سے باز آ جائے
تو سمجھ لیجئے آپ کی محنت مکمل ہو گئی اور یہ کشتہ قابل استعمال ہے جس مریض کو آپ
صحیح تشخیص کر کے استعمال کرائیں گے مانند اکسیر پائیں گے بلکہ یہ درست ہے
اس کے سامنے بنے ہوئے ہزار ہا انجکشن ہیچ ہیں رنگ کے لحاظ سے ہر ایک دھات
یا غیر دھات سرخ - سیاہ - زرد - سفید ہوتی ہے لیکن اطباء یدگ کے نزدیک سفید
رنگ کا کشتہ نہایت اکسیر صفت ہوتا ہے اور پارہ شنگرف وغیرہ ذی شخ دھاتوں
کے کشتے ہمیشہ باوزن ہونے چاہئیں - اگر ان کا وزن کم ہو جائے تو یہ اپنی صفت میں بھی

کم ہو جاتے ہیں۔ غرضیکہ علم کشتہ جات سننے اور پڑھنے سے نہیں آتا بلکہ عمل سے حاصل ہے۔ اس میں آپ جس قدر محنت سے عمل کرتے جائینگے۔ اتنے ہی کامل عامل بنتے چلے جائیں گے

عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی ❊ یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے

چند ہدایات

(۱) کشتہ جات جب استعمال کرنے ہوں تو اس بات کا خیال رکھیں کہ کشتہ کی کم سے کم مقدار عمل میں لائی جائے۔ اگر اصلی مقدار میں بھی گرمی خشکی معلوم ہو۔ تو مقدار خوراک اور کم کرنی چاہیئے۔ مثلاً اگر کسی کشتہ کی خوراک کی مقدار ایک رتی ہے تو عموماً ان میں چوتھائی رتی یا تہائی رتی استعمال کرائیں۔ اگر اس سے بھی تکلیف محسوس ہو تو بجائے بڑھانے کے کم کریں، یہ ضروری نہیں کہ ایک رتی ہی استعمال کرایا جائے۔

(۲) اطبا ویدک کے نزدیک بہتر طریقہ استعمال یہ ہے کہ بالکل کم مقدار میں کشتے کا کھانا شروع کریں اور اس حد تک بڑھائیں کہ نقصان کا احتمال نہ ہو پھر کم کر کے جس مقدار سے شروع کیا ہے اسی مقدار پر چھوڑ دیں اور اگر آپ ضروری سمجھیں تو ایک کورس اور کرلیں۔

(۳) گذشتہ چند یوم استعمال کرنے کے بعد کوئی فائدہ نہ ہو یا کوئی نقصان معلوم ہو تو فوراً ترک کر دینا چاہیئے کیونکہ یقیناً تشخیص غلط ہے اور وہ طبیعت کے موافق نہیں۔

(۴) موسم گرما میں کشتہ جات کے ساتھ مکھن نہی دودھ ملائی وغیرہ کا استعمال کافی ہونا چاہیئے اگر گھبراہٹ محسوس ہو تو کیوڑہ عرق گلاب بہاری عرق بید مشک عرق گاؤزبان وغیرہ کا استعمال نہایت عمدہ ہے۔ (۵) چونکہ کشتہ جات تقریباً سب کے سب خشک ہوتے ہیں اس واسطے ان کا عام دودھ مکھن. بالائی یا شہد بہتر ہے۔ مگر گرم علاقوں میں پان شہد اور ادرک یا آب برگ تلسی وغیرہ ہی عمل میں لانا چاہیئے باقی ہر کشتہ کے ساتھ ہم طریقہ

استعمال لکھدیں گے لیکن مرض کے لحاظ سے یہ ضروری ہے۔ کہ معالج مریض کی طبیعت اور مزاج کے مطابق استعمال کرائے چونکہ ایک ہی ترکیب ملک کے سرد، گرم یا خشک و تر مزاج علاج کیلئے فائدہ مند ثابت نہیں ہو سکتی اس لئے معالج کی تشخیص مرض کے ساتھ ساتھ بدرقہ کا ہونا لازمی ہے

(۶) کشتہ ایک ایسی اکسیر ہے کہ وہ بدن میں جلد سرایت کر جاتا ہے کشتہ جات کے دوران استعمال میں جسم کے اندر جذب کی طاقت بڑھ جاتی ہے۔ اسی لئے مضر اشیاء عام حالتوں سے زیادہ اثر کرتی ہیں چاہیئے کہ کشتہ جات کے استعمال میں غذا مقوی و لطیف زود ہضم اور سادہ ہونی چاہیئے اور اچار سرخ مرچ۔ ترش اشیاء زیادتی نمک وغیرہ سے پرہیز رکھنا چاہیئے۔ جہاں جس چیز کی اجازت ہو وہی استعمال کریں۔ غم غصہ وغیرہ سے پرہیز کرتے ہوئے طبیعت کو ساکن و خوش رکھنا چاہیئے۔ کثرت جماع سے پرہیز کریں جائز صورت عمل بھی بعض حالتوں میں ممنوع ہے۔ تند ورزش و ریاضت بھی زیادہ نہ کریں۔

اب ہم کشتہ جات بالترتیب شروع کرتے ہیں۔ جیسا کہ ہندی کتب اور ماہرین فن سے مجھ تک پہنچے۔ اور جو طب یونانی کے موجدوں نے اپنی عدیم المثال تصنیفات میں لکھے ہیں۔ بعد تحقیق و تجربات کے ہدیہ ناظرین ہیں وَمَا تَوْفِيْقِيْ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۰

خادم: خلق اللہ حکیم نور احمد ثاقب عظیمیہ دوا خانہ جہلم (پاکستان)

ترکیب کشتہ سونا

ایک تولہ سونے کا پترا لیکر اس کو قینچی سے مانند چاول باریک کریں۔ اور ایک آب بیخ گل عباسی میں کھرل کرلیں۔ پھر عرق گلاب بہاری سہ آتشہ میں پھر آب برگ تلی ایک پاؤ میں کھرل کرکے قرص بنا دیں خشک ہونے پر گل حکمت کرکے بیس سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ نہایت بہترین کشتہ بنے گا۔ اس کی تعریف میں پوری کتاب لکھدوں تو کم ہے صرف اتنا عرض ہے کہ مختلف بدرقہ سے جملہ امراض انسانی کا واحد علاج ہے اگر طبیعت

چاہیے تو بفضل خدا اس کی بدولت مردے کو زندہ کر سکتا ہے۔ میرے تجربہ میں اس سے زیادہ مقوی اعضاء رئیسہ کوئی کشتہ نہیں آیا۔

برادہ طلا خالص ایک تولہ لیکر عرق مرکب ایک سیر میں اس قدر کھرل کریں کہ ٹکی سی بن جائے پھر اس کو چینی کے دو پیالوں میں بند کر کے سیمنٹ کریں اور سایہ میں خشک کرنے کے بعد بالوپٹ کر کے تیس سیر یا چلد شتی کی آگ دیں اور صبح کو پھر کھرل کریں اور بدستور عمل سابق آگ دیں علیٰ ہذا القیاس اسی طرح بارہ آنچ دیکر عرق بیدمشک میں کھرل کر کے چالیس یوم تک بلوری شیشی میں ڈالکر نمناک جگہ پر دفن رکھیں۔ پھر کام میں لائیں مقدار خوراک ایک برنج تا چہار برنج موافق تحمل طبیعت ہمراہ عسل خام عمدہ یا خمیرہ جات وغیرہ میں ملا کر کھائیں ترشی سے پرہیز کریں نمک تیج بہت کم کھائیں۔ مقوی باہ مشتہی مقوی باہ رئیسہ ہے اور ارواح القویٰ ہے۔ نسخہ عرق مرکب ہلیلہ بلیلہ آملہ۔ اجمود۔ بھوکر مل۔ اجوائن خراسانی کاہیل۔ چوک۔ بابیاں۔ پلاس پاپڑہ۔ ریوند چینی۔ زنجبیل۔ شب یمانی۔ پوست درخت کوکنار صحرائی پوست درخت کیکر۔ توتیا نیلا۔ ہر ایک پانچ تولہ قند سیاہ ایک سیر۔ آب ادرک۔ آب زرب آب گھیلوار۔ آب دریاء ہر ایک چہار سیر۔ آب لہسن آب پیاز ہر ایک تین سیر جملہ ادویہ کو جو کوب کر کے سب کو ایک مٹکے میں ڈالکر ایک ہفتہ سرگین اسپ میں سات یوم تک دفن رکھیں۔ بعدہ نکال کر بطریق معروف عرق کشید کریں۔ یہی عرق مرکب بالائی نسخہ میں تیاری کیلئے استعمال ہوتا ہے ایک اشرفی کو برگ مہندی سبز کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کریں خشک ہونے پر دس سیر اپلہ صحرائی کی آگ دیں۔ سرد ہونے کے بعد نکال کر پھر بدستور سابق آدھ پاؤ برگ منڈی بوٹی سبز میں رکھ کر دس سیر جنگلی گوہوں کی آگ دیں۔ پھر سرد ہونے کے بعد نکال کر مکرر یہ عمل کریں۔ سرد ہونے کے بعد نکال لیں۔ انشاء اللہ حروف بدستور سالم اور صاف رہیں گے نہایت قابل تعریف کشتہ تیار ہوگا۔ زندیق عقیلئے اکسیر ہے۔ مشتہی مبہی اور مقوی جگر ہے۔ رطوبات بلغمیہ کو جذب کرتا ہے تقویت اعضاء

رئیسہ کیلئے نہایت مفید ہے۔ مقدار خوراک ایک چاول سے تین چاول تک ہمراہ خمیرہ ابریشمی یا
معجون شباب آور یا خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا یا مفرح المسک معتدل جواہر والی چھ ماشہ برادہ سونا
عمدہ آب برگ تلسی میں سولہ پہر کھرل کرکے غلولہ بنالیں پھر کوزہ گلی میں رکھ کر گلحکمت کریں خشک
ہونے پر لحبیٹ کی آنچ دیں۔ اگر ایک مرتبہ کمی رہے تو دوبارہ آگ دیں نہایت قابل قدر کشتہ
تیار ہوگا۔ مقدار خوراک ایک برنج ہمراہ بالائی یا مکھن تازہ کے ساتھ دیں غذا مرغن کھائیں
اور گھی دودھ شہد ملاکر روزانہ پئیں۔ مقوی اعضاء رئیسہ ہے رنگ روپ نکھارتا ہے خون
بناتا ہے۔ یہ نسخہ جناب شفاء الملک جد امجد حکیم احمد حسن صاحب کربلائی کی قلمی بیاض خاص
سے نقل کر رہا ہوں جو کہ میرے تجربہ میں آچکا ہے جو اصحاب ایک مرتبہ محنت کرلیں گے تمام
دنیا کے خزانے کی کنجی ان کے ہاتھ میں ہوگی۔

سوا لاکھ گل سرخ پہاڑی لیکر سہ آتشہ عرق کشید کریں اور عرق کا وزن صرف دس سیر ہو۔
اس میں سے عطر گلاب کی طرح خوشبو آئیگی۔ پھر مندرجہ ذیل طریق پر صرف کریں۔

ایک تولہ ورق طلاء عمدہ جس پر عمدہ سونا ہونیکا یقین ہو۔ لیکن آدھ پاؤ عرق مذکورہ میں
کھرل کریں۔ جب یہ قرص بن جائیں تو ایک کوزہ گلی میں گلحکمت کرکے خشک ہونے پر بیس سیر
خالص گوبر کے اپلوں کی محفوظ ہوا مقام پر آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر یہ عمل دوبارہ کریں
چوتھی مرتبہ ڈیڑھ چھٹانک عرق میں کھرل کریں اور پندرہ سیر کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر یہ عمل
پھر تین مرتبہ کریں اب ایک سیر ۵ آلہ عرق کھرل ہو چکا۔ اور بیس آنچ سیر اپلوں کی آگ دیں اور
یہ عمل تین مرتبہ کریں اب ایک سیر ۵ آلہ عرق کھرل ہو چکا اور بیس آنچ مکمل ہو گئی باقی آنچیں مندرجہ
ذیل طریق پر دینی ہونگی پھر یہ دو تولہ عرق میں کھرل کریں حسب دستور سابق آنچ صرف سیر یا چا کنڈی کی
دیں اور اسی طرح متواتر تیس آنچیں پوری اس کے بعد تمام عرق صرف ہو جائیگا۔ اور باون آنچیں
مکمل ہو جائیں گی۔ اب یہ عرق سہ آتشہ تیار کریں جس کا وزن سوا سیر ہو اجزا عرق یہ ہیں۔
گاؤزبان۔ گل گاؤزبان۔ نیلوفر۔ شگوفہ کیوڑہ۔ صندل سفید۔ طباشیر۔ گلو۔ شگوفہ لیموں

جدوار خطائی۔ گل چاندنی۔ گل گڑھل۔ عشبہ مغربی۔ افسنتین۔ منڈی بوٹی۔ تاتخراہ طینی سنایہ با جملہ سولہ ادویہ میں ان کو نیم کوب کر کے چوبیس گھنٹے بھگو رکھیں۔ پھر مندرجہ ذیل آب ملا کر بطریق مذکور سہ آتشہ عرق کشید کریں۔ آب ادرک۔ آب پیاز۔ آب انار شیریں۔ آب برگ چکوترہ۔ جملہ پانچ سیر پختہ عرق عمدہ طریق پر نکالیں اور وزن سوا سیر سے زیادہ نہ ہو۔ اگر زیادہ بھی ہو جائے تو چار یا پانچ آتشہ بھی کر سکتے ہیں۔ پس اب یہ عرق کھرل کر لئے جائیں اور بدستور سابق آنچ دیتے جائیں اڑتالیس آنچیں پوری ہو جائیں اور عرق بھی ختم ہو جائے لیکن خیال رہے کہ ہر مرتبہ آگ صرف ڈھائی سیر کی محفوظ الہوا پر دینی چاہیئے جب تک آنچ دیا ہوا برتن یعنی گل حکمت سرد نہ ہو جائے نہ نکالیں۔ یہ تمام عمل مکمل ہو جانے کے بعد پوری اڑتالیس آنچیں مکمل ہو جائیں گی۔ اب یہ لاجواب اکسیر تیار ہو گئی جو کہ ایک ماہ کے بچے سے لیکر ایک سو برس کے بوڑھے تک استعمال کرایا جا سکتا ہے۔ حسب ضرورت ایک چاول تک اس سے زیادہ مقدار میں استعمال جائز نہیں۔

فوائد بے شمار ہیں مختصراً عرض ہے۔ زبان میں لطافت اور فصاحت پیدا کرتا ہے اخلاط کا تصفیہ اور ان کی تعدیل کرتا ہے تمام قسم کے تپوں بالخصوص دق یا دق الاطفال میں بیحد مفید ہے صحت کو برقرار رکھتا ہے۔ بدن کو موٹا اور چہرے کو خوشرنگ بناتا ہے کھانسی پرانی دردسر شقیقہ کو مفید ہے۔ وسواس مالیخولیا خفقان وغیرہ امراض کا مکمل علاج ہے مقوی باہ مولد منی و مغلظ منی ہے۔ تمام سوداوی صفراوی اخراجی کہنہ بالخصوص اسہال زیادتی پھیپھڑوں کا زخم۔ بواسیر۔ ناسور خنازیر۔ اور ہر ایک امراض خبیثہ مثلاً غدود۔ برص۔ بہق لبد عارض سوداوی۔ وجع المفاصل وغیرہ کا واحد علاج ہے اور ہر قسم کے مرض میں یکساں مفید ہے جو کہ سینکڑوں مرتبہ تجربہ میں آچکا ہے اور ہمارے مطب اکسیر القلوب کا جزو اعظم ہے ہماری شہرہ آفاق دوا شوق نشاط الٰہی کی وجہ سے مشہور ہے اس کا نسخہ یہ ہے۔ زعفران۔ کشتہ مونگا۔ کشتہ مروارید۔ الائچی سفید۔ طباشیر۔ زہر مہرہ خطائی۔ عود صلیب۔ مغز کنول گٹا۔ کشتہ عقیق۔ مشک تبتی۔ عنبر اشہب۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ سنگ یشب۔ کشتہ نقرہ۔ یاقوت رمانی۔ سنگدانہ مرغ

ہیرا ایک تولہ کشتہ طلائی ہذا چھ ماشہ سب کو عرق بید مشک میں کھرل کر کے سفوف بنالیں مقدار خوراک ایک رتی تک حسب برداشت غذا مرغن کھائیں۔ ہمیشہ گھی مکھن کا زیادہ استعمال رکھیں علاوہ ازیں ہمارے بہت مجرب مرکبات کی ٹیسٹ ہے۔ ہماری ترقی کا راز صرف یہ کشتہ طلا ہے جس کو ہدیہ ناظرین کرتا ہوں۔ بنائیں اور فائدہ اٹھائیں۔ ہمارا دعویٰ ہے کہ ہمارے اس کشتہ کے مقابلہ میں تمام انگریزی ادویات ہیچ ہیں۔

برادہ طلا ایک تولہ پارہ تولہ جلاکی خاردار کے پانی میں کھرل کریں خشک ہونے پر قرص بنا کر اسی کی لگدی میں گل حکمت کر کے پانچ سیر اُپلوں کی آگ دیں اور سرد ہونے پر نکال لیں پھر خاردار چلاکی کے پانی میں کھرل کر کے قرص بنائیں اور سات سیر اپلوں کی آنچ دیں غرضیکہ پندرہ آنچیں باترتیب دیتے رہے اور ہر ایک مرتبہ دو سیر بڑھاتے رہیں۔ بس کشتہ طلا تیار ہے اور رنگ گلابی نہایت عمدہ تیار ہو گا۔ مقدار خوراک ڈیڑھ چاول تک ہمراہ مکھن یا بالائی۔ سیلان الرحم و استحاضہ کے خون کو بند کرتا ہے۔ اس کی جڑھ مدربول ہے سنگ مثانہ کو خارج کرتا ہے صفرا بلغم اور فساد خون کو مفید ہے کشتہ کا مزاج سرد خشک ہے۔ خالص سونا حسب ضرورت لیکر کلونجی کلجبھی، ترپھلہ دہی وغیرہ میں تیس مرتبہ بجھائیں بعد میں سونے کا برادہ وزن کر کے اس سے نصف وزن کا پارہ ملا دیں اور کھرل کر کے گندھک آملہ سار میں سفوف کر کے گوبر اوپر نیچے دے کر گلحکمت کریں خشک ہونے پر لجبیٹ کی آگ دیں اور رکھنے بعد دیگرے مسلسل پانچ آنچیں دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کشتہ ہو گا خوب تیار ہو گا مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ شیر گاؤ تازہ کے استعمال کریں۔ پرانی کھانسی اور دق کیلئے بیحد مفید ہے۔ ترشی وغیرہ سے پرہیز کریں مکمل دو ماہ کے استعمال سے تپ دق رفع ہو جائیں گی۔ برادہ طلا ایک تولہ بوٹی چلاکی خاردار کے نگدے میں سمیٹ کر کے خشک ہونے پر کپڑ ول ڈیک آنچ دیں۔ بعد ازاں آٹھ سیر اپلہ صحرائی کی آگ دیں کشتہ مانند گلسرخ رنگ کے برآمد ہو گا۔ مقدار خوراک ایک برنج تا نیم حسب ہمراہ مکھن تازہ، بادی

ترشی سے پرہیز کریں۔ مقوی قلب ہے اور مندرجہ ذیل نسخہ میں ڈال کر گولیاں بنالیں یہ ہمارے معمول مطلب ہیں اور حب ممسک طلائی کے نام سے مشہور ہیں۔ نسخہ یہ ہے۔

مروارید ناسفتہ۔ مومیائی خالص۔ مصطگی رومی۔ طباشیر۔ کبود۔ قرنفل۔ جاوتری۔ جائفل۔ بہمنیں۔ موصلی سفید۔ ریگ ماہی۔ دارچینی۔ شقاقل مصری۔ زنجبیل۔ درونج عقربی۔ عود ہندی۔ ثعلب مصری۔ عود صلیب۔ جدوار خطائی ہر ایک تین رتی۔ زہر مہرہ خطائی۔ عنبر اشہب۔ مشک خالص ہر ایک آدھ ماشہ۔ بیر بہوٹی ۳ عدد۔ مغز سر کنجشک۔ زعفران ڈیڑھ ماشہ کشتہ طلا دو ماشہ بطریق ہذا تیار کیا ہوا۔ کشتہ نقرہ تین ماشہ شامل کریں۔ **ترکیب تیاری:**۔ پہلے مومیائی۔ عنبر اور مصطگی کو روغن پستہ حسب ضرورت لیکر سب کو ایک مضبوط شیشی میں ڈال کر دیگچی کے درمیان میں رکھیں اور پانی اتنا ڈالیں کہ شیشی نہ ڈوب جائے اور معمولی آگ کی گرمائی دیں۔ تاکہ شیشی کی تمام چیزیں محلول ہو جائیں۔ بعد ازاں مروارید، مشک زہر مہرہ خطائی اور کشتہ سونا کو ایک پاؤ آب سیب سے کھرل کریں۔ اس کے بعد تمام چیزیں کوٹ پیس کر کھرل کریں۔ مغز سر کنجشک کو روغن پستہ میں بریاں کریں اور سات گھنٹے کھرل کریں۔ مغز سر کنجشک کو روغن پستہ میں بریاں کریں اور سات گھنٹے کھرل کے بعد نخودی گولیاں بنالیں۔ مقدار خوراک دو گولی ہمراہ شیر گاؤ بوقت قبل از خواب شب۔ ضعف اعصاب ضعف دل و دماغ اور مقوی باہ ہے۔ کثرت جماع سے پیدا ہونیوالی کمزوری کو دور کرتی ہے بے حد ممسک ہے۔

برادہ طلا چھ ماشہ برگ نیم ایک پاؤ کے نگدے میں سفوف کر کے کپڑ مٹی کریں یا کوزہ گلی آب نار سیدہ میں رکھ کر گل حکمت کریں خشک ہونے پر دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ کشتہ برنگ گلابی تیار ہوگا۔ مقدار خوراک ایک چاول ہمراہ شہد خالص۔ ترشی و بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔ تقویت جگر ہے خفقان کا واحد علاج ہے۔

ورق طلا الکیتولہ۔ پارہ مصفٰے ایک تولہ ہر دو کو آب لیموں کاغذی میں اس قدر کھرل

کریں۔ کہ پارہ سونے کے ساتھ مل کر ایک جان ہو جائے۔ پھر ہم وزن گندھک آملہ سار میں ملفوف کر کے کوزہ گلی میں گلحکمت کریں اور پانچ سیر اپلوں کی آنچ دیں اور اس عمل کو پندرہ بار بپایہ تکمیل تک پہنچائیں۔ نہایت عمدہ مصفیٰ خون تیار ہو جائیگی۔ کوڑھ کے لئے مفید ہے۔

نوٹ:۔ گندھک اور پارہ ہر مرتبہ نیا ہونا چاہیئے اور کھرل کر کے قرص بنائیں

ہینگ خالص عمدہ کو پانی میں حل کر کے گھول لیں۔ پھر ورق طلا اس میں آٹھ پہر کھرل کر کے گیروٹی کریں اور تین سیر پاچکدستی کی آنچ دیں۔ وہ تین مرتبہ اسی طرح عمل کرنے سے عمدہ کشتہ تیار ہوگا۔ امراض شکم کیلئے نہایت بہترین کشتہ رنگ سیاہ تیار ہوگا۔ مقدار خوراک نصف چاول ہمراہ مکھن یا بالائی۔ سونا چھ ماشہ لیکر آب چولائی خاردار میں ایکسو ایک بار بجھائیں۔ اس کے بعد وہ دیگی بوٹی میں ملفوف کر کے گیروٹی کریں اور دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ یہ عمل بدستور تین مرتبہ کریں۔ پس کشتہ تیار ہے۔ مقدار خوراک ایک چاول تک ہمراہ آب ادرک یا آب برگ تلسی کے عمل میں لائیں۔ سنگرہنی کے لئے مفید ہے۔

پارہ مصفےٰ ایک تولہ۔ گندھک آملہ سار ایک تولہ دونوں کو کجلی کر کے کچنار کے قرص میں کھرل کریں اور اس محلول کو دو تولہ سونے کے ایک پترے پر لیپ کر لیں پھر برگ درخت کچنار کے نگدے میں گیروٹی کر کے گجپٹ کی آگ دیں۔ نہایت عمدہ کشتہ ہوگا۔ یہ عمل بدستور تین بار کریں اور ہر مرتبہ سونے کے پترے کو مثل ڈبل روٹی کے پانٹ کے کھرل کر کے بحفاظت رکھیں۔ مقدار خوراک دانہ رائی کے برابر زیادہ سے زیادہ ایک چاول تک ہمراہ مکھن مقوی باہ اور مقوی اعضاء رئیسہ ہے۔ ورق طلا تین ماشہ پارہ مصفیٰ تین ماشہ پھٹکڑی سرخ تین ماشہ گندھک آملہ سار تین ماشہ آب لیموں میں تین دن متواتر کھرل کریں اور کوزہ گلی میں رکھ کر تین سیر پاچکدستی کی آگ دیں۔ اس طرح تین مرتبہ کریں اور چوتھی مرتبہ تین ماشہ سنکھیا سفید ملا کر کھرل کریں اور قرص بنا کر کوزہ گلی میں رکھ کر گل حکمت کریں خشک ہونے پر آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ مقدار خوراک نصف سے ایک چاول تک ہمراہ مسکہ گائے۔ مقوی باہ مقوی معدہ ہے۔

بوٹی برگ رسن دو تولہ برگ چولائی خارہ اور پانچ تولہ دونوں کا باہم نغدہ بنا کر بیچ میں
برادہ سونا تین ماشہ رکھ کر کپڑمٹی کریں اور پانچ سیر اُپلوں کی آنچ دیں تین بار میں کشتہ ہو جائیگا مقدار
خوراک ایک چاول تک ہمراہ بالائی یا منقہ میں کھلائیں اور شیر گاؤ شہد سے میٹھا کیا ہوا
نوش فرمائیں بیحد مقوی باہ ہے چہرے کے رنگ کو نکھارتا ہے اور سُرخ بناتا ہے۔

نوٹ :- اگر آپکو برگ رسن بوٹی نہ ملے تو برگ نیم استعمال کریں مگر کشتہ اتنا طاقتور نہ ہوگا۔

طلا ایک تولہ کو دو تولہ پارہ کے ساتھ ملغمہ کر کے پانچ سیر سرکہ انگوری میں پکائیں پھر لودھ
پٹھانی چار تولہ ریوند چینی چار تولہ میں رکھ کر گلحکمت کریں بحفاظت کجبیٹ کی آگ دیں یا
بالوپٹ کریں۔ نہایت بہترین کشتہ برنگ لسواری تیار ہوگا۔

مشق طلا، عرق نانخواہ مرکب سہ آتشہ میں کھرل کر کے قرص بنائیں اور گلسرخ بہاری
کے نغدے میں رکھکر گلحکمت کریں بعد خشک ہونے کے دو سیر اُپلے صحرائی کی آنچ دیں اور یہ عمل مکرر سہ کریں

ہڑتال طبعی ایک ماشہ شنگرف ایک ماشہ گندھک آملہ سار ایک ماشہ سنکھیا سفید ایک
ماشہ لعاب کنوار گندل میں کھرل کر کے اشرفی مصفّیٰ پر لیپ کریں۔ پھر اس کو ایک ٹھیکری پر رکھ
کر نیچے بیری کی لکڑی کی آگ جلائیں حتیٰ کہ لیپ شدہ ادویہ جلنے لگ جائیں اور اسی طرح
دوسری طرف سے اشرفی کو اُلٹ کر عرق کے قطرے ڈالدیں۔ اس عمل سے اشرفی قائم الحرب
کشتہ ہو جائیگی۔ برادہ طلا ایک تولہ گندھک آملہ سار ایک تولہ۔ مروارید ناسفتہ ایک تولہ سنگ
یشب بھی ڈال سکتے ہیں ان تینوں کو لعاب گھیکوار میں کھرل کر کے قرص بنائیں اور مذکورہ گل میں
رکھ کر گلحکمت کریں اور پانچ سیر اُپلوں کی آنچ دیں۔ اس طرح متواتر اکیس پچیس دینے سے
عدیم المثال کشتہ تیار ہوگا۔ ہماری بہترین ایجاد حب تریاق سوال میں یہی کشتہ استعمال ہوتا
ہے۔ جس کا نسخہ ذیل میں درج ہے۔

سنقاقل مصری۔ تخم پیاز۔ تخم گندنا۔ تخم گزر۔ ثعلب مصری۔ تخم جرجیر ریگ ماہی کشتہ خرما

فلفل ابیض ہر ایک ایک تولہ۔ چڑنہ لگے مغز ۹ ماشہ۔ مشک خالص ۳ ماشہ۔ کشتہ سونا ۲ ماشہ کشتہ یاقوت ۲ ماشہ۔ کشتہ نقرہ ۲ ماشہ ان تینوں یا پانچ چیزوں کو آب تلسی اور شیرہ برگد میں کھرل کر کے باقی چیزیں کریں اور شہد کی مدد سے گولیاں بنا لیں مقدار خوراک ایک رتی روزانہ ہمراہ شیر گاؤ جملہ امراض نسوانی کا واحد علاج ہے۔ برادہ سونا اور پارہ دونوں مساوی الوزن لیکر آب لیموں کاغذی میں اس قدر کھرل کریں کہ دونوں ایک ذات ہو جائیں پھر گولہ بنا کر گندھک آملہ سار میں سفوف کر کے بالوبٹ کریں۔ انشاءاللہ نہایت بہترین کشتہ ہوگا مصفی خون ہے اور ناسور بھگندر کے لئے فائدہ مند ہے مقدار خوراک ایک چاول تک ہمراہ شہد خالص برادہ طلاء سیماب مصفیٰ ہر ایک ایک تولہ۔ آب برگ تلسی میں چار پہر کھرل کریں اور قرص بنا کر کوزہ گلی میں بند کر کے گلحکمت کریں اور خشک ہونے پر پانچ سیر اپلوں کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں اور پھر حسب ترکیب مذکورہ بالا آب برگ تلسی میں آگ دیں۔ اسی طرح پانچ آنچیں دیں حتیٰ کہ کشتہ ہو جائے۔ خوراک مقدار ایک چاول سے تین چاول تک۔ مقوی اعضاء رئیسہ اور مقوی باہ ہے۔

نوٹ:۔ اگر کسی موسم یا ملک میں آب برگ تلسی میسر نہ آسکے تو آب گلسرخ یا دھنیا سبز کے پانی کو استعمال کریں عربی میں اس کو شاہ مفرم اور فارسی میں ریحان کہتے ہیں برادہ طلاء خالص ۶ ماشہ ہمراہ آب بیخ گل عباسی میں سحق کریں بعد دس تولہ آب برگ گلسرخ میں اس کے بعد آب پوست کچنار دس تولہ میں اور پھر دس تولہ آب برگ تلسی میں کھرل کر کے تیس تولہ آب قنفذی مقطر میں سحق کر کے قرص بنا دیں اور سایہ میں خشک کر کے تین مرتبہ گل حکمت کریں۔ بعد خشک ہونے کے سات سیر پاچک دشتی کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ کشتہ برنگ سنہری تیار ہوگا۔ مقدار خوراک ایک دانہ خردل کے برابر ہمراہ مسکہ گاؤ حسب برداشت مضمر بچے بوڑھے سب کیلئے یکساں مفید ہے۔ خاص کر جس انسان کا جسم سُن ہو گیا ہو۔ اس کے لیے نہایت سریع التاثیر ہے۔ اور مجرب ہے۔ نیز قوت باہ کو مفید ہے ۞

اشرفی خالص خوش رنگ کو برگ سنڈی بوٹی سبز کے آدھ پاؤ نگدے میں گلحکمت کر کے دس سیر اُپلوں کی آنچ دیں اور اسی طرح چند مرتبہ آنچیں دیں۔ انشاء اللہ کشتہ نہایت عمدہ مانند تباشیر کے تیار پائیں گے۔ مقدار خوراک ایک رتی تک مناسب بدرقہ کے دیں مصفی خون ہے اور تقویت اعضاء رئیسہ کے لئے بیحد مفید ہے۔ مجرب و آزمودہ ہے)

اشرفی ایک عدد گل سرشف بیس پچیس مرتبہ بجھائیں بعد گگری پھول بوٹی پختہ نگدے میں رکھ کر گلحکمت کریں خشک ہونے پر آٹھ سیر اُپلہ صحرائی کی آگ دیں اور یہ عمل سات بار کریں یہ اکسیر مقوی معدہ ہے مقدار خوراک رتی تک ہمراہ برگ پان میرے تجربہ میں اس سے زیادہ مقوی معدہ اور مقوی باہ کوئی کشتہ نہیں آیا۔ ہمارے سفوف ہاضم اور حب ہاضم کا جزو اعظم یہی کشتہ ہے۔

برادہ طلاء خالص ایک تولہ ڈیڑھ بوتل شراب انگوری میں کھرل کر کے قرص بنا دیں سایہ میں خشک کریں ایک اپلہ خالگی میں گڑھا سا بنا کر چولائی خاردار کے نگدے میں بھر دیں پھر کانٹا بیل کا سفوف ڈالدیں اور نگدہ مذکورہ چولائی سے ڈھک کر دو سیر اپلہ رکھ کر معمولی کپروٹی کریں اور ہوا سے محفوظ مقام پر دس سیر اُپلہ صحرائی کی آگ دیں اس کے بعد دوسرا عمل آب لورک ڈیڑھ سیر میں اور تیسری مرتبہ آب انار سے سحق کر کے باترتیب آنچ دیں لیں کشتہ تیار ہے مقدار خوراک دو چاول تک ہمراہ لبوب کبیر یا معجون شباب آور یا ہمراہ شیر گرم شہد سے میٹھا کیا ہوا۔ مقوی اعضاء رئیسہ ہے اور مقوی باہ ہے موسم سرما کے لئے نایاب تحفہ ہے۔

یہ نسخہ ارسطوئے زماں حکیم مولوی عبدالحمید خانصاحب شاگرد خاص مسیح الملک اجمل خانصاحب مرحوم نے عنایت کیا ہے

برادہ طلا مصفیٰ ۶ ماشہ کو آب ادرک پانچ تولہ میں کھرل کریں جب یہ خشک ہو جاوے عرق پان بنگلہ پانچ تولہ میں کھرل کریں۔ اس کے بعد لعاب کنیار گندل میں کھرل کرنے کے بعد قرص بنا کر خشک ہونے دیں۔ بعد میں نگدہ پان برگ ایک پاؤ میں ملفوف کر کے گلحکمت کریں اور ہوا سے محفوظ مقام پر دس سیر اُپلہ صحرائی کی آگ دیں۔ اس کے بعد پھر آب انار شیریں پانچ تولہ میں کھرل کر کے پانچ سیر اُپلوں کی آنچ دیں۔ اور کامل سرد ہونے پر نکال لیں۔ مقدار خوراک ایک چاول مکھن یا

بالائی کے ہمراہ یا معجون شباب آور چار ماشہ میں ملا کر کھائیں مقوی اعضاء رئیسہ ہے اور بدن کو فربہ کرتا ہے۔ نامردی کے لئے اکسیر واحد ہے۔ اور نامردی کے علاوہ باقی کسی صورت سے بھی کمزوری واقعہ ہوئی ہو سب کے لئے آب حیات ہے۔

دیگر:- برادہ طلاء پارہ ایک ایک تولہ عرق چولائی خاردار ایک پاؤ میں کھرل کریں پھر غلولہ بنا کر کوزہ گلی میں بالکل معمولی آنچ دیں اور سرد ہونے پر نکال لیں وزن کریں جس قدر وزن کم ہوا پارے سے پورا کر دیں اور بدستور سابق عرق چولائی خاردار وزن ایک پاؤ میں کھرل کر کے کوزہ میں رکھ کر بالکل معمولی آنچ دیں۔ حتیٰ کہ یہ عمل نیرہ دفعہ کرنے پر کامیاب ہوگا۔ اب اس کے بعد یہ گھٹنا بند ہو جائے گا۔ آخری آنچ پانچ سیر کی دیں اور سرد ہونے پر نکال لیں کشتہ نہایت شاندار تیار ہوگا۔ جو انسان کی تمام قوتوں کو طاقت بخشتا ہے۔ سل دق کے لئے مناسب بدرقہ سے استعمال کرائیں۔ دق سل کیلئے بجا نیرے فیصدی کامیاب علاج ہے۔ مجرب۔

جنگلی کبوتر کی بیٹ ایک پاؤ مردار سنگ تین ماشہ دونوں کو تیز شراب برانڈی میں کھرل کر کے ٹکڑہ بنا لیں پھر اشرفی مصفیٰ اس میں رکھ کر گل حکمت کریں خشک ہونے پر ایک من پختہ اپلوں کی آنچ دیں۔ کشتہ شگفتہ ہو جائیگا۔ مقدار خوراک نصف چاول تک ہمراہ معجون عشبہ یا آب برگ تلسی یا شربت مصفیٰ میں ملا کر چاٹیں امراض خبیثہ کے لئے مفید ہے۔

کشتہ یاقوت جواہر والا مقوی اعضاء رئیسہ دافع خیالات فاسدہ۔ بلغم خفقان جنون اور مرگی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ سلائی سے آنکھوں میں لگانے سے بینائی کو قوت بخشتا ہے۔

یاقوت سرخ چھ ماشہ لسبد مرجان ہر ایک تین ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ورق طلا ہر ایک ڈیڑھ ماشہ سب کو ایک ہفتہ تک عرق گلاب میں کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ اگر آگ میں کشتہ کرنا چاہیں تو عرق اور شراب برانڈی میں کھرل کر کے قرص بنائیں اور بیس سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ اسی طرح دس مرتبہ کھرل کر کے دس آنچیں دیں۔ عمدہ کشتہ تیار ہوگا۔ مقدار ایک رتی

خمیرہ گاؤزبان ایک تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

کشتہ سونا آدمی برادہ اشرفی ایک عدد سنگ سماق میں ڈال کر آب پیاز میں مسلسل ایک سال کھرل کریں۔ بمقدار خوراک ایک چاول سے نصف رتی تک مسکہ گاؤ یا بالائی میں رکھ کر کھائیں۔ اگر اس کے کھانے کی مداومت کی جائے تو انسان ہمیشہ نوجوان رہ سکتا ہے اور کثرت جماع سے کوئی نقصان نہ پہنچے گا اور خاص طور پر اعضاء رئیسہ و قوائے نفسانیہ کے لئے مخصوص ہے۔ بے نظیر ممسک ہے رنگ کو نکھارتا ہے اور حرارت غریزی کو مشتعل کرتا ہے۔

ایک تولہ سونا دو ماشہ سیسہ کے ہمراہ پگھلا کر سرد ہونے پر برادہ بنا کر مروارید ناسفتہ چھ ماشہ۔ یاقوت سرخ تین ماشہ سنگ سماق میں ڈال کر عرق گلاب بہاری سہ آتشہ میں مسلسل چھ ماہ تک کھرل کریں۔ بمقدار خوراک ایک چاول سے نصف رتی تک بیمار بوڑھے کیلئے مفید ہے ہمراہ مربہ سیب یا مربہ آملہ کے نوش فرمائیے۔ اور اوپر سے شربت انار عرق دل بہار ملا کر پی لیں۔ تقویت اعضاء رئیسہ کے لئے مفید ہے۔ مفرح اعظم بھی اس کو کہتے ہیں تجربہ ہمارے معمول مطب میں ہے۔ ورق طلا ایک رتی مردار سنگ تین رتی برگ تلسی پانچ عدد سب کو آب لیموں کاغذی میں کھرل کر کے ٹنک کلاں میں رکھ کر آٹھ سیر اپلوں کی آنچ دیں بس کشتہ تیار ہے سرد ہونے پر نکال لیں۔

منسل۔ موہن کھی مردار سنگ۔ ایک ایک ماشہ ہمراہ سیماب مصفی ہموزن کے آب انار ترش میں کھرل کریں پیسے ۲ ماشہ پترے پر لیپ کر کے کوزہ گلی میں رکھ کر گل حکمت کریں اور پندرہ سیر کی آنچ دیں۔ حتی کہ یہ عمل تین مرتبہ کریں اگر ضرورت محسوس ہو تو چوتھی بار بھی بدستور سابق عمل کریں اور شیشی میں بحفاظت رکھ چھوڑیں۔ بمقدار خوراک نصف چاول تک ہمراہ بدرقہ مناسب کام امراض تنفسی کیلئے مفید ہے۔ نزلہ کھانسی ضیق النفس کہنہ حمیات مرکبہ مزمنہ اور دائمی سیر۔ خنازیر۔ بواسیر۔ قرح خبیثہ وغیرہ کیلئے مفید ہے۔

از جناب پنڈت ٹھاکر دت شرما ویدجی کی بیاض خاص کا مایہ ناز تحفہ۔

تحقیق: ورق طلاء تحلول چودہ جزو۔ مشک خالص بارہ جزو۔ عنبر اشہب پانچ جزو مروارید ناسفتہ گیارہ جزو۔ طباشیر کبود بارہ جزو۔ عاقرقرحا تین جزو ریگ ماہی چار جزو۔ بیخ لپنخ چار جزو سب سے پہلے ورق طلاء اور مروارید کو سنگ سماق کی کھرل میں چالیس پہر کھرل کریں۔ بعد ازاں دیگر تمام ادویہ ملا کر مسلسل چھ پہر کھرل کریں اور شیشی میں بحفاظت رکھیں۔ مقدار خوراک ایک ایک رتی سے دو ماشہ تک لیکن مندرجہ ذیل طریقہ پر استعمال کریں۔

اولین چار یوم تک ایک ایک رتی ہمراہ جواہر مہرہ یا لعاب کبیر وغیرہ اور اگر دواء المسک معتدل جواہر والی میں کھلائیں تو نہایت سریع التاثیر ثابت ہوگا۔ ہر چار یوم کے بعد ایک ایک رتی بڑھائیں جب دو ماشہ تک پہنچ جائیں تو پھر بدستور ایک ایک رتی کم کرتے جائیں جب ایک تک پہنچ جائیں تو چھوڑ جائیں اگر طبیعت چاہے تو ایک کورس پھر کر لیں ورنہ زندگی بھر کیلئے ایک مرتبہ کا استعمال ہے یہ نایاب تحفہ بادشاہوں کے لئے مخصوص ہے۔ مقوی اعضاء رئیسہ اور مقوی قوائے نفسانیہ ہے تمام امراض سوداوی امراض منتج ابو اسیر۔ تو ابیر اسہال زو بانی کے واسطے مفید ہے۔

نوٹ: مرطوب مزاج والوں کے موافق ہے اور گرم مزاجوں کو مضر ہے موسم سرما میں اس کا استعمال مفید ہے (المجرب)

ورق طلا چھ ماشہ سیب ایک ماشہ ہردو کو ازانی بوٹی کے پانی میں کھرل کرکے قرص بنالیں جب یہ قرص خشک ہو جائیں تو کوزہ گلی میں ڈال کر ۹ سیر اپلہ صحرائی کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں مقدار خوراک نصف رتی تک ہمراہ مربہ آملہ یا سفوف طباشیر یا جوارش آملہ عمری حرارت غریزی کو تقویت پہنچا کر سل و دق کا قلع قمع کرتا ہے۔

برادہ سونا۔ اشرفی ۶ ماشہ تین ماشہ۔ شنگرف ایک ماشہ گندھک آملہ سار دو ماشہ سب کو آب زلونہ میں کھرل کرکے قرص بنالیں اور بیخ فلفل دراز میں رکھ کر گلحکمت کریں کشتہ زرنگ زرد برآمد ہوگا۔ مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ مکھن۔ مقوی باہ ہے جریان

کسی صورت بند نہ ہوتا ہو اس کی چند خوراکوں سے صحت کا عطا ہوگی

ورق طلا ایک تولہ آب گلسرخ میں کھرل کرکے قرص بنا کر کوزہ گلی میں گلحکمت کریں خشک ہونے پر پندرہ سیر کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکالیں مقدار خوراک ۲ چاول تک ہمراہ عرق دل بہار مفرح دماغ ومقوی قلب ہے۔ دق کے آخری درجہ میں مریض کو تسکین قلب کیلئے دیتے ہیں۔

ورق طلا ڈھائی ماشہ، سہاگہ ایک ماشہ دونوں کو کھرل کرکے بحفاظت رکھیں اور پھر پارہ جو شنگرف سے نکالا گیا ہو بیس ماشہ گندھک آملہ سار بیس ماشہ ایک پہر مسلسل کھرل کرکے پھر گھیکوار کے شیرہ میں کھرل کریں اور پہلے کھرل شدہ دوا شامل کرکے آتشی شیشی میں ڈال کر گل حکمت کریں خشک ہونے پر بطریق معروف بالوجنتر سولہ پہر کی آگ دیں بعد سرد ہونے نکال لیں اور تین پہر کھرل کرنے کے بعد بحفاظت رکھیں۔ مقدار خوراک نصف رتی تک ہمراہ برگ پان یا برگ ریحان یا معالج کی مرضی کے مطابق استعمال کریں امراض بارد بلغمیہ کے واسطے مفید ہے۔ بلغمی بخاروں میں نہایت فائدہ بخش ہے۔ اوجاع المفاصل اور تقویت باہ کیلئے نفع بخش ہے۔ حرارت غریزی کے بڑھانے میں اکسیر ہے۔

ہماری مشہور حب ممسک شنگرفی بھی یہی ہے جس کا نسخہ نیچے ملاحظہ فرمائیے حب ممسک شنگرفی۔ جائیفل۔ جاوتری۔ قرنفل۔ الائچی زعفران عقرقرحا کشتہ تانبہ سفید۔ مشک خالص ہر ایک تین تین ماشہ کشتہ طلا تیار کردہ اوپر والا ایک ماشہ بذریعہ آب پیاز آٹھ تولہ میں کھرل کرکے مانند دانہ جوار گولیاں بنا دیں۔ مقدار خوراک ایک ایک گولی ہمراہ شیر گرم بوقت خواب تقویت باہ اور امساک کے لئے نہایت بے نظیر تحفہ ہے۔

سرمہ سیاہ عمدہ آب بھنگرہ بوٹی میں کھرل کرکے سونے کے پترے پر لیپ کریں اور عمدہ مضبوط سمپٹ کرکے خشک ہونے پر گجپٹ کی آنچ دیں بس ایک ہی آنچ میں برنگ سیاہ نہایت عمدہ کشتہ ہوگا۔ موتیابند کے لئے مفید ہے۔ مقفل اور سند بھور دونوں کا

برابر وزن لیکر شیر مدار میں کھرل کر کے سونے کے پترے پر لیپ کریں اور سفوف بنالیں اور سونے کو ایک کڑچھی میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب پگھل جائے تو تیار شدہ سفوف تھوڑا چھڑکتے رہیں حتیٰ کہ سونا کشتہ ہو جائے۔ مقدار خوراک ایک چاول سے تین چاول تک ہمراہ مکھن خشک خارش کے لیے مفید ہے۔

برادہ سونا ہاتھی سونڈی میں کھرل کر کے گلحکمت کریں خشک ہونے پر مناسب آنچ دیں اور سرد ہونے پر نکال لیں اور پھر گل بالنسہ زرد میں کھرل کر کے بدستور آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں تیسری مرتبہ آب ملٹھی میں کھرل کر کے آنچ دیں چوتھی بار آب مکو سیاہ میں کھرل کر کے محفوظ الہوا مقام پر آگ دیں۔ اور اسی میں ایک ماہ مکمل رہنے دیں اور روزانہ پانی سے تر کر دیا کریں۔ پھر نکال کر بحفاظت رکھیں اور خوراک مقدار ایک چاول تک خشک کھانسی کیلئے بالائی میں استعمال کریں اور تر کھانسی کیلئے برگ پان میں رکھ کر کھائیں بفضل خدا تمام قسم امراض سینہ کو مفید ثابت ہوگا۔ مناسب ہے رقہ کے گلے کی ہر مرض میں مفید ہے۔

ورق سیسہ پر مصفّٰی اور سونا مصفّٰی کے سفوف کو شیر مدار میں کھرل کر کے لیپ کریں اور بوتہ میں رکھ کر پھونک دیں انشاء اللہ نہایت بہترین کشتہ ہوگا۔ مانند مسکہ کے استعمال کریں امراض جسم کیلئے مفید ہے۔

ورق طلاء ۶ ماشہ آب انگورہ میں کھرل کر کے برگ انگور سبز میں رکھ کر آگ دیں انشاء اللہ نہایت بہترین کشتہ تیار ہوگا۔ مقدار خوراک ایک چاول تک ہمراہ شربت سرد افزا یا شربت صندل عرق دل بہار ملا کر کھلائیں تشنگی کیلئے سریع التاثیر ہے۔ مفرح قلب اور مقوی دماغ ہے۔

اشرفی ایک عدد کو آب گگروندہ میں بیس مرتبہ بجھائیں اور پھر ہموزن پارہ مصفّٰی شامل کر کے لعاب گھیکوار میں کھرل کر لیں اور قرص بنا کر برگ گگروندہ میں رکھ کر ایک من کے گڑھے میں رکھ کر آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں مقدار خوراک ایک چاول ہمراہ جوارش جالینوس سفوف ہاضمہ مقوی معدہ ہے بھوک بڑھاتا ہے حدت صفرا کو دور کرتا ہے عقل کو روشن کرتا ہے۔

برادہ سونا مصفیٰ ۹ ماشہ آب گل چینی سینتالیس تولہ میں کھرل کرکے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کر لیں، بعد ازاں ایک ایک گولی کو برگ گل چینی میں بند کریں جب خشک ہو جائے تو لکڑی کی آگ چینی پر خربٹ کریں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ مقدار خوراک دو ماشہ کے برابر ہمارے ہاں اسی کو شاہی جلاب کہتے ہیں اور حب کا جزو اعظم بھی یہی ہے۔ نسخہ جب بیان ہو چکا ہمارے معمول مطب ہے یہ ہے کچھ عرصہ یہ شاہی جلاب کے نام سے بھی مشہور رہا (صدری مجربات)

گل بنفشہ برگ سناء مکی مصفےٰ مغز بادام تلخ برنج بادیان لسیلہ کابلی مربہ قرابتہ بلیلہ سقمونیہ ولائتی عمدہ ہر ایک ۶ ماشہ جملہ سب کو بار یک پیس کر بادام روغن سے چرب کریں اور عرق گلاب بہاری سہ آتشہ ایک بوتل میں کھرل کرکے کشتہ مذکورہ بالا ایک تولہ ملا کر نخودی گولیاں بنا لیں مقدار خوراک ایک گولی ہمراہ عرق گلاب اس کی لذت ہے لہٰذا محنت کریں اور خود بنا دیں۔ پھر بزبان خود تعریف کریں۔

ورق طلا تین ماشہ خیر شتر ایک تولہ میں کھرل کرکے قرص بنائیں اور ایک سیر اُپلوں کی آنچ میں دیں انشاء اللہ تعالےٰ کشتہ بہ رنگ سیاہ نہایت لذیذ تیار ہو گا۔ مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ آب سیب۔ مقوی اعضاء رئیسہ ہے۔ تپ جگر تپ دق عرق النساء اور درد سر کہنہ درد کان اور سوزش بول کیلئے مفید ہے دیگر لاتعداد مشورہ کے لئے پتہ ہذا پر لکھیں :- ”مینجر عظیمیہ دواخانہ شہر جہلم“

سونے کا پترا صاف شدہ لے کر اس پر گندھک اور پارے کی کجلی کا لیپ کریں اور پھر گچنار و کریاری جو الاکھی و ناگنی سونڈی و شیر مدار میں پکے بعد دیگرے ... کرکے نہایت ... کریں کشتہ نہایت لاجواب تیار ہوگا ... مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسب مقوی معدہ ہے اور جگر کی اصلاح کرتا ہے ماہر طبیب امراض نسواں میں استعمال کرتے ہیں۔

شنگرف تین ماشہ۔ سنکھیا تین ماشہ پارہ مصفےٰ تین ماشہ آب ادرک اور آب پیاز میں کھرل کریں اور اس کے بعد مروارید ناسفتہ ۶ ماشہ یاقوت ۶ ماشہ برادہ

سونا مصفیٰ ۶ ماشہ ہر سہ کو عرق بید مشک سے کھرل کر کے ایک ٹکیہ بنائیں اور اس کو تیار شدہ بالائی سفوف میں ملفوف کر کے منہ اتر چار سا آنچ دیں لیکن ایک دفعہ گلحکمت کر کے پھر کھولنے کی ضرورت نہیں۔ ہر مرتبہ سرد ہونے کے بعد گلحکمت کا معائینہ کریں۔ جبکہ گلحکمت سرد ہو جائے تو پانی میں ڈال کر ٹھنڈا کر لیں۔ مقدار خوراک ایک دانہ خردل سے نصف چاول تک ہمراہ بدرقہ مناسب کے عمل میں لایئے مادری نامرد کے علاوہ علاج مرلضیوں کا آخری اور قطعی علاج ہے۔ پارہ ورق طلا ایک ایک تولہ ایک چڑے کے پیٹ میں بھر کر دھاگے میں سی دیں اور اس کو بند گوبھی جسے کرم کلا بھی کہتے ہیں کے بیچ میں رکھ کر آرد ماش سے بند کریں پھر کسی ہانڈی میں گلحکمت کر کے خشک ہوتے ہونے پر بارہ پٹ کی آنچ دیں اور سرد ہونے پر نکالیں پھر اس کو ایک ماہ تک دبے میں رکھ کر گجبیٹ کی آگ دیں پھر اس کو ایک ماہ روزانہ شبنم میں رکھا کریں۔ بعد میعاد کے محفوظ الہوا مقام پر گڑھا کھود کر تیس اُپلوں کی آگ دیں بس کشتہ مرکب تیار ہے مقدار خوراک نصف دانہ جوار کے برابر ہمراہ معجون آرد خرما یا دیگر بدرقہ مناسب کے دیں۔ موسم گرما میں ہرگز استعمال نہ کریں۔ مکھن یا بالائی کے ساتھ بھی کھا سکتے ہیں قوت باہ کیلئے بےنظیر اور عدیم المثال ہے۔ ممسک لاجواب ہے نامردی کے لئے مفید ہے۔

ورق طلا ۶ ماشہ آب لیموں دو تولہ آب آملہ سبز دو تولہ چہار نمک دو تولہ کے ہمراہ کھرل کر کے قرص بنا لیں خشک ہونے پر ۶ سیر کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں انشاء اللہ بہترین کشتہ تیار ہو گا اس کا استعمال موسم برسات میں ممنوع ہے مقدار خوراک ایک رتی تک مناسب بدرقہ کے استعمال میں لائیں۔ امراض شکم کیلئے مفید ہے مجرب آزمودہ ہے)

ایک اشرفی لیکر اس کو صاف کریں۔ ایک سیر برگ بھی میں بند کر کے بالوپٹ کریں اس کے بعد ریشہ برگد بارہ تولہ۔ اسبغول ساڑھے چار تولہ آم کا کھر تین تولہ ان

سب کا نگدہ بنا کر ایک محفوظ الہوا مقام پر گڑھا کھود کر اکیس سیر اُپلوں کی آگ دیں نہایت عمدہ کشتہ مانند چاشنہ بنا ہوا برآمد ہوگا پھر اس کو مندرجہ ذیل عرق میں کھرل کر کے بحفاظت رکھیں مقدار خوراک نصف رتی تک عرق عنبر عرق شیر مرکب عرق گل بہار۔ عرق گلاب سہ آتشہ عرق بید مشک ہر ایک پانچ تولہ۔ فوائد :۔ مقوی باہ مقوی اعضار رئیسہ اور مفرح دماغ بھی ہے موسم میں ذیل کے نسخہ کے ساتھ استعمال کریں تو بچے بوڑھے ہر ایک کے لئے مفید ہے۔ تشنگی کا واحد علاج ہے۔

ہوالشافی۔ طباشیر عمدہ۔ دانہ الائچی خورد۔ برادہ صندل سفید۔ برنج کشنیز خشک کہربا شمعی۔ گل نیلوفر ہر ایک اڑھائی تولہ نارجیل دریائی ڈیڑھ تولہ۔ زہرہ مہرہ دو تولہ کشتہ مرجان چھ ماشہ کشتہ عقیق ایک تولہ۔ کشتہ سنگ یشیب چھ ماشہ۔ کشتہ بال کندن ساڑھے چار ماشہ۔ کشتہ نقرہ جس کا مکمل نسخہ ہم چاندی کے کشتہ کے بیان میں لکھیں گے پانچ ماشہ مقدار خوراک ڈیڑھ ماشہ تک ہمراہ مناسب بدرقہ جات مقوی اعضاء رئیسہ ہونے کے علاوہ ہر گرم امراض کے لئے اکسیر واحد ہے بنائیں اور قدرت خداوندی دیکھیں۔ اس کے لئے اتنا عرض کر دینا کافی ہے کہ اس کا استعمال موسم گرما میں گرم علاقوں میں بھی شملہ اور کوہ مری کی چوٹیوں کی بہار دے سکتا ہے۔ اگر آپ خود تیار کر سکیں تو ہم سے طلب کریں۔

خط و کتابت کا پتہ مینیجر عظیمیہ دواخانہ شہر جہلم

ورق سونا ایک تولہ۔ ورق نقرہ ایک تولہ دونوں کو عرق گذر اور عرق مکو میں کھرل کریں۔ جب خشک ہو جائے تو برگ سنبل بنر کے اندر گلحکمت کر کے بارہ سیر اُپلوں کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں۔ مقدار خوراک ایک چاول تک ہمراہ مربہ سیب یا مربہ آملہ بنارسی ۔ مفرح اعظم پانچ ماشہ میں ملا کر کھائیں۔ مقوی اعضار رئیسہ ہے مفرح دماغ ہے۔ توڑنے قے دست اسہال مروڑ گھبراہٹ بے چینی سردرد شدت

پیاس وغیرہ کے لئے نہایت سریع التاثیر ہے۔

یہ کشتہ سونا ولائیت سے بن کر آتا ہے جو اس قدر فوائد نہیں رکھتا جس طرح کہ آپ وید طریقوں سے تیار کر کے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ انگریزی کشتہ سونا کو گولڈ کلورائیڈ لکھتے ہیں۔ آگ سرشدہ کر کے سونے کے برادے کو آتشی شیشی میں ڈال کر اس کو سپرٹ سے جلتے ہوئے لمپ پر رکھیں اور آگ تھوڑی تھوڑی تیز کریں۔ پھر آہستہ آہستہ تیزآب شورہ چھ حصہ ملائیں تیزآب نمک چھ حصہ ڈالیں۔ جب سونا پگھل جائے تو اس میں سندھیا نمک برابر وزن ملا کر اس وقت تک آگ میں رہنے دیں کہ جب تک سونا کشتہ نہ ہو جائے۔

نوٹ:۔ گولڈ کلورائیڈ اعلیٰ اور قابل فوٹوگرافر استعمال کرتے ہیں۔ اگر وہ خود بنالیں تو بازاروں سے بہت سستا پڑ سکتا ہے۔ دوسری دھات سے مل کر خراب ہو جاتا ہے اور ہوا لگنے سے بھی ناقابل استعمال ہو جاتا ہے۔ اس لئے اس کو بڑی احتیاط سے رکھنا چاہیئے۔ مقدار خوراک نصف رتی تک پانی میں ملا کر نوش فرمایئے۔ غذا مرغن اور زود ہضم کھایا کریں۔ جس شیشی میں رکھیں نہ نیلے رنگ کی ہو۔ یہ طاقت کو بڑھاتا ہے جریان احتلام باد فرنگ دمہ نامردی پاگل پن کو دور کرتا ہے ڈسٹرل واٹر میں ملا کر انجکشن بھی کر سکتے ہیں

کشتہ ابرک۔ مقوی باہ اور مقوی بدن جریان منی اور سیلان رطوبت کیواسطے مفید ہے کھانسی دمہ میں فائدہ دیتا ہے ابرک سیاہ سفید دس تولہ لیکر استعمال کریں۔ لعدۂ چار پہر آکھ کے دودھ میں کھرل کر کے چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بنائیں۔ اس کے بعد ایک مٹی کے برتن میں آک کے پتے تہ بہ تہ رکھ کر منہ بند کر کے گل حکمت کریں اور پندرہ سیر کی آنچ دیں اس کے بعد یکے بعد دیگر سات آنچ دیں بس کشتہ بنا ہے خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن

تنبیہ:۔ دمہ ناب کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ ابرک کو باریک کوٹ کر ایک

پوٹلی میں چھوٹی چھوٹی پوٹلیوں کے ہمراہ باندھیں اور ایک پانی کے برتن میں ہاتھ سے رگڑیں۔ ابرک ریزہ ریزہ ہوکر پانی میں نکل جائیگا جب ابرک پوٹلی سے نکل جائے تو ناند کو چھوڑ دیں اور ابرک کے تہ نشین ہونے پر اوپر سے پانی گرا کر تہ نشین ابرک لے لیں اور خشک کر کے کام میں لائیں۔

دیگر:۔ فالج۔ لقوہ۔ عذرہ۔ اور کھانسی دمہ کے لئے مفید ہے ابرک سفید پانچ تولہ کو باریک باریک ورق کر کے کوئلوں کی آگ پر سرخ کر کے گائے کے دودھ میں بجھائیں یہاں تک کہ نرم ہو جائے اس کے بعد گھیکوار میں کھرل کر کے ٹکیہ بنائیں اور خشک ہونے پر مٹی کے کوزے میں رکھ کر دس سیر اُپلیوں کی آگ دیں۔ اگر کچھ خام رہے تو اسی طرح دوبارہ آنچ دیں جب بالکل چمک نہ رہے۔ تو قابل استعمال سمجھیں دو چاول سے ۴ چار چاول تک شہد کے ہمراہ کھائیں۔

برادہ طلا ایک حصہ پارہ چار حصہ۔ گندھک ۴ حصہ نوشادر ہموزن اشیاء جملہ کو لعاب گھیکوار اور آب لیموں سے کھرل کر کے خشک کریں اور پھر ایک پیالہ گلی میں ڈال کر دوسرے پیالے سے ڈھک کر لیویں کو آردماش سے بند کریں اور چولھے پر چڑھا کر بالکل معمولی آنچ دیں جب چار پہر گذر جائیں تو سرد ہونے پر لعاب کنوار گندل یا آب لیموں میں کھرل کریں اور جوہر ملائیں جب آپ تیسری بار یہ عمل کریں گے تو جوہر تمام کا تمام حاصل ہو جائے گا مقدار خوراک ہمراہ دانہ رائی کے برابر مناسب بدرقہ اور چاندی کو رنگ دینے کے کام آتا ہے۔

برادہ طلا کو سریش ماہی کے ہمراہ چینی کے برتن میں ڈال کر ہاتھوں سے خوب ملیں اور پانی سے دھو کر سریش ماہی اتار دیں۔ پھر ہموزن مروارید ناسفتہ ملا کر چار پہر کھرل کریں اور آتشی شیشی میں ڈال کر آب برنج یا آب لیموں یا سرکہ انگوری بہتر ہے کہ خود تیار کیا ہوا ہو مروارید اور سونا کے مرکب سے چار انگشت اوپر ڈال دیں اور اس آتشی

شیشی کا منہ بڑی مضبوطی سے بند کر کے تین روز تک حمام ماریہ کریں۔ یا گرم راکھ پر آہستہ آہستہ تحلیل کریں اس کے بعد محلول شدہ کو چھان کر پھر آب برنج میں ڈال کر حمام ماریہ کریں بعد میعاد کے محلول تیار ہے۔ کام میں لائیں مقدار خوراک حسب برداشت خود طبیب مقرر کر لیں۔ جملہ امراض مزمنہ سوداویہ مرگی۔ وسواس۔ مالیخولیہ مراقیہ کو دور کر کے قوت اعضاء رئیسہ کو بڑھاتی ہے اور حرارت غریزی تقویت باہ۔ تولید منی حفظ جنین سیلان الرحم جریان وغیرہ کیلئے مفید ہے استحاضہ کیلئے آب حیات سے بھی بالاتر ہے۔ نکسیر کو بند کرنے میں مفید ہے۔

روغن کندن:۔ ورق سونا ساڑھے تیرہ ماشہ پارہ چھ ماشہ دونوں کو کھرل میں ڈال کر سحق بلیغ کریں اور آتشی شیشی میں ہمراہ تیزاب مذکور ڈال دیں اور شیشی کے منہ کو بند کر دیں پھر گرم ریت میں اتنی دیر رکھیں کہ جملہ لوہ یا ت سب تحلیل ہو جائیں اس کے بعد خشک ہونے دیں اور پھر نمناک زمین میں دفن کر دیں ایک ماہ کے بعد نکالیں سب روغن بنا ہوا ہو گا۔ نواسیر لواسیر ناصور کو نشہ چشم۔ دق سل و اسہال دو بانی وغیرہ کے لئے مفید ہے۔

نمک کندن:۔ ورق طلا مروارید ناسفتہ ہموزن ایک ہفتہ سنگ سماق میں کھرل کریں اور آب لیموں سے سحق کر کے آتشی شیشی میں ڈال کر تمام ماریہ کریں پھر اس تیار شدہ محلول کو نرم آگ پر خشک کر کے مندرجہ ذیل نسخہ بنا کر یہ نمک کندن ملا لیں مقدار خوراک ایک ماشہ سے تین ماشہ تک۔

ایلوا	سقمونیا ولایتی	افتیموں	چرائتہ شیریں	دارچینی	صندل سرخ	اگر
۷ ماشہ	۵ ماشہ	۴ ماشہ	۴ ماشہ	۴ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ

لاجورد	قرنفل	گوند کتیرا	بہمن سرخ	بہمن سفید
۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۲ ماشہ

سب کو علیحدہ علیحدہ سفوف کر کے مقررہ وزن کے مطابق ایک جگہ کر لیں اور مندرجہ بالا تیار شدہ نمک کندن ملا کر ظرف چینی میں محفوظ رکھیں۔

فوائد :- ویدک اور طب یونانی میں اس کو تریاق الذہب کہتے ہیں طب کے اکثر موجدوں نے اس کی بجد تعریف کی ہے بوعلی سینا رحم اور پنڈت ٹھاکر دت شرما جیسی مقتدر ہستیوں کا آزمودہ نسخہ ہے ان کے تجربات کے مطابق مندرجہ ذیل امراض میں مفید ہے یہ جمیع امراض مزمنہ سوداویہ - مالیخولیا مراقی - خفقان مرگی - جذام - استسقاء یرقان بواسیر کو دور کرتا ہے - سرکہ کے ساتھ مبسوط کریں تو مرع کو رفع کرتا ہے - مقوی باہ مغلظ منی - ممسک بے خطا ہے - مولد منی ہے - حرارت غریزی کو برقرار رکھتا ہے - مقوی اعضاء رئیسہ - خنازیر - نواسیر وغیرہ کے لئے بجد مفید ہے - کوڑھ کے لئے اطباء کا قول ہے کہ مسلسل پچاس یوم تک کھلائیں بفضل خدا مکمل شفا عطا ہو گی - روغن بنفشہ کے ساتھ سعوط کرنے سے طاعون وبائی سے محفوظ رکھتا ہے - عرق بید مشک عرق دل بہار عرق گاؤزبان پانچ تولہ کے ہمراہ کھائیں - خفقان مالیخولیا مرگی - اختناق الرحم وغیرہ کو مفید ہے ایک قراط یومیہ کھلانے سے حیض کی بیماریوں کو دور کرتا ہے - بعد فراغت حیض اس کے شیلفے بنا کر رکھنے سے عقر عقیم قابل رفع ہو عورت قابل حمل ہو جاتی ہے - اطباء نامور کا متفقہ فیصلہ ہے کہ جس طبیب کے طب میں نسخہ بال بنا کر کے رکھا ہوا ہے اس کو دنیا کی کسی اور دوا کی ضرورت نہیں بلکہ مختلف مریضوں سے نسخہ ہذا ہر مرض میں ہر عمر کے انسان کے لئے مفید پائیں گے (مجرب آزمودہ ہے)

اب ہم کشتہ سونا سے مستفید چند صدری مجربات لکھتے ہیں جو کہ صدیوں سے بزرگوں کے معمول طب رہے ہیں اور آج ہدیہ ناظرین ہیں ملاحظہ فرمائیے۔

اکسیر اعظم

- کشتہ عقیق ۳ ماشہ
- کشتہ مرجان جواہر والا ۲ ماشہ
- کشتہ سنگ یشب ۴ ماشہ
- کشتہ طلا ۳ ماشہ
- طباشیر کبود ماشہ
- دانہ الائچی سفید ۳۰ ماشہ
- عقرقرحا ۴ ماشہ
- زردد ۳ ماشہ
- صندل سفید ۵ ماشہ
- عود صلیب ۲ ماشہ
- مغز کنول گٹہ ۵ ماشہ
- گل گاؤزبان ۲ ماشہ

سب کو سنگ سماق کی کھرل میں کھرل کریں مقدار خوراک ایک رتی سے تین رتی تک ہمراہ مربہ آملہ یا خمیرہ ارشدی جواہر والا۔ روح کیوڑہ عمدہ۔ عرق دل بہار پانچ تولہ۔ روح گلاب پانچ تولہ روح بید مشک تین تولہ۔ عرق گاؤزبان سہ آتشہ تین تولہ۔ عرق شیر مرکب تین تولہ عرق گندر سیب والا چار تولہ۔ **فوائد:**۔ خفقان، غشی، ضعف وغیرہ تمام امراض قلبی کے لئے تیر بہدف ہے۔ ضعف دماغ و نسیان کو موقوف کر کے قوت حافظہ کو بڑھاتی ہے۔ ضعف دل اور ضعف دماغ کے باعث پیدا شدہ ضعف باہ و نامردی کو مفید ہے۔

جوارش سلطانی (شاہجہان والی)

مربہ آملہ۔ مربہ سیب۔ مربہ گندر۔ مربہ بلیلہ مربہ پیٹھا ہر ایک ایک چھٹانک۔ زرشک۔ منقی، ہر ایک سات تولہ۔ شربت انار، شربت صندل۔ شربت سرور افزا ہر ایک نصف چھٹانک۔ نبات سفید چودہ تولہ سب سے پہلے زرشک اور منقی کو صاف کر کے عرقیات میں پکائیں اور مل چھان کر ہمراہ شربت چینی کے قوام میں مربہ جات پیس کر شامل کر دیں اور کشتہ سونا ۹ ماشہ ملا کر ورق نقرہ بھی اگر چاہیں تو لگا لیں مقدار خوراک پانچ ماشہ ہمراہ عرق گندر ۵ تولہ کے کھائیں

حب کندن زعفرانی

کافور تین تولہ فلفل سیاہ چھ ماشہ۔ زعفران تین ماشہ۔ جدوار خطائی چار ماشہ۔ طباشیر کبود چار ماشہ۔ ست گلو تین ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی پانچ ماشہ۔ کشتہ ہڑتال ورقی خبث جنتہ الارض والا ایک تولہ۔ دانہ الائچی خورد تین ماشہ، مروارید ناسفتہ تین رتی۔ کشتہ اشرفی پانچ ماشہ سب کو سنگ سماق میں کھرل کر کے عرق کاسنی ایک پاؤ میں سحق بلیغ کریں اور لعاب کنوار گندل کی مدد سے گولیاں بمقدار دانہ ماش بنا کر سایہ میں خشک کر لیں ایک ایک گولی صبح دوپہر شام ہمراہ چائے یا عرق گاؤزبان عرق مکو عرق بادیان ہر ایک پانچ تولہ کے دیں۔ تپ محرقہ کے لئے نایاب اور تیر بہدف تحفہ ہے پیاس کی شدت وغیرہ کے لئے مفید ہے۔ (مجرب المجرب)

لبوب الاسرار

باہ کو قوت دیتا ہے اور مادہ تولید کو بڑھاتا ہے۔ دل و دماغ اور عام بدن کو تقویت بخشتا ہے۔ نیز عضو مخصوص میں صلابت و قوت پیدا کرتا ہے۔

مشک خالص چھ رتی۔ دارچینی قرنفل سنبل الطیب۔ اسارون جاوتری کبابہ سعد کوفی۔ قرفہ فلفل دراز۔ عود جوز بوا۔ زعفران۔ عنبر ہر ایک ساڑھے چار ماشہ زنجبیل بوزیدان۔ قسط شیریں۔ درونج عقربی فلفل سفید خشخاش سفید دو تولہ۔ خار خشک مربی (گوکھرو دودھ میں بھگو کر خشک کیا ہوا) حب بلسان۔ حب البیان۔ مغز حب الزلم۔ مغز تخم خربوزہ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم گندر۔ تخم پیاز۔ تخم شلغم۔ تخم پونچہ یعنی رطبیہ۔ تخم زرہ تیزک۔ تخم شبت تخم گندنا۔ تخم ہلیون۔ ہر ایک سات ماشہ۔ شقاقل خولنجاں۔ عضینہ الثعلب۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ تودری زرد۔ تودری سرخ۔ وج ترکی۔ اندر جو شیریں۔ سقنقور ہر ایک ساڑھے دس ماشہ (بقول بعض اطبا) سقنقور کا وزن ساڑھے تیرہ ماشہ نارجیل۔ مغز حبۃ الخضراء۔ مغز بادام شیریں۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز پنبہ دانہ کنج مقشر ہر ایک دو تولہ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر دواؤں کے وزن سے چھ چند شہد خالص کا قوام بنا کر دوائیں ملائیں پانچ ماشہ کے سات ماشہ تک بوقت صبح دودھ یا پانی کے ساتھ کھائیں۔

لبوب بارد

حدت اور گرمی کی وجہ سے اگر رقت و سرعت و جریان کی شکایت ہو تو اس کے استعمال سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ مقوی باہ ہے کثرت احتلام کے لئے بہت مفید ہے۔ مغز بادام شیریں مقشر تخم خشخاش ہر ایک پونے دو تولہ مغز تخم کدوے شیریں۔ زنجبیل خولنجاں شقاقل ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ مغز تخم خربوزہ۔ مغز تخم ککڑی مغز تخم کھیرہ۔ تخم خرفہ۔ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ۔ کتیرا سات ماشہ۔ مغز چلغوزہ۔ تودری

زرد - تودری سرخ - تخم گذر - تخم ہلیون ہر ایک ساڑھے تین ماشہ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر ترنجبین ایک سیر صاف کر کے قوام بنا کر دواؤں کو ملا کر سات ماشہ سے ایک تولہ تک بوقت صبح دودھ یا پانی سے کھائیں -

حب صندل نقرئی

:- مروارید ناسفتہ ۱۱ ماشہ زہر مہرہ ۴ ماشہ

صندل سفید عمدہ اکر - جدوار مشک نیپالی گوند ناگوری - کافور بھیم سینی خونہ ساختہ

۲ ماشہ ۳ ماشہ ۲ ماشہ ۲ ماشہ ۷ ماشہ

طباشیر کبود - عقرقرحا خولنجاں ہلیلہ زرد - گل مختوم - کشتہ کندن

۳ ماشہ ۵ ماشہ ۳ ماشہ ۴ ماشہ ۲ ماشہ ۲ ماشہ

سب کو ایک پاؤ انار شیریں اور آب سیب میں کھرل کر کے سفوف بنالیں اور پھر بادام روغن سے چرب کریں اور ایک ہفتہ کے بعد عسل مصفیٰ سرخ کی مدد سے دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنالیں۔ مقدار خوراک ایک گولی سے تین گولی تک ہمراہ عرق گلاب سہ آتشہ بہاری اور عرق بید مشک

نوٹ :- بطریق معروف گولیوں پر ورق نقرہ چڑھالیں -!

اعضاء رئیسہ کیلئے مفید ہے دل کی دھڑکن کو رفع کرتی ہے اور گرم بخارات سے قلب کو بچاتی ہے وقت نزاع مردہ کو زندہ کرنا ان کا مسیحائی عمل ہے خفقان کیلئے بالخصوص نافع ہیں -

جوارش کندن

برنج بادیان - برنج کشنیز مشک - پنبی دانہ مصفیٰ

۶ ماشہ ۹ ماشہ ۵ ماشہ

درونج عقربی - دانہ الائچی سفید - بادرنجبویہ - کباب چینی - آملہ مصفیٰ - صندل سفید

۶ ماشہ ۵ ماشہ ۴ ماشہ ۴ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ

بہمن سفید - گل مختوم - بسفائج - مغز بادام شیریں - چہار مغز

۶ ماشہ ۵ ماشہ ۴ ماشہ ۹ ماشہ ایک تولہ

مصفّی سب کو باریک کرلیں۔ پھر نبات سفید اور شہد کے قوام میں جوارش بناکر
مندرجہ ذیل اشیاء شامل کریں۔

کشتہ اشرفی۔ طباشیر کبود۔ عنبر اشہب۔ مشک نیپال۔ بیخ مونگا۔ سب کو
۶ ماشہ ۶ ماشہ ۲ ماشہ ۳ ماشہ ۶ ماشہ

آب ناشپاتی اور عرق گلاب ایک پاؤ میں کھرل کرکے سفوف بناکر جوارش میں ملائیں اور بعد میں اگر آپ چاہیں تو ورق نقرہ ملالیں بس تیار ہے۔ مقدار خوراک تین ماشہ سے پانچ ماشہ تک ہمراہ شربت سرور افزا اور عرق دل بہار علی الصبح نوش کریں مفرح مقوی اور مسکن قلب ہے۔ مقوی دماغ و معدہ جگر ہے۔

(عنایت کردہ۔ جناب حکیم عاشق حسین صاحب بٹالوی)

سفوف زہر مہرہ

صندل سرخ دس تولہ۔ کافور بھیم سینی آٹھ ماشہ۔ زہر مہرہ پانچ تولہ۔ کشتہ اشرفی (ہڑتال سے تیار شدہ) ۶ ماشہ جوہر کندن تین ماشہ۔ سب کو اس قدر کھرل کریں کہ مانند غبار کے بن جاوے۔ مقدار خوراک ایک رتی سے دو رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔ تپ محرقہ تپ طاعون اور دیگر اقسام کے تپوں کو مفید ہے گھبراہٹ پیاس بے چینی وغیرہ کو دور کرکے مریض کو تسکین دیتی ہے۔

سفوف مراد

برگ نیم خشک۔ برگ سنار خشک، چینی عمدہ۔ زوناس۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ برمچی۔ ہلیلہ خورد۔ سنامکی بادیان۔ گیرو جملہ مساوی الوزن لیکر باریک سفوف بنالیں اور بعد ازاں کشتہ سونا تین ماشہ ملاکر بحفاظت رکھیں۔ مقدار خوراک ایک رتی سے ایک ماشہ

تک ہمراہ شربت عناب خانہ ساز کے دیں نہایت مفید ہے۔ خون کے جوش اور خون کی خرابی کی وجہ سے نکلنے والے پھوڑے پھنسیوں کے لئے مفید ہے جن عورتوں کے بچے عموماً پھوڑے پھنسی میں مبتلا رہتے ہیں یا انہیں تکلیفوں میں مرجاتے ہوں دوران حمل ہی ان کو ضرور استعمال کرائیں (مجرب آزمودہ)

شربت کندن

گل گاؤزبان ۵ تولہ۔ صندل سفید ۵ تولہ۔ مغز بادام ۱۰ تولہ گل بنفشہ ۵ تولہ۔ گل نیلوفر ۵ تولہ۔ آلو بخارا ۲۰ تولہ گل گڑھل ۷ تولہ۔ مغز خیارین ۷ تولہ۔ ابریشم ۵.۵ تولہ مغز تخم۔ سب کو عرق بید مشک اور عرق گلاب میں چوبیس گھنٹے بھگو رکھیں۔ بعد ازاں بطریق معروف شربت تیار کریں۔ بعد ازاں ورق طلا ایک ماشہ فی بوتل کے حساب روح کیوڑہ میں کھرل کر کے ملائیں اور بعد ایک ہفتہ کے استعمال کرنا شروع کر دیں مقدار خوراک ۵ تولہ آب ہمراہ آب تازہ دن میں تین دفعہ دیں خفقان حسار اور جگر کی حدت کیلئے مفید ہے موسم گرما کے بخاروں کے بعد مریض کو یہ شربت ضرور تیار کر کے دیں بخار کے تمام خطرات رفع ہو جاتے ہیں۔ اور صحت جلد بحال ہو جاتی ہے۔

سفوف بندش

پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ آملہ خشک۔ بہیڑہ عمدہ۔ بادیان تخم کاسنی ہر ایک ایک تولہ۔ ست گلو خانہ ساز چار ماشہ کشتہ طلا تین ماشہ فولاد فولادی سا ڑھے تین تولہ ست گلو اور کشتہ طلا و فولاد کے علاوہ باقی تمام اشیا کو باریک کر کے باقی ہر سہ اشیا کو بذریعہ کھرل ملائیں جب تمام ایک جان ہو جائے تو حفاظت رکھیں مقدار خوراک پانچ ماشہ سے سات ماشہ تک ہمراہ تازہ پانی کے کھلائیں۔ اگر آپ چاہیں تو ہر چہار نمک چھ چھ ماشہ شامل کر لیں مگر مقدار

خوراک اتنی ہی رہے گی۔ بدن سے ہر قسم کے خون بہاؤ کو بند کرتا ہے مثلاً بواسیر استحاضہ وغیرہ ازیں قوی معدہ بھی ہے۔ اور بھوک لگاتا ہے خون کے بہہ جانے سے جو کمزوری پیدا ہو جائے۔ اس کو دور کر کے جلد طاقت بحال کرتا ہے۔

تریاق معدہ خاص

نمک بھنگ۔ نمک نکچھکنی۔ نمک پودینہ۔ نمک مولی نمک بھنگرہ۔ نمک برگ کٹائی خورد۔ نمک برگ کیلا۔ نمک اونٹ کٹارہ لونی۔ ہر ایک تولہ۔ ست اجوائن ایک چھٹانک۔ کشتہ طلا مرکب ۹ ماشہ محفوظ الہوا مقام پر کھرل کر کے ایک عمدہ نیلے رنگ کی شیشی میں رکھیں اور مضبوط ڈاٹ لگائیں۔ مقدار خوراک تین رتی سے پانچ رتی تک ہمراہ جوارش کمونی یا جوارش جالینوس یا جوارش آملہ یا نوش دارو سادہ وغیرہ کے دیں۔ موسم کا خیال رکھیں جملہ امراض شکم ہر قسم کے لئے مفید ہے۔

حب الیسروقیا

سرطان سوختہ۔ تخم خشخاش سفید طباشیر عمدہ۔ تخم کاہو۔ تخم خرفہ کتیرا ہر ایک ایک تولہ۔ رب السوس۔ گل سرخ بہاری ہر ایک ۹ ماشہ تخم خیارین دو تولہ گوند کیکر تین ماشہ سب کو مانند غبار کے بنا کر مندرجہ ذیل اشیاء عرق بید مشک عرق گلاب سہ آتشہ اور روح کیوڑہ میں کھرل کر کے پھر سب نسخے کو کھرل کریں اور نخودی گولیاں بنا لیں ابریشم مقرض پانچ ماشہ۔ کافور بھیم سینی دو ماشہ کہربائے شمعی پانچ ماشہ مروارید ناسفتہ ایک تولہ کشتہ ورق طلا ایک تولہ۔ زعفران ایک ماشہ

نوٹ:۔ گولیاں آب بارتنگ کی مدد سے بنائیں اور سایہ میں خشک کریں دن میں تین تین گھنٹے کے وقفہ کے بعد ایک ایک گولی ہمراہ مناسب بدرقہ کے دیں بدرقہ کے لئے موسم کا خیال رکھنا طبیب کا فرض ہے اور تپ دق سل اور دق کے آخری درجہ کو مفید ہے۔ نفث الدم اسہال دموی اسہال کبدی اسہال غذائی اسہال کمزوری معدہ وغیرہ وحمیات سرقہ کو بھی مفید ہے۔

بخار کیوجہ سے اگر مریض بہت کمزور ہو جائے تو یہ گولیاں بنا کر ضرور استعمال کرائیں بفضل خدا ایک ہفتہ میں صحت بحال ہو جائے گی اور خاص طور پر دق کے لیے بہت مفید ہے۔ بنائیں اور غریبوں کی دعائیں لیں امراء کو چاہیئے کہ یہ نسخہ بنا کر غریبوں کو مفت تقسیم کریں جو کہ سالہا سال اس موذی مرض کا شکار ہو جاتے ہیں اور بوجہ غربت و طبی امداد کے محروم رہ کر اس موذی مرض کا شکار ہو جاتے ہیں اور بوجہ غربت و طبی امداد کے محروم ہو کر اپنے عزیز اقرباء کو ہمیشہ کیلئے داغ مفارقت دے جاتے ہیں فقط الدعا مینیجر (حکیم نور احمد ثاقب عظیمیہ دواخانہ شہر جہلم) سونے کا بیان ختم ہو کر اب چاندی کا بیان شروع ہوتا ہے۔

تراکیب کشتہ چاندی

روپیہ سالم الحروف۔ دو تولہ تم الفار کو شیر مندار اور شیر گد میں کھرل کر کے دو قرص اتنے بڑے بڑے بنائیں۔ کہ روپیہ ان کے بیچ میں بآسانی رکھا جا سکے پھر بطریق معروف گل حکمت کر کے محفوظ الہوا انتظام پر دس اپلہ صحرائی کی آنچ دیں اوّل تو دو مرتبہ ورنہ تیسری مرتبہ روپیہ مانند بتاشہ کے پھولا ہوا ہوگا اور حرف بدستور قائم رہیں گے۔

شنگرف۔ سونا مکھی۔ ہڑتال طبقی وغیرہ میں بھی اسی طرح کشتہ ہو سکتا ہے لیکن فوائد کے لحاظ سے ہر ایک کی تاثیر علیحدہ ہوگی۔

اٹ سٹ بوٹی کی جڑ کے چھلکے کے نغدہ ایک پاؤ میں روپیہ نانک شاہی رکھ کر مضبوط سمٹ کریں اور کجھیٹ کی آگ دیں سات مرتبہ یہ عمل کرنے سے روپیہ نانک شاہی بہترین شگفتہ ہوگا۔ مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ مکھن مقوی اعضاء رئیسہ اور سمن بدن ہے اور کنوار گندل میں بھی اس طرح کر سکتے ہیں جو کہ مقوی باہ بھی ہوگا اور ممسک بھی۔

برادہ چاندی اور ہڑتال طبقی ہر ایک ایک تولہ ہر دو کو آب لیموں میں تین

پھر کھرل کریں قرص بنا کر ایک اُپلہ کے درمیان رکھ کر پانچ سیر اُپلہ صحرائی کی آنچ دیں اور بدستور کھرل کریں پھر قرص بنا کر تین سیر اُپلہ صحرائی کی آگ دیں اسی طرح سرد ہونے پر نکال کر پھر کھرل کریں اور دو سیر کی محفوظ الہوا مقام پر آگ دیں کشتہ رنگ سیاہ نہایت سریع التاثیر ہوگا۔ مقدار خوراک نصف رتی ہمراہ مکھن وغیرہ یا مندرجہ ذیل اشیا میں شامل کر لیں"۔

مروارید ناسفتہ فلفل دراز مصطگی رومی۔ بیخ طرخون بہمن سفید ہر ایک دو ماشہ تخم بالونہ تخم بالنگو۔ تخم جزر الشلغم ہر ایک ۴ ماشہ قرنفل کلاہ دار۔ جدوار خطائی۔ کشتہ چاندی مذکورہ ہر ایک تین ماشہ۔ زعفران پانچ ماشہ افیون ۶ ماشہ سب کو عرق گلاب سہ آتشہ میں کھرل کر کے بحفاظت رکھیں مقدار خوراک ایک ماشہ ہمراہ شیر گرم چھوہارا ایک عدد سے جوش دیا ہوا شہد ملا کر پئیں اور قدرت خداوندی کے کرشمے دیکھیں بحد ممسک ہے۔ جماع سے تین گھنٹہ قبل کھائیں انشاءاللہ طرفین کو وہ لذت آئے گی۔ جو تمام زندگی میں میسّر نہ ہوئی ہو۔

برادہ چاندی کو آب چولائی خاردار میں چار پہر کھرل کرنے کے بعد قرص بنا کر سایہ میں خشک کر کے گلحکمت کریں جب یہ خشک ہو جائے تو پانچ سیر اپلوں کی ہوا سے محفوظ مقام پر گڑھے کے اندر آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں اور پھر آب چولائی میں تین پہر کھرل کر کے بدستور آنچ دیں تیسری مرتبہ کے عمل سے کشتہ چاندی تیار ہو جائیگا۔ مقدار خوراک ایک رتی سے دو رتی تک ہمراہ مکھن گائے یا منقہ میں بند کر کے کھلائیں۔

پُرانے بخار کیلئے اس طرح استعمال کریں۔ ست گلو خانہ ساز۔ دانہ الائچی خورد طباشیر کبود عمدہ ہر سہ ایک تولہ بذریعہ کھرل سفوف بنا کر کشتہ مذکورہ ۲ ماشہ ملا کر چودہ خوراک بنا لیں بفضلِ خدا پُرانے سے پرانا بخار ان ہی چودہ خوراکوں سے رفع ہو جائیگا ایک پڑیہ روزانہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۵ تولہ علی الصبح ضعف اعضائے رئیسہ کو تقویت دینے میں بے مثل ہیں اور مالیوس ذہنی اور اس سے مشابہت رکھنے والے تپوں کے لئے مفید ہے۔

ایک تھیلہ گاڑھے کپڑے کا بنا کر اس میں سن تولہ بھنگ بھر کر بیچ میں ایک روپیہ چاندی عمدہ کا رکھ کر تھیلے کے منہ کو سی دیں اور پھر دوسرا تھیلہ بنائیں اس میں پوست درخت سنبل بھر کر یہ تھیلی بیچ میں رکھ کر سی دیں اور پر تین تہ کپڑے کی خوبصورت کپر مٹی دیں اور اس کے بعد محفوظ الہوا مقام پر تین مرتبہ آنچ دیں لس کشتہ تیار ہے جسمانی کمزوری کیلئے سریع الاثر ہے مقدار خوراک ایک چاول سے تین چاول تک۔

ایک روپیہ خالص چاندی کا لیکر آب برگ کیلا میں اکیس بار بجھائیں پھر اجوائن خراسانی ایک چھٹانک نیم کوفتہ پوست درخت کچنار ایک پاؤ دونوں کو ملا کر ٹکیہ بنائیں اور اس کے درمیان میں صاف کیا ہوا روپیہ رکھ کر چھ سیر سے دس سیر تک اپلہ صحرائی کی محفوظ الہوا گڑھے میں آنچ دیں بفضل خدا دوسری و تیسری آنچ میں کشتہ رنگ سفید بے داغ تیار ہوگا مقدار خوراک ایک ہفتہ تک دو چاول اور دوسرے ہفتہ چار چاول تیسرے ہفتہ ایک رتی تک ہمراہ برگ پان اور ایک لجد پیاس لگنے پر حسب برداشت بشیر گاؤ نوش کریں اگر کسی کو گائے کا دودھ نہ ملے تو سفوف عباسی چھ ماشہ ہمراہ آب تازہ عمل میں لائیں اور غذا مرغن زود ہضم کھائیں۔

نوٹ:۔ اگر درخت کچنار کا چھلکا نہ ملے تو درخت گولر کا چھلکا ڈالیں اور اگر یہ بھی نہ مل سکے تو پوست بیخ اونٹ کٹارہ بوٹی استعمال میں لاویں یہ کشتہ نہایت مقوی باہ اور مقوی معدہ ہے میں نے اس سے زیادہ مشتہی کوئی کشتہ نہیں پایا (مجرب آزمودہ ہے)

اجوائن دیسی آدھ سیر پختہ دو بڑے اپلے لیکر درمیانی حصہ دونوں کا اتنا کھول دیں کہ مقررہ مقدار اجوائن اس میں آجائے پھر نصف اجوائن نیچے اور نصف اوپر دیگر اپلوں کے کناروں کو بڑی احتیاط اور مضبوطی کے ساتھ بند کریں اور محفوظ مقام پر آنچ دیں کشتہ ابیض مانند نشاستہ برآمد ہوگا

بچھو بوٹی جو کوہستانی علاقوں میں پائی جاتی ہے جس کے پھول مانند فلوس کے سفید ہوتے ہیں اور پتے عام طور پر پان کے پتوں سے مشابہت رکھتے ہیں یہ کنگرے دار ہوتے ہیں اس کی شاخوں اور پتوں پر رُوئیں ہوتی ہیں۔ اس بوٹی کی پہچان کیلئے



سامنے بنی ہوئی تصویر ملاحظہ فرمائیے جو
آپ کو تلاش کرنے میں مدد دے گی۔
اس بوٹی کا نغدہ آدھ پاؤ بنا کر
اس کے درمیان ایک روپیہ خالص چاندی
کا رکھ کر سمیٹ کر کے خشک کرنے کے بعد
پندرہ سیر اُپلوں کی آنچ دیں اس سے
ایک ہی آنچ میں کشتہ نہایت بہتر بن ہوگا
مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ مکھن یا بالائی ہے۔

اگر آپ چاہیں تو پیسہ منصوری بوزن اسی ترکیب سے کشتہ کریں۔ مانند دانہ کھیل کے پھول کر شگفتہ ہوگا اور وزن پورا رہیگا۔ یہ کشتہ بیحد مقوی باہ بلکہ کایا پلیٹ ہے ماہرین فن اس سے کیمیاء کے متعلق اپنی محنت کا ضرور ثمرہ حاصل کرینگے۔ تجربہ کریں اور تمام عمر فقیر کو دعا خیر سے یاد فرمائیں۔ دیگر کار آمد کے متعلق پتہ ذیل پر جوابی لفافہ یا کارڈ لکھئے۔
(حافظ محمد عارف مینجر عظیمیہ دواخانہ شہر جہلم)

آب پیاز سفید آدھ پاؤ میں ایک روپیہ چاندی خالص کو سہ مرتبہ بجھائیں پھر برگ تلسی کے نغدہ میں گل حکمت کر کے دس سیر اپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال دیں تین پہر کھرل کرنے کے بعد بحفاظت شیشی میں رکھیں مقدار خوراک ایک رتی سے ڈیڑھ رتی تک ہمراہ مکھن۔ قوت باہ اور امراض بادی کے لئے مفید ہے۔ (مجرب ہے)

ایک روپیہ مصفی آب چولائی خاردار کو زیخ آم ایک سیر میں گلحکمت کر کے بیس سیر اُپلہ صحرائی میں محفوظ الہوا مقام پر آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکالیں انشاء اللہ کشتہ چاندی وزن برآمد ہوگا۔ ایک دانہ خشخاش کے برابر بھی وزن کم نہ ہوگا۔

آرد تخم بنواڑ ایک پاؤ پختہ کو شیر مدار سے گوندھ کر اس کے درمیان روپیہ یا خالص چاندی کا پتر ایک تولہ رکھ کر کپر وٹی کر کے گل حکمت کریں پھر بارہ سیر جا چکشتی کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکالیں کشتہ برنگ سفید بر آمد ہوگا۔ **دیگر:۔** انار ترش تازہ یا انار دانہ آدھ سیر کیکر نیم کوب کر کے غلولہ بنالیں اور اس کے درمیان روپیہ خالص چاندی کا رکھ کر گل حکمت کریں خشک ہونے پر تنیس سیر کی آنچ دیں۔ کشتہ برنگ سفید بر آمد ہوگا۔

کشتہ تانبا:۔ روپیہ اشرفی کے تیار کرنے کی ایک ہی ترکیب۔

کونپل درخت نیم ایک سیر کو اس قدر کوٹیں۔ کہ مانند آٹا بن جائے پھر اس کے گولے میں پیسہ منصوری یا روپیہ یا اشرفی ہر سہ میں سے جس کا کشتہ کرنا منظور ہو رکھ کر آنچ دیں کشتہ برنگ سفید بر آمد ہوگا۔

سم الفار، سہاگہ۔ نوشادر ہر ایک ایکتولہ کھرل کر کے بطریق معروف جوہر اڑالیں اور شیر برگد ایک تولہ جوہر آرنک چھ ماشہ باہم ملا کر اُپلہ صحرائی کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں مقدار خوراک تین چاول سے ایک رتی تک تقویت باہ اور تقویت اعضاء رئیسہ کیلئے مفید ہے۔ چہرے اور بدن کو سرخ بناتا ہے جسم کو موٹا کرتا ہے ورق نقرہ ایکتولہ شہد خالص دو تولہ میں کھرل کر کے سبز برگ برہمی بوٹی کے ایک پاؤ بھر نغدہ میں رکھ کر دو سکوروں میں بند کر کے پندرہ سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ حلوہ یا بالائی موسم سرما میں زردی بیضۂ مرغ کے ہمراہ دیں۔ یہ کشتہ واقع نسیان اور مقوی اعضاء رئیسہ اور مقوی حافظ ہے۔

ایک روپیہ خالص چاندی کا لیکر سات مرتبہ آب باد یان صحرائی میں بجھائیں بعدہٗ نمک چرچٹہ بوٹی چھ تولہ میں ملفوف کر کے کوزہ گلی میں رکھ کر گل حکمت کریں خشک ہونے پر دس سیر یا چکشتی کے اندر آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں اور پھر کھار چرچٹہ اوپر دیکر کوزہ گل حکمت کر کے بدستور گڑھے میں آگ دیں اور پھر سرد ہونے کے بعد نکال کر نمک چرچٹہ بوٹی چھ تولہ نیچے اوپر دیکر گل حکمت کر کے آنچ دیں اور یہ عمل پانچ مرتبہ کر کے پھر آب باد یان صحرائی میں چار پہر کھرل کر کے قرص بنا کر کوزہ گلی میں گل حکمت کریں خشک

ہونے پر دو سیر پاچکدستی کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں کشتہ رنگ گلابی تیار ہوگا۔ پھر اس کو
آتشی شیشی میں ڈال کر منہ مضبوطی سے بند کرکے ایک ماہ زیر زمین دفن رکھیں۔ بعد مقررہ میعاد کے ہمراہ
آب گل گیلا سرخ میں دو پہر کھرل کرکے قرص بنا دیں اور کوزہ گلی میں رکھ کر دو سیر اپلوں کی آنچ دیں
سرد ہونے پر نکال لیں کشتہ برنگ مثل شنگرف برآمد ہوگا۔ یہ اپنی نوعیت کی واحد اکسیر ہے میرا دعویٰ ہے
کہ اس نقری کشتہ کی طاقت کے برابر کوئی کشتہ نقرہ نہ بن سکے گا۔ اگر کسی صاحب فن کے پاس ہو تو
فقیر کو ضرور آگاہ کریں۔ مقدار خوراک نصف چاول سے ایک چاول تک ہمراہ مکھن بعد تناول فرمانے
کے حسب برداشت دودھ اور گھی ملا کر پئیں۔ صبح کے وقت اور کسی وقت استعمال نہ کریں مردہ
جسم میں از سر نو طاقت پیدا کرتا ہے۔ جریان۔ رقت سرعت انزال سیلان الرحم وغیرہ کیلئے اکسیر الاثر
ہے طبیب اپنی مرضی سے استعمال کرائیں۔ لیکن فقیر کا تجربہ اس طرح پر ہے۔ طباشیر کبود تین ماشہ
دانہ الائچی خورد تین ماشہ۔ مربہ سیب ایک تولہ ہر سہ کو کھرل کرکے نصف چاول کشتہ نقرہ بالا ملا کر
علی الصبح نوش فرماویں بعد ایک گھنٹہ کے گھی دودھ خوب نوش کیجئے۔ کشتہ طلا جو ہم پہلے لکھ
چکے ہیں اور کشتہ نقرہ یہ ہے جو ہمارے مایہ ناز مرکب شربت نسواں حب مدن مست
حب نشاط اور معجون شباب آور کا جزو اعظم ہے اس کی بدولت ہم اپنے چند مرکبات کی
تعریف میں اگر یہ بھی کہہ دیں کہ ان سے فائدہ لازمی ہوگا تو بجا ہے۔

پرہیز۔ گڑ تیل۔ کھٹائی اور مچھلی وغیرہ سے پرہیز کریں دوران استعمال میں جماع سے سخت پرہیز ہے

ایک تولہ چاندی کا پترا بنا کر آب لیموں کاغذی میں اکیس مرتبہ بجھائیں ہر سات بجھاؤ کے
بعد آب لیموں بدل دیا کریں۔ پھر ڈیڑھ پاؤ دودھی بوٹی کا نغدہ بنا کر نقرہ مصفیٰ اس کے
درمیان رکھ کر سب کو ٹھوٹھی میں بند کریں اور گل حکمت کریں ایک من اپلہ صحرائی رکھ کر گجپٹ
کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال کر آب مذکورہ دس تولہ میں کھرل کرکے قرص بنا دیں اور کوزہ
گلی میں ڈال کر بند کرکے صرف پانچ سیر پاچکدستی کی آنچ دیں سرد ہونے پر آب دودھی بوٹی دیں

تولہ میں کھرل کرکے کوزہ گلی میں بند کریں اور پانچ سیر اُپلہ صحرائی کی گڑھے میں آگ دیکر سرد ہونے پر نکال لیں۔ مقدار خوراک ایک چاول ہمراہ مکھن جریان سیلان الرحم اور عام جسمانی کمزوری کیواسطے مفید ہے

پترا چاندی ایک تولہ کو آب لیموں میں کھرل کرکے لیموں کے پتوں کے نغدہ میں کپروٹی کرکے دس سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پھر آب لیموں میں کھرل کریں اور قرص بنا کر کوزہ گلی میں بند کرکے دس سیر کی آنچ دیں اور اسی طرح متواتر سات مرتبہ عمل کریں کشتہ خاکستری سرخی مائل تیار ہوگا۔ مقدار خوراک تین چاول تک ہمراہ مکھن مقوی اعضار رئیسہ ہے۔

برادہ چاندی خالص ایک تولہ ہڑتال تین تولہ کو ہمراہ آب ترنج بارہ پہر کھرل کریں پھر قرص بنا کر کوزہ گلی میں رکھ کر گل حکمت کریں خشک ہونے پر آٹھ سیر پاچک دشتی کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پھر بدستور سابق عمل کریں اور مسلسل چودہ آنچیں دیں بس کشتہ تیار ہے مقدار خوراک ایک چاول سے رتی تک ہمراہ سکہ گاؤ یا بدرقہ مناسب جریان مقوی معدہ ضیق النفس سرفہ مزمنہ کیواسطے مفید ہے

چاندی خالص ایک تولہ کا پترہ بنا کر دار چلینا۔ رسکپور۔ گندھک آملہ سار۔ ہڑتال ورقیہ لعاب گنوار گندل میں کھرل کرکے چاندی کے تیار شدہ پترے پر لیپ کریں اور اپلوں کے درمیان رکھ کر دس سیر اپلوں کے گڑھے میں آگ دیں مقدار خوراک ایک چاول مقوی اعضار رئیسہ ہے اور تمام قسم کے بخاروں کیلئے اکسیر ہے مصفی خون ہے اور بواسیر بادی یا امراض بارزہ کیلئے مفید ہے (مجرب ہے)

برادہ چاندی ایک تولہ چار تولہ آب مروق برگ تلسی میں کھرل کرکے قرص بنا دیں اور دو سیر اپلوں کی آگ دیں اور یہ عمل بدستور پانچ مرتبہ کریں انشاء اللہ تعالیٰ کشتہ نہایت بہترین تیار ہوگا اور خوراک ایک رتی تک ہمراہ مکھن یا بدرقہ مناسب کے استعمال کریں لیکن سوزاک کیواسطے ہمراہ مندرجہ ذیل اشیاء کے طباشیر کبود۔ مکتھ سیاہ۔ دانہ الائچی خورد۔ کباب چینی۔ اسپغول۔ مغز تخم خیارین۔ خار خشک کلاں۔ ہر ایک دو ماشہ کشتہ نقرہ بالا ایک ماشہ ملا کر کھرل کریں اور آٹھ خوراک بنا کر ایک خوراک یومیہ علی الصبح کھایا کریں بفضل خدا پرانے سے پرانا سوزاک ایک ہفتہ تک جاتا رہیگا۔ یہ

کشتہ اعضاء رئیسہ کی تقویت اور حرارت عزیزی کو بڑھانے میں عجیب الاثر ہے مقوی باہ اور ممسک بھی ہے
روپیہ چاندی کو کوٹ کر باریک پترہ بنالیں پھر ہڑتال ورقیہ آب نیموں میں کھرل کرکے پترہ
پر ضماد کریں اور کوزہ گلی میں بند کرکے ایک سیر اپلہ صحرائی کی آنچ دیں اسی طرح چودہ مرتبہ کریں
کشتہ ہو جائے گا۔ مقدار خوراک نصف رتی ہمراہ مکھن۔ قوت بڑھاتی ہے اور مقوی دماغ ہے (مجرب)

ورق نقرہ۔	طباشیر کبود	ست گلو خانہ ساز	الائچی خورد۔	زہر مہرہ خطائی۔	کشتہ مذکور
۱ تولہ	۱ تولہ	ایک تولہ	ایک تولہ	ایک تولہ	۳ ماشہ

سب کو عرق پان بنگلہ آٹھ تولہ۔ عرق گندر کاسنی گاؤزبان آٹھ تولہ میں کھرل کریں جب یہ خشک
ہو جائیں۔ تو عرق بید مشک اور عرق گلاب بہاری سہ آتشہ سے کھرل کرکے سفوف بنالیں
مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ بدرقہ مناسب ضعف جگر جریان منی تپ ہر قسم کیلئے مفید ہے۔

کشتہ مروارید
خفقان۔ توحش قلب۔ ضعف معدہ جگر اور ضعف دماغ کیلئے
مفید ہے مروارید ناسفتہ ایکتولہ کو ایک روز شیر گاؤ سے کھرل
کرکے گل گاؤزبان دس تولہ کسی نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کریں اور سات سیر اپلوں کی
آنچ دیں اسی طرح تین آنچیں دیں کشتہ تیار ہے۔ خوراک ایک رتی ہمراہ ملائی یا خمیرہ گاؤزبان

کشتہ نقرہ: ضعف باہ جریان رقت احتلام کمزوری اعضاء رئیسہ اور کمزوری مثانہ
کیواسطے نہایت مفید ہے چاندی خالص ایکتولہ کا پترہ بناکر ہاتھی سونڈی کے پانی سے
اکیس مرتبہ بجھائیں بعد ازاں بوٹی مذکورہ بیس تولہ کا نغدہ بناکر اس میں چاندی کا پترہ
رکھ کر پھر تین مرتبہ گل حکمت کرکے خشک کریں اس کے بعد ہوا سے بچا کر چار سیر جنگلی اپلوں
کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر اسی طرح بوٹی مذکورہ کے نغدہ میں رکھ کر تین مرتبہ اور آگ
دیئے کشتہ تیار ہو جائیگا ایک چاول سے دو چاول تک مکھن میں رکھ کر کھائیں۔ ترشی مچھلی اور تیل
کی اشیاء سے پرہیز کریں۔

کشتہ نقرہ دیگر:۔ تقویت باہ اور تقویت اعضاء رئیسہ کیواسطے نہایت مفید ہے بدن کو سرخ اور مضبوط بنا دیتا ہے۔ سرعت اور رقت کیواسطے بھی فائدہ مند ہے بوٹا سجی بقدر ضرورت لیکر پانی میں بھگو دیں ایک دن رات کے بعد یہ پانی لیکر روپیہ کی آگ سرخ کرکے اکیس مرتبہ اس پانی میں بجھائیں اس کے بعد وہی بوٹی کے پانی میں تھوڑا سا کپڑا بھگو کر روپیہ کے اوپر لپیٹ دیں اور اسی بوٹی کا پاؤ پختہ نغدہ بنا کر ملفوف کریں اور اس سے اوپر پانچ گرہ آٹا لپیٹ کر ایک گڑھے میں جو طول و عرض و عمیق میں آدھ آدھ گز ہو۔ اُپلے بھر کر درمیان میں روپیہ مذکورہ رکھدیں۔ اس کے اوپر ایک مٹی کا نغدہ جو تمام گڑھے میں آجائے اور اس کے وسط میں میں سوراخ ہو رکھ دیں تاکہ اس سوراخ سے دھوآں نکلتا رہے آگ لگانے سے بارہ پہر بعد جبکہ خوب سرد ہو جائے نکال کر دیکھیں عمدہ سفید کشتہ ہوگا پیس کر شیشی میں رکھیں بقدر ایک رتی بالائی یا پان میں رکھ کر کھائیں اُوپر سے شیر گاؤ پئیں ؛

کشتہ نقرہ مرکب:۔ برادہ چاندی ایک تولہ آب جامن میں بارہ گھنٹہ کھرل کریں ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں ڈال کر سمپٹ کرکے دس سیر پختہ جنگلی اپلوں کی آگ دیں غرضیکہ مسلسل دس مرتبہ کھرل اور آگ دیں۔ پھر بچھناگ سفید شنگرف رومی عمدہ پارہ ہر ایک ایک تولہ شیر مدار کے ساتھ ایک ہفتہ کھرل کریں جب خشک ہو جائے تو آک کی لکڑی چار پانچ انگشت موٹی ہو اور لمبائی کے لحاظ سے ایک بالشت ہو۔ کے درمیان سوراخ کرکے تمام تیار شدہ سفوف اس میں بھر دیں اور اسی کی خارج شدہ اجزا سے منہ بند کرکے عمدہ طریقہ پر گل حکمت کریں خشک ہونے پر ایک گڑھے میں گجیٹ کی آگ دیکر سرد ہونے پر نکال لیں نہایت سریع الاثر برنگ سفید کشتہ تیار ہوگا۔ مقدار خوراک ایک دانہ خشخاش کے برابر ہمراہ مکھن یا بالائی۔ جملہ امراض بلغمیہ و ریاحیہ کے لئے مفید ہے مقوی باہ مغلظ منی ہے اور ممسک ہے۔ تقویت جگر اور استسقاء اور اسہال مزمنہ ادویہ کے لئے عظیم النفع ہے۔

مندرجہ ذیل نسخے مسیح الملک ارسطوئے زمان حکیم سید رضا حسین صاحب رضوی کے بیاض خصوصی کی خاص الخاص مجربات میں سے ہے اور عرصہ دراز سے ہمارے معمول الطب ہے یہ قوت باہ میں نایاب اکسیر محلیٰ قین کی دادرسی بالیہ سبز نکی دستگیر اور ممسک بینظیر ہے۔

ایک تولہ عمدہ چاندی صاف کرکے کٹھالی بنالیں۔ اسی میں شنگرف رومی کا مینی ایک تولہ کی ڈلی رکھ کر لبطریق معروف بالوپٹ کریں۔ اور آب ہر ہمڈنڈی کے آٹھ تولہ کا چوبہ دیں بعدازاں شراب برانڈی دو بوتل کا چوبہ دیں پھر کٹھالی کو آہستہ سے اُتار کر آٹھ تولہ شیرہ ڈنڈاتھوہر میں سحق کرکے ٹکیہ بناکر کوزہ گلی میں بند کرکے پانچ سیر پاچلہ دشتی کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں بس اکسیر بینظیر تیار ہے (مجربات خصوصیات)


برادہ چاندی خالص آب زقوم میں کھرل کریں پھر دودھ آک و آب و گل سرخ بہاری کھرل کریں غلولہ بناکر ایک بڑے اپلے میں رکھ کر پانچ سیر اپلیوں کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال کر کھرل کرکے شیشی میں بحفاظت رکھیں ضعف معدہ کے لئے اگر استعمال کرنا چاہئیں تو طباشیر دانہ الائچی خورد مصطگی رومی ہر ایک دو رتی میں کشتہ ہذا ایک رتی ملا کر دیں اور اگر قوت بدنی و جریان منی سیلان الرحم وغیرہ کیلئے استعمال کرانا ہو تو برادہ اسپغول دانہ الائچی خورد پوست سلاجیت۔ مروارید ناسفتہ ثعلب مصری ہر ایک دو رتی کشتہ ہذا فی خوراک ایک برنج چاول کرکے ہمراہ کھویا قوت باہ کیلئے ہمراہ مکھن ایک چاول سے شروع کرکے دو رتی تک استعمال کریں قوت باہ خفقان۔ تقویت معدہ اور تقویت جملہ اعضاء رئیسہ کیلئے بیحد مفید ہے۔

نوٹ:۔ تین ماہ سے زیادہ ہر سال استعمال نہ کریں۔

ترشی اور قند سیاہ روغن سیاہ گرم خشک چیزوں سے اور مجامعت سے پرہیز کریں۔

رکت منڈل بوٹی:۔ یہ ایک مشہور بوٹی ہے جس کو سنیاسی حضرات رکت منڈا یل

بوٹی بڑی اچھی طرح جانتے ہیں لیکن نہ جاننے والوں کے لئے ہم نے تصویر بھی بنا دی ہے تاکہ تلاش کرنے میں ان کو تکلیف نہ ہو۔



ایک روپیہ عمدہ چاندی کا لیکر رکت منڈل بوٹی کے پتوں کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کریں اور سات سیر اپلہ صحرائی کی آگ دیں نہایت بہترین عمدہ کشتہ ہوگا۔ مقدار خوراک ایک چاول سے نصف رتی تک ہمراہ معجون شباب آور اکلیتولہ کے مقوی ارواح نافع جریان و سیلان الرحم و دیگر امراض رطوبی

لوٹ :۔ ایک سال میں صرف ایک ماہ استعمال کرتے ہیں اور موسم میں استعمال کے بغیر کسی موسم میں استعمال نہ کریں۔

کشتہ مرکب :۔ برادہ چاندی ڈھائی تولہ برادہ اشرفی ڈھائی تولہ برادہ فولاد عمدہ ڈھائی تولہ برادہ تانبا ڈھائی تولہ۔ پارہ ڈھائی تولہ سنکھیا سفید ڈھائی تولہ۔ آب گھیکوار ایک پاؤ میں کھرل کریں اور قرص بنا کر کوزہ گلی میں سمیٹ کر کے اٹھارہ سیر پا چلکہ دشتی کی آنچ دیں پھر تین ماشہ شنگرف شامل کر کے شیر مدار ایک پاؤ میں کھرل کریں اور بدستور سابق سمیٹ کر کے اٹھارہ سیر پا چلکہ دشتی کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر پھر تین ماشہ شنگرف ملا کر لعاب کنوار گندل ایک پاؤ میں کھرل کریں اور بدستور سابق آنچ دیکر نکال لیں پھر تین ماشہ شنگرف شامل کریں اور آب پیاز سفید پاؤ بھر سے کھرل کر کے قرص بنا دیں۔ بعد ازاں بدستور سابق سمیٹ کر کے آگ دیں پھر سرد ہونے پر نکال کر آب ادرک ایک پاؤ میں کھرل کریں لیکن تین ماشہ شنگرف کا اضافہ ضرور کر لیں۔ اور پندرہ سیر کی آنچ دیں اس کے بعد سرد

ہونے پر نکال کر زردی بیضۂ مرغ ایک پاؤ میں کھرل کریں اور قرص بنا کر سمپٹ کر کے
دس سیر کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر تین ماشہ شنگرف رومی کا اضافہ کر کے آب
سیب میں کھرل کریں صرف آٹھ سیر پا جلکد شتی کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں پھر
بدستور سابق تین ماشہ شنگرف کا اضافہ کر کے شیر برگد ایک پاؤ میں کھرل کریں اور قرص
بنا کر ہر قرص کو برانڈی شراب سے تر کر کے کوزہ گلی میں رکھتے جائیں پھر سمپٹ کر کے پانچ سیر
اُپلہ صحرائی کی آنچ دیں بس کشتہ اکسیر اعظم تیار ہے۔ مقدار خوراک صرف دانہ خردل کے برابر
صبح ہمراہ مکھن استعمال کریں۔ ماہرین فن سے التماس ہے کہ مختلف بدرقوں سے ہر مرض
میں استعمال کرائیں۔ انشاء اللہ بہتر سے خط کی طرح پائیں گے۔ یہی وہ کشتہ نقرہ مرکب
ہے جس کے لکھنے کا ہم نے وعدہ کیا تھا۔ (صدری مجربات)

شفاء الملک حکیم احمد حسین کی بیاض خاص کا تحفہ

اکیتولہ تیرہ چاندی کو اکیاون مرتبہ آب کٹھائی خوردہ میں بجھا کر اس کی نقدی
آدھ سیر میں سمپٹ کر کے آٹھ سیر پا جلکد شتی کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر حشیمہ کے پانی
میں کھرل کر کے آنچ دیں اور یہ عمل بدستور دس مرتبہ کریں انشاء اللہ کشتہ نہایت بہترین
ہو گا۔ مقدار خوراک ایک رتی حلوے کیساتھ دیں بے حد مقوی باہ اور ممسک ہے۔

نوٹ:۔ یہ ایک تولہ کشتہ دس تولہ پارہ کو مسکہ کر لیتا ہے۔ اور اگر اس کو شکست
دیں تو خالص چاندی بن جاتا ہے جس کی انگوٹھی بنا کر پہننا بواسیر کا واحد علاج ہے۔

برادہ سیم اکیتولہ پارہ مصفیٰ اکیتولہ ہر دو کو جہل بند کر کے آب بوٹی گرنڈ پانچ تولہ
میں کھرل کر کے قرص بنائیں اور کوزہ گلی میں بند کر کے پانچ سیر پا جلکد شتی کی آنچ
دیں کشتہ رنگ خاکستری تیار ہو گا کھرل کر کے بحفاظت رکھیں مقدار خوراک ایک رتی
تک مسکہ گاؤ تازہ غذا مرغن کھائیں۔

ایک روپیہ شاہی لیکر ڈیڑھ سو آب حنظل بوٹی میں بجھائیں اور پھر اسی کی لغدی میں لپیٹ کر کے گجپٹ کی آگ دیں کشتہ برنگ سفید عمدہ تیار ہوگا۔ مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ جوارش آملہ یا نوشدارو سادہ پانچ ماشہ کے دیں مقوی معدہ ہے اور قوت باہ پیدا کرتا ہے (مجرب ہے)

پترہ چاندی مصفٰے بہ آب ادرک اکیسو ایک مرتبہ پھر لغدہ ادرک بیس تولہ میں لپیٹ کر کے دس سیر اپلوں کی محفوظ الہوا مقام پر گڑھے میں آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں اور آب امبر بیل میں کھرل کر کے قرص بنا دیں اور کوزہ گلی میں بند کر کے دس سیر اپلوں کی گڑھے میں آنچ دیں۔ اسی طرح تیسری مرتبہ آب پیاز میں کھرل کر کے آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں لیس کشتہ تیار ہے۔ مقدار خوراک تین چاول سے ایک رتی تک مقوی باہ اور مقوی اعضا رئیسہ ہے۔ بنگر ہنی کے لئے مفید ہے۔

ایک روپیہ شاہی لیکر آب اونٹ کٹارہ بوٹی میں اکیس مرتبہ بجھائیں اور پھر برگ گگرندہ کی لغدی میں رکھ کر گڑھے میں پندرہ سیر اپلوں کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں لیس کشتہ تیار ہے مقدار خوراک تین چاول سے ایک رتی تک مقوی باہ اور اعضاء رئیسہ ہے۔ سنگرہنی کے لئے مفید ہے۔

ایک روپیہ شاہی لیکر آب اونٹ کٹارہ بوٹی میں اکیس مرتبہ بجھائیں اور پھر برگ گگرندہ کی لغدی میں رکھ کر گڑھے میں پندرہ سیر اپلوں کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں ہے مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ سفوف ہاضم یا معجون ارشدی مقوی معدہ اور جگر کی اصلاح کرتا ہے ایک چاول بالائی میں رکھ کر ضیق النفس والے کو گیارہ یوم کھلائیں قوت باہ کیلئے ایک چاول جگلہ پان میں رکھ کر کھائیں سات روز میں گھٹی ہوئی طاقت پھر سے عود کر آئے گی اور اس ایک ہفتہ کے استعمال سے بڑھاپے میں جوانی کے مزے لئے جاسکتے ہیں۔ آتشک کیلئے ایک سرخ ہمراہ مکھن میں ڈال کر پندرہ یوم تک کھلائیں۔ تپ کہنہ کے لئے نصف برنج مریض کے مزاج

کے مطابق مناسب بدرقہ کے دیں۔ انشاء اللہ اکتالیس یوم میں مکمل صحت ہو گی۔
(حکیم حشمت علی شاہ صاحب دیناج پور بنگال)

پترہ چاندی ایک تولہ کو خار مغیلاں خام کے بیس تولہ نغدہ میں گل حکمت کر کے پندرہ سیر اُپلیوں کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسب کے دیں اعلیٰ درجہ کا مقوی ہے چہرے کے رنگ کو سُرخ بناتا ہے۔

ایک تولہ پترہ چاندی لیکر چالیس مرتبہ آب ہاتھی سونڈی بوٹی میں بجھائیں اور پھر ہر سہ اجزائے نیچے اوپر دیکر کوزہ گلی کو معمولی سمپٹ کر کے اکیس سیر اپلیوں کی گڑھے میں آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں مقدار خوراک دو چاول سے پانچ چاول کے برابر ہمراہ مسکہ گاؤ تازہ یا دیگر مناسب بدرقہ کے جیسا معالج بہتر سمجھے۔ موسم کا خاص خیال رکھیں برسات کے دنوں میں اس کا استعمال ممنوع ہے۔ ہرگز ہرگز استعمال نہ کریں ورنہ رعشہ کی بیماری ہو جائیگی

روپیہ محمد شاہی ایک عدد لیکر آب سہاگہ میں ایک ایک بار بجھائیں پھر دودھی خورد تازہ کو کوٹ کر اس نغدہ میں رکھ کر گلحکمت کریں خشک ہونے پر اٹھارہ سیر اوپلیوں کی گڑھے میں آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں مقدار خوراک تین چاول تک ہمراہ مرغن غذا کھائیں۔ جریان۔ احتلام سرعت انزال وغیرہ امراض کیلئے مفید ہے (مجرب ہے)

پترہ چاندی عمدہ لیکر ہزار دانی بوٹی کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے بیس سیر اپلیوں کی آنچ دیں اور اسی طرح آٹھ آنچیں دیں بس کشتہ تیار ہے مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ مکھن۔ مقوی اعضاء رئیسہ ہے چہرے کے رنگ کو سرخ بناتا ہے۔

چاندی ایک تولہ کا پترہ بنا کر بعد ازاں گٹھلی بوٹی کے نغدہ میں رکھ کر کپڑ مٹی کریں اور خشک ہونے پر گجپٹ کی آنچ دیں کشتہ برنگ سفید بر آمد ہوگا۔ مقدار خوراک دو چاول ہمراہ مناسب بدرقہ کے دیں مقوی باہ مقوی دل ہے از حد طاقت بخش ہے اور منی

قابل اولاد بناتا ہے (مجرب) حکیم دلاور حسن صاحب سیالکوٹ)

لوہ بھٹائی آدھ پاؤ پختہ لیکر باریک سفوف بنا کر لعاب کنوار گندل میں رکھ کر خمیر کریں۔ جب خمیر ہو جائے تو اس کے درمیان رشیہ مصفیٰ رکھ کر بیس سیر اپلوں کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں۔ اگر ایک مرتبہ کمی رہے تو دوبارہ پھر اسی طرح کریں کشتہ برنگ زرد برآمد ہوگا مقدار خوراک چار چاول تک ہمراہ مکھن یا بالائی غذا روغن کھائیں دفعیہ جذام کوڑھ وغیرہ کیلئے مفید ہے۔

ایک ڈبیہ لیکر چار تولہ حسن دھوپ کے غلیلہ میں رکھ کر دو اپلوں کے درمیان رکھیں لوہ ایک گڑھے میں آٹھ سیر یا چلد نشتی کی آنچ دیں۔ کشتہ برنگ خاکستری برآمد ہوگا مقدار خوراک ایک ایک برنج ہمراہ معجون عیشہ ایک تولہ کے کھائیں۔ صرف تین خوراک میں آتشک رفع ہوگا اور مسلسل استعمال سے سرخ باد رفع ہو جاتا ہے اور بدن کے سفید داغ جن میں سوئی لگانے سے خون نکلے ایک ہفتہ کے استعمال سے رنگ بدل جاتا ہے۔ ایک ہفتہ چھوڑ دیں اور ایک ہفتہ چھوڑ کر دوسرے ہفتہ پھر استعمال کریں اس سے جسم کے تمام داغ دور ہو جائینگے۔ ہمارے یہاں شربت مصفی کے نام سے مشہور ہے قیمت فی شیشی چار روپے بارہ آنے

کرنڈ بوٹی کے پاؤ بھر نغدہ کی دو عدد ٹکیہ بنا کر درمیان میں رشیہ رکھکر اڑھائی اڑھائی سیر کی دو پاتھیوں میں رکھ کر محفوظ الھوا مقام پر آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں نہایت شاندار کشتہ ہوگا۔ لیکن یہ کشتہ خوراکی نہیں البتہ کیمیا عمل میں مثل سیماب ملانے کے قابل ہے ہمارے مرہم شفاء کا جزو اعظم یہی کشتہ ہے۔ ہم اس کشتہ کو لاکھوں امراض میں استعمال کرتے ہیں اسی وجہ سے ہمارا تیار کردہ مرہم شفاء بادہ بستے گھروں میں ایک طبیب کا کام دیتا ہے معمولی تکالیف کیلئے اکسیر ہے

جمالگوٹہ ایک چھٹانک پوست کو کوٹ کر دو ٹکیہ بنالیں اور اس کے درمیان رشیہ چاندی مصفیٰ رکھ کر ماش کے ایک پاؤ آٹے میں غلولہ بنا کر گلحکمت کریں جب خشک ہو جائے بیس گھنٹے کی آنچ دیں کشتہ برنگ سفید برآمد ہوگا۔ مقدار خوراک ایک برنج سے دو برنج تک اس کے

استعمال سے بالکلیف اور گھبراہٹ کے جلاب آجاتے ہیں اور فاسد مادہ خارج ہو کر طبیعت صاف ہو جاتی ہے
جاندی کا پترہ ایک تولہ دس بار آب گنوار گندل میں بجھائیں اور پھر اسی کے لعاب میں گل حکمت کر کے پانچ اپلہ صحرائی کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں پھر لعاب گھیکوار میں کھرل کر کے قرص بنا کر کوزہ گلی میں بند کر کے آنچ دیں بس کشتہ تیار ہے۔

مشک خالص تین ماشہ۔ زعفران ایک تولہ۔ زنجبیل ایک تولہ۔ دار فلفل تین ماشہ سم الفار پختہ تین ماشہ اور تیار شدہ کشتہ شامل کر کے عرق گلاب بہاری شرح کیوڑہ عمدہ آب سیب میں کھرل کر کے بقدر دانہ ماش گولیاں بنا لیں اور سایہ میں خشک کر کے بحفاظت رکھیں چوبیس گھنٹے میں صرف ایک گولی صبح یا شام ہمراہ مناسب بدرقہ لائقہ مریض تجویز فرما کر قدرت ایزدی کا شکر ادا کریں تمام عمر کیلئے موسم سرما میں اکیس گولیاں کھا لینی کافی ہیں اگر وقت نزع مریض کو ایک گولی کھلا دی جائے تو زبان خندہ ہم کلام ہو گا۔ اگرچہ اس کی تکلیف اسقدر ہے کہ مکمل کتاب اس کی تعریف میں لکھدوں تو کم ہے لہذا آپ خود بنائیں اور فائدہ اٹھائیں

نوٹ: کوڑی باجی سفید کو پانی میں چالیس مرتبہ بجھائیں اور پھر چالیس مرتبہ آب لیموں میں بجھائیں اور پھر مذکورہ باجی کے بھوگ میں رکھ کر کوزہ کو گل حکمت کریں خشک ہونے پر بیس سیر اپلوں کی آنچ دیں جب سرد ہو جائے نکال کر کھرل کر لیں اور بحفاظت رکھیں مقدار خوراک ایک چاول سے تین چاول ہمراہ مکھن مصفی خون ہے کوڑھ جذام اور آتشک کیلئے مفید ہے مجرب

چاندی ایک تولہ ڈونک بوٹی کے نغدہ میں گلحکمت کر کے گجپٹ کی آگ دیں نقرہ شگفتہ ہو گا اور قوت جسمانی کے لئے بیحد مفید ہے مقدار خوراک ایک چاول سے تین چاول تک ہمراہ مسکہ تازہ صبح مقوی دل اور دماغ ہے۔

خالص چاندی کا پترہ ایک تولہ اکیسو بار آب اجوائن دیسی میں بجھائیں پھر پوست مدار کے آدھ پاؤ نغدہ میں گل حکمت کر کے بیس سیر اپلوں کی آنچ دیں کشتہ بہ رنگ سفید برآمد ہے

اگر ایک آنچ کسی وجہ سے ناکافی ہو۔ تو دوبارہ آنچ دیں مقدار خوراک ایک چاول سے ایک رتی تک ہمراہ مکھن یا زردی بیضہ مرغ نیم پختہ مقوی اعضاء رئیسہ ہے جذبات مردمی کو برانگیختہ کرتا ہے

سفید ڈوب گھاس ایک پاؤ کا نغدہ بنا کر اس کے درمیان رکھ کر کپرمٹی کر کے محفوظ الہوا مقام پر دس سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ خمیرہ گاؤزبان عنبری مقوی دل ہے

برگ انار ترش ایک پاؤ پانی آدھ سیر ایک ہانڈی میں ڈال کر ورقہ چاندی عمدہ کا بیچ میں ڈال دیں اور چولھے پر چڑھا کر اس قدر پکائیں کہ پانی تمام جل جائے۔ پھر نکال کر تھیکنی بنا کے ایک پاؤ نغدہ میں سمیٹ کر کے چار سیر اپلوں کی آنچیں دیں مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ مربہ سیب یا آملہ مقوی دل و دماغ ہے۔

ورق نقرہ اور پارہ ہم وزن لیکر کھرل کریں اور سہ چند زنگ بچھناگ کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کریں خشک ہونے پر پندرہ سیر اپلوں کی آنچ دیں نہایت بہترین کشتہ مقدار خوراک نصف رتی تک ہمراہ مکھن تازہ مقوی اور ممسک ہے جریان کیلئے مفید ہے

شنبہ مصفی ایک عدد کو ایک عدد عمدہ رسدار لیموں میں رکھ کر سمیٹ کر دس سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ نہایت شاندار کشتہ ہوگا مقدار خوراک ایک برنج بالائی میں رکھ کر کھائیں انشاء اللہ اس کے استعمال سے تمام شکایات باد رفع ہوں گی۔ (مجرب)

پارہ خالص ایک تولہ کو آب ترپھلا میں اکیس بیس مرتبہ بجھائیں پھر دودھی بوٹی آدھ پاؤ کا نغدہ کوزہ گلی میں ڈال کر گل حکمت کریں خشک ہونے پر گجپٹ کی اپلہ صحرائی سے آگ دیں عمدہ سفید پارہ کا کشتہ ہوگا مقدار خوراک ایک رتی ہر مرض میں استعمال کیا جا سکتا ہے حسب مزاج ادویات کے ساتھ استعمال کریں۔

پارہ چاندی ایک تولہ مصفی کو مالکنگنی بیس تولہ پختہ کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کریں اور خشک ہونے پر آٹھ سیر پختہ ایرنے اپلوں کی آنچ دیں اور یہ عمل سات بار کریں۔

نہایت بہترین رنگ سفید کشتہ تیار ہوگا۔ یہ عدیم المثال جاذب پارہ ہے۔ اور ایک تولہ کشتہ گیارہ تولہ پارہ جذب کر سکتا ہے مقدار خوراک ایک چاول تک ہمراہ مکھن بیحد مقوی باہ اور ممسک ہے

ایک تولہ شنگرف رومی ۹ ماشہ سنکھیا سفید ایک تولہ پارہ مصفی ایک تولہ مروارید ناسفتہ چھ ماشہ سب کو آب پیاز بیس تولہ میں کھرل کریں جب خشک ہو جائے تو ورق نقرہ ایک تولہ شامل کر کے آب لیموں بیس تولہ میں کھرل کریں۔ پھر ایک تولہ ورق نقرہ کا اضافہ کر کے آب کنوار گندل میں ۲۰ تولہ میں کھرل کریں۔ پھر ایک تولہ ورق نقرہ کا اضافہ کر کے شیر زقوم بیس تولہ میں کھرل کر کے ٹکیاں بقدر چھ ماشہ کے بنا کر کوزہ گلی میں رکھ کر سمیٹ کر کے دس سیر اپلہ صحرائی کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں نہایت سریع الاثر کشتہ تیار ہوگا۔ اس کی آدھ خوراک مایوس لاعلاج مرد کیلئے حیات جاودانی اور تمام عمر قوت باہ میں کمی نہیں آتی۔ جماع سے چند گھنٹے پیشتر کھا کر ایک نہیں بلکہ کئی عورتوں سے جماع کر سکتا ہے اور پھر بھی اپنی صحت پر کوئی نقصان دہ اثر نہیں پڑتا۔ آئیں اور قدرت خدا کا مشاہدہ کریں خداوند عالم نے ان جڑی بوٹیوں میں وہ طاقت بخشی ہے کہ انسان اگر ان کو استعمال کر سکے تو ہر مرض کا مکمل علاج ہیں (مجرب ہے)

لہٰذا ان کی معلومات نہایت ضروری ہیں اور ہمارے ملک کے ہر فرد و بشر کو اس ملک میں پیدا ہونے والی جڑی بوٹیوں سے واقفیت حاصل کرنی چاہیئے۔ تاکہ اپنی بیماریوں کے خود معالج بن کر طرح طرح کے جدید ایلوپیدک علاج کی مصیبتوں سے بچ جائیں۔

برادہ نقرہ ۶ ماشہ پارہ تین ماشہ دونوں کے آب لیموں کے رس میں تیرہ گھنٹے کھرل کر کے گولی بنائیں بعد ازاں برگ گلی جعفری نو عدد میں لپیٹ کر کپروٹی کریں خشک ہونے پر دس سیر اپلوں کی آنچ دیں اور اسی طرح بدستور تین آنچ دیں کشتہ ہو جائیگا مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ مکھن یا بالائی میں استعمال کریں اشتہا کو بڑھاتا ہے اور مقوی باہ ہے

کشتہ چاندی کو اکیس مرتبہ آب گل زندہ میں بجھا کر مردار سنگ کا اوپر لپیٹ کر کے

برگ گگروندہ میں رکھ کر آدھ سیر پارچہ سفید میں مضبوطی سے لپیٹ دیں پھر گجپٹ کی آگ
دیں سرد ہونے پر نکال لیں یہ سیماب کا جاذب کشتہ تیار ہے اور مقوی بھی ہے مقدار خوراک نصف
رتی تک ہمراہ مکھن ۔ **سفوف ریوند چینی**:۔ نصف سیر لیکر اس کے چھ حصے کریں
پھر فی حصہ میں لونی بوٹی جس کی سجی بنتی ہے ۔ اس قدر ملاؤ کہ ٹکیہ بن سکے پھر اس میں
ورقہ خالص چاندی ایک تولہ رکھ کر محفوظ الہوا مقام پر گڑھے میں تین سیر اپلوں کی آگ دیں
اسی طرح ۶ مرتبہ کریں۔ کشتہ قدرے سیاہ پستئی رنگ کا برآمد ہوگا مقدار خوراک ایک چاول۔
تک ہمراہ جوارش شاہی مقوی اعضاء رئیسہ ہے۔ ام الصبیان کے لئے مفید ہے۔ مصفی خون ہے
ورقہ چاندی ایک تولہ کو صاف کر کے کھنگرہ سفید آدھ پاؤ میں رکھ کر کوزہ کو گل حکمت کر کے خشک
ہونے پر بائیس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح تین مرتبہ آنچ دینے سے کشتہ برنگ سیاہ تیار ہوگا
ورقہ چاندی ایک تولہ کو آب ادرک میں پچاس مرتبہ بجھائیں اور زردی بیضہ مرغ
پانچ عدد میں پرانا گڑ ملا کر ورقہ چاندی بیچ میں رکھ کر گل حکمت کریں خشک ہونے پر
پندرہ سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ اگر ایک آنچ میں کشتہ نہ ہو تو ۲ مرتبہ آگ دیں۔ نہایت سریع الاثر
مقوی باہ کشتہ تیار ہوگا مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ بالائی یا مسکہ گاؤ تازہ کے نوش کریں۔
ورقہ نانک شاہی کو کٹھالی میں رکھ کر تیزاب گندھک پچیس تولہ کا چوبہ دیں کشتہ ہوگا یہ مرض
خنازیر کیلئے مفید ہے اور اشتہا صادق پیدا کرتا ہے دیگر:۔ ورقہ چاندی ایک عدد
لیکر سفوف ہلیلہ زرد دس تولہ میں رکھ کر محفوظ الہوا مقام میں ۵ سیر اپلوں کی آنچ دیں۔
ایسی چھ یا سات آگ دینے سے کشتہ ہوگا۔ مقدار خوراک تین چاول سے ایک رتی تک ہمراہ
جوارش شہریاران یا جوارش زعفرانی سادہ زیادہ نہ کھائیں۔ مقوی معدہ و مقوی جگر ہے۔
ورقہ چاندی ایک تولہ کو آب گل گلاب میں کھرل کر کے قرص بنالیں گل سرخ بہاری کے
[illegible] ۔ [illegible] میں کھرل کر کے قرص بنا کر کوزہ گلی میں بند

نکالیں اور عرق بید مشک میں کھرل کر کے بحفاظت رکھیں مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ خمیرہ صندل یا جوارش شہنشاہی عنبری جواہر والی سات ماشہ میں ملا کر کھائیں مقوی اعضائے رئیسہ ہے

رشیہ خالص چاندی ایک عدد لیکر فشکل بوٹی کے نغدہ میں رکھ کر سمپٹ کر کے دس سیر اُپلہ صحرائی کی آنچ دیں۔ اور اسی طرح گیارہ دفع آنچ دیں انشاء اللہ کشتہ عمدہ ہوگا مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن مقوی باہ اور ممسک ہے آنکھوں کی بصارت بڑھاتا ہے جسم کو فربہ کرتا ہے عمدہ اور مصفیٰ چاندی کا بُرادہ الکتہ لے کر ایک عدد انار ترش میں رکھ کر کپڑ مٹی کر کے آٹھ سیر بختہ اُپلوں کی آنچ دیں اور اگر پہلی مرتبہ کشتہ نہ ہو تو دوبارہ آب انار شیریں میں کھرل کر کے قرص بنا کر کوزہ گلی میں بند کر کے آنچ دیں انشاء اللہ نہایت مفرح سفید کشتہ ہوگا مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ جوارش فولاد چھ ماشہ۔

پارہ تین ماشہ شنگرف تین ماشہ نوشادر تین ماشہ قلمی شورہ تین ماشہ سہاگہ تین ماشہ سنکھیا سفید تین ماشہ سب کو ایک پاؤ کنوار گندل میں کھرل کر کے ٹکیہ اتنی بڑی بنائیں۔ کہ ایک روپیہ بیچ میں رکھا جاسکے جب یہ ٹکیہ بالکل خشک ہو جائے تو پھر اس میں روپیہ چاندی مصفیٰ رکھ کر باریک دھاگہ لپیٹ دیں پوست بیخ مدار کے تین پاؤ لغدہ میں گل حکمت کر کے بیس سیر اُپلہ صحرائی کی آگ دیں نہایت شاندار عمدہ کشتہ ہوگا مقدار خوراک نصف چاول ہمراہ مکھن آدھ پاؤ استعمال کریں بحد مقوی باہ ہے۔ چہرے کے رنگ کو سُرخ بناتا ہے۔ نفسانیہ جذبات کو برانگیختہ کرتا ہے۔ جریان کیلئے دانہ خردل کے برابر ہمراہ معجون شباب آور یا سفوف عباسی کو ملا کر کھائیں۔ مرد عورت ہر دو کیلئے مفید ہے انشاء اللہ بنا کر استعمال کرنے کے بعد آپ خود بے ساختہ تعریف کرنے پر مجبور ہو جائیں گے۔ ہمارا دعویٰ ہے کہ اس کے استعمال سے بڑھاپے میں بھی جوانی کے مزے لیے جا سکتے ہیں ہمارا معمول

ڈھیلے پانچ سیر لیکر کوٹ کنندہ اپلے سے بنا لیں اور ان کے درمیان روپیہ چاندی رکھ کر گجپٹ کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ نوشادر یا نمہ مقوی معدہ اور مقوی جگر ہے۔ حدت مثانہ کو صاف کرتا ہے۔

روپیہ چاندی یا اکیتولہ چاندی کا بترہ تخم سرشف لغدہ میں گلحکمت کر کے دس سیر اپلوں کی گڑھے میں آگ دیں تین مرتبہ آگ دینے سے کشتہ ہوگا۔ مقدار خوراک نصف رتی ہمراہ خمیرہ بادام مقوی دماغ ہے (مجرب ہے)

اکیتولہ ترنج کاہی کو آب ادرک میں کھرل کر کے روپیہ چاندی پر لگا لیں خشک ہونے پر پالک اور مولی کے لغدہ میں رکھ کر کپر مٹی کر کے پندرہ سیر اپلہ صحرائی کی گڑھے میں آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں آب انار شیریں دس تولہ میں کھرل کر کے رکھ لیں مقدار خوراک ایک چاول ہمراہ مکھن یا جوارش جالینوس لولوی پانچ ماشہ مقوی اعضاء رئیسہ ہے۔ قوت باہ بڑھاتا ہے اگر خمیرہ عنبری چھ ماشہ کے ہمراہ ہمیشہ کھائیں تو قوائے انسانی ہرگز کمزور نہیں ہو سکتے اور انسان عمر طویل حاصل کر سکتا ہے۔

بترہ چاندی اکیتولہ پر شہد خالص لگا کر گلو سبز کے لغدہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے خشک کریں اور پانچ سیر اپلوں کی آنچ دیں مکرر سہ کر کے بدستور عمل سے کشتہ ہوگا مقدار خوراک تین چاول تک پرانے بخاروں کے لئے مفید ہے۔

ورق نقرہ اکیتولہ سنکھیا سفید تین ماشہ کھرل کر کے ایک ترلوز میں بند کریں۔ اگر ترلوز نہ مل سکے تو کدو سبز میں بند کریں اور گجپٹ کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں مقدار خوراک ایک چاول ہمراہ مکھن مفرح قلب ہے اور مقوی اعضاء رئیسہ ہے۔

ہڑتال طبقی تین ماشہ سم الفار تین ماشہ سردہ کو آب لیموں میں کھرل کر کے برادہ چاندی اکیتولہ شامل کریں اور لعاب گھیکوار میں کھرل کر کے قرص بنا کر کوزہ گلی میں بند

کر کے بارہ سیر بختہ اپلوں کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں مقدار خوراک نصف چاول ہمراہ مکھن مقوی باہ اور ممسک ہے۔

روپیہ چاندی کو چالیس مرتبہ آب گدر تنباکو میں بجھائیں اس کے بعد اسی تنباکو کے چار تولہ پانی کو آگ پر اس قدر پکائیں، مانند افیون کے بن جاوے پھر اس کو روپیہ چاندی پر لیپ کر دیں اور اس کے بیس تولہ نغدہ میں رکھ کر کپڑ مٹی کر آٹھ سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ عمدہ کشتہ برآمد ہوگا مقدار خوراک نصف بدرقہ مناسب سے تمام امراض دل میں مفید ہے۔ مقوی اعضاء رئیسہ ہے۔

میٹھا تیلیا ۹ ماشہ کو باریک کر کے روپیہ چاندی مصفا کے نیچے اوپر دیکر بادام سفید پندرہ تولہ میں بند کر کے بیس سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ مقدار خوراک نصف رتی ہمراہ جوارش تمر ہندی نو ماشہ کے یا معجون آرد خرما کے استعمال کرنے والے کی باہ میں ہرگز کمی نہ آئیگی۔ مقوی معدہ اور اعضاء رئیسہ ہے چار تولہ کو نیل جالگوٹہ دہ تولہ برگ لاجونتی کا نغدہ بنا کر اسمیں روپیہ چاندی معمولی کپڑ مٹی کریں خشک ہونے پر پانچ سیر اپلوں کی آنچ دیں نہایت بہترین کشتہ ہوگا۔ اگر اس کو زندہ کرنا منظور ہو تو زرد جوت ایک تولہ شیر تھوہر ایک تولہ کھرل کر کے کشتہ شدہ روپے پر لیپ کر کے دہ اپلوں کی آگ دیں روپیہ زندہ ہو جائیگا

ایک چھٹانک قسط تلخ پیسکر روپے کے نیچے اوپر دیکر گل حکمت کریں خشک ہونے پر پانچ سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ کشتہ مانند ملائی کے برآمد ہوگا۔ مقدار خوراک تین چاول تک ہمراہ مکھن یا دیگر بدرقہ مناسب سے بھگندر اور خنازیر کیلئے نہایت سریع الاثر ہے اغرض کھلائیں۔

چاندی حسب ضرورت لیکر کٹھالی میں گلاؤ اور شیرہ دودھی بوٹی چار حصہ میں بجھائیں بلند اگر اکیس مرتبہ بجھا کر دودھی بوٹی کے نغدہ میں گل حکمت کریں۔ گجپٹ کی آنچ دیں یہ تجارتی اصول کا کشتہ چاندی ہے۔ مقوی اعضاء رئیسہ مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ مربہ یا مربہ آملہ کھلائیں

ریزہ محمد شاہی عمدہ چاندی والا لیکر بیس مرتبہ آب جامن میں بجھائیں اور ہر پانچ
مرتبہ کے بعد پانی بدل دیا کریں پھر ایک پاؤ نغدہ پوست درخت جامن لیکر درمیان
میں ریزہ رکھ کر گل حکمت کر کے دس سیر اُپلہ صحرائی کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں مقدار
خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن یہ الکینولہ کشتہ چاندی دس تولہ پارہ کو جذب کر سکتا ہے۔

نوٹ:۔ تمام کشتہ جات نہایت آسان ترکیب کے ساتھ لکھے ہوئے ہیں مگر پھر بھی کسی لفظ
کے سمجھنے میں اگر دقت ہو۔ تو بہ ذیل پتہ پر رسالے کے جواب طلب لفافہ یا چھ پیسے کا ٹکٹ بھیجکر
شک و شبہ دور کر لیں بندہ لائقہ خدمات کیلئے ہر وقت حاضر ہے (پتا) مینیجر عظیمیہ دواخانہ شہر جہلم

الکینولہ چاندی کا بترہ پانچ تولہ گیدڑ تمباکو میں رکھ کر گل حکمت کریں خشک ہونے پر محفوظ
الہوا مقام پر پانچ سیر اُپلیوں کی گڑھے میں آگ دیں اگر ایک مرتبہ کے عمل سے کشتہ نہ ہو تو
دوبارہ عمل کریں نہایت عمدہ کشتہ ہوگا راقم لکھتا ہے کہ اس کی ایک رتی الکینولہ سیماب مصفیٰ
جذب کر سکتی ہے واللہ اعلم بالصواب (عنایت کردہ حکیم سرور شاہ صاحب خانپور ضلع رحیم یار خان)

نغدہ ریش برگد ایک پاؤ سفوف سنائکی دو تولہ بترہ چاندی مصفیٰ الکینولہ کے اوپر نیچے
سفوف مذکورہ و بکر تیار شدہ نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کریں خشک ہونے پر بیس سیر اُپلیوں
کی آنچ دیں نہایت مقوی باہ ممسک کشتہ ہوگا ہر قسم کے ضعف کو رفع کرتا ہے سیلان الرحم اور
جریان کی لاثانی بے خطا اکسیر ہے۔

ہزار دانی بوٹی اور دودھ دھاک خورد بوٹی ہموزن کا نغدہ بنا کر اسی کے درمیان بترہ چاندی
رکھ کر گل حکمت کر کے پانچ سیر اُپلیوں کی گڑھے میں آنچ دیں اور مسلسل پانچ آگ دینے سے کشتہ
ہوگا مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا مقوی اعضاء رئیسہ ہے۔

برادہ چاندی مصفیٰ الکینولہ آب ادرک پانچ تولہ آب پیاز پانچ تولہ آب انار شیریں پانچ تولہ
میں یکمشت کھرل کریں۔ اچھی طرح دیسی سبز کے نغدہ میں مسلسل سات آنچ دینے سے کشتہ

مانند خطائی برآمد ہوگا۔ مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ خمیرہ ارشادی بیاض ثاقب۔ الا مقوی اعضاء رئیسہ ہے اور دل کو طاقت دیتا ہے۔

ورق نقرہ الکیتولہ آب لیموں میں کھرل کرکے خشک ہونے پر آب دھنیا سبز خورد اور عرق گلاب سہ آتشہ میں کھرل کریں پھر ایک اپلے میں ڈال کر پانچ سیر اپلوں کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں اور عرق بید مشک میں کھرل کرکے بحفاظت رکھیں طریقہ استعمال اس طرح پر ہے ضعف معدہ کیلئے جوارش مصطگی ایک ماشہ دانہ الائچی خورد طباشیر ایک ایک رتی ملا کر کشتہ مذکورہ نصف رتی کے ہمراہ دیں۔ قوت جسمانی جریان سیلان الرحم احتلام سرعت وغیرہ کے لئے برادہ اسبغول الائچی خورد ست سلاجیت مروارید ناسفتہ ثعلب مصری ہر ایک دو رتی فی خوراک کشتہ مذکورہ ایک چاول ہمراہ شیر گرم قوت باہ کیلئے ایک عدد زردی بیضۂ مرغ پر ڈال کر دو گنے گھی میں پکا کر شہد سے میٹھا کیا ہوا اوپر سے دیں (آزمودہ مجربات صدریہ)

کشتہ حجر الیہود:۔ گردہ اور مثانہ کی پتھری کو ٹکڑے ٹکڑے کرکے خارج کر دیتا ہے نہایت مفید و مجرب ہے۔ حجر الیہود پانچ تولہ شورہ قلمی دس تولہ آب مولی تین سیر ایک مٹی کا سکورہ لے کر پہلے ایک تہہ ایک چھٹانک شورہ کی رکھیں پھر حجر الیہود رکھ کر اس کے اوپر باقی شورہ پانچ تولہ رکھ کر اوپر سے آدھ سیر مولی کا پانی ڈالیں اور گل حکمت کرکے دس سیر اپلوں کی آنچ دیں سرد ہونے پر آدھ سیر مولی کا پانی ڈال کر حسب سابق پانچ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح چار مرتبہ اور آنچ دیکر رکھیں کل چھ آنچیں ہوں گی بس کشتہ تیار ہے ترکیب استعمال یہ ہے کہ بقدر چھ چاول یہ کشتہ لیکر اس میں بقدر دو چاول جو اکھار ملا کر ایک گھونٹ پانی کے ساتھ سات روز تک مریضوں کو کھلائیں دیگر سنگ گردہ مثانہ کے لئے نہایت مفید ہے۔

بچھو کلاں پانچ عدد لیکر کوٹیں اور ان کے درمیان ایک تولہ حجر الیہود رکھ کر دو مٹی کے کوزوں میں بند کر کے گل حکمت کریں اس کے بعد پانچ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں اور بچھوؤں کی راکھ سمیت پیس کر شیشی میں رکھیں بروقت ضرورت ایک رتی سے دو رتی تک شیرہ تخم خرپزہ شیرہ تخم خیارین شیرہ گوکھرو ہر ایک پانچ ماشہ شربت بزوری دو تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

حجر الیہود پانچ تولہ کو تھوڑا تھوڑا مولی کا پانی لیکر کھرل کریں یہاں تک کہ ایک سیر مولی کا پانی خرچ ہو جائے اس کے بعد ٹکیہ بنا کر دھکتی ہیں تولہ کے نغدہ میں رکھ کر سات سیر اپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں اور باریک پیس کر رکھیں ایک رتی سے دو رتی تک ادویہ کے ہمراہ کھائیں۔

کشتہ خبث الحدید:۔ جگر و معدہ کے واسطے نہایت مفید ہے خون بڑھاتا ہے اور ہضم کو اچھا کرتا ہے۔ خبث الحدید بہت پرانا لیکر کوئلوں کی آگ میں سرخ کر کے اکیس اکیس مرتبہ پیشاب گاؤ چھاچھ اور سرکہ میں بجھائیں۔ بعد ازاں آب گھیکوار سے کھرل کر کے قرص بنا دیں اور ایک کوزہ گلی میں رکھ کر نیچے اوپر مغز گھیکوار دے کر کوزہ کا منہ بند کر کے گجپٹ کی آگ دیں سرد ہونے پر نکالیں اور کھرل کر کے رکھیں خوراک ایک رتی سے دو رتی تک ہمراہ جوارش جالینوس۔ ضعف معدہ ضعف جگر استسقاء یرقان اور خون کی کمی کے لئے مفید ہے ؛

خبث الحدید کہنہ بقدر ضرورت لیکر آگ میں تپا تپا کر سات مرتبہ گائے کے پیشاب میں بجھائیں جب وہ ریزہ ریزہ ہو جائے تو چار پہر آک کے دودھ میں کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر ایک کوزے میں ڈال کر گلحکمت کر کے گجپٹ کی آنچ دیں کہ نہایت ملائم کشتہ تیار ہو جائے ایک ایک دو رتی صبح شام ہمراہ مکھن یا بالائی کے استعمال کریں۔

کشتہ زمرد: مقوی و مفرح قلب ہے جگر اور گردوں کو تقویت پہنچاتا ہے پیشاب کی کثرت اور بار بار آنے کو روکتا ہے۔ زمرد ایک تولہ کو عرق گلاب میں کھرل کر کے ٹکیہ بنائیں اور کوزے میں بند کر کے ڈھکیں اور کے درمیان رکھ کر دس سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر رکھیں بقدر ۲ چاول مناسب بدرقہ سے کھائیں۔

کشتہ سرب: جریان کے واسطے نہایت مفید ہے۔ سیسہ بقدر ضرورت لیکر لوہے کی کڑاہی میں پگھلائیں اور سہانجنہ کی لکڑی سے ہلاتے جائیں۔ اور اسی عرصہ میں کسی قدر کھانڈ ڈالتے جائیں حتیٰ کہ وہ خاک ہو جائے سرد ہونے پر چھان کر رکھیں۔ خوراک دو چاول ہمراہ مکھن یا معجون آرد خرما ایک تولہ۔

کشتہ طلا: بدن کو قوت دیتا ہے اور اعضا رئیسہ کو قوی بناتا ہے۔ مقوی باہ ممسک مغلظ اور مولد منی ہے۔ برادہ طلا خالص تین ماشہ کو آب بیخ کنول سرخ بہاری آب پوست بیخ کچنال۔ آب پوست نیم۔ آب تلسی دس دس تولہ میں ترتیب وار کھرل کر کے غلولہ بنا کر کوزہ گلی میں بند کر کے گل حکمت کریں اور دس بارہ سیر اپلوں کی آنچ گڑھے میں رکھ کر دیں۔ آنچ ایسے مقام پر دیں۔ جہاں ہوا نہ لگے سرد ہونے پر نکالیں خاکستری سرخ مائل بے چمک کشتہ برآمد ہوگا پیس کر شیشی میں رکھیں ایک چاول سے نصف رتی تک مکھن یا بالائی کے ہمراہ کھائیں۔

کشتہ طلا دیگر: اس کے فوائد مذکورہ بالا ہیں اشرفی لیکر منڈی بوٹی کے آدھ پاؤ نغدہ کے درمیان رکھ کر کسی مٹی کے کوزہ میں بند کر دیں پھر گل حکمت کریں دس سیر اپلوں کی آنچ دیں تین آنچوں میں کشتہ تیار ہو جائیگا خوراک ایک چاول سے نصف رتی ہمراہ مکھن یا بالائی کھائیں

کشتہ طلا دیگر: مقوی اعضا رئیسہ جسم کے ضعف کو دور کرتا ہے مقوی باہ مغلظ اور ممسک ہے برادہ طلا ایک تولہ کو جنگلی تھمے کے پانی میں اسقدر کھرل کریں کہ وہ راکھ

پانی جذب ہو جائے اس کے بعد قرص بنا کر دو سکوروں میں رکھ کر گل حکمت کریں اور سات جنگلی اپلوں کی آنچ دیں بس کشتہ تیار ہے مقدار خوراک ۲ چاول خمیرہ گاؤزبان عنبری پانچ ماشہ کے ہمراہ کھائیں یا مکھن یا بالائی کے ہمراہ استعمال کریں۔

کشتہ فولاد:۔ اس کے افعال و خواص قریب قریب فولاد سرب کے ہیں مگر اس کا استعمال سرد مزاجوں میں زیادہ مناسب ہوتا ہے برادہ فولاد اصلی یا ریتی کے لوہے کا لیکر عرق لیموں کاغذی سے دھوئیں تاکہ زنگ صاف ہو جائے پھر جامن کے سرکہ برادہ سے دو تین انگل اوپر ہے جب صاف ہو جائے تو کھرل کر کے قرص بنا کر پانچ سیر یا چکد شتی کی آنچ دیں نہایت قوی الاثر فولاد طیار ہوگا۔ (مجرب ہے)

کشتہ چاندی مرکب:۔ پارہ قلعی مصفےٰ۔ برادہ چاندی ہر سہ کو آب لیموں میں کھرل کر کے سفیدی بیضہ مرغ پانچ عدد شہد آٹھ تولہ شیرہ تخم پانچ تولہ تینوں کو ایک جگہ حل کر کے کوزہ گلی میں ڈال کر اندر درمیان میں کھرل شدہ مرکب رکھ کر باقی خالی کوزہ کو گھی سے بھر کر منہ بند کر کے دس سیر اپلوں کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں اور آب دودھ کھاٹ خوردہ میں کھرل کر کے کوزہ گلی میں رکھ کر پانچ سیر کی آنچ دیں اور اسی طرح سات آنچ دینے سے کشتہ تیار ہوگا۔ مقدار خوراک ایک چاول تک ہمراہ مکھن۔ دافع جریان اور مقوی باہ ہے۔

برادہ چاندی نہایت باریک کر کے عرق بھنگرہ سیاہ میں کھرل کر کے قرص بنائیں بعد ازاں برگ سنیا نامی بوٹی کے ایک سیر نغدہ میں رکھ کر کوزہ گلی میں بند کر کے گل حکمت کر لیں اور خشک ہونے پر سات سیر اپلہ صحرائی کی آنچ دیں اسی طرح دو سے تین آنچ دینے سے کشتہ تیار ہوگا۔ مقدار خوراک دو سرخ مزاج سرد و خشک مغز امعار ہے مصلح کتیرہ غذا مرغن کھائیں دافع آتشک اور رانہ حد مقوی باہ ہے ایام سرما

مین ہیں یوم سے زیادہ استعمال نہ کریں نامردی کیلئے ہمراہ مکھن کھائیں اور لعبہ میں شہد سے میٹھا کیا ہوا دودھ پئیں۔

پترہ چاندی مصفی ایک تولہ کو اکیس مرتبہ آب حرمل میں بجھائیں لیکن ہر سات مرتبہ کے بعد پانی بدل دیا کریں پھر توتڑی بوٹی خشک کو شیر مدار سے گھوٹ کر نغدہ بقدر پانچ تولہ بنا کر اس میں پترہ چاندی رکھ کر تین مرتبہ گل حکمت کر کے خشک کریں اور بقدر دس سیر پاچک دشتی کی گڑھے میں آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں انشاء اللہ بہت عمدہ سفید رنگ کا کشتہ ہوگا خوراک دو چاول ہمراہ مکھن برائے سیلان الرحم اور جریان منی احتلام سرعت کے مفید ہے۔ مقوی دل و دماغ و جگر ہے۔

ایک تولہ پترہ چاندی کو اکیس مرتبہ آب سدا بہار خورد میں بجھائیں بعد ازاں گیارہ مرتبہ آب دھنیا و کستوری میں سرد کریں پھر دھنیا و کستوری پندرہ تولہ کے درمیان رکھ کر تین مرتبہ عمدہ طریقہ پر گل حکمت کریں ہر ایک گل حکمت خشک ہونے پر کریں جب ہر سہ گل حکمت خشک ہو جائے تو دس سیر پاچک دشتی کی محفوظ الہوا مقام پر آنچ دیں سرد ہونے پر کشتہ برنگ سفید تیار ہوگا۔ اگر آپ اس کو مزید ازیں زیادہ اور رنگ گلابی کرنا چاہیں تو آب جامن دس تولہ میں کھرل کر کے پانچ اپلہ صحرائی کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں نہایت عمدہ گلابی رنگ کا کشتہ برآمد ہوگا اور اگر آپ طلائی رنگ کا تیار کرنا چاہیں تو تیار شدہ سفید کشتہ کو ہمراہ آب زعفران چار گھنٹے کھرل کر کے قرص بنائیں اور پندرہ تولہ نغدہ دھنیا و کستوری میں رکھ کر تین مرتبہ گل حکمت کر کے پانچ سیر اپلہ صحرائی کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں انشاء اللہ عمدہ سنہری کشتہ برآمد ہوگا۔ اس سنہرے سے لکھا بھی جا سکتا ہے۔ شاہی عمارتوں میں بھی یا اس طریقے سے تیار کیا ہوا سنہری لکھائی کے کام آتا ہے۔ لیکن اس کا سمینٹ لگاتے وقت آنکھوں پر نیلے رنگ کی عینک

لگالیں اس کی لکھائی کی آب تاب صد سالہ عمارت پر بھی ایسی معلوم ہوتی ہے گویا ابھی لکھا گیا ہے خوراً فی طور پر مقوی دل، مقوی جگر، مقوی دماغ ہے۔ جریان۔ قلت سرعت اور احتلام وغیرہ کے لئے مفید ہے۔

پرہیز: مچھلی۔ تیل گڑ مرچ سرخ وغیرہ کا استعمال ممنوع ہے۔

رشیہ مصفیٰ ایک عدد لیکر بنواڑ لوٹی دس تولہ کا لغدہ بنا کر اس کے درمیان رشیہ رکھ کر عقرقرحا آکاش بیل کی ٹکیہ بنا کر مذکورہ کے اوپر نیچے رکھ کر دھاگہ لپیٹ دیں بعد گل حکمت کر کے بیس سیر کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں رشیہ پھولا ہوا برآمد ہوگا مقدار خوراک نصف رتی تک ہمراہ مکھن مقوی باہ اور مقوی اعضاء رئیسہ ہے۔

ورق نقرہ ایک تولہ کو ایک ماشہ نیلا تھوتھا کے ہمراہ کھرل کر کے ایک پاؤ نغدہ منڈی بوٹی میں رکھ کر گل حکمت کریں۔ انشاء اللہ دس دس سیر کی آنچ دینے سے کشتہ ہوگا۔ لیکن نیلا تھوتھا کے بعد دوسری مرتبہ سنکھیا ایک ماشہ ڈال دیں اور پھر تیسری مرتبہ ہڑتال طبقی ایک ماشہ ڈالیں چوتھی مرتبہ شنگرف ایک ماشہ شامل کریں۔ پانچویں بار میٹھا تیلیہ ایک ماشہ شامل کر کے پانچویں آنچ دیکر سرد ہونے پر نکالیں بس کشتہ تیار ہے۔ مقدار خوراک نصف چاول تک ہمراہ مکھن۔ مقوی باہ ہے۔

سنکھیا سفید تین ماشہ ہڑتال چار ماشہ نیلا تھوتھا ۲ ماشہ باریک پیس کر بتیرہ چاندی الکتولہ مصفیٰ نیچے اوپر دیکر کوزہ گلی میں بند کر کے دس سیر اپلوں کی آگ دیں اور ڈیڑھ گھنٹہ بعد نکال کر کھرل کر کے تین دن گندم میں دبا رکھیں۔ بعد ازاں نکال کر کھرل کر کے رکھیں۔ خوراک ایک چاول تک ہمراہ بدرقہ مناسب کے دیں اور ممسک بےنظیر ہے۔ خیر پر گد سے ۲ ماشہ بھر کر بقدر دانہ خردل کے ڈال کر کھائیں۔ آتشک کا واحد علاج ہے۔ مجربات صدریہ۔

بیاض خاص حکیم وید پنڈت وشنو دت شرما

بیلا موتی ڈھائی تولہ ایک تولہ پترہ چاندی کے نیچے اوپر دیکر ٹھابیوں کا منہ بند کر کے آٹھ سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ کشتہ چاندی برنگ سفید برآمد ہوگا۔ مقوی معدہ اور نزلہ وغیرہ امراض دماغی کو مفید ہے۔

ایک تولہ پترہ چاندی پوست درخت جامن کے ایک چھٹانک نغدہ میں رکھ کر ایک پاؤ کپڑا لپیٹ کر ایک سیر اپلوں کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال کر مٹی میں لپیٹ کر دیں پھر مٹی زخم حیات کے چھٹانک نغدہ میں رکھ کر ایک پاؤ کپڑا لپیٹ لیں پھر ایک سیر اپلوں کی آنچ دیں اور یہ عمل علی الترتیب یکے بعد دیگرے پچیس مرتبہ کریں پچیس مرتبہ آگ دینے سے پتر مانند بتاشہ کے پھول جائیگا باریک پیس کر مانند غبار بنالیں مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ اجزا ذیل شامل کریں۔ دانہ الائچی خورد طباشیر ست گلو خانہ ساز ہر ایک ایک تولہ کھرل کر کے کشتہ مذکورہ ایک ماشہ ملائیں اعضار رئیسہ کو قوت دیتا ہے اور بدن کو فربہ کرتا ہے۔

نوٹ:۔ اس کا استعمال مناسب بدلقہ کے ہر عمر کے لئے مستعمل ہے کمزوری دماغ کیلئے مربہ آملہ یا مربہ سیب کے ہمراہ کھلائیں طالب علم بچوں کو بھی مفید ہے۔

رنبیر چاندی ایک عدد لیکر اس کو ایک چھٹانک انبی گھیٹی کے نغدہ میں لپیٹ کر ایک پاؤ اجوائن دیسی کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کریں خشک ہونے پر آٹھ سیر اپلوں کی آنچ دیں اسی طرح چار مرتبہ کریں رنبیر شگفتہ ہوگا۔ خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن تازہ یا دیگر بدرقہ سے الق المزاج تقویت اعضار رئیسہ کے لئے نہایت مفید ہے۔

ایک تولہ چاندی کا پترہ لیکر سو مرتبہ آب برہم ڈنڈی میں بجھائیں پھر آدھ پاؤ تیلی بھتر کے نغدہ میں گل حکمت کر کے سات سیر اپلوں کی آنچ دیں تین مرتبہ اسی طرح آنچ

دینے سے کشتہ ہو گا۔ مقدار خوراک ایک رتی تک ہر عمر میں استعمال کیا ہے قوت دل و دماغ
اور معدہ کے لئے سریع الاثر ہے ایک تولہ سیماب کو چار تولہ روغن سرشف میں ڈالیں۔ ایک تولہ
چاندی خالص گداختہ کر کے اسی برتن میں جس میں رکھا ہے ڈالیں۔ ایک تولہ چاندی خالص
اسکو گلا کر تیل والے برتن میں ڈالے علی الترتیب دس مرتبہ ایسا ہی کریں گیارھویں مرتبہ
گلا کر آگ سے نکالیں جب جمنے پر آئے تو ایک تولہ پارہ ڈالیں اور کسی وزنی چیز سے اتنا
دبائیں کہ بیتو قینچی سے کٹ سکے پھر باریک ٹکڑے کر کے سنار سبز اور اکاش بیل کے آدھ سیر
نغدہ میں تمام وہ ٹکڑے بچھا کر ایک ٹاٹ کے کپڑے میں لپیٹ کر پانچ سیر اُپلہ صحرائی کی آنچ
دیں۔ آگ دینے کے لئے یہ ضروری ہے کہ جس گڑھے میں آگ دی جائے وہ ہوا سے محفوظ
ہو اور سایہ میں نہ ہو چاندی کے ٹکڑے مانند کھیلو نکلے برآمد ہونگے۔ سب کو جمع کر کے ہمراہ طباشیر
کبود الائچی سفید بموزن کشتہ مذکور کے ملا کر کھرل کریں جب مانند غبار کے ہو جاوے رکھ دیں
مقدار خوراک ایک رتی اور قوائے ثلاثہ و قوائے اعضاء رئیسہ کیلئے اکسیر ہے۔ جریان ضعف جگر
سرعت انزال الیخولیا۔ وسواس ضعف قلب وحشت جنون وغیرہ کیلئے مفید ہے ہمراہ مناسب بدرقہ کے دیں
روپیہ چاندی ایک تولہ کھوپلی تازہ کے ایک پاؤ نغدہ میں گلحکمت کر کے دس سیر اپلوں
کی گڑھے میں آنچ دیں اسی طرح سات آنچیں دیں روپیہ شگفتہ ہو گا۔ مقدار خوراک ایک
رتی ہمراہ مکھن بڑھاپے باہ کو اور منی کو گاڑھا کرتا ہے جریان احتلام وغیرہ امراض منی
زن و مرد کے لئے نافع ہے مقوی معدہ اور مقوی اعضاء رئیسہ ہے۔
ورق نقرہ تین تولہ کو چھ ماشہ سنکھیا سفید کے ہمراہ کھرل کر کے لوبیہ سبجی کے نغدہ میں
سمیٹ کر کے پانچ سیر کی آنچ دیں اور اسی طرح بوٹی قاضی دستار میں آنچ دیں تیسری
مرتبہ دودھ بچھانی کے نغدہ میں پانچ سیر اپلوں کی آنچ دیکر سرد ہونے پر نکال لیں۔ مقدار خوراک
نصف چاول تک ہمراہ مسکہ گاؤ تازہ بیحد مقوی باہ اور فربہ کرتا ہے مستقی بھی ہے۔

دو چاندی اور سیماب ہموزن لیکر چولائی خاردار کے شیرہ میں بارہ گھنٹے کھرل کریں
تاکہ دس تولہ شیرہ جذب ہوجائے۔ پھر قرص بنا کر اس سے چار گنا نغدہ چولائی خاردار
میں رکھ کر پانچ سیر اپلیوں کی آگ دیں۔ ہوا کا خاص خیال رکھیں اگر ذرا بھی ہوا لگ گئی
تو کشتہ عمدہ پورے فوائد کا تیار نہ ہوگا اور اگر کسی وجہ سے پہلی آنچ ناکافی رہے تو دوبارہ
آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں ہموزن طباشیر کبود دانہ الائچی سفید ملا کر کھرل کریں کہ مانند
غبار ہوجائے مقدار خوراک ایک رتی تک تپ دق سل بول جریان سرعت انزال ضعف
دماغ جگر اور امراض قلب کیلئے مفید ہے۔ ماہرین فن کو چاہیئے موافق المزاج مریض یا ایک پیپہ
مناسب کے استعمال کرائیں مثلاً ضعف دماغ کیلئے تحلیبی کیساتھ دیں امراض امعاء میں دہی یا شربت انار
یا ماء الحیات کے دیں۔ تپ دق میں شربت شفا یا سفوف طباشیر یا قرص سرطان ملا کر کھائیں
سل میں شربت اعجاز کے ساتھ دیں امراض معدہ میں ہمراہ شربت انار ترش یا سفوف ہاضم یا حب
ہاضم کے دیں۔ سنگرہنی کیلئے ہمراہ شربت انجبار حب الآس یا بروہ اسبغول میں ملا کر ہمراہ اعجاز کے
دیں۔ امراض قلب میں ہمراہ شربت سرور افزا یا شربت صندل عرق گاؤزبان ملا کر دیں قوت
باہ کیلئے ہمراہ مکھن یا بالائی کے عمل میں لائیں۔ مختلف طریقوں کے ساتھ بجد امراض کیلئے اکسیر واحد
ہے بنائیں قدرت کا کرشمہ دیکھیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہم جیسے ناشکر بندوں کیلئے کتنی نایاب اور
سریع الاثر چیزیں پیدا کی ہیں اور پھر بھی ہم اس کی حمد و ثنا سے بے بہرہ ہیں، ہم جیسی
مخلوق سے پرندے درند بہتر ہیں کہ صبح ہوتے ہی اپنے محبوب کی تعریف کرتے ہیں
مگر انسان ہے جس کے لئے خالق عالم میں کل کائنات بنائی طرح طرح کی آرائشیں دیں اس
سرزمین میں عجیب عجیب پھل اور بوٹیاں پیدا کیں نہ ایک نماز جیسے فریضہ کو بھی ادا نہیں
کرتا۔ یاد رکھو حکمت بھی عبادت اور خدمت ہے جس کیلئے نماز جیسی غیر مترقبہ نعمت از حد
ضروری ہے جو شخص اس کو نہ اپنائے گا وہ اس خدمت میں ہرگز ہرگز کامیاب

نہیں ہو سکتا خواہ اس کے پاس آب حیات ہی کیوں نہ ہو (مجربات صمدیہ) لائقہ خدمات کیلئے پتہ ذیل پر لکھیں۔ پتہ عظیمیہ دواخانہ جہلم پاکستان)

لیجئے اب ہم پنڈت صاحب کا عنایت کردہ دوسرا اکسیر صفت نسخہ تحریر کرتے ہیں جو اپنی مثال آپ ہی ہے عرصہ دراز سے ہمارا معمول مطب ہے۔

برادہ نقرہ سیماب گندھک آملہ سار نوشادر ہر ایک ایک تولہ پہلے نقرہ اور سیماب کو ایک پہر کھرل کر کے باقی ہر دو کو شامل کریں اور ایک پہر کھرل کر کے آتشی شیشی میں ڈال لیں شیشی کا منہ کھلا چھوڑ کر گلحکمت کریں خشک ہونے پر شیشی مذکور کو دہکتے کوئلوں پر رکھیں انہیں لوہے کی سلائی پھیرتے جائیں جب دھواں بدبودار نکلنا شروع ہو جائے تو فوراً اتار لیں کشتہ برنگ سنہری برآمد ہوگا۔ موجد نے اس کو ہر گا نگ لکھا ہے جو جوہر شیشی کے منہ پر لگا ہوا ہو اس کو علیحدہ رکھیں۔ مقدار خوراک دو چاول سے نصف رتی تک ادویہ مناسبہ کیساتھ کھلائیں۔ تمام امراض دماغیہ عصبیہ نزلہ کیلئے مفید ہے اعضاء رئیسہ اور امعا کو طاقت دیتا ہے۔ ریاح کو توڑتا ہے۔ کھانسی دمہ تپ کہنہ تپ کہنہ تپدق اور سل کو دفع کرتا ہے مقوی باہ ممسک مغلظ منی دافع سیلان الرحم اور جریان ہے اشتہا صادق پیدا کرتا ہے۔ نوٹ:۔ اور اس جوہر کو سلائی سے آنکھوں میں ڈالیں تو ناخنہ جالا پھولا اور نزول الماء کو دفع کرتا ہے۔ تمام امراض چشم کا واحد علاج ہے جو اصحاب خود نہ بنائیں یا بنانے کی تکلیف گوارا نہ کر سکیں وہ پتہ ذیل سے طلب کریں یا معلومات ضروری کیلئے ۶ پیسے کا ٹکٹ روانہ کریں رسالہ محافظ جوانی بھر کے ٹکٹ بھیج کر منگوائیں جس میں قوت مردمی کو بحال کرنے کیلئے چند اکسیر صفت نسخے ہیں اور جوانی کی حفاظت کیلئے مختلف طریقے بتائے گئے ہیں۔ برباد شدہ جوانی کو از سر نو درست کرنے کی سہل الاصول تراکیب درج ہیں۔

ہترہ چاندی الکیتولہ کو آب اکاش بیل میں اکیس مرتبہ بجھائیں بعد از تخم بلیچ مکھی یا شیر مدار کے ذریعہ سحق کرکے نغدہ بنادیں پھر اس کے درمیان رکھ کر گل گلحکمت کرکے خشک ہونے پر دس سیر اپلیہ صحرائی کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں۔ مقدار خوراک ایک رتی تک مقوی اعضاء رئیسہ ہے۔ جاذب سیماب ہے۔

ہترہ چاندی الکیتولہ کو آب انار میں بارہ بار سرد کریں پھر بارہ مرتبہ جنگلی گوبھی میں بجھائیں اور پندرہ تولہ برگ سہدیوی بوٹی کے نغدہ میں رکھ کر یکے بعد دیگرے گل حکمت کرکے خشک ہونے پر آٹھ سیر پاچک دستی کے گڑھے میں آگ دیں نہایت عمدہ جاذب پارہ کشتہ برآمد ہوگا۔ مقدار خوراک حسب برداشت نصف رتی تک بچے سے بوڑھے تک استعمال کرسکتے ہیں۔ مقوی اعضاء رئیسہ ہے جریان سیلان الرحم رقت سرعت کا مجرب علاج۔ امراض نسواں و مرداں کیلئے مفید ہے اور سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ ایک تولہ پارہ کو سکہ کرسکتا ہے۔ ترتیب مندرجہ ذیل ہے


کشتہ مذکور ایکتولہ کو عمدہ کھرل میں ڈال کر بارہ تولہ صاف شدہ پارہ اور تین عمدہ کاغذی لیموں کے رس میں کھرل کریں۔ ایک گھنٹے کے اندر پارہ اور کشتہ ایک جان ہوجائیگا پھر دوبارہ سیماب مصفے بارہ تولہ شامل کرکے تین عدد کاغذی لیموں کے رس میں کھرل کریں بفضل تعالیٰ یہ چوبیس تولہ پارہ بالکل سکہ بن جائیگا۔ اگر آپ کو سخت کرنا منظور ہو تو آب لیموں میں تین یوم پڑا رہنے دیں۔ انشاء اللہ عند المیعاد مانند پتھر کے ہوجائیگا (مجرب ہے)

ہترہ چاندی ایک عدد کو ڈنگ بوٹی جس کے پتے چنے کے پتوں کے برابر ہوتے ہیں اور قدرے موٹے منقہ جمکیں لعاب دار مزاج سرد عام طور پر میدانی علاقوں میں پائی جاتی ہے کے بیس تولہ نغدہ میں گلحکمت کرکے بیس سیر اپلیہ صحرائی میں رکھ کر محفوظ الہوا مقام پر آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں مقدار خوراک نصف چاول تک ہمراہ مکھن یا معجون اکسیر البدن جملہ امراض باہ

کیلئے مفید ہے مقوی معدہ و قلب ہے جریان جو ضعف جگری کی وجہ سے ہو اس کو بند کرتا ہے

کشتہ فولاد سرد:۔ معدہ جگر اور باہ کو قوت دیتا ہے خون کی پیدائش کو بڑھاتا ہے اور چہرہ کو رونق بخشتا ہے۔ گرم مزاجوں کیلئے فولاد کا یہی کشتہ مفید پڑتا ہے۔ برادہ فولاد اصلی یا رینی کے لوہے کا برادہ لیکر عرق لیموں کاغذی سے دھوئیں تاکہ اس کا زنگ اور میل صاف ہو جائے اس کے بعد لیکر برادے کے عرق میں بھگو دیں تقریباً بیس روز میں برادہ اس عرق میں حل ہو جائیگا جب حل ہو جائے تو خشک کر کے سفوف کر لیں اور باریک کپڑے سے چھان لیں۔ اگر بیس روز کے اندر عرق مذکور خشک ہو جائے تو اور عرق ڈال دیں ایک چاول سے چار چاول تک جوارش جالینوس ۷ ماشہ یا دوا المسک ۵ ماشہ یا کسی دوسری معجون کے ساتھ استعمال کریں۔

لونگ بوٹی:۔ لونٹ:۔ یہ ہے ہمارے ملک کی مشہور لونگ بوٹی بڑی مفید



اور بہت سی امراض کی واحد علاج ہے اس کی تین قسمیں ہوتی ہیں مکمل خواص بمعہ کشتہ جات و تجربات کیلئے دو روپے آٹھ آنے کا منی آرڈر بھیج کر سنیاسی بوٹی منگوائیں (اشاعت اقبالوی)

ایک تولہ پترہ چاندی مصفےٰ مانند کاغذ بنا کر ایک پاؤ برگ گاؤ زبان کے پیس کئے ہوئے لغدہ میں رکھ کر گلحکمت کر کے چھ سیر اپلہ صحرائی کی گڑھے میں آنچ دیں عمدہ کشتہ ہوگا مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ مربہ گذر یا خمیرہ صندل یہ نسخہ کلاں کے استعمال کریں مقوی اعضاء رئیسہ ہے (مجرب) * شیبہ ایک عدد کو آب سرس میں تیس مرتبہ بجھا کر فلفل دراز کے پندرہ تولہ لغدہ میں رکھ کر آنچ دیں عمدہ کشتہ ہوگا۔ پھر سرمہ سیاہ ایک تولہ پھٹکڑی

سرخ تین ماشہ مغز تخم ملیلہ کابلی نیم سوختہ چھ ماشہ ملا کر عرق گلاب سہ آتشہ میں کھرل کریں آنکھ کی جملہ امراض کا مکمل علاج ہے۔ ماہرین فن کو چاہیئے کہ ضرورت کے مطابق مرض کو مدنظر رکھتے ہوئے مناسب طریقے سے استعمال کرائیں۔ اس کے متعلق ہم نہیں لکھ سکتے کیونکہ آنکھ کا معاملہ بڑا ہی نازک ہوتا ہے ہمارے یہاں اس سرمہ کا سرمہ بقراطی ہے۔ کیونکہ موجد طب حکیم زمان بقراط نے اس نسخہ کو ترتیب دیا ہے جو پنڈت صاحب کی مہربانی سے مجھ تک پہنچا اور میں نے برائے افادیت مخلوق خدا پیش کر دیا ہے۔

ایک تولہ بترہ چاندی خالص مصفےٰ اکو آب انار ترش میں بجھائیں پھر ہرن کھری بوٹی کے بقدر پندرہ تولہ نغدہ میں گلحکمت کر کے خشک ہونے پر دس سیر یا جلد دشتی کی آنچ دیں کشتہ برنگ سفید برآمد ہوگا اگر پہلی مرتبہ حسب منشا تیار نہ ہو یا فوائد اور قوی کرنا چاہیں تو آب بوٹی ہرن کھری بقدر پانچ تولہ میں کھرل کر کے قرص بنا دیں، سایہ میں خشک ہونے کے بعد کوزہ گلی میں بند کر کے پانچ چھ سیر اُپلہ صحرائی کی آنچ دیں اعلیٰ قسم کا بے مثل کشتہ تیار ہوگا۔ مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ مسکہ گاؤ۔ یہ کشتہ مقوی اعضاء ہے مرض سیلان الرحم اور جریان احتلام وغیرہ کا مکمل علاج ہے مرض سیلان الرحم اور جریان احتلام وغیرہ کا مکمل علاج ہے ناکارہ سے ناکارہ مریض بھی اس کے استعمال سے از سر نو مرد بن گئے ہیں۔ ایک مرتبہ نہیں بلکہ ہزارہا مرتبہ کا تجربہ شدہ ہے انشاء اللہ بعد تجربہ اس مرض میں مفید پائیں گے۔

روپیہ چاندی ایک عدد دیگر اڑھائی تولہ بیلا مول کا سفوف بنا کر ایک ایک پر نصف سفوف رکھ کر اس پہ روپیہ رکھ کر اس پہ باقی ماندہ سفوف ڈال دیں پھر دس سیر اُپلہ رکھ کر لب بند کر کے بند جگہ میں آنچ دیں سرد ہونے پہ روپیہ نکال لیں اور اس پہ پارہ مصفیٰ مل کر دوبارہ بیلا مول ملیں بطریق اول آگ دیں اس طرح چند مرتبہ عمل کریں۔ ہر مرتبہ ایک ماشہ سیماب مل دیا کریں۔ نہایت اعلیٰ درجہ کا سالم الحروف کشتہ ہوگا مقدار خوراک دو چاول تک ہمراہ مکھن

گاڑھا تازہ کے دیں مقوی باہ ہے یہاں تک پنڈت ممنا کے مجربات تھے جن کے متعلق وثوق سے کہا جا سکتا ہے کہ یہ بے حد نفع بخش ہے بنائیں اور فائدہ اٹھائیں پنڈت جی ممنا کے باقی طبی مجربات حصہ دوم میں ملاحظہ فرمائیں۔

پترہ چاندی البنولہ ایک بار شیر زقوم میں اور ایک مرتبہ آب حرمل سبز میں اس طرح یکے بعد دیگرے سات مرتبہ بجھائیں پھر حرمل بوٹی سبز پندرہ تولہ اجوائن دیسی سبز دس تولہ کی نغدہ بنا کر ہر دو کو خوب باریک گھوٹیں۔ اس میں پترہ رکھ کر گل حکمت کریں خشک ہونے پر آٹھ سیر کی آگ دیں کشتہ برنگ سفید بر آمد ہوگا۔ پھر اس کو عرق گلاب سہ آتشہ میں چار پہر کھرل کریں اور قرص بنا کر خشک کر لیں پھر کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے چار سیر اپلوں کی آنچ دیں کشتہ برنگ گلابی استعمال ہوگا۔ مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن علی الصبح کھائیں قوت باہ کے لئے مفید ہے ایک ہفتہ تک مطلوبہ طاقت عود کر آتی ہے۔

خالص عمدہ چاندی مصفی ایک تولہ نک چھکنی پاؤ بھر کے نغدہ میں گلحکمت کریں خشک ہونے پر بیس سیر جنگلی اپلوں کی آنچ دیں کشتہ نہایت عمدہ بر آمد ہوگا۔ سرد ہونے پر نکال لیں مقدار خوراک ایک رتی تک مقوی اعضاء رئیسہ ہے۔

نوٹ۔ اسی طرح برہمی بوٹی اور دودھی بوٹی برنٹل بوٹی تلی بوٹی باجرہ۔ بند گوبھی۔ برگ دھتورہ سفید۔ برگ اسگندھ۔ مغز فندق اکاش بیل بچھو بوٹی وغیرہ میں کیا جا سکتا ہے جن کی ترکیب نک چھکنی کے کشتہ کی طرح ہے علیحدہ علیحدہ لکھنا کتاب کی ضخامت کو بڑھاتا ہے ورنہ اور کوئی فائدہ نہیں۔ مخزن الادویہ مفردہ میں ان بوٹیوں کی پہچان اور ماہیت مزاج وغیرہ تفصیلی طور پر لکھے جا چکے ہیں۔ لہٰذا جس بوٹی میں آپ کشتہ کریں اس کے مزاج کے مطابق ہی اس کشتہ کے فوائد ہوں گے اور وہی تاثیر ہوگی۔

بارہ گندھک آملہ سار شودھ ہر ایک ... تولہ کھرل کرکے برادہ نقرہ دو تولہ کے

ہمراہ قدرے چرنی شیر اور شہد و آب لیمن نغنشہ میں چار سیر کھرل کر کے قرص بنا کر بیس سیر پا چلد شتی کے گڑھے میں آنچ دیں نہایت خوش رنگ بے مثل کشتہ تیار ہوگا۔ سرد ہونے پر نکال لیں اور شیر رگد پانچ تولہ دانہ الائچی خورد ایک تولہ جائفل جلوتری قرنفل کلاہ دار طباشیر کیوڑہ بیج اسگند ناگوری ہر ایک چھ چھ ماشہ شیر ششتر میں اس قدر کھرل کریں کہ یکجان ہو جائے زردی بیضہ مرغ نلسی عدد کے ہمراہ دو سیر شیر گائے میں پکا کر کھویا بنا لیں پھر ایک پاؤ روغن زرد عمدہ خالص میں بھون کر ایک پاؤ نشاستہ شامل کر کے بھونیں اور ہموزن نبات سفید ملا کر مغزیات اور آرد خرما چلغوزہ اخروٹ وغیرہ باریک کر کے شامل کر دیں اس کی ایک تولہ خوراک ہے نہ زیادہ کھانا قطعاً ممنوع ہے خواہ انسان خود کو کتنا ہی قوی تصور کرتا ہے اور اس کے زیادہ استعمال سے سنگ مینی ہوگی۔ عرصہ پندرہ یوم کے بعد لاعلاج ہے موسم سرما کے بغیر کسی موسم میں اس کا استعمال جائز نہیں یہ شاہی دستر خوان کے روزمرہ ناشتہ کی چیز ہے لیکن صرف جاڑوں کے وقتوں میں۔ اس کی تعریف یا فوائد لکھنا میرے لئے بہت مشکل ہے ہاں اتنا عرض ضرور کرونگا۔ کہ ایک مرتبہ استعمال کر کے تمام زندگی کیلئے قوت مردمی کا خزانہ آپ کے پاس جمع ہو جائیگا جسقدر چاہو ہرگز کمی نہ آئیگی۔

نوٹ:۔ اکسن سقنقر اگر کسی موسم میں نہ ملے تو آب اونٹ کٹارہ بوٹی استعمال کر سکتے ہیں لیکن آپ اونٹ کٹارہ بوٹی ۷ تولہ لازمی جذب کرنا ہوگا اور ساتھ ہی سم الفار بیض ۲ ماشہ کا اضافہ کر لیں پھر اس نسخہ کے فوائد دو چند ہو جائیں گے پچیس سال سے کم مرد اور ۴۰ سال سے کم عورت کیلئے اس کا استعمال ایک تولہ کی مقدار میں ممنوع ہے ماہرین فن مناسب مقدار میں مطابق تجویز فرمائیں ہر مرض میں مفید ہے (مجربات محمدیہ)

روپیہ چاندی خالص عمدہ کو پچیس مرتبہ آب اونٹ کٹارہ میں سرد کریں اور اس کے بعد پیلی اونٹ کٹارہ میں بند کر کے ایک ماہ تک آب لیموں یا آب انار ترش میں



پڑا رہنے دیں اور عند المیعاد نکال کر دیگ اونٹ کٹارہ میں رکھ کر عمدہ گل حکمت کریں پھر محفوظ الہوا مقام پر گڑھے میں یا چکد شتی کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں آب ادرک اور آب شر لغل کے اندر کھرل کر کے بحفاظت رکھیں اور گولی بنانا چاہیں تولہ شہد کی مدد سے بمقدار مسور گولیاں بنا کر ورق طلاء میں ملبوس کر کے رکھ لیں ایک گولی علی الصبح ہمراہ مکھن کے کھائیں نہایت مقوی باہ ہے۔

چاندی مصفی اپترہ کر کے جنگلی گوبھی کے نغدہ میں بند کر کے آنچ دیں کشتہ ہو جائے گا مقدار خوراک ایک رتی تک مقوی جگر مقوی باہ اور ممبہی ہے (مجرب

پترہ چاندی ایک تولہ کو ایک پاؤ برگ مغیلاں بمعہ زم خار کے نغدہ کر کے گڑھے میں آنچ دیں عمدہ کشتہ ہوگا۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ مقدار خوراک ایک رتی تک جریان منی و سیلان الرحم کیلئے مفید ہے۔

روپیہ چاندی ایک عدد لیکر بیس مرتبہ آب برگ مدار میں بجھا کر نغدہ برگ مدار ایک پاؤ میں آنچ دیں۔ نہایت سریع الاثر کشتہ ہوگا مقدار خوراک نصف رتی ہمراہ مکھن۔ مقوی باہ ہے مقوی معدہ ہے وجع المفاصل کیلئے مفید ہے (مجرب ہے)

جوہر چاندی۔ برادہ چاندی۔ ہیرا کسیس سرخ۔ توتیائے ہندی نوشادر ہر ایک ایک تولہ سنگ بصری دہ تولہ سب کو آب برگ تلسی میں چوبیس گھنٹہ کھرل کر کے بطریق معروف مٹی کے پیالہ میں رکھ کر جوہر اڑا لیں دوبارہ پھر سب کو کھرل

کریں اور جوہر اڑائیں یکے بعد دیگرے سات مرتبہ کے عمل سے تمام کا تمام جوہر بن کر اوپر والے پیالہ میں مانند غبار لگ جائیگا۔ بعدہٗ سمندر جھاگ۔ تخم ترب۔ تخم سرس۔ تخم بہمہ ہر ایک ایک تولہ ہمراہ جوہر مذکورہ کے آب تلسی میں ایک یوم کھرل کر کے بحفاظت رکھیں بوقت ضرورت سلائی کے ساتھ آنکھوں میں لگائیں نزول الماء پھولا سنبل بیاض ظفرہ وغیرہ امراض چشم کے لئے بے مثل تحفہ ہے علاوہ ازیں مقوی باہ و مقوی اعضاء رئیسہ ہے بھوک خوب لگاتا ہے۔ صرف جوہر ایک چاول سے ایک رتی تک مکھن یا بالائی میں رکھ کر کھائیں ؎

جواہر چاندی:- برادہ چاندی دس ماشہ۔ نوشادر پانچ ماشہ دونوں کو کھرل کر کے دو پیالیوں میں جو چاندی کی ہی بنی ہوئی ہوں رکھ کر بدستور عمل جوہر اڑائیں پھر تیار شدہ جوہر کو اور باقی ماندہ ثفل کو کھرل کر کے بدستور جوہر اڑائیں اسی طرح سات مرتبہ کریں کہ تمام جوہر اڑ کر اوپر والے پیالہ میں لگ جائے بعد ازاں عرق گلاب بہاری میں کھرل کر کے بحفاظت شیشی میں رکھیں نزول الماء کے واسطے بے نظیر تحفہ ہے۔ اس عجیب الخواص نسخہ کا سینے میں رکھ کر لے جانا گناہ بلکہ ظلم عظیم سمجھتا ہوں اس لئے ہدیہ ناظرین ہے تقویت باہ کیلئے ہمراہ مکھن کھائیں۔ تقویت معدہ کے لئے ایک رتی بتاشہ میں ڈال کر کھائیں ایک سالہ نزول الماء کیلئے ایک ایک سلائی تین یوم تک اور دو سالہ نزول الماء کیلئے ایک ایک سلائی پانچ یوم تک لگائیں انشاء اللہ آنکھیں مانند نوزائیدہ بچے کے بالکل صاف بے نقص ہونگی۔ جملہ امراض چشم کے لئے نایاب تحفہ ہے (مجرب ہے)

عرق چاندی المعروف شاہی خضاب:- چاندی عمدہ خالص ڈھائی تولہ ریزہ ریزہ کر کے ایک چھٹانک تیزاب شورہ میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں جب حل ہو جائے تو عرق گلاب سہ آتشہ بقدر نصف بوتل شامل کریں سیماب اور گندھک آملہ سار تحلی کر کے تیار شدہ

عرق میں ملائیں بالوں کو صابن سے دھو کر خشک ہونے کے بعد تیار شدہ عرق جو آب خضاب بن چکا ہے برش کے ساتھ بالوں کو لگا کر پانچ منٹ کے بعد آپ دیکھیں گے کہ بال سیاہ ہو جائیں گے اور کوئی تکلیف نہ ہو گی۔

عرق چاندی یعنی خضاب:۔ برادہ چاندی ۶ ماشہ، شورہ تیزاب دو تولہ چینی کے پیالہ میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب یہ خشک ہو جائے تو عرق گلاب عمدہ شامل کر کے آگ سے نیچے اتار لیں پھر اس کو ایک شیشی میں ڈال کر سیماب گندھک آملہ سار ہر ایک تین ماشہ کجلی کر کے ملائیں پھر ایک تولہ ست لیموں ڈال کر شیشی کو بند کر کے رکھیں کہ پندرہ یوم گذر جائیں بعد ازاں برش سے لگائیں لگاتے ہی لگاتے بال سیاہ ہو جائیں گے۔

نوٹ:۔ اگر اس کے فوائد بڑھانا چاہئیں تو ایک تولہ عرق فاروق ابیض شامل کر کے پندرہ یوم تک نمناک زمین میں دفن کر دیں اور پھر نکال کر بالکل بے ضرر اور سریع الاثر خضاب تیار ہو گا۔ اس کی سیاہ چمک دوبارہ لگانے تک رہے گی ہر ہفتہ استعمال کریں۔

حب یاقوتی:۔

ورق نقرہ	۶ ماشہ
ورق طلاء	۲ ماشہ
مروارید ناسفتہ	۱ ماشہ
یاقوت	۳ ماشہ
خانہ زہر معدنی	۲ ماشہ
مشک عمدہ	۱ ماشہ
عنبر اشہب	۲ ماشہ
جائفل	۴ ماشہ
طباشیر کبود	۶ ماشہ
دانہ الائچی خورد	۶ ماشہ
اسگند ناگوری	۶ ماشہ
شیرہ گد	۴ ماشہ

روح کیوڑہ حسب ضرورت یکجا کھرل کریں مسلسل ایک ہفتہ کھرل کرنے کے بعد قدرے شہد ملا کر ایک ایک رتی کی گولیاں بنا لیں۔ اور ورق نقرہ میں ملبوس کر کے سایہ میں خشک کریں

یہ شاہی نسخہ نہایت معجزہ نما ہے عظیم الخواص و قوی التاثیر ہے۔ گرم مزاج اور کمزور و نحیف اشخاص کے لئے بجد مفید ہے خفقان ضعف دل و جگر و معدہ کے واسطے

مفید ہے۔ تقویت باہ و تولید منی و امساک کیلئے مفید ہے۔ جسم کے رنگ کو جاذب نظر بناتا ہے۔ ایک گولی صبح کے وقت ہمراہ ناشتہ مناسب بدرقہ مطابق موسم کے استعمال کریں (مجربات صدریہ) آپ حیران ہونگے قدرت عالیشان نے اس سرزمین پر پیدا کی ہوئی اشیاء میں کس قدر فوائد رکھے ہیں۔ لیکن ہم جیسے نااہل ان تمام جڑی بوٹیوں کو چھوڑ کر مغربی طریقہ علاج کو افضل اور سریع الاثر سمجھتے ہیں حالانکہ میں دعوے سے کہہ سکتا ہوں کہ جسقدر مفید اور سریع الاثر ہمارے ملک سے حاصل کردہ جڑی بوٹیوں کے مرکب ہو سکتے ہیں شاید ہی ایک ذرہ بھر ممالک سے آنیوالی دوائیں ہونگی اور یہ امر ضروری ہے کہ ان تمام جڑی بوٹیوں سے واقفیت حاصل کرنا ہمارا فرض ہے ذیل میں ہم ایک صدری بیاض خاص کا نسخہ لکھتے ہیں۔ اس کو بنا کر استعمال کرنے کے بعد یقیناً آپکو مغربی علاج سے پہلو تہی کرنی چاہیئے۔



امساکی پٹی

:- آنولہ کی تازہ سبز جڑ بہر کے مانند گنڈیریوں کے ٹکڑے کر کے یہ ایک سیر ٹکڑے دو سیر آب برگ بھنگورہ میں ڈال کر پکائیں جب یہ نرم آنچ پر پک کر خشک ہو جائے تو ایک سیر آب برگ بھنگ ڈال کر پکائیں جب یہ بھی جذب ہو جائے تو ورق نقرہ ایک تولہ آب بانسہ سے کھرل کر کے ڈالدیں اور خوب اچھی طرح ملا کر ایک دھاگہ بانسہ آنولہ میں پرو کر سایہ میں خشک کر کے حسب خواہش پٹی بنا لیں جب تک یہ پٹی مجامعت کیوقت کمر سے بندھی رہیگی۔ انزال نہ ہوگا۔ بفضل خدا بالکل سو

فیصدی کامیاب ہے۔ اگر ہو سکے تو استعمال سے پہلے اپنے حالات کسی طبیب باہم کو لکھ کر یہ معلوم کر لیں آپ میں کسی قسم کی کمزوری تو نہیں کیونکہ کمزوری کیلئے یہ پٹی مفید نہ ہو گی۔ اگر آپ میں کوئی نقص نہیں اور آپ عیش و عشرت کیلئے امساک کی قوت چاہتے ہیں تو اس پٹی کو تیر بے خطا پائیں گے اب آپ خود ہی فیصلہ کر سکیں گے کہ آپ کا یونانی علاج مغربی علاج سے بدرجہا بہتر ہے یا نہیں اب چاندی کا بیان ختم ہو کر تانبہ کا بیان شروع ہوتا ہے۔

ترکیب کشتہ تانبا:۔ پیسہ ڈبل دو عدد۔ پارہ قلعی ہر ایک ۹ ماشہ کوٹ کر پیسوں پر لیپ کریں پھر ثمر جوز ماثل کے ایک پاؤ لغدہ میں غلولہ بنا کر کوزہ گلی میں رکھ کر خشک ہونے پر ایک من یا چکدشتی کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں عمدہ رنگ سفید کشتہ برآمد ہو گا۔ ایک گھنٹہ کھرل کر کے زمین نمناک میں چالیس یوم تک۔ دفن رکھیں مقدار خوراک ایک چاول سے تین چاول تک ہمراہ مکھن غذا مرغن کھائیں یہ کشتہ جس قدر پرانا ہو گا اس کے فوائد بڑھتے چلے جائیں گے۔ نامردی کا واحد علاج سمجھئے امساک کیلئے مفید ہے بحد خون پیدا کر کے چہرے کے رنگ کو سرخ بناتا ہے، بدن کو موٹا کرتا ہے۔ تمام بارد طبع بلغمی بیماریوں میں مفید ہے (مجرب ہے)

نوٹ:۔ غذا مرغن کی شرط نہایت ضروری ہے مکھن دودھ گھی خوب استعمال کریں اگر غذا مرغن نہ کھائیں گے تو بجائے فائدہ کے نقصان ہو گا۔

پترہ ایک تولہ کو ٹاٹی خور دیں اکیس مرتبہ بجھائیں اور علیحدہ رکھیں لوٹا سجی کے درمیان پتر مس رکھ کر گولہ بنا کر گل حکمت کریں خشک ہونے پر گجپٹ کی آگ دیں نہایت عمدہ کشتہ تانبا عمدہ برآمد ہو گا۔ یہ ہے ہماری اکسیر اعظم خاص جو امراض چشم کا واحد علاج ہے۔ نزول الماء ہو تیا بند جالا۔ پھولا دھند وغیرہ کے لئے اکسیر ہے (آزمودہ)

تانبا مصفا ایک تولہ لیکر حسن دھوپ جو پنساریوں سے مل جایا کرتی ہے کے چار تولہ پترہ میں

رکھ کر برادہ صندل ایک پاؤ کو لغدہ سا کر کے گلحکمت کریں خشک ہونے پر بیس سیر کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں نہایت عمدہ کشتہ برآمد ہوگا مقدار خوراک ایک چاول سے ایک رتی تک مقوی اعضاء رئیسہ ہے اور مولد منی ہے (مجرب ہے)

پارہ ایک تولہ۔ گندھک چار تولہ دونوں کو آب دودھی بوٹی میں کھرل کر کے ایک تولہ پترہ تانبہ پر لیپ کر کے گلحکمت کریں خشک ہونے پر گجپٹ کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں کشتہ برنگ سیاہ برآمد ہوگا۔ مقدار خوراک دو چاول سے ایک رتی تک ہمراہ مکھن یا بالائی میں کھائیں تمام امراض بادیہ بلغمیہ دور کرتا ہے۔ مقوی باہ ہے۔ اور نیند ق کے لئے مفید ہے مغلظ منی اور ممسک ہے۔

ایک پیسہ موٹا پیل کا بجھی ترپھلہ میں بیس بیس مرتبہ بجھائیں اس کو درخت گنگل کے پتوں میں رکھ کر گلحکمت کریں خشک ہونے پر پندرہ سیر یا چند شتی کی آنچ دیں اور اسی طرح برگ مذکور کے لغدہ میں رکھ کر تین مرتبہ کپڑمٹی کے خشک ہونے پر آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں عمدہ کشتہ برآمد ہوگا۔ مقدار خوراک ایک چاول تک ہمراہ مکھن یا بالائی۔ بوڑھے کمزور کیلئے اکسیر حیات ہے جوان کے لئے اکسیر نایاب ہے بناکر قدرت خداوندی ملاحظہ فرمائیں ناممکن ہے کہ ایک ہفتہ اس کو کھا کر اپنی خواہشات نفسانیہ پر قابو پا سکے یہ نسخہ معدری مجربات میں سے بخریہ خدمت ہے بنائیں اور دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

پیسہ تانبہ ایک عدد کو چند مرتبہ دہی اور چند مرتبہ روغن کنجد میں سرد کریں کر بکائن تازہ لکڑی جو طول میں چار انگل اور موٹائی میں ۶ انچ ہو لیکر اس میں سیدھا سوراخ کریں اور اس کے وسط میں پیسہ رکھ کر نکلے ہوئے برادے سے سوراخ کو بند کر کے پھر باریک سیر ختہ پارچہ سے لپیٹ کر محفوظ اٹھا مقام گڑھے میں آگ دیں شگفتہ ہوگا۔ مقدار خوراک ایک چاول ہمراہ روغن زرد اس سے پیاس بہت لگتی ہے

لیکن چار پہر تک پانی پینا منع ہے اگر شدت پیاس سے تکلیف محسوس ہو تو گھی دودھ
ملا کر پئیں۔ بفضل خدا ایک ہی خوراک نامرد کیلئے کافی ہے۔ مقوی باہ اور ممسک
بے نظیر ہے۔ مجرب آزمودہ بلکہ معمولی مطب ہے (صدری مجربات سے نقل ہے)
بیسہ منصوری کو اکیس مرتبہ شیر مدار میں بجھائیں پارہ قلعی کو منعقد کرکے ہڑتال اور
گندھک آملہ سار ہر ایک تین ماشہ سب کو آب گل کنیر سفید کے دس تولہ نغدہ میں کھرل
کرکے بیسہ منصوری پہ لیپ کریں پھر برگ کنیر سفید کے دس تولہ نغدہ میں رکھ کر کنیر
سفید کا چھلکا اوپر خوب اچھی طرح لپیٹ دیں اس کے اوپر سے اسیر کپڑا سفید صاف
لپیٹ کر محفوظ الہوا مقام میں آگ دیں کشتہ سفید شگفتہ مانند بتاشہ برآمد ہوگا
تین پہر کھرل کرکے ایک ماہ نمناک زمین میں دفن رکھیں بعد ازاں نکال کر بحفاظت رنگدار
شیشی میں رکھیں مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ مکھن استعمال کریں جملہ امراض مزمنہ
بوسیدہ کیلئے مفید ہے۔



آب سہتی بوٹی میں پترہ تانبہ چالیس
مرتبہ بجھا کر پھر اسی کے نغدہ میں رکھ کر گل
حکمت کریں خشک ہونے پر پندرہ سیر
اُپلہ صحرائی کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال
لیں اور دوسری مرتبہ پھر اسی بوٹی
کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کریں
اور بیس سیر اپلوں کی آنچ دیں اول تو
دوسری مرتبہ نہیں تو تیسری دفعہ آنچ دینے
سے کشتہ برنگ سفید برآمد ہوگا۔ سرد

ہونے پر نکال لیں مقدار خوراک ایک ایک چاول صرف جملہ امراض بلغمی مزمنہ کے مفید ہے۔

ایک سیر بند گوبھی کے نغدہ میں مصفیٰ ابیسہ منصوری رکھ کر ملتانی مٹی سے کپڑ و ٹی کریں خشک ہونے پر گجپٹ کی آنچ دیں عمدہ سفید کشتہ ہوگا۔ مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسب کے دیں مفرح اور مقوی ہے (مجرب)

جمال گوٹہ پانچ تولہ۔ بلدر پانچ تولہ قلعی دس تولہ کی دو پیالیاں بنا کر اس میں جمالگوٹہ و بلدر ڈال کر ہڑتال تانبا مصفیٰ درمیان میں رکھ کر گل ارمنی سے ملفوف کریں۔ اور سوا سیر پرانی ٹاکیاں لپیٹ کر مناسب آنچ دیں ہوا سے محفوظ رکھیں۔ مقدار خوراک ایک چاول تک درائے بخار ہر قسم مویز منقیٰ میں دیں۔ فالج لقوہ استرخاء وغیرہ کیلئے مکھن یا حلوہ میں رکھ کر کھائیں قوت باہ کے لئے سفوف قرنفل کے ہمراہ شب کو دیں اوپر سے دودھ پئیں غذا روغن کھائیں۔ وجع المفاصل جملہ امراض بلغمی وسوداوی کیلئے سرمہ میں ملا کر آنکھ میں سینے سے بہتر اور موسم گرما میں علی الصباح بھی لگایا کریں۔

ہڑتال تانبا گوکھی کی خورد کے پانی میں بجھائیں یہاں تک کہ ہڑتال تانبا ریزہ ریزہ ہو کر تہ نشین ہو جائے پھر صاف پانی سے دھو کر بیاب مصفیٰ ہم وزن کے ہمراہ شیرہ گوکھی خورد میں کھرل کر کے قرص بنا کر کوزہ گلی میں بند کر کے گلحکمت خشک ہونے پر ایک لپشتارہ اپلہ صحرائی کی گڑھے میں آگ دیں اور اسی طرح چودہ دفعہ آنچ اور اگر خواہش ہو اس کے بعد فوائد بڑھ جائیں تو اکیس بار آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں مقدار خوراک ایک چاول سے نصف رتی تک ہمراہ مکھن یا بالائی تقویت باہ امساک و انعاظ کے واسطے قوی نفع ہے۔

بیسہ عالمگیری ایک عدد لیکر ڈنڈی سنیا ناسی جبکہ اس کا بیج سیاہ نہ ہوا ہو۔ پانچ تولہ کا نغدہ بنا کر درمیان بیسہ رکھ کر قلعی سات تولہ کی ڈبیہ میں بند کر کے

اوپر کچھ قدر کا کپڑا لپیٹ دیں پھر ہزار دانی پاؤ بھر کے نغدہ میں بند کر کے اوپر تھوڑا کپڑا لپیٹ کر پندرہ سیر اپلوں کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں۔ مقدار خوراک ایک چاول تک ہمراہ مکھن یہ سفید کشتہ مقوی باہ ہے۔

قلعی عمدہ چھ تولہ لیکر اس کے دو عدد چھوٹے چھوٹے پیالے بنالیں اور منہ جالگیہ باریک شدہ کے درمیان رکھ کر دونوں پیالوں کو خوب اچھی طرح بند کر دیں۔ پھر اس کے اوپر ڈیڑھ سیر کپڑا لپیٹ کر قدرے ملتانی مٹی لیپ دیں۔ پھر خشک ہونے پر گجپٹ کی آنچ دیں اگر پہلی مرتبہ سفید نہ ہو تو دوسری مرتبہ پھر بدستور مذکور آگ دیں کشتہ برنگ سفید برآمد ہوگا۔ سرد ہونے پر نکال لیں مقدار خوراک ایک چاول تک ہمراہ مکھن یا معجون شباب آور میں ملا کر کھائیں ماہرین فن جملہ امراض چشم میں بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ شدت انتشار۔ انتغاظ۔ امساک کیواسطے عجیب الخواص ہے۔

پیسہ شاہی کو شیر مدار میں پانچ یوم تک ڈال رکھیں۔ بعد پانچ یوم آب لیموں میں ڈالیں پھر پانچ یوم شیر برگ املی میں ڈال کر صاف پانی سے دھوئیں۔ پھر شاہی کو برگ لاجونتی پانچ تولہ۔ گھونگچی سفید پانچ تولہ کے نغدہ میں رکھ کر گجپٹ کی آنچ دیں کشتہ برنگ سفید برآمد ہوگا۔ خوراک مقدار دانہ خشخاش کے ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔ جذام۔ آتشک ضعف باہ استسقا جریان۔ سیلان الرحم وغیرہ کا واحد علاج ہے۔ مجربات صدریہ۔ **برادہ تانبا دو تولہ**۔ ملتانی رائی کو پانی کے ہمراہ گھوٹ کر نغدہ بنالیں اور اس میں برادہ تانبہ ملا کر ٹکیہ بنا کر اوپر کپڑا لپیٹ کر بارہ سیر اپلوں کی گڑھے میں آنچ دیں۔ تانبا اور رائی دونوں کی راکھ ہو جائیگی پھونک مار کر رائی کی راکھ کو اڑا دیں تانبا کی راکھ نیچے رہ جائیگی۔ اس کو کھرل کر کے بحفاظت رکھیں یہ خاکستری خاک آتشک اور سوزاک کا سو فی صدی علاج ہے مقدار خوراک ایک چاول

غذا مرغن دودھ اور گھی خوب استعمال کریں باہ کو بھی مفید ہے۔

سیماب۔ ہڑتال ورقیہ ہموزن کو اس قدر سحق کریں کہ یک ذات ہو جائے بیسہ کو آگ میں سرخ کر کے تھوڑا سفوف مذکورہ بالا زمین پر رکھ کر اس پر ڈالیں پھر سرد ہونے پر تھوڑی سی یہ راکھ جھاڑ لیں علی ہذا القیاس یہ عمل جاری رکھیں جب تک بیسہ تمام کا تمام کشتہ نہ ہو جائے پھر اس راکھ کو مسلسل ایک ماہ تک کھرل کریں اگر زیادہ کھرل کر سکیں تو بہتر ورنہ قابل استعمال اس سے کم کھرل کرنے پر نہ ہو۔ مقدار خوراک ایک چاول تک امراض بادہ ضیق النفس اور سعال کہنہ کو رفع کرتا ہے۔ بھوک پیدا کرتا ہے اور ریاح کو توڑتا ہے۔ مقوی باہ اور اعلیٰ ممسک ہے نعوظ لاتا ہے۔

نوٹ:۔ جملہ امراض باردہ کیلئے ہموزن مجیقہ ترکیہ شامل کر کے شہد کی مدد سے بقدر ایک ایک رتی کے گولیاں بنائیں ایک سے دو گولی تک ہمراہ بدرقہ مناسب کے استعمال کریں۔

عمدہ تانبا ایک تولہ کو کٹھالی میں پگھلائیں اور سرمہ سیاہ ایک ایک ماشہ کی چٹکی ڈالتے جائیں جس قدر تانبہ کشتہ ہو جائیں مانند بالائی کے اوپر آتا جائے گا اس کو بحفاظت اتارتے رہیں حتیٰ کہ تمام تانبا کشتہ ہو جائے ایک یوم مضبوط ہاتھوں سے کھرل کریں سلائی کے ساتھ آنکھوں میں لگاتے رہا کریں بینائی کیلئے مفید ہے اور مرض سلق کیلئے مفید ہے۔

دو پیالے حسب ڈھائی تولہ بنائیے ایک پیالی میں سفوف مازو اور دوسری میں سفوف جاگلوٹہ ڈھائی تولہ ڈال دو پھر درمیان میں بیسہ منصوری رکھ کر پیالیوں کو منہ ملا کر اوپر ایک سیر کپڑ المیٹ دیں اور محفوظ الہوا مقام پر گڑھے میں ایک سیر یا چلید شتی کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں یہ بھی جملہ امراض بلغمیہ کا شاہی علاج ہے ماہرین فن اکثر امراض میں استعمال کرا سکتے ہیں۔ بیشمار   کا حامل ہے (حکیم شیر محمد صاحب)

بیسہ شاہی کو آگ میں سرخ کرنے پر اکتالیس بار چچی کے تیز مقطر میں سرد کریں

پھر گوکھرو سبز دودھ پٹھانی کے آدھ پاؤ نغدہ میں گلحکمت کر کے پندرہ سیر اپلوں کی آگ دیں اگر پہلی مرتبہ حسب خواہش درست نہ ہو تو دوبارہ دس سیر اپلوں کی آنچ دیں مقدار خوراک نصف رتی تک ہمراہ مسکہ گاؤ کے دیں قوت باہ کیلئے لاثانی ہے۔

عمدہ تانبا کا پترہ بنا کر کالی گائے کے پیشاب میں ایک سو مرتبہ سرد کریں اور بعد ازاں ایک گڑھا ایک فٹ مربع گہرا کر کے پہلے ایک سیر آک کی لکڑیاں بچھائیں پھر چار سیر کوئلہ درخت جامن ڈالیں اور اس کے درمیان مصفی پیسہ رکھ کر پھر اوپر ایک سیر آک کی لکڑیاں رکھ دیں۔ اور آگ مناسب جگہ پر لگائیں خیال رہے کہ ہوا نہ لگے۔ تانبا عمدہ کشتہ ہوگا۔ سرمہ سیاہ ایک تولہ آب مرس بائیس تولہ میں کھرل کر کے بحفاظت رکھیں اس کے استعمال سے موتیا بند رفع ہوگا حفظ ماتقدم آنکھوں میں ڈالتے رہا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تا زندگی آنکھوں میں کوئی نقص نہ ہوگا۔

برادہ تانبا دو تولہ ابرک الفار سفید۔ سہاگہ چھ چھ ماشہ نوشادر ڈیڑھ تولہ ان چاروں ادویہ کو پانچ تولہ شیر مدار میں کھرل کر کے قرص بقدر سات ماشہ کے بنائیں اور کوزہ گلی میں بند کر کے گل حکمت کریں خشک ہونے پر پانچ سیر اپلوں کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں آب گنوار میں کھرل کر کے ایک سیر کی آنچ دیں متواتر اکتالیس مرتبہ گنوار گندل میں کھرل کر کے آگ دیں پھر آب وہی نرش کے اندر کھرل کر کے بدستور گیارہ مرتبہ آگ دیں آخری مرتبہ سرد ہونے پر نکال لیں عمدہ کشتہ ہوگا یہ کشتہ تمام امراض میں مناسب بدرقہ کے ساتھ مفید ہے خدا گواہ ہے کہ میں جب کبھی باہر جاتا ہوں لمبا عرصہ تک باہر رہنے کا اتفاق ہوتا ہے تو میں مذکورہ کشتہ کے سوا اور کوئی دوا نہیں دیتا میرے تجربہ میں یہ کشتہ ہر مرض کا واحد علاج ہے ماہرین فن بنائیں اپنے مریضوں پر استعمال کر کے اس کی کامیابی سے خوش ہوں اس سلسلہ میں فقیر کو

دعائے خیر سے یاد کر لیا کریں (مجرب ہے)

اٹ سٹ کے ایک پاؤ لغدہ میں
پیسہ مصفیٰ رکھ کر اس کے اوپر تین سیر کپڑا
لپیٹ دیں۔ پھر ایک گھڑے میں تیس
اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال
لیں۔ کشتہ برنگ آسمانی برآمد ہوگا۔
مقدار خوراک ایک چاول تک ہمراہ
بدرقہ مناسب کے کھائیں۔ آتشک جذام



خنازیر وغیرہ کے لئے مفید ہے۔ نسخہ ذیل کا ایک واقعہ وید تجربہ خدمت ہے ایک پیر عمر رسیدہ ایک سو تین سال جو دیکھنے میں زیادہ سے زیادہ پچاس سال کا ضعیف معلوم ہوتا ہے۔ مگر قوت مردمی کا یہ حال کہ آج کل کا ایک نوجوان بھی مقابلہ نہیں کر سکتا ان کی تعریف سن کر میں اور میرے ساتھ میرے محترم استاد حکیم سید باقر حسین صاحب زیدی شاہی طبیب ریاست دوجانہ ۲۲ مارچ ۱۹۳۹ء کو دہلی سے روانہ ہو کر گڑھی حبیب اللہ پہنچے جب ہم نے اپنا مقصد ظاہر کیا تو فرمانے لگے آپ نے اتنی تکلیف کیوں کی آپ کے علاقہ میں موسلی بوٹی جس کی سنیاسی حضرات بہت تعریف کرتے ہیں۔ اور وہ اس کو جولہ بوٹی بھی کہتے ہیں نہیں ہوتی جس کے پتے بالکل اٹ سٹ کے مشابہ ہیں اور فرق صرف اتنا ہے کہ یہ زمین پر پھیلی ہوئی ہوتی ہے۔ اس کے ہر پتہ کے درمیان جو قدرتی رگیں ہوتی ہیں۔ اس کے ہر پتے کے درمیان وہ سرخ ہوتی ہیں ہم نے لاعلمی ظاہر کی۔ کیونکہ دیکھنے کا اتفاق نہ ہوا تھا ان کے ارشاد پر میں نے نسخہ ذیل لکھا۔ بوٹی کی شناخت میں نے خود کی مگر اتنا عرصہ ہو گیا۔ ہمارے اس

علاقہ میں اس بوٹی کا پتہ نہیں لگا۔ جس کی وجہ سے تیار نہیں ہو سکا۔ پیر صاحب کے کہنے کے مطابق غرض ہے۔ کہ اس کشتہ کی پانچ خوراک خشکم ملوے نامرد کے سوا باقی تمام قسم کے نامردوں کو مفید ہے خواہ کسی وجہ سے انسان نامرد ہو گیا ہو۔ نسخہ معجز اثر ہے۔

حولہ بوٹی بمع جڑ کے اکھاڑ کر نغدہ بنالیں پھر اس نغدہ میں کیچوے سے نکالا ہوا تانبا رکھ کر گل حکمت کریں خشک ہونے پر گجبٹ کی آگ دیں تانبا بالکل سفید مانند بتاشہ کے شگفتہ ہو گا۔ سرد ہونے پر نکال لیں مقدار خوراک دو چاول تک ہمراہ مکھن لیکن پانچ یوم گھی دودھ مکھن کے سوا کچھ نہ کھانا ہو گا۔ آپ فرماتے تھے کہ پانچویں خوراک کوئی کھاتا ہے ورنہ چار ہی خوراک ناقابل برداشت قوت پیدا کر دیتی ہے (ضروری ہدایات) اس کے استعمال کے بعد کنواری لڑکی سے ہرگز جماع نہ کریں اور اس عورت سے بھی مجامعت ممنوع ہے۔ جس کے حیض بند ہوں کیونکہ مسموم ہو کر موت واقع ہو جائے گی

برادہ بیسہ تانبا چار تولہ کو اول آب لیموں میں ایک پہر کھرل کریں پھر آب ہلہل بوٹی میں کھرل کر کے ایسی جگہ سایہ میں خشک کریں پھر آب کنوار گندل میں کھرل کریں آب درخت آم ایک پہر کھرل کر کے خشک کریں جہاں پر کسی حیوان یا انسان کا سایہ نہ پڑے بعد خشک ہونے کے کسی مضبوط موٹے کپڑے کی پوٹلی باندھیں اور اس پوٹلی کو گل حکمت کر کے خشک ہونے پر محفوظ الہوا مقام پر گڑھے میں بیس سیر اپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں مقدار خوراک ایک چاول تک ہمراہ مکھن یا برگ پان اس قدر مقوی ہے کہ انسان ایک ہفتہ بمشکل کھا سکے گا۔

پیسہ کو گرم کر کے اکیس مرتبہ شیر مدار میں بجھائیں پھر سیسہ کا بالکل باریک بیترہ بنا کر اس میں مذکورہ پیسہ شل کیا ہوا لپیٹ دیں اور پھر ڈیڑھ تولہ شنگرف

نیچے اوپر دیکر وہ عاذہ کٹھالی میں بند کرکے گل حکمت کریں خشک ہونے پر چار سیر باچکپشتی کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ مقدار خوراک ایک چاول ہمراہ بدرقہ مناسب کے استعمال کریں۔ امراض بلغمی۔ رفتت ضعف باہ وغیرہ کے لئے اکثیر النفع ہے۔

برادہ تانبہ چھ ماشہ پارہ الکیتولہ کو سرکہ میں چھ گھنٹے تک متواتر کھرل کریں پھر ٹکیہ بنا کر سہد لوی بوٹی کے نغدہ میں رکھ کر کپڑ مٹی کریں خشک ہونے پر تین سیر اپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں مقدار خوراک ایک چاول سے ڈھائی چاول تک ہمراہ مکھن کھائیں مقوی باہ اور مغلظ منی ہے۔

برادہ تانبا ایک تولہ۔ الائچی کلاں ڈھائی تولہ دونوں کو آب کنوار گندل میں کھرل کرکے قرص بنائیں پھر گل مدار کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کریں خشک ہونے پر گڑھے میں مناسب آنچ دیں عمدہ مقوی باہ کشتہ ہوگا۔ بعد ازاں مندرجہ ذیل نسخہ کو کپڑ چھن کرکے آب اونٹ کٹارہ میں تین یوم کھرل کریں مقدار خوراک دو رتی سے پانچ رتی تک۔

نمک سونچر۔ نمک سیاہ۔ نوشادر۔ الائچی سفید۔ سنگدانہ مرغ ہر ایک ایک تولہ

برادہ تانبہ سات تولہ کو بارہ روز تک متواتر شیر مدار تازہ میں کھرل کرکے غلولہ بنائیں۔ پھر بسکھرہ بوٹی سفید بمع گل و بیخ شاخ و برگ کو سایہ میں خشک کریں اور ایک سیر آب لیموں میں گھوٹکر تانبا کھرل شدہ غلولہ پر لیپ کرکے سات مرتبہ کپڑ مٹی کرکے سوا گز مربعہ اور گہرے گڑھے میں تین من اپلوں کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں نہایت سفید دلکش جامع التاثیر کشتہ برآمد ہوگا۔ مقدار خوراک ایک چاول تک ہمراہ پان بنگلہ اس کی ایک خوراک کے ذریعہ بارہ سیر گھی دودھ ہضم کر سکتے ہیں۔ باقی فوائد خود بنا کر ملاحظہ فرمائیے (افتخار حسین صاحب کربلائی)

تانبا مصفٰی نو ماشہ۔ رانگ سفید چھ ماشہ ہر دو کو گلا کر ایک جسم کرکے سرد ہونے

پر اس کا برادہ بنا لو۔ پھر سیماب دس حصہ آملہ سار چہار حصہ دونو کی کجلی کر کے برادہ مذکورہ بالا کے نیچے اوپر دیکر کوزہ گلی میں گل حکمت کریں خشک ہونے پر گجپٹ کی آنچ دیں عمدہ کشتہ تیار ہو گا۔ مقدار خوراک نصف چاول سے ایک چاول تک ہمراہ مکھن یا حلوہ مرغوں کے یہ عجیب الخواص کشتہ نامرد کو مرد بنا دیتا ہے۔ فالج لقوہ اور ہر رنگ اور گنٹھیا کیلئے صرف سات خوراک ہی کافی ہیں بواسیر خونی تمام عمر کیلئے ایک ہی خوراک میں ختم ہو جاتی ہے (حکیم محمد …)

پیسہ منصوری کو اکیس بار شیر مدار میں بجھائیں اور لعاب دھان سے تر کر کے پسے ہوئے سہاگہ میں لت پت کر لیں پھر ۶ ماشہ قلعی کے پترہ میں ملفوف کر کے آدھ پاؤ چونا کے درمیان رکھ کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے خشک ہونے پر بیس سیر پاچک دشتی کی آنچ دیں نکال کر کھرل کریں مقدار خوراک نصف رتی تک بتاشہ یا مکھن کے استعمال کریں قوت باہ ہے۔ مجلوقین کے لئے اکسیر صفت ہے (مجرب آزمودہ)

ناٹک شاہی پیسے سات عدد شورہ اور مٹی سے مل کر خوب صاف کر لیں پھر اکھن ہاری کی مٹی لیکر دریا کے پانی میں بھگو کر ہر ایک پیسے پر لیپ کریں خشک ہونے پر کھر یا مٹی کے پیالہ تہ میں تہہ بتہہ رکھ کر جست پگھلا کر اس میں ڈال دیں پھر بند کر کے محفوظ الہوا مقام پر گڑھے میں بیس سیر اپلوں کی عمدہ آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر آب لیموں میں کھرل کر کے بحفاظت رکھیں امراض چشم ہر قسم اور خاص کر ککروں کے لئے مفید ہے۔

پیسہ تانبا سم الفار ایک تولہ ہر ایک کو شیر زقوم میں کھرل کر کے پیسہ پر لیپ کریں۔ پھر ۶ ماشہ قلعی کے پترے میں ملفوف کر کے چار تولہ پھٹکڑی نیچے اوپر دیکر کوزہ گلی میں رکھ کر گل حکمت کریں ایک سیر کپڑے کی کپڑ مٹی کر کے گڑھے میں ایک من اپلوں کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں مقدار خوراک ایک چاول ہمراہ پان کلہ جذام اور برص کیلئے مفید ہے مقوی باہ ہے۔

مس دو تولہ جو کہ گھونگے میں سے حاصل کیا گیا ہو اکیس مرتبہ شیر مدار میں سرد کریں

پھر اکیس مرتبہ آب ادرک میں بجھائیں بعد ازاں برگ توت ترش تین تولہ برگ مکو سیاہ تین تولہ برگ جڑی بوٹی بیس تولہ ہر سہ کو اس قدر گھوٹیں کہ ملائم نغدہ بن جائے تو اس کے درمیان تیار شدہ تانبا رکھ کر غلولہ بنا کر تین مرتبہ گلحکمت کریں خشک ہونے پر گجبیٹ کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں انشاء اللہ کشتہ برنگ سفید برآمد ہوگا۔ مقدار خوراک نصف چاول ہمراہ مکھن کھلائیں پھر دیکھیں کہ قدرت ایزدی نے آپ کیلئے اس سرزمین پاکستان میں کیا کیا نعمتیں پیدا کی ہیں لیکن ہم پھر ناشکری ہی کرتے چلے جارہے ہیں اور اس سے زیادہ اور ناشکری کیا ہوگی۔ کہ آپس میں اتفاق نہیں کسی کے دل میں ہمدردی نہیں اللہ تعالیٰ تمام اس قسم کے مسلمانوں کو ہدایت دے ایک مسلمان کو دوسرے کا غمخوار بنائے۔ آمین

نوٹ:- کشتہ ہذا مقررہ مقدار سے کم کھائیں زیادہ کھانے کی ہرگز کوشش نہ کریں جب آپ یہ کشتہ کھائیں تو آپ کے پاس دودھ گھی بافراط ہونا چاہیئے خدانخواستہ اگر آپ ایسی غلطی کر بیٹھیں کہ نصف چاول سے زیادہ یہ کشتہ کھا لیا جائے۔ تو آپ ایک ایسی عورت جو آپ کی عمر سے زیادہ ہو اور خواہش جماع بہت ہو اس کے ساتھ مجامعت کریں اور سکنجبین دوران عمل میں دو و تین مرتبہ پئیں اگر اعضائے تناسل پر زخم آجائیں تو مرہم شفا چند یوم تک لگائیں پانچ خوراک میں نامرد کو مرد بناتا ہے اس کے استعمال سے از سر نو لطف اٹھایا جا سکتا ہے جس کو شک ہو وہ ضرور بالضرور بنائے (مجرب آزمودہ)

پارہ قلعی ہر ایک نو ماشہ عقد کر کے کھرل کریں پھر پیسہ منصوری پر لگا کر ایک پاؤ پختہ نغدہ جوز ماسل سفید کے نغدہ میں رکھ کر کوزہ گلی میں بند کر کے گلحکمت کریں خشک ہونے پر ڈیڑھ ہاتھ مربع گڑھے میں آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں کشتہ برنگ سفید برآمد ہوگا۔ شیشی میں ڈال کر چالیس دن تک نمناک زمین میں دفن رکھیں۔ پھر ایک روز کھرل کر کے بحفاظت شیشی میں رکھیے مقدار خوراک

ایک چاول سے نصف رتی ہمراہ مکھن یا ادویہ مناسب کے استعمال کریں۔ تقویت باہ لغیط امساک فربہی بدن سرخی چہرہ کیلئے بمنزلہ تریاق ہے اس کو اگر اکسیر اعظم بھی کہا جائے تو بجا ہے

نوٹ:۔ یہ جتنا پرانا ہوگا اتنے ہی اس کے فوائد بڑھتے چلے جائیں گے مثلاً پانچ سال کے بعد یہ کشتہ بچے کو بھی دیا جا سکتا ہے۔ غذا مرغن کھائیں دوران استعمال میں جماع سے سخت پرہیز کریں

پترہ تانبا ایک تولہ کو کھٹائی خوردہ کے پانی میں اکیس مرتبہ بجھائیں پھر ہرتال ورقی دو تولہ سنکھیا سفید تین ماشہ میں کھرل کر کے اس کو لئی سی پترہ تانبا پر لیپ کر کے کوزہ گلی میں رکھ کر پندرہ سیر اپلہ صحرائی کی محفوظ الہوا مقام پر گڑھے میں آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں عمدہ سفید کشتہ برآمد ہوگا۔ مقدار خوراک ایک چاول تک قرعہ وغیرہ امراض خبیثہ کیلئے مفید ہے۔

برادہ تانبا ایک تولہ نمک زرب ایک تولہ منقٰے امویز ایک تولہ پارہ ایک تولہ سم الفار ایک تولہ سب کو چوبیس گھنٹے کھرل کر کے قرص بنائیں پھر کوزہ گلی میں بند کر کے پندرہ سیر اپلہ جنگلی کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں مقدار خوراک ایک چاول تک ہمراہ بدرقہ مناسب کے استعمال کریں یہ نسخہ بیاض صمدی کا ہے اس کی تعریف کرنا میرے نزدیک نسخہ ہذا کی توقیر کرنا گھٹانا ہے۔ لہذا صرف اتنا عرض کر دینا کافی سمجھتا ہوں کہ یہ نسخہ باہ کے متعلق تمام امراض کا واحد علاج ہے (بیاض صمدیہ)

خالص خلوص مس کو روغن کنجد میں گرم کر کے چودہ غوطے دیں پھر سرشف ۲ تولہ کو زیر و زبر کر کے کسی کوزہ گلی میں بند کر کے گز بٹ کریں سرد ہونے پر نکال لیں کشتہ سفید رنگ کا برآمد ہوگا۔ مقدار خوراک ایک چاول سے نصف رتی تک ہمراہ مکھن۔ مقوی باہ ہے۔

پارہ مصفٰے بیس تولہ۔ برادہ تانبہ عمدہ ۴ تولہ ہر دو کو آب لیموں میں کھرل کر کے دیکھیں یکجان ہو گیا پارہ نظر نہیں آتا تب گندھک آملہ سار

میس تولہ ڈالدیں۔ کہ کجلی بن جائے بعدہٗ آب پان بنگلہ میں کھرل کر کے کوزہ گلی میں رکھ کر گجپٹ کریں۔ سرد ہونے پر نکال لیں اور ہموزن ترکٹ ملا کر ہمراہ معجون زنجبیل کھائیں مقدار خوراک ایک رتی رعشہ فالج لقوہ وغیرہ امراض بادی بلغمی کے لئے اکسیر صفت ہے۔

پارہ اور برادہ تانبہ ہر ایک ایک تولہ کو اس قدر کھرل کریں کہ آپس میں ملجائے پھر گندھک آملہ سار ایک تولہ کا اضافہ کر کے کھرل کریں اور آتشی شیشی میں ڈال کر ایک ہانڈی کے درمیان رکھدیں جس میں ایک روپیہ کے برابر درمیان میں سوراخ کیا ہوا ہو اور ہانڈی کو بالو ریت سے بھر دیں پھر اس وقت تک آگ پہرہ دینے دیں کہ جب تک تانبہ مانند سفید کھیر کے کشتہ نہ بن جائے نامرد کو مرد بنانے میں اکسیر اعظم ہے۔ مقدار خوراک نصف چاول ہمراہ مکھن غذا مرغن ہو۔

پیسہ منصوری ایک عدد کو آب چرچٹہ میں تیس مرتبہ بجھائیں جب یہ عمل ختم ہو جائے تو پھر نغدہ چرچٹہ بوٹی میس تولہ میں رکھ کر پانچ تولہ بخیتہ کپڑے کی ٹاکیاں لپیٹ کر آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں ست اجوائن چار ماشہ ملا کر چار روز تک کھرل کریں بس کشتہ تانبہ تیار ہے۔ مقدار خوراک ایک چاول سے نصف رتی تک ہمراہ سفوف عباسی یا خمیرہ مفرح نشاط یا پوست مغیلاں قلعی والا۔ جریان اور سیلان الرحم وغیرہ امراض منی کا صرف سہ روزہ علاج نیز بے خطا کی طرح کام کرنے والا اکثیر النفع

کشتہ تانبہ (مجرب)۔ کشتہ تانبا رنگ سفید خوراک جاذب سیماب جو ایک تولہ کشتہ مس جو بیس تولہ پارہ کو جذب کرتا ہے۔

مس اور قلعی ہر ایک دو تولہ لیکر اس کو مچھیچھی بوٹی میں سات مرتبہ سرد کریں پھر اس میں سے ایک تولہ لیکر شیر مدار میں سرد کریں اگر تمام کشتہ کرنا مقصود ہو

تو شیر مدار میں سات بار غوطہ دیں۔ پھر اس کا پتلہ پترہ بنا کر درخت کریہ کی نرم نرم کونپلوں کے نغدہ میں رکھیں اس پر تیس تولہ پارچہ کہنہ لپیٹ دیں۔ پھر اس کو تین مرتبہ گل حکمت کر کے خشک ہونے پر پچیس سیر یا چلید شتی کہنہ کی گڑھے میں آنچ دیں سرد ہونے پر بلحاظ حفاظت توڑ کر کشتہ برنگ سفید مانند دودھ کے حاصل کریں مقدار خوراک دانہ خردل ہمراہ سکہ گاؤ برائے قوت باہ اور جملہ امراض بلغمی کیلئے بہت مفید ہے مناسب انوپان سے استعمال کر کے بہت سے امراض کا تریاق پائیں گے اگر جاذب سیماب بنانا ہو تو اس طرح بنائیں ایک تولہ مس کو شیر مدار میں دس مرتبہ بجھا کر بیس تولہ برگ مچھ مچھی بوٹی اور بیس تولہ شتر کر بو ہمراہ شیر مدار میں گھوٹ کر نغدہ بنائیں پھر اس میں تانبا رکھ کر دو مرتبہ گل حکمت کریں خشک ہونے پر محفوظ الہوا مقام پر تیس سیر یا چلید شتی کی گڑھے میں آنچ دیں تو کشتہ مذکور سفید برآمد ہوگا جو بالکل ٹھیک ہے۔ یہ اکتولہ کشتہ چھبیس تولہ پارہ کو گرہ کر سکتا ہے ہمراہ آب درخت کیلا سحق کریں انشاء اللہ تین گھنٹے کے اندر پارہ جذب ہو کر سخت لی سی بن جائے گی جو کچھ دل چاہے بنا کر کام میں لائیں۔ اگر گلاس وغیرہ تیار کر کے اس میں گرم گرم دودھ ڈال کر پئیں تو قوت باہ از سر نو پیدا ہونی شروع ہو جاتی ہے خواہ انسان صد سال یا نامردہی کیوں نہ ہو اگر نرم شدہ سیماب کی گولی بنا کر آب تلسی یا آب لاجونتی یا آب لیموں کاغذی میں تین یوم رکھیں تو مانند پتھر بن جائیگی پھر اس کو دودھ جبکہ خوب جوش آرہا ہو اس میں چند مرتبہ پھیر کر نکال لیا کریں بے حد مردی پیدا کرتا ہے اور لبصارت کیلئے مفید ہے، غرضیکہ بڑے کام کی چیز ہے اس کے جس قدر فوائد لکھے جائیں کم ہیں (پنڈت ٹھاکر دت صاحب شرما)

بیسہ تانبا ایک عدد کو سات مرتبہ آب برگ پتیا کو گڑ سبز کے اندر بجھائیں

پھر سات مرتبہ شیر مدار میں غوطہ دیں۔ ازاں بعد بیخ پلاس ایک سیر نخیتہ میں حل کر کے عمدہ مضبوط گل حکمت کر کے ایک من پختہ اپلوں کی گڑھے میں آگ دیں۔ کشتہ برنگ سفید برآمد ہوگا۔ مقدار خوراک ایک چاول سے دو چاول تک ہمراہ خمیرہ خشخاش برنسخہ کلاں۔ ۔ الا صبح و شام مقوی دماغ و اعضاء رئیسہ ہے (مجرب ہے)

پترہ تانبا کو گرم کر کے چالیس مرتبہ آب برگ حرمل سبز میں غوطہ دیں۔ بعد ازاں اجوائن خراسانی میس تولہ کو آب نمک چکنی بوٹی میں کھرل کر کے لغدہ بنالیں پھر اس کے درمیان پترہ مذکورہ بالا تیار شدہ رکھ کر عمدہ گل حکمت کریں خشک ہونے پر ہوا سے بچا کر تیس سیر اپلہ صحرائی کی اگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں کشتہ برنگ سفید برآمد ہوگا۔ مقدار خوراک ایک چاول ہمراہ معجون آرد خرما ایک تولہ۔ مقوی باہ ہے۔ مسمن بدن ہے۔

پترہ تانبا ایک تولہ مصفی کو ایک پاؤ نخیتہ برگ نک چھکنی کے نغدہ میں رکھ کر کپرو ملی کر کے دس دس سیر اپلوں کی سات آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں کشتہ برنگ سیاہ برآمد ہوگا جو امراض چشم کیواسطے مستعمل ہے آنکھوں کی پرانی سرخی دور کرنے میں سریع الاثر ہے (شیخ صلاح الدین صاحب سٹی مجسٹریٹ کیمبلپور)

قلعی ایک تولہ کو کوٹ کر ورق بنالیں اور ایک تولہ تانبے کے پترے پر لپیٹ دیں دو تولہ نوشادر مسحوق کے درمیان لوزنہ میں بند کر کے پندرہ سیر اُپلہ صحرائی کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں کھرل کر کے بحفاظت رکھیں مقدار خوراک ایک رتی تک ضعف جگر۔ یرقان سیلان الرحم وغیرہ امراض کا واحد علاج ہے۔

برادہ کہنہ تانبا چار تولہ پارہ ایک تولہ سم الفار ہر سہ کو چار پہر کھرل کر کے شیر مدار میں ڈال کر اس قدر گھوٹیں کہ قرص بن جائیں۔ پھر کوزہ گلی میں بند کر کے اُپلہ صحرائی کی گڑھے میں مناسب آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں مقدار خوراک ایک چاول

سے نو چاول تک امراض باردہ کا واحد علاج ہے۔

بیسہ منصوری ایک عدد لیکر دو سری سجی سبز میں رکھ کر گل حکمت کر کے خشک کریں دو اور ایک من اپلوں کی آگ دیں۔ پھر نکال کر دو سیر رگ لیموں سبز کے لغدہ میں بدستور آنچ دیں۔ کشتہ ہو گا۔ مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ مسکہ گاؤ۔ قوت باہ میں بے مثل ہے۔

سرہن ملکھی ۶ ماشہ لیکر باریک پیس لیں اور کٹھالی میں بیسہ منصوری رکھ کر دو سری کٹھالی اوپر دیکر گل حکمت کر کے محفوظ الہوا مقام پر گڑھے میں آگ دیں۔ اپلوں کا وزن بیس سیر سے زائد نہ ہونا چاہیئے۔ موسم کے لحاظ سے کم کر سکتے ہیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں یہ آسمانی رنگ کا کشتہ بر آمد ہو گا مقدار خوراک ایک رتی تک امراض چشم ہر قسم اور مقوی باہ ہے۔

ہڑتال ملکھی دو تولہ بیسہ کے نیچے اوپر دیکر کٹھالی میں بند کر کے گل حکمت کریں خشک ہونے پر اپلہ صحرائی دس سیر کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں۔ مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ مکھن جریان منی کے واسطے مفید ہے۔

بیسہ منصوری ایک عدد کو اندرانی لونی پانچ تولہ کے درمیان رکھ کر گل حکمت کر کے خشک ہونے پر دو سیر پارچہ کہنہ لپیٹ کر گڑھے میں آگ دیں کشتہ برنگ سفید بر آمد ہو گا

بیسہ نانک شاہی کا برادہ بنا لیں اور دو چھٹانک پھٹکڑی کو آدھ سیر عرق جو ان کے بیشلب میں حل کر کے برادہ مذکورہ کے پندرہ بار ایسے محلول میں سرد کریں پھر کیکر کی نیم پختہ پھلیاں لے کر ان کا لغدہ بنا لیں اور اس کو آدھ سیر لغدہ میں برادہ سفید مصفیٰ رکھ کر عمدہ گل حکمت کر کے خشک ہونے پر دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ بر آمد ہو گا۔ مقدار خوراک نصف رتی تک ہمراہ مکھن تازہ لو اسیر خونی و بادی بھگندر وغیرہ امراض خبیثہ کا واحد علاج ہے۔ قوت باہ کے لئے مفید ہے۔

برادہ تانبا ایک تولہ کو چار پہر رگ مچھ مچھی لونی کے پانی میں کھرل کر کے اسکا کے



پختہ پھل میں رکھ کر گل حکمت کریں - اور پھر درخت
کریر کی نرم نرم کونپلیں لیں پانچ پختہ پارچہ کھنہ لپیٹ
کر سایہ دار جگہ میں گڑھا کھود کر پچیس سیر اپلوں
کی اگ دیں سرد ہونے پر نکالیں کشتہ برنگ سفید
برآمد ہوگا۔ مقدار خوراک ایک چاول تک ہمراہ بالائی
باسکہ گاؤ نامرد کو مرد بنا کر جوش جوانی پیدا کرتی
ہے (نوٹ) یہ بوٹی عام طور پر کوہستانی علاقہ
میں پائی جاتی ہے۔ پہچان یہ ہے کہ جس جگہ پر بوٹی ہوگی کم از کم ایک ایک فرلانگ تک
قرنفل کی سی خوشبو آئے گی - ثاقب۔

یوں تو کشتہ تانبا سرخ بنانے کے ماہرین فن نے بڑی بڑی ترکیبیں لکھی ہیں مگر جو طریقہ میرے
بزرگوں سے مجھ تک پہنچا ہے یہ ہے - (بیاض صدریہ)

دودھی خورد جو کہ زمین پر مفروش ہوتی ہے۔ تازہ لغدا ایک سیر کوٹ کر اس نغدہ بنائیں اور
پھر ایک تولہ تانبا کے بارہ ریزے بنا کر تیار شدہ نغدہ میں تہ بہ تہ جمائیں اور کوزہ گلی میں رکھ
کر گل حکمت کر کے گجپٹ کی آنچ دیں بفضلہ کشتہ برنگ سرخ مانند خون صالح کے ہوگا۔ سنا
ہے کہ یہ سونا بنانے کے کام بھی آتا ہے (واللہ اعلم بالصواب)

جیس ماخشہ تانبے کا پترہ بنا کر جو قریب چار انچ مربعہ یا گول ہو۔ کڑاہی میں ڈال کر چولھے
پر چڑھائیں اور نیچے پیپل کی لکڑی جلانا شروع کر دیں پھر پوست بیخ کنیر سفید کے شیرہ
کے ایک ایک قطرہ کا چوپہ دیں جب تک پہلا قطرہ سوختہ نہ ہو جائے اس وقت
تک دوسرا قطرہ نہ ڈالیں اس طرح سیر کی آگ میں تانبہ شگفتہ مانند تاشہ کے ہو جائیگا
اس سفید رنگی پھبر کو عرق آسگندھ میں کھرل کر کے بحفاظت رکھیں مقدار خوراک ایک چاول

تک ہمراہ مکھن استعمال کریں۔ تمام مایوس العلاج مریضوں کیلئے اکسیر ہے ڈھونڈھ کم جتنا ہضم ہوجائے خوب پیس ترشی وغیرہ اور مچھلی وغیرہ سے پرہیز کریں۔

تانبہ ایک تولہ کو سات مرتبہ آک کے دودھ میں بجھائیں پھر پترہ کر کے تخم کو تخ شیر مدار میں نغدہ بنا کر پترہ کے نیچے اوپر دیکر کوزہ گلی میں بند کر کے گل حکمت کریں اور خشک ہونے پر گھیٹ کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں مقدار خوراک ایک چاول سے دو چاول تک ہمراہ مسکہ گاؤ کھائیں تمام امراض بارده بلغمیہ کیواسطے مفید ہے۔

بیر اہنگ سکھی۔ اٹ سٹ کچھ ربعہ ایک آدھ پاؤ کا نغدہ بنا کر اس میں ایک عدد خالوس رکھ کر گل حکمت کریں خشک ہونے پر ایک من اپلہ صحرائی کی گڑھے میں آگ دیں شگفتہ ہوگا۔ سرد ہونے پر نکال لیں مقدار خوراک دو چاول صرف ہمراہ مکھن اعلیٰ درجہ کا مقوی و باہی ہے۔



برادہ تانبہ۔ شنگرف ہڑتال سرخ ہر ایک ایک تولہ کو بارہ پہر کی بطریق معروف آگ دیں جب سرد ہوجائے تو نکال لیں کشتہ برنگ سرخ برآمد ہوگا پھر آب برگ اسگندھ میں کھرل کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں مقدار خوراک ایک گولی ہمراہ برگ پان بنگلہ یا مسکہ گاؤ۔ جملہ امراض بادی بلغمی کیواسطے مفید ہے خاص کر ضیق النفس۔ پرانی کھانسی۔ سنیپات۔ سیلان الرحم قروح خبیثہ کیواسطے مفید ہے (مجرب)

گریزانا پندرہ سالہ ایک چھٹانک آب زقوم میں حل کر کے نغدہ بنائیں اور سیسہ ناگ کشتنی اس میں رکھ کر کوزہ گلی میں بند کر کے معمولی گل حکمت کریں خشک ہونے پر گھیٹ کی آگ دیں کشتہ برنگ سفید برآمد ہوگا مقدار خوراک ایک چاول سے چار چاول تک مقوی باہ کے

علاوہ آنکھ کے لیے مفید ہے ۔

بیبیہ ناکا کت شاہی ایک عدد لیکر اس کو تین چار یوم تھوہر خاردار کے دودھ میں تر کر رکھیں بعد ازاں گٹھہ پیاز سفید میں رکھ کر کمیٹ کر کے آٹھ سیر کوئلہ کیکر پختہ کی آگ دیں کشتہ برنگ سفید بر آمد ہوگا مقدار خوراک نصف چاول سے ایک چاول تک نامرد کو نامرد بناتا ہے۔

بیبیہ منصوری لیکر ایک تولہ سوہن مکھی کے اندر رکھ کر بطریق معروف کشتہ کریں اور خیال رہے کہ جب کبھی کالا سانپ مل جائے اس کو مار کر اس کے منہ میں بیبیہ کشتہ شدہ رکھ کر کوزہ گلی میں بند کر کے اس قدر آگ دیں کہ سانپ خاکستر ہو کر سفید ہو جائے پس سرد ہونے پر بیبیہ مذکور مانند کھیل بھنگڑی کی علیحدگی ہو گی اس کو بحفاظت نکال کر کھرل کر کے شیشی میں ڈال کر رکھیں اور سانپ کی راکھ کو بھی کھرل کر کے علیحدہ رکھیں

فوائد کشتہ: نزول الماء کیلئے سونے کی سلائی سے آنکھ میں لگائیں اور اگر نامرد کھلائے تو نوجوان مرد بنا دیتا ہے ان جاں بلب مریض کیلئے حکم مسیحا ہے۔

خاکستر سانپ کے فوائد: جذام خنازیر اور غدودوں کے متورم ہونے کے لئے مفید ہے۔ خوراک نصف رتی چنبل جو کسی دوا سے نہ جاتی ہو اس پر روغن چمبیلی چنبل لگا کر قدرے راکھ سانپ چھڑک دیں بفضل خدا ایک ہفتہ میں آرام ہو گا اور چنبل کا نشان بھی نہ ملے گا (بیاض صدریہ) اگر آپ خود نہ بنا سکیں تو ہم سے طلب کریں قیمت فی تولہ پچیس روپیہ محصول ڈاک بذمہ خریدار۔ "منیجر عظیمیہ دواخانہ جہلم شہر"

بیترہ تانبا بیس ماشہ آب لیموں سے دھو کر آب برگ ماہیر الوٹی میں پندرہ بار بجھائیاں پھر اس عمل کے بعد دس ماشہ پارہ اس کے اوپر ملیں بعدہ تین یوم کے مطابق برنج مقرض کر لیں پھر ہڑتال ورقیہ اور شنگرف بیس ماشہ ہمراہ آب لیموں کھرل کر کے مقرض شدہ اجزاء کو اس میں لت پت کر لیں قدرے آب لیموں ڈال کر

کوزہ گلی میں رکھ کر گل حکمت کریں خشک ہونے پر گجپٹ کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ مکھن یا معجون اکسیر باہ یا معجون فلاسفہ کے کھائیں جملہ امراض بلغمی و بادی خاص کر باہ اور لغاظ و امساک کے واسطے سریع الاثر ہے۔ آنکھوں کیلئے مفید ہے۔



پارہ قلعی ہڑتال شنگرف کافی ہر ایک چھ ماشہ سب سے پہلے پارہ اور قلعی کو عقد کریں پھر ہڑتال اور شنگرف ملا کر قدرے آب کنوار گندل میں کھرل کر کے ٹکیہ پر ضماد کریں پھر گل دھماسہ بوٹی کے ایک پاؤ نغدہ میں رکھ کر تخم چترک ابیض چھ ماشہ باریک سفوف کر کے غلاف پر چھڑک دیں اور ایک سیر کپڑا لپیٹ کر آٹھ سیر یا چلد سشتی کی محفوظ الہوا مقام پر گڑھے میں آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں کشتہ سرخی مائل بر آمد ہوگا۔ کھرل کر کے نیلے رنگ کی شیشی میں رکھیں مقدار خوراک ایک چاول تک برائے تقویت باہ اور شرخ کرنے بدن کے مخصوص ہے

نوٹ: نوجوان حضرات جبتک کسی طبیب سے مشورہ نہ کرلیں تب تک استعمال نہ کریں ممکن ہے نقصان کا موجب بنجائے میں نوجوانوں کو استعمال کا مشورہ نہیں دیتا

پترہ تانبا جو کہ وزن میں تین تولہ ہو آب لیموں سے صاف کر کے برادہ بنا لیں لیکن جب برادہ بنجائے تیزاب نوشادر میں بھگو دیں خشک ہونے پر کف دریا ریگستانی کے ایک پاؤ نغدہ میں رکھ کر ایک پاؤ کپڑے میں ملفوف کر دیں پھر تین مرتبہ



گل حکمت کر کے خشک کریں سرد ہونے پر نکال لیں۔ کشتہ رنگ سفید برآمد ہوگا۔ مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ جوارش آملہ یا دیگر۔ مناسب بدرقہ کے دیں۔ مقوی باہ اور مقوی معدہ ہے۔ جگر کی اصلاح کر کے خون صالح پیدا کرتا ہے (بیاض صدریہ حکیم طاہر الدین صاحب لاہور)

نوٹ:۔ یہ دو قسم کی ہوتی ہے اس کی جڑ ہاتھ کی طرح ہوتی ہے۔ عرب کے ماہرین فن اس کو البانغ الصنحر کہتے ہیں۔ دوسری قسم کی کوہستانی ہوتی ہے

درخت انکول کی ایک لکڑی جو قریب ایک فٹ مربع کے ہے لیویں اس کے درمیان سوراخ کر کے بیترہ تانبا مصفیٰ ڈال کر برآمد شدہ برادہ سے منہ بند کر کے گل حکمت کریں خشک ہونے پر ایک من بکری کی مینگنیوں کی گڑھے میں آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں مقدار خوراک ایک چاول سے تین چاول تک ہمراہ مکھن یا اطریفل علوی کبیر شاہی کے استعمال کریں۔ نامرد کو نوجوانی کی سی طاقت عطا کر کے قابل فخر مرد بناتا ہے ایک مرتبہ ضرور بنا کر آزمائیں۔ حکیم سلطان احمد صاحب ماہر معالج امراض خصوصی کی بیاض خاص کا عطیہ ہے آپ فرماتے ہیں کہ اس کی پانچ خوراک ناقابل برداشت طاقت شباب پیدا کر دیتی ہے غذا لطیف اور مرغن کھائیں۔

درخت جھاؤ کو جلا کر بطریق معروف نمک بنا دیں پھر ایک پاؤ نمک کے

درمیان بوتہ گلی میں بند کر کے گل حکمت کریں خشک ہونے پر بیس سیر اپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں کشتہ برنگ سفید برآمد ہوگا۔ مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ مناسب بدرقہ کے استعمال کریں۔ مقوی اعضاء رئیسہ ہے اور قوت باہ کے لئے بے عدیل ہے (مجرب ہے)

افیون چھ ماشہ عورت کے دودھ سے حل کر کے پیسہ منصوری پر لیپ کر کے خشک کریں پھر دوبارہ بدستور لیپ کر کے خشک ہونے پر اس ضماد شدہ پیسہ کو کٹھالی میں بند کر کے گل حکمت کریں خشک ہونے پر انگاروں پہ رکھ کر تیز ہوا دیں ایک گھنٹہ میں کشتہ برنگ سرخ ہوگا۔ مقدار خوراک نصف رتی تک ہمراہ مسکہ باہ اور امساک کے لئے نہایت مفید ہے جریان اور سرعت کو بہت جلد رفع کرتا ہے۔ مرض استسقاء ہر قسم کا واحد علاج ہے جس کے تین یوم کے استعمال سے مرض بیخ بن سے جاتا رہتا ہے۔

پیسہ و چند ہڑتال ورقیہ مسحوقہ کے درمیان کو نیل کر کے تخن میں غلولہ بنا کر گل حکمت کریں خشک ہونے پر محفوظ الہوا مقام پر گیارہ سیر اپلوں کی آگ دیں اور پھر زقوم شیرہ میں کھرل کر کے قرص بنالیں کوزہ گلی میں بند کر کے پانچ سیر یا جلد دشتی کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں مقدار خوراک ایک چاول سے تین چاول تک مطابق موسم و مزاج مریض کے (مجرب ہے)

ڈیڑھ پاؤ آب لیموں اور ڈیڑھ تولہ نوشادر ملا کر رکھو پھر اس محلول میں پترہ تانبہ عمدہ ایک تولہ لیکر بتیس مرتبہ اس تیار شدہ محلول میں بجھائیں پھر بتیس مرتبہ روغن کنجد میں بجھائیں بعدہٗ مغز جمالگوٹہ چار تولہ نوشادر دو تولہ پھٹکری دو تولہ اسم الفار زرد دس تولہ پیس کر ان کو کھرل کر کے ذریعہ برگد میں گوندھ کر اس کے

درمیان پترہ تانبہ رکھدیں اور کپڑا لپیٹ کر مضبوطی سے گل حکمت کریں خشک ہونے پر گجپٹ
کی آگ دیں پترہ شگفتہ مانند کھیل ہوگا۔ سرد ہونے پر نکال لیں مقدار خوراک ایک چاول
صرف ہمراہ بدرقہ مناسب کے عمل میں لائیں مقوی باہ ہے۔

پیسہ منصوری کو سات مرتبہ آب بیخ پلاس میں بجھائیں اور سات مرتبہ آب برگ آک
میں بجھائیں اور سات مرتبہ عرق تمباکو میں بجھا کر بیخ پلاس چالیس تولہ کے نغدہ میں پیسہ
کو گل حکمت کرکے ایک من اپلوں کی گڑھے میں آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں کشتہ
برنگ سفید برآمد ہوگا مقدار خوراک نصف رتی تک مسکہ گاؤ میں رکھ کر کھائیں مقوی باہ ہے دمہ کو مفید ہے

ڈبل پیسوں کو اکیس مرتبہ سرسوں کے تیل میں اور اکیس مرتبہ ترپھلہ کے پانی میں
بجھائیں پھر ہموزن ہڑتال ورقیہ کا سفوف پیسوں کے نیچے اوپر دیکر ایک چھٹانک بھنگرہ
سیاہ کا نغدہ بنا کر اس کے درمیان پیسوں کو رکھ کر گولہ بنائیں اور گل حکمت کرکے مناسب
آگ دیں کشتہ ہوگا۔ سرد ہونے پر نکال لیں برنگ سیاہ برآمد ہوگا مقدار خوراک نصف
رتی تک ہمراہ برگ پان بنگلہ کے قبل از جماع کھائیں بےحد ممسک ہے (مجرب آزمودہ ہے)

بھلانوہ کا تیل بطریق معروف پاتال جنتر کشید کرکے پیسہ منصوری کو ایک دن اس میں
بھگو رکھیں بعد ازاں گلبد گلی میں بند کرکے مناسب آنچ دیں پیسہ شگفتہ ہوگا سرد
ہونے پر نکال لیں مقدار خوراک ایک چاول تک ہمراہ مکھن۔ بے حد مقوی باہ ہے خنازیر
کے لئے مفید ہے نواسیر بھگندر کا واحد علاج ہے ہمراہ بدرقہ مناسب کے استعمال کرائیں (مجرب ہے)

پیسہ نانک شاہی ایک عدد لیکر پھٹکڑی سفید کے پانی میں بارہ مرتبہ بجھائیں اور پھر
برگ تنبول کے پانی میں بارہ مرتبہ بجھائیں پھر بارہ مرتبہ آب برگ کنیر سفید میں بجھا کر
بیس تولہ بیخ ہتھ جوڑی بوٹی کوہستانی کے نغدہ میں گل حکمت کرکے پانچ سیر پارچہ کہنہ لپیٹ
کر دس سیر اپلوں کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں کشتہ برنگ سفید برآمد ہوگا مقدار

خوراک نصف چاول ہمراہ مکھن کے کھائیں صرف موسم سرما میں استعمال کیجئے انشاء اللہ ایک ہفتہ کا استعمال تمام عمر کیلئے کافی ہے ایک چاول تک خوراک ہوتی ہے مگر گھی دودھ بافراط ہونا لازمی ہے۔ چونکہ اس کے استعمال کے بعد چار گھنٹے تک دودھ گھی کے علاوہ پانی کا استعمال قطعاً منع ہے۔ موت کا اندیشہ ہے اس کی ایک خوراک سے جتنی عورتوں سے چاہو جماع کر لو۔ اگر آپ ایک گولی حب اکسیر کھائیں گے تو بائیس گھنٹے تک انزال نہ ہوگا۔



اس کو کھانے کے بعد اگر آپ گھی دودھ خوب پئیں گے تو شہوت ہوگی مگر تکلیف دہ نہ ہوگی۔

نوٹ:۔ یہ دو قسم کی ہوتی ہے جس کی شکل تصویر آپ پہلے دیکھ چکے ہیں ہمارے ملک میں اس کا نام پنجہ جوڑی مشہور ہے اور فارسی میں اس کو کف مریم بھی کہتے ہیں ریگستان کی پیدا شدہ بوٹی کی جڑ اور پھل دونوں دوا ر و مستعمل ہیں مگر کوہستانی بوٹی کی محض جڑ ہی استعمال کی جاتی ہے چونکہ اس کے پھل میں سمیت زیادہ ہوتی ہے۔ اس کا یہ نام اس لئے مشہور ہے کہ جڑ اس کی ہاتھ کی طرح ہوتی ہے۔

نوٹ:۔ یہی کشتہ حب لطیف اور حب مدن مست کا جزو اعظم ہے نسخہ خزینۃ الارض میں لکھا گیا ہے۔ اور مستعملہ کشتہ تانبا بنا ہے بنائیں اور قدرت خدا کا مشاہدہ کریں حب لطیف اور حب اکسیر دو نسخے خزینۃ الارض میں ملاحظہ فرمائیں یہ وہی نسخہ کشتہ تانبا ہے جس کے پیش کرنے کا میں وعدہ کر چکا تھا آج ہدیہ ناظرین ہے۔

ابرک دھناب شدہ۔ گندھک آملہ سار ہر ایک ہموزن چند بیسوں کے ہمراہ کھرنہ

گلی میں فرش و لحاف کر کے کوزہ کو گل حکمت کریں خشک ہونے پر گجپٹ کی آگ دیں سرد
ہونے پر نکال لیں ہرد و شگفتہ ہوگا۔ یہ مرکب کشتہ امراض باردہ بلغمی کے واسطے مفید
ہے مقدار خوراک نصف چاول سے ڈیڑھ چاول تک ہمراہ بدرقہ مناسب کے استعمال کریں۔
بیسہ منصوری کو نک چھکنی کے رس میں دس مرتبہ بجھائیں پھر آب برگ
سورج مکھی میں دس مرتبہ بجھائیں پھر امربیل کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت
کر کے محفوظ الہوا مقام پر گڑھے میں آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں کشتہ برنگ
سفید برآمد ہوگا۔ اگر آپ چاہیں تو اسی مندرجہ ذیل اشیا میں کھرل کر کے پانچ پانچ پہر
کی آنچیں دیں ہو سکتا ہے کہ یہ کیمیا کے کام آسکے۔ پھل دامنہ بوٹی۔ مچھ پچھی بوٹی گندھک
آملہ سار بن پوستہ چولائی خاردار آب درونتی۔ بادنجان صحرائی۔ مقدار خوراک نصف چاول
نامرد کو مرد بناتا ہے کیمیا کے لیے آپ خود محنت کریں۔ واللہ اعلم (مجرب ہے)

جوہر تانبا:- برادہ تانبہ۔ الماس ہر ایک چار تولہ ہر دو کو سرکہ عمدہ خالص کے ہمراہ تین
پہر کھرل کریں پھر دو پیالہ لیکر ایک پیالہ گلی میں کھرل شدہ دوا ڈالدیں اور
دوسرا پیالہ اوپر الٹا کر کے لبتیں کو آرد ماش یا ریگ ملی ہوئی مٹی سے بند کر دیں اور خشک ہونے
پر چولہے پر چڑھائیں اور نیچے کے پیالے میں برادہ ہر مرتبہ کے عمل سے کھرل کر ڈالتے رہیں اور
اوپر کے پیالے کا جوہر بھی ہمراہ کھرل کرتے رہیں۔ ایک سو ایک مرتبہ کے عمل سے تمام ثقل جوہر
بن کر اوپر کے پیالے میں لگ جائیگا۔ کھرل کر کے بحفاظت شیشی میں رکھیں مقدار خوراک نصف
چاول ہمراہ بالائی دہی یا مکھن جذام آتشک برص بہق امراض کیلئے مفید ہے۔

جوہر تانبا:- برادہ تانبہ چار تولہ ہرتال طبقی الماس ہر ایک چار تولہ تینوں کو سنگ مماس
میں کھرل کر کے سرکہ عمدہ مصفّٰی سے تین پہر کھرل کریں پھر بطریق معروف
جوہر اڑائیں اسی طرح اس وقت تک کرتے رہیں جب تک کہ تمام جوہر نہ بن جائے

پھر کھرل کر کے بحفاظت شیشی میں رکھیں مقدار خوراک ایک چاول تک بالائی یا مکھن کے ہمراہ کھائیں جذام۔ خدر۔ آتشک۔ برص بہق و وجع المفاصل وغیرہ کیلئے بے نظیر اکسیر ہے (مجرب ہے)

جوہر تانبا:۔ برادہ تانبہ چار تولہ۔ رسکپور۔ دارچکنا ہر ایک ایک تولہ ہڑتال ورقیہ منسل ہر ایک چھ ماشہ سب کو سرکہ معتدل سے دو پہر پیسکر خشک کر کے دو مٹی کے پیالوں میں لطریق معروف جوہر اڑائیں اسی طرح بار بار یہ عمل کرتے رہیں حتیٰ کہ تمام ثقل جوہر اوپر والے پیالے میں نہ لگ جائے۔ اس کے بعد جوہر کو کھرل کر کے بحفاظت شیشی میں رکھیں بقدر ایک چاول مکھن میں ڈال کر کھائیں۔ امراض خبیثہ اور جملہ امراض جلدی ہر قسم ایک ہفتہ اور زیادہ سے زیادہ تین ہفتہ مکمل صحت ہوگی اور ضیق النفس اور پرانی کھانسی کے لئے مفید ہے اس کا نام ہم نے اکسیر سیاہ رکھا ہوا ہے۔

عطیہ جناب حکیم پنڈت کویراج ٹھاکر دت شرما (وید)

جوہر تانبا:۔ برادہ تانبا ساڑھے چار تولہ ہڑتال ورقیہ دارچکنا۔ رسکپور ہر ایک ایک تولہ سب کو شیر مدار میں بارہ پہر کھرل کر کے خشک کریں پھر لطریق معروف دو عدد پیالہ گلی میں جوہر اڑائیں جوہر کو علیحدہ کرتے رہیں باقی کو شیر مدار میں کھرل کر کے جوہر اڑاتے رہیں جب سب جوہر اڑالیں تو آب تلسی میں کھرل کر کے بحفاظت شیشی میں رکھیں مقدار خوراک ایک چاول ہمراہ بالائی یا مسکہ گاؤ تازہ کے کھائیں۔ اطبا مناسب بدرقہ کے موسم کے لحاظ سے کم و بیش بخوراک بھی استعمال کرا سکتے ہیں۔ امراض خبیثہ کا واحد علاج تین یوم ورنہ زیادہ سے زیادہ ایک ہفتہ تک کھائیں شرطیہ علاج ہے مجذوم کو مسلسل چالیس یوم تک کھلائیں بدن مانند کندن ہو جائے گا اور سب سے بڑی صفت یہ ہے کہ تمام عمر جلدی بیماری نہ ہوگی۔ بھڑ۔ بتیا بھڑ حتیٰ کہ بچھو کے کاٹے کا بھی بالکل اثر نہ ہوگا۔ میرے بزرگ محترم جناب حکیم مولوی سید دیدار علی شاہ صاحب قبلہ الوری نے تو اپنے اپنے تجربات کی بنا پر یہاں تک

فرما دیا ہے کہ جو شخص اس جوہر مذکور کو چالیس یوم ہر سال موسم سرما میں استعمال کر لیا کریگا وہ تمام زندگی امراض بلغمیہ باردہ و امراض جلدی سے محفوظ رہیگا۔ اگر جوہر مذکور کو استعمال کرنیوالے نے اپنی نفسیاتی خواہشات کو پوری طرح قابو میں رکھا ہو اور جائز استعمال کے علاوہ ناجائز یا بے اصولی سے نہ برتا ہو تو ایک سو سال تک بھی بینائی کمزور نہ ہوگی اور بال بالکل سیاہ رہیں گے چونکہ اس کے ساتھ غذا مرغن اور لطیف کھائی جاتی ہے۔ اس لئے دعویٰ سے کہا جا سکتا ہے کہ اعضاء رئیسہ میں کسی قسم کی بھی کمزوری واقع نہ ہوگی۔ عالم باعمل کا قول ہے۔ اس لئے یقین محکم رکھنا چاہیے کبھی غلط نہیں ہو سکتا۔ آمنا و صدقنا۔

کشتہ تانبا استعمال کرنیکی تراکیب

کشتہ تانبا سمبل کے رس کیساتھ ہمراہ نیز ایک رتی شہد اور گھی ملا کر کھلائیے اور اس پر مصری ملا کر دودھ استعمال کریں میٹھی اور مفرح چیزیں کھائیں ترش اور بادی چیزوں کے ساتھ مچھلی کا استعمال بھی ممنوع ہے۔ ادرک کے پانی میں اور مکھن کے ہمراہ بھی کھایا جاتا ہے۔ ان تراکیب سے اگر کھائیں تو مقوی باہ ہے اور طاقت بخشتا ہے جسم کو مضبوط بناتا ہے اور جسم کے رنگ کو نکھارتا ہے۔ خوش رنگ اور خوبصورت بناتا ہے اگر اس میں کاؤس نہ ملے۔ تو صرف شہد اور گھی کے ساتھ کھائیں یہ سنیاسیانہ عام ترکیب ہے گرم مزاج حضرات صرف مکھن ہی میں کھا سکتے ہیں۔ لیکن تھوڑی دیر بعد جب پیاس لگے تو مصری ملا کر حسب حاجت دودھ ضرور پئیں۔ بادی امراض کے لئے شہد اور گھی ملا کر ایک رتی تک کشتہ شامل کر کے کھائیں اور پیاس لگنے پر دودھ پئیں یا آب ادرک میں ملا کر چاٹیں اور جس جس بیماری میں برتنا ہو اس سے بیماری میں مستعملہ دواؤں کے ساتھ ملا کر کھائیں دیگر ہر کشتہ کے ساتھ اس کی استعمال کی ترکیب لکھ دی گئی ہے اور کشتہ تانبا بزنگ

آنکھ میں ڈالا جا سکتا ہے۔ چونکہ کشتہ تانبا رنگ سفید تانبا ہی نہیں بلکہ ماہرین فن کے نزدیک یہ وہ اکسیر تیار ہو جاتی ہے۔ کہ جس کی تیاری میں فقیروں اور جوگیوں اور سینیاسیوں نے اپنی عمریں ختم کر دیں۔ مگر پھر بھی حاصل نہ ہو سکا۔ کشتہ تانبا رنگ سفید ہو تیاہند کے لئے اکسیر ہے اس کے سامنے مامیرا بھی ہیچ ہے۔ کشتہ تانبا دل سے بنائیے خوب محنت کریں انشاء اللہ آپ جس قدر محنت کرتے جائینگے۔ اسی قدر آپ کو داد ملتی جائیگی۔ کشتہ تانبا میں ایک صفت یہ بھی ہے کہ یہ ہر مرض میں استعمال ہو سکتا ہے زیادہ معلومات کیلئے ذیل پر لکھئے انشاء اللہ بالتشریح جواب دیا جائیگا۔ حکیم نور احمد ثاقب عظیمیہ دوا خانہ شہر جہلم۔

کشتہ مرکب: ۔ برادہ تانبا پانچ تولہ۔ برادہ فولاد پانچ تولہ۔ برادہ چاندی پانچ تولہ سیماب شنگرف۔ ہڑتال ہر ایک ۶ ماشہ۔ نہ گھسنے والی کھرل میں ڈال کر آب نرنج میں پانچ گھنٹے تک کھرل کریں بوتہ گلی میں بند کر کے گل حکمت کریں خشک ہونے پر پانچ سیر اُپلوں کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر اسی میں ۶ ماشہ ہڑتال سیماب شنگرف رومی آب نرنج میں ۵ گھنٹے تک کھرل کریں۔ اور اسی بوتہ میں گل حکمت کر کے آگ بمطابق وزن سابق کے دیں۔ اسی طرح بار بار عمل کریں اور ہر مرتبہ سیماب شنگرف رومی ہڑتال ۶، ۶ ماشہ کا اضافہ کرتے رہیں۔ اور تیس آنچ آب نرنج سے کھرل کر کے دیں پھر بارہ مرتبہ لعاب گھیکوار میں کھرل کر کے پانچ پانچ سیر اپلوں کی آنچ دیں لیکن ہر مرتبہ سیماب اور ہڑتال ورقیہ و شنگرف چھ ماشہ یعنی ڈیڑھ تولہ بڑھاتے رہیں جب یہ بیالیس مرتبہ کا عمل پورا ہو جائے تو پانچ گھنٹے کھرل کر کے بحفاظت رکھیں مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن کھلائیں مقوی باہ قوت بدن و قوت ہضم کیلئے عجیب نسخہ ہے یہ نسخہ جناب حکیم مولوی بہاء الدین صاحب طبیب الافضل کی بیاض خاص سے نقل کیا گیا مجرب و آزمودہ ہے۔

نوٹ: ۔ اگر آپ کے پاس مندرجہ ذیل اشیاء موجود ہوں تو آپ اس نسخہ کو اکسیر

یوم میں تیار کر سکتے ہیں - اگر ایک دن رات میں دو مرتبہ آنچ دی جائے تو یہی نسخہ اکیس
دنوں میں تیار ہو کر قابل استعمال ہو سکتا ہے اس نسخہ کے لیے اکیس تولہ سیماب اور اکیس
تولہ شنگرف رومی اور ۱۲ تولہ ہڑتال ورقیہ کیساتھ ساتھ پانچ سن اپلے درکار ہیں جن کا
پاس ہونا نہایت ضروری ہے - کیونکہ اس کی آنچ میں رکاوٹ نہ آنی چاہیئے -



عطیہ عامل کامل فخر الاطبا حکیم سید رضا حسین شاہ رضوی نے سابقہ تصنیفات میں بھی اپنے
خاص الخاص مجرباتی نسخوں سے میری حوصلہ افزائی فرمائی ہے اسی طرح آج مندرجہ ذیل نسخے موصول ہوئے
جو من وعن رقم ہیں بنائیے اور فیض یاب ہوجیئے - "ثاقب انبالوی شہر جہلم"

حب اکسیر شفاء نمبر ۱:- برادہ تانبہ ایک تولہ کو آب لیموں سے صاف کر کے
گل مدار میں کسی ایسی چیز سے رگڑیں کہ تانبا نہ گھسے جب یہ پھول مانند غبار ہو کر ختم
ہو جائیں تو لعاب کنوار گندل تین حصہ شیر برگد یا تخم حصہ شنگرف رومی پارہ

مصفیٰ ہڑتال ورقیہ ہر ایک چوتھائی حصہ سب کو کھرل کر کے قرص بنا کر سایہ میں خشک کر کے بعد ازاں پوست بیضہ مرغ صاف شدہ نیچے اوپر دیکر کوزہ گلی میں تہہ کر کے گل حکمت کریں خشک ہونے پر ۲۰ سیر اُپلوں کی گڑھے میں آنچ دیں سرد ہونے پر اس گڑھے کو پانی سے تر کی ہوئی مٹی سے بھر دیں۔ ایک ماہ کے بعد نکال کر مندرجہ ذیل نسخے میں ملا کر گولیاں بقدر دانہ جوار کے بنالیں اور مناسب بدرقہ ہر چھوٹے بڑے کو مناسب مقدار میں دیں امراض بلغمیہ باردہ کے لئے تیر بہدف ہے۔ بفضل خدا ہر عمر اور ہر مزاج کے موافق ہو گا۔ بنائیں اور فائدہ اٹھائیں۔

ریگ ماہی۔ اسگند ناگوری۔ زعفران۔ الائچی خورد۔ جائفل عقرقرحا ہر ایک ایک تولہ ورق نقرہ ایک سو عدد۔ ورق طلا پچیس ۲۵ ہمراہ شیر برگد کے کشتہ مذکورہ ملا کر گولیاں بنالیں

نوٹ:۔ میرے تجربہ میں نامردی کا بے خطا علاج ثابت ہوا ہے اور سیلان الرحم وغیرہ امراض کی۔ جریان۔ سرعت انزال احتلام جیسی تکالیف ایک ہی خوراک سے رفع ہوتی دیکھی ہیں۔ اگر مرض پرانا ہو تو تین یوم کھلائیں مرقومہ امراض میں زیادہ نہ کھلائیے۔ چونکہ مردہ جذبات کو برانگیختہ کرتا ہے اور جریان یا سیلان الرحم وغیرہ امراض کی درستی کے فوراً بعد مجامعت کرنا سخت منع ہے اس فعل سے برے نتائج پیدا ہو کر انسان زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھتا ہے۔ لہٰذا بعد از علاج اپنی خواہشات نفسیانی کو کم از کم ایک ماہ قابو میں رکھنا نہایت ضروری ہے

امراض خبیثہ کا واحد علاج ۔ (بقراطی گولیاں نمبر ۲) برادہ تانبا

تین تولہ سم الفار پانچ ماشہ رسکپور ۹ ماشہ دار چکنا ۶ ماشہ ہڑتال ورقیہ ۶ ماشہ سب کو شیر مدار میں کھرل کر کے دو پیالوں میں بطریق معروف جوہر اڑائیں یہ تقریباً پچاس مرتبہ کے عمل سے جوہر بنے گا۔ پھر اس کو مندرجہ ذیل نسخہ میں ہمراہ آب مکو سبز کے پانی میں

کھرل کرکے مانند دانہ ماش کے گولیاں بنائیں۔

کشتہ سفید۔ کباب چینی۔ دانہ الائچی کلاں۔ کافور بھیم سینی۔ زیرہ سفید۔ کچور۔ آتشک کیلئے ایک گولی صبح دوپہر شام منقہ مویز میں رکھ کر کھلائیں۔ سوزاک کیلئے اسی طرح دن میں ۳ دفعہ ہمراہ آب تازہ کے دیں موسم سرما میں حلوے میں رکھ کر کھلائیں دیگر امراض بھگندر ناسور نواسیر وغیرہ امراض میں معجون نجاح یا اطریفل غددی اگر یہ نہ ملیں تو نسخہ معجون کلاں ہی میں رکھ کر کھلائیں۔ دیگر امراض بھگندر ناسور نواسیر وغیرہ امراض میں معجون نجاح یا اطریفل غددی اگر یہ نہ ملیں تو نسخہ معجون کلاں میں رکھ کر دیں غذا ہر مرض میں سات یوم تک صرف گھی اور بیسن کی روٹی کھانی چاہیئے۔ خواہ مرض کتنا پرانا ہو ایک ہفتہ میں بالکل ختم ہو جائیگا اور تمام زندگی میں تکلیف نہ ہوگی

کشتہ تانبا سفید نمبر ۳:۔ پیسہ منصوری ایک عدد لیکر پچاس مرتبہ سیاہ رنگ کی گائے کے پیشاب میں بجھائیں اتنی مرتبہ آب نرکھیلہ میں بجھا کر درخت کیر کی نرم نرم کونپلوں کے نغدہ میں نیچے اوپر بھنگڑی کا سفوف ملفوف کرکے گل حکمت کریں خشک ہونے پر گجپٹ کی آگ دیں بفضل خدا شگفتہ و سفید برآمد ہوگا سرد ہونے پر نکال لیں۔ یہ کشتہ موتیابند کے لئے اکسیر اعظم ہے اور نامردی کا مکمل علاج ہے مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسب کے لحاظ موسم کا رکھتے ہوئے استعمال کریں۔ انشاءاللہ ماہرین فن بہت سے امراض کا علاج ہی نہیں بلکہ تریاق پائیں گے۔ (مجرب آزمودہ)

شاہانی گولیاں نمبر ۴:۔ برادہ تانبا ۶ ماشہ برادہ سونا ۶ ماشہ برادہ۔ چاندی ۶ ماشہ۔ سم الفار ۶ ماشہ شنگرف۔ مروارید ناسفتہ برادہ شاخ گوزن ہر ایک ۶ ماشہ۔ سب کو شیر مدار ایک پاؤ میں کھرل کرکے قرص

بنائیں اور ہر قرص کو زردی بیضہ مرغ میں لت پت کرکے کوزہ گلی میں رکھتے جائیں پھر منہ بند کرکے پانچ سیر یا چلیدشتی کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں پھر شیر برگد میں کھرل کرلیں قرص بنا کر سفیدی بیضہ مرغ میں بھگو بھگو کر کوزہ گلی میں بند کرکے بحفاظت محفوظ الہوا مقام پر گڑھے میں پانچ سیر کی آنچ دیں پھر لعاب کھیکوار میں کھرل کرکے قرص بنا کر سفیدی میں لت پت کرکے کوزہ گلی میں ایک پاؤ برانڈی شراب یا آب سیب اور انار شیریں میں کھرل کرکے گولیاں بنالیں۔

طباشیر کبود ایک تولہ۔ الائچی خورد ایک تولہ عقرقرحا الکتیرہ عنبر اشہب چار ماشہ زعفران تین ماشہ خشک بنیانی تین ماشہ۔ ست سلاجیت چھ ماشہ۔ گولی بقدر دانہ ماش سیاہ کے بنادیں۔ اس کی ایک گولی سے آپ حسب دلخواہ امساک کا لطف اٹھائیے اگر خوبصورتی درکار ہو تو سونے کے ورق گولیوں پر چڑھا لیں۔

نوٹ:- میں یقین دلاتا ہوں کہ میرے یہ چار نسخے جس کے پاس تیار ہونگے ادنیٰ اعلیٰ امیر و غریب بادشاہوں کے سب کے سب اس کی چوکھٹ کی دربانی کرنے کیلئے تیار ہیں۔ یہ وہ تیر بہدف سربستہ راز ہیں جو میرے آباؤ اجداد کے سینہ بہ سینہ مجھ تک پہنچے مگر ثاقب صاحب کے اخلاق حسنہ و اخلاص و ہمدردی خلق کے ماتحت رفاہ عام کرنے کیلئے طبع کرنے کی اجازت دیتا ہوں۔ بنائیں اور میرے لئے دعائے خیر کریں۔ وھو

استفسار الناس — ہر قسم کے معلومات کے لئے پتہ ذیل ہے اگر آپ کو لفظ یا فقرے کی سمجھ نہ آئے تو جواب کے لئے لفافہ لکھئے۔ انشاء اللہ مفصل با تشریح تسلی بخش جواب دیا جائیگا حکیم نور احمد ثاقب نمبر ۳۲/۱۲ ریلوے روڈ شہر جہلم) اب ہم کشتہ تانبا کا بیان ختم کرکے فولاد کے متعلق لکھتے ہیں۔

تراکیب کشتہ جات فولاد:- برادہ فولاد آب جامن میں ڈال کر سات یوم دھوپ میں رکھیں بعد ازاں آب ترپھلہ میں کھرل کر کے کوزہ گلی میں بند کریں اور گجپٹ کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں مقدار خوراک ایک رتی سے نصف ماشہ تک ہمراہ بدرقہ مناسب کے کھلاویں قوت اور بھوک کو بڑھا کر اعضائے رئیسہ کو طاقت دیگا۔ مقوی معدہ جگر خاص طور پر ہے خون صالح پیدا ہوگا دیگر: برادہ فولاد ½ حصہ کو شنگرف کے ساتھ کھرل کر کے گھیکوار کے گودے میں ملفوف کریں۔ کوزہ گلی میں بند کر کے گجپٹ کی آنچ دیں اور اسی طرح بارہ مرتبہ آگ دیں۔ کشتہ برنگ سرخ تیار ہوگا۔ اور اسی کشتہ کو اطباء فولاد شنگرفی کہتے ہیں۔ مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ مکھن مقوی باہ اور مقوی معدہ جگر ہے۔

برادہ فولاد پانچ تولہ لے کر آب نمک چکنی میں چالیس روز تک دھوپ میں رکھیں جس وقت پانی خشک ہو جائے اور ڈالدیا کریں برادہ سے دو چار انگشت پانی اونچا رہے چالیس یوم کے بعد اتار نرمش اور آب نمک چکنی ہموزن ملا کر کھرل کریں متواتر سات روز میں جس قدر پانی خشک ہو جائے زیادہ سے زیادہ جذب کرنے کی کوشش کریں کوئی مقدار مقرر نہیں بعد سات یوم کے اس فضلہ کی ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں بند کر کے گل حکمت کریں خشک ہونے پہ دس سیر اپلیوں کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں پھر ایک پاؤ آب نمک چکنی میں کھرل کر کے بدستور قرص بنائیں اور گل حکمت کریں سرد ہونے پر دس سیر اپلیوں کی آنچ دیں اسی طرح تیسری مرتبہ آب نمک چکنی میں تین یوم کھرل کر کے قرص بنا کر گل حکمت کر کے آنچ دیں لیمواری رنگ کا کشتہ ہوگا۔ یہ اعلیٰ درجہ مقوی باہ ہے اور چہرے کے رنگ کو سرخ بناتا ہے۔ مقدار خوراک ایک رتی سے چار رتی تک ہمراہ مکھن حسب برداشت اس کشتہ کی تعریف خود بنا کر دیکھئے۔ تھوڑی سی محنت میں اعلیٰ درجہ کی مقوی اکسیر تیار

ہو گی برادہ فولاد کو آب جامن میں کھرل کر کے قرص بنا کر کپڑمٹی کریں خشک ہونے پر



کوزہ گلی میں رکھ کر بالو پٹ کریں مسلسل
ایک یوم یعنی چوبیس گھنٹے کی آنچ دینے
میں بعد ریت کے نمناک زمین میں
چالیس یوم رکھیں مقدار خوراک ایک
رتی تک ہمراہ ذریعہ آٹھ ماشہ صبح شام
غذا حسب برداشت مرغن کھائیں
جگر کے فعل کو درست کر کے خون صالح
پیدا کرتا ہے۔

برادہ فولاد تین تولہ پارہ تین ماشہ
شنگرف تین ماشہ ہڑتال ورقیہ تین
ماشہ ہر چار کو آب جامن میں اتنا کھرل
کریں کہ پارہ پختہ جذب ہو جائے پھر اس
برادہ کو جامن کی لکڑی جو تین بالشت لمبی اور ڈیڑھ بالشت
چوڑی ہو کے درمیان سوراخ کر کے بھر دیں اور نکلے ہوئے برادہ میں پوست بیضہ مرغ
اور ابرک ملا کر بھر دیں تاکہ سوراخ بند ہو جائے اس کو گل حکمت کر کے خشک ہونے پر
گجپٹ کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں یہ ایک ہی مرتبہ تین کشتے تیار ہو گئے ہیں جو
برادہ لکڑی میں ملا کر آپ نے بھرا ہے اس کو کھرل کر کے بحفاظت رکھیں مقدار خوراک
ایک رتی تک صرف ہمراہ مکھن کھائیں۔ سیلان الرحم جریان منی کا بہترین علاج ہے اور
انشاء اللہ تعالیٰ اگر آپ نے حفاظت کی تو تمام عمر کے لئے ان دونوں مرضوں

سے نجات مل جائیگی۔ دیگر امراض مثلاً بخار ہر قسم وغیرہ میں مفید ہے ماہرین فن خود بنا کر تجربہ کریں

دیگر فولاد کشتہ فولاد:- یہ نامردی کا مکمل علاج ہے۔ دو چاول مقدار روزانہ مکھن میں کھائیں۔ انشاءاللہ ایک ہفتہ کا استعمال ناقابل برداشت طاقت پیدا کر دیگا اور مقوی معدہ ہے (مجرب آزمودہ)

فاسیان پچیس تولہ کو نیم کوب کر کے سوا سیر پانی میں پکائیں کہ پانی پچیس تولہ رہ جائے پھر اس محلول پانی میں مقطر برادہ فولاد عمدہ کشتہ تیار ہوگا۔ جب یہ پانی دھوپ کی گرمی سے خشک ہو جائے تو آپ کا برادہ عمدہ کشتہ تیار ہوگا۔ مقدار خوراک ایک رتی بتاشے میں یا منقہ میں ڈال کر کھلائیں یا نوشادر سادہ ۹ ماشہ کے ہمراہ کھایا کریں۔ مقوی باہ۔ مقوی معدہ ہے۔

برادہ فولاد چار تولہ۔ شنگرف ۴ ماشہ پارہ ۴ ماشہ ہر سہ کو برانڈی شراب میں دو گھنٹے کھرل کر کے تانبے کے سمپٹ میں بند کر کے تانبے کے سمپٹ میں بند کر کے ملتانی والی مٹی سے اچھی طرح لیپ کر دیں۔ اور خشک ہونے کے بعد دو سیر اپلہ صحرائی کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ پھر چار ماشہ شنگرف اور چار ماشہ سیماب کا اضافہ کر کے برانڈی میں کھرل کریں اور بدستور آگ دیں۔ اسی طرح ایک سو ایک مرتبہ آگ دیں اور ہر مرتبہ چار ماشہ شنگرف چار ماشہ سیماب اضافہ کر لیا کریں اور ہر دس آگ کے بعد سمپٹ کر لینا چاہیئے جب یہ عمل ختم ہو جائے تو پھر برانڈی شراب میں کھرل کر کے نیلگوں شیشی میں رکھیں مقدار خوراک ایک چاول ہمراہ مکھن یا مناسب موسم و مزاج کے بدرقہ کے استعمال کریں۔ امساک کے لئے بے نظیر تحفہ ہے۔ قوت باہ کیلئے مانند خزانہ قارون سمجھے۔ چند یوم میں انسان کی کایا پلٹ دیتا ہے۔ ماہرین فن سینکڑوں امراض میں استعمال کرا سکتے ہیں جیسے ضعف جگر جب لاعلاج ہو جائیں تو اس کا مبتلائی

اثر ملاحظہ فرماویں دعویٰ سے کہا جا سکتا ہے کہ اس کا چالیس روزہ استعمال تمام زندگی کے لئے کافی ہے ہرگز ہرگز کسی قسم کی کمزوری نہ ہوگی (مجرب ہے)

فولاد عمدہ ایک تولہ سیماب ایک تولہ شنگرف ایک تولہ گوگھرو آملہ سار گندھک ایک تولہ رب کو بیس تولہ آب لیموں میں سحق کر کے خشک ہونے پر چار عدد خول بیضہ مرغ کو علیحدہ علیحدہ گل حکمت کر کے خشک ہونے پر ایک بالشت گہری ریت میں رکھ کر ہانڈی کے نیچے چوبیس گھنٹے تک بیری کی لکڑی کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں کشتہ فولاد تیار ہے۔ مقدار خوراک حسب برداشت مقوی اعضاء رئیسہ ہے۔ بے حد مقوی باہ ہے۔ جملہ امراض ضعف باہ کے لئے تریاق ہے (مجرب)

برادہ فولاد عمدہ کو کیکر کی پھلیوں کے دودھ میں رکھیں پندرہ سے بیس روز تک تر رکھیں بفضل خدا بلا آگ کے نہایت عمدہ کشتہ تیار ہے۔ مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ جوارش فوائد خاص اس کے چند روزہ استعمال سے چہرے کا رنگ سرخ ہو جاتا ہے خون پیدا کرتا ہے۔ (مجرب ہے)

برادہ فولاد ہمراہ شیر گھیکوار کے کھرل کریں اور اس میں نیم ماشہ فی تولہ کے حساب سے سیماب شامل کر لیں پھر ازاں قرص بنا کر خشک کر کے کوزہ گلی میں بند کر کے گل حکمت کریں پھر مناسب آگ دیں بعد سرد ہونے پر نکال لیں۔ اور اسی طرح کھرل کر کے آتشی شیشی میں ڈال کر ایک عشرہ نمناک زمین میں مدفون رکھیں بعدہٗ نکال کر چالیس روز تک مکھن یا بالائی کے ساتھ کھائیں۔ بہتر ہے کہ معجون آرد خرما میں ملا کر استعمال کریں اگر ایک سال تک متواتر ترشی اور مرچ سرخ سے پرہیز کر لیں گے تو شیب غیر طبعی سے محفوظ رہیں اگر ڈیڑھ سال جماع کے پرہیز سے احتیاط برتیں تو شیب غیر طبعی آیا ہوا دور ہونا ناممکن ہے بشرطیکہ غذا عمدہ اور لطیف مرغن کھایا کریں۔ اور ترشیات سے کنارہ کریں۔ مقدار خوراک نصف رتی تک۔

فولاد عمدہ قسم لے کر آب جامن میں ڈالیں جب پانی خشک ہو جائے اور ڈال دیا کریں کشتہ تیار ہونے پر آب جامن جذب ہونا بند ہو جائے گا پھر اس میں سے ایک تولہ لیکر آب انار میں کھرل کر کے قرص بنا کر خشک کریں اور ہر قرص کو بیضۂ مرغ کے روغن میں تر کر کے کوزہ گلی میں رکھتے جائیں اور قدرے شنگرف لیا ہوا چھڑکتے جائیں پھر گلحکمت کر کے دس سیر اپلوں کی آنچ بجوش شباب دیں سرد ہونے پر نکال لیں مقدار قدرے نصف رتی تک خوراک ہمراہ مکھن یا حلوہ مرغن یا معجون شباب آور کے کھلائیں چند ہی یوم میں آپ اس کے مؤثر اور سریع الاثر ہونے کی گواہی دیں گے نامرد کو مرد بنا دیتا ہے خون بجید پیدا کرتا ہے مقوی معدہ ہے بغیر موسم سرما کے نہ کھائیں۔ (مجرب)

عالیجناب حکیم اصغر علی خاں صاحب پروفیسر طبیہ کالج دہلی

برادہ فولاد ایک تولہ سیماب ایک تولہ ہر دو کو آدھ پاؤ شراب یا دو آتشہ میں کھرل کریں پھر بوتہ میں بند کر کے گل حکمت کریں خشک ہونے پر صرف آدھ سیر اپلہ صحرائی کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں بدستور ایک تولہ سیماب مصفیٰ کا اضافہ کریں اور شراب مذکورہ سے کھرل کر کے بوتہ میں بند اور گل حکمت کر کے آدھ سیر اپلہ صحرائی کی آنچ دیں جب ایک ہزار آنچیں پوری ہو جائیں گی تو پھر سم الفار تین ماشہ کافور چار رتی ملا کر بدستور سحق کر کے بالکل معمولی آنچ دینا شروع کریں اور پوری ایک سو ایک آنچ دیں ہر مرتبہ تین ماشہ سم الفار چار رتی کافور اور ایک تولہ سیماب جدید مصفیٰ ملا کر دس تولہ شراب سے سحق کر لیا کریں مقدار خوراک ایک دانہ خس صرف ہمراہ بدرقہ مناسب

فوائد: ۔ مقوی باہ دافع استسقا اور تمام امراض بلغمی و سوداوی کو بیخ سے اکھاڑنے والی اکسیر ہے مختلف طریقوں سے ہر مرض میں استعمال کرائی جاسکتی ہے معصوم بچوں کو ہرگز استعمال نہ کرائیں۔

برادہ فولاد مصفیٰ بارہ تولہ، شنگرف عمدہ ایک تولہ، دونوں کو اٹھائیس گھنٹے گھوٹ کر کنوار گندل میں کھرل کریں پھر کوزہ گلی میں بند کر کے گل حکمت کریں۔ خشک ہونے پر پانچ سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں پھر ایک تولہ شنگرف ملا کر شیر مدار میں کھرل کرکے اور بدستور گل حکمت کرکے پانچ سیر اپلوں کی آنچ دیں جب ۶ آنچ گھوٹ کنوار گندل اور شیر مدار میں پوری ہو جائے تو مقدار النصف رتی ہمراہ دواء المسک معتدل یا جوارش جالینوس یا جوارش لیسار یا پانچ ماشہ کے دیں۔ مقوی باہ ہے بدن کی تمام کمزوریوں کے لئے اکسیر ہے۔

برادہ فولاد ایک تولہ کو آدھ سیر سونٹھ کے درمیان رکھ کر مٹی کے اتنے بڑے برتن میں ڈالیں اور اس کے بعد آب لیموں ایک سیر اس کے اوپر اکیس دن دھوپ میں پڑا رہنے دیں لیکن خیال رہے کہ آب لیموں خشک نہ ہو جائے۔ بعد از سیاہ کڑاہی میں ڈال کر آدھ سیر مصری عمدہ دودھ کی جھاگ کر اس کے اوپر ڈال دیں۔ اور آگ پر اتنا پکائیں سب کچھ جل ہو کر راکھ ہو جائے اس میں نیچے کشتہ مانند سرخ رنگ کے تیار ہوگا۔ کھرل کرکے بحفاظت رکھیں۔ مقدار خوراک دو رتی تک ہمراہ جوارش لیسار ۶ ماشہ دیں یہ خون بڑھاتا ہے معدہ کو قوت دیکر ہاضمہ کو تیز کرتا ہے۔ ضعف جگر وغیرہ کا واحد علاج ہے (مجرب آزمودہ)

عطیہ جناب حکیم منظور الحق صاحب انبالوی ریل بازار سرگودھا

برادہ فولاد حسب ضرورت لیکر کھیکوار کے پتے کو چیر کر اس کے درمیان بھر کر پھر پتے کو ملا کر سایہ میں خشک کر لیں۔ جب یہ پتہ خشک ہو جائے تو اس کو کھرل کرکے دوسرے پتے میں بھر دیں جب یہ بھی خشک ہو جائے تو اسی فولاد کو تیسرے پتے میں بھر دیں۔ علیٰ ہذا القیاس یہ عمل سات مرتبہ کریں اس کے بعد فولاد کو کھرل کرکے استعمال میں لاویں۔ مقدار خوراک ایک رتی ضعف جگر، ضعف باہ اور تلی کی خرابی کو دور کرنے میں اکسیر بے خطا ہے (مجرب ہے)

برادہ فولاد حسب ضرورت لیکر لعاب گھیکوار میں کھرل کرکے گل حکمت کریں خشک ہونے پر محفوظ الہوا مقام پر مناسب آگ دیں اور یہ عمل پانچ بار کریں عمدہ کشتہ تیار ہوگا۔ مقدار خوراک دو چاول سے ایک رتی تک ہمراہ مسکہ تازہ یا بالائی کے استعمال کریں، یہ مقوی اعضاء رئیسہ اور مقوی باہ مصفی خون اور مشتہی ہے۔ مادہ تولید کو بڑھاتا ہے (مجرب)

برادہ فولاد تین تولہ نوشادر عمدہ ۶ ماشہ ہر دو کو ایک گھنٹہ کھرل کرکے مٹی کے برتن میں ڈال دیں اور اس کے اوپر آدھ سیر ترش دہی ڈال کر پندرہ یا بیس یوم تک دھوپ میں پڑا رہنے دیں بعد از میعاد کے ملاحظہ فرمایئے نہایت شاندار کشتہ تیار ملے گا ضعف جگر کیلئے سات یوم کا علاج ہے مقدار خوراک ۱ رتی تا ۲ رتی بچوں کو نہیں دینا چاہیئے (مجرب)

لوہ چون ایک تولہ۔ نوشادر ایک تولہ دونوں کو ملا کر آدھ پاؤ شیر مدار میں کھرل کرکے ٹکیہ بنائیں۔ اور دو عدد مٹی کی رکابیوں کے درمیان رکھ کر سوا سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں ایک پاؤ شیر مدار میں کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر بدستور پانچ سیر اپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں اور کھرل کرکے بحفاظت رکھیں مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسب کے استعمال کرائیں۔ ضعف جگر کے لیئے ہمراہ مکھن اور ضعف معدہ کے لیئے ہمراہ شہد۔ برائے خفقان کیلئے ہمراہ خمیرہ گاؤزبان استعمال کرائیں (مجرب آزمودہ)

فولاد کا سالم ٹکڑا لے کر اس کو سرخ کرکے عمدہ پکے ہوئے تربوز کے پانی میں ایک سو ایک مرتبہ بجھائیں پھر ایک تربوز کے اندر رکھ کر چکنی مٹی سے پوٹ دیں اور گجپٹ کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں نہایت عمدہ سرخ رنگ کا کشتہ برآمد ہوگا۔ مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسب کے استعمال کریں۔

برادہ فولاد پانچ تولہ لے کر سات مرتبہ آب ترپھلہ میں بجھائیں اور علیحدہ رکھیں پھر ایک سیر دہی چینی کے برتن میں ڈال کر دو تولہ نوشادر ملا دیں اور دوسرے

برادہ فولاد ملا کر دھوپ میں رکھیں جب خشک ہو جائے تو کپڑ چھان کر لیں اس کے لعاب کنوار گندل سے کھرل کر کے ٹکیاں بنا لیں اور کوزہ گلی میں رکھ کر آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر کھرل کر کے بحفاظت رکھیں مقدار خوراک ایک رتی۔ گرم مزاج اشخاص کے لئے ہمراہ مکھن۔ تقویت قلب کے لیے ہمراہ طباشیر اور الائچی خورد ہموزن میں کھائیں۔ ضعف معدہ کیلئے جوارش مصطگی کے ہمراہ کھلائیں۔ ضعف جگر کے لئے دبید الورد کے استعمال کرائیے۔

نسخہ ہذا بہت سے طریقوں سے امراض میں استعمال کرایا جا سکتا ہے (حکیم ارشد علی قریشی)

برادہ فولاد کو مکوہ کے رس میں چالیس یوم کھرل کریں پھر ایک کوزہ میں ڈال کر بند کر کے بیس سیر اپلہ صحرائی کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ بمقدار خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن استعمال کریں ضعف جگر کے لئے مفید ہے۔

برادہ فولاد چار تولہ۔ شنگرف دو تولہ کو دودھ گھیکوار ایک سیر میں کھرل کر کے ٹکیہ بنائیں۔ اور کوزہ گلی میں بند کر کے گل حکمت کریں خشک ہونے پر گجیٹ کی آگ دیں۔ جب سرد ہو جائے تو گڑھے سے نکال لیں کشتہ سفید برآمد ہوگا۔ بمقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ مکھن یا حلوہ بیضہ مرغ کے دیں یہ قوت مردی کے لئے نایاب تحفہ ہے۔ موسم سرما میں کھانے سے چہرہ کو سرخ بنا دیتا ہے (مجرب ہے حکیم نور الدین صاحب قادیان)

برادہ فولاد پانچ تولہ۔ نمک شیشہ دس تولہ آرد گندم آدھ سیر اول آرد گندم کو خمیرہ کر کے نصف نمک آرد جو بند مذکور پر فرش کریں اور اس کے اوپر برادہ فولاد بچھائیں پھر اس کے اوپر نمک کے ساتھ فرش کر کے اور غلولہ بنا کر خشک کریں پھر گجیٹ کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر کھرل کریں۔ یہ تمام بلغمی مثل نزلہ و زکام۔ کھانسی میں اکسیر ہے خوراک ایک رتی سے دو رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسب کے استعمال کریں۔ (مجرب ہے)

نوٹ:- نزلہ و زکام کا علاج واحد ہے پرانے سے پرانا نزلہ خواہ کسی طرح کا ہو
اس کے چند روزہ استعمال سے مکمل آرام ہو جاتا ہے۔ ہر شخص کے لئے ترکیب استعمال
مزاج و خواص حالات کے مطابق لکھا جایا کریگا۔ اس لئے حالات مرض ضرور
لکھئے تاکہ مفید مشورہ دیا جاسکے۔ فی شیشی چار روپے بارہ آنے علاوہ خرچہ

پتا:- حافظ محمد عارف انبالوی مینیجر دواخانہ عظیمیہ رجسٹرڈ شہر جہلم پاکستان)

پوست بلیلہ زرد۔ آملہ ہر ایک پندرہ تولہ۔ برادہ فولاد عمدہ پانچ تولہ۔ بسوخ
بلوبیان۔ تخم شبت ہر ایک ایک تولہ سب کو نیم کوب کرکے چار سیر دودھ میں جاگ
لگا کر دہی جمائیں اور صبح کو یہ دہی لوہے کے کڑاہی میں ڈال کر اس قدر گھوٹیں
کہ گولیاں بنانے کے قابل ہو جائے۔ بمقدار نخود کلاں سفید کے گولیاں بنا کر سایہ میں
خشک کرکے بحفاظت رکھیں۔ حسب عمر ایک گولی سے تین گولی تک ہمراہ عرق کاسنی
و عرق مکو کے صبح کے وقت کھلائیں انشاء اللہ فوراً اپنے سریع الاثر ہونے کی گواہی
دیگا۔ یرقان کے سخت سے سخت مریض کو جبکہ وہ اٹھ بھی نہ سکتا ہو صرف ایک
گولی کھلائیں اور قدرت خدا کا کرشمہ دیکھیں (مجرب) حکیم عبدالرحمن صاحب عاقر وزیرآبادی

راز حقیقی جس سے تمام عمر بال سفید نہ ہوں اور عمر بھی بڑھے۔

برادہ فولاد کو سرکہ تیز میں دو دن رات تر رکھیں بعدہٗ کھرل کرکے ہانڈی
گلی خام میں رکھ کر منہ بند کرکے گل حکمت کریں اور خشک ہونے پر پانچ سیر دشتی
کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں پھر کھرل کرکے بدستور سابق چار بار آگ
دیں۔ پھر تھوہر کے دودھ میں مسلسل آگ دیں۔ پھر روغن کنجد سے بحق کرکے
آگ دیں۔ بعدہٗ شیرہ مدار اور زنجبیلہ وغیرہ میں یکے بعد دیگرے آنچ دیتے
رہیں۔ کلس کشتہ تیار ہے۔

کشتہ ہٰذا حب مدان مست جس کا مکمل نسخہ مجربات نور میں درج ہے کا جزو اعظم ہے۔ مقدار خوراک ایک رتی سے دو رتی تک ہمراہ مکھن اس کی ایک خوراک سے ہر قسم کی سردی گرمی کی زحمتیں زائل ہو جاتی ہیں۔ جملہ امراض شکم درد قولنج خون فاسدہ و یرقان کے لئے اکسیر ہے مقوی باہ ہونے کے باعث ممسک ہے بلغم سینہ و مسلسل بول سیلان منی۔ سیلان الرحم ہر قسم کے لئے مفید ہے اور معمول کے طور پر ہر سال ہر موسم سرما میں استعمال کرنے والا بوڑھا نہیں ہو گا۔ بلکہ ہمارا دعویٰ ہے کہ اس اکسیر کو تیار کر کے استعمال کریں اور پھر صد سالہ نوعمر جوان کے مقابلہ میں اول رہے گا (مجرب)

برادہ فولاد ایک تولہ۔ آب انار ترش میں ایک ہفتہ تر رکھیں پھر سیماب مصفیٰ چھ ماشہ شنگرف چھ ماشہ ملا کر کھرل کریں اور کوزہ گلی میں بند کر کے گل حکمت کریں خشک ہونے پر دس سیر اپلیوں کی گڑھے میں آگ دیں۔ اکیس مرتبہ آگ دینے سے کشتہ برنگ سفید برآمد ہو گا۔ مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ جوارش نواکہ یا جوارش جالینوس یا مکھن تازہ

ولائتی فولاد ایک تولہ۔ سہاگہ تیم بریاں پانچ ماشہ ملا کر اسقدر کھرل کریں کہ سفوف بن جائے بس اکسیر سرخ تیار ہے۔ مقدار خوراک موسم کے مطابق مکھن یا منقہ یا برگ پان میں رکھ کر کھلائیں اوپر سے شربت بزوری عرق گاؤ زبان ملا کر پئیں۔ یا چھ چھ گرام بلا مکھن نکلی نوش فرمایئے۔ تمام امراض دماغی و جگری و معدی اور سوء القنیہ استسقاء اورام بلغمیہ و ریاحیہ کیلئے مفید ہے۔ (مجرب) (حکیم انوار احمد صاحب لاہور)

ولائتی فولاد پانچ تولہ انار سفید سالم میں سوراخ کر کے بھر دیں اور آب پیاز سفید اس قدر ڈالیں۔ کہ ناریل بالکل بھر جائے پھر اس سوراخ کو بند کر کے چالیس یوم بند رہنے دیں۔ اس کے بعد اس کو کھرل کریں۔ مقدار خوراک ایک رتی سے دو رتی تک ہمراہ مکھن استعمال کریں۔ یہ آبی کشتہ ہے جو کہ جریان منی و زنان کیلئے یکساں

مفید ہے۔ سلسل البول بول الدام تولید منی کے لئے نہایت مفید ہے۔ نیز مغلظ و ممسک اور مقوی ہے خاص طور پر سیلان الرحم جو کمزوری رحم کی وجہ سے ہو اس کے لئے از بس مفید ہے۔

برادہ فولاد عمدہ باریک بیزہ کر کے کیکر پھلی کے پانی میں یا آب جامن میں تر رکھیں اور ہر چار دن کے بعد پانی تبدیل کرتے رہیں۔ پھر اس برتن نمناک میں ایک ماہ تک دفن رکھیں۔ بعد میعاد نکال کر پیس لیں مقدار خوراک ایک رتی سے دو رتی تک مکھن یا برگ پان بنگلہ یا بلا مکھن نکلی ہوئی چھاچھ سے کھلائیں۔ سخت سے سخت مریض کے لئے تین ہفتہ کا استعمال کافی و شافی ہے۔ ضعف جگر۔ بواسیر۔ نواسیر وغیرہ کے لئے مفید ہے جریان منی و سیلان الرحم کے لئے اکسیر صفت ہے۔ ضعف باہ کو دور کر کے امساک طبعی پیدا کرتا ہے۔ ضعف معدہ کو دور کر کے قوت بخشتا ہے (مجرب)

برادہ فولاد، شنگرف۔ نوشادر ہر ایک ہموزن لے کر شیرہ گھیکوار میں اکیس یوم کھرل کر کے قرص بنائیں۔ پھر کوزہ گلی میں بند کر کے حسب ضرورت یا چلد شتی کی گڑھے میں آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں کھرل کر کے بحفاظت رکھیں۔ مقدار خوراک ایک رتی سے دو رتی تک ہمراہ مکھن یا شہد عمدہ کے دیں۔ مقوی باہ اور ممسک ہے اس سے بیرونی گھی وغیرہ ہضم ہو کر چہرے کا رنگ سرخ مانند سیب کے ہو جاتا ہے۔

کشتہ فولاد سالم ڈلی برنگ سفید:۔ فولاد عمدہ ایک ٹکڑا وزنی چھ تولہ لیکر اس کو آب جامن میں اکیس مرتبہ بجھائیں۔ پھر تخم جامن ایک سیر کے درمیان فولاد کا ٹکڑا رکھ کر اپلہ صحرائی سے گجپٹ کی آنچ دیں۔ مانند بتاشہ کے پھولا ہوا سفید کشتہ برآمد ہو گا۔ مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ معجون شباب آور یا انوشدارو سادہ اور جوارش جالینوس کے ہمراہ بھی استعمال کیا جا سکتا ہے

برادہ فولاد باریک ایک سیر لے کر ایک گڑھے میں ڈال دیں پھر اس کے اوپر سفوف ہرڑ
سفوف بھیڑہ۔ سفوف آملہ ہر ایک ایک سیر لیکر ایک گڑھے میں ڈال دیں۔ آب برگ
جامن سے بھر دو اور جب یہ خشک ہو جائے تو اس کو لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر
تین گھنٹے مسلسل گھوٹیں پھر اس کڑاہی کو آگ پر چڑھا کر تیز آگ جلائیں حتیٰ کہ ہرڑ
بہیڑہ آملہ کا سفوف جل کر راکھ ہو جائے۔ اس راکھ کو پنکھے کی ہوا دے کر اڑا دیں باقی
نہ شدہ فولاد کو تھوڑی دیر ہلاتے رہیں یہ بالکل سُرخ مانند رنگ سرخ ہو جائے گا اور
اس میں سے چنگاریاں نکلیں گی۔ پس فوراً اس میں ایک سیر روغن زرد عمدہ خالص
ڈالئے پھر آگ خوب تیز کر دیں۔ یہ سیاہ رنگ کا حلوہ سا بن جائیگا۔ اور اس میں سے
بہت کڑوا دھواں نکلے گا۔ جس سے چہرے کو بچانا چاہیئے۔ صرف پندرہ منٹ کی تیز
آگ سے دھواں نکلنا بند ہو جائے گا اور گھی بھی جذب ہو جائے گا۔ اب آپ کے
سامنے یہ سیاہ رنگ کا سفوف ہے اور دس منٹ کی آنچ دیں یہ پھر مانند سُرخ کے
ہو جائیگا۔ چنگاریاں بھی نکلیں گی جب آپ یہ دیکھیں کہ گھی کی چکناہٹ اس میں نہیں رہی
تو آگ سے نیچے اتار لیں بس اکسیر اعظم تیار ہے یہ وہی نسخہ ہے جس کے متعلق ہم نے اپنی کتاب
مکمل جراحی میں وعدہ کیا تھا۔ کہ اکسیر اعظم کا مکمل نسخہ کسی دوسری تصنیف میں لکھونگا
لہٰذا آج حسب وعدہ پیش خدمت ہے بنائیں اور خادم کو دعائے خیر سے یاد کریں۔

ترکیب استعمال :۔ کمزور جسم کے لئے دہی کی گاڑھی لسی ایک تولہ کے ساتھ پہلے
دن ایک چاول اور دوسرے دن دو چاول دہی کی گاڑھی لسی دو تولہ تیسرے دن دہی
کی گاڑھی لسی تین تولہ اور اکسیر اعظم تین چاول علیٰ ہٰذا القیاس آٹھویں دن ایک رتی کے
ساتھ آٹھ تولہ دہی کی گاڑھی لسی کے ہمراہ استعمال کریں۔ ہمارا دعویٰ ہے کہ اگر کسی پژمردہ
کو ایک ہفتہ تک مندرجہ بالا طریق سے اکسیر اعظم کھلائیں گے تو کوئی پہچان نہ سکیگا

کر یہ وہ شخص ہے جس کو ایک ہفتہ قبل دیکھا تھا مختلف نوبان سے استعمال کرائیے انشاء اللہ تعالیٰ ہر مرض میں اسی طرح معجز نما اثر دکھائیگا۔ یرقان حبس بلی اور امراض مثانہ جگر و معدہ کے لئے بالخصوص اکسیر ہے۔ جریان منی۔ احتلام سرعت انزال سیلان الرحم کو دور کر کے بعید قوت بخشتا ہے۔ صدری مجربات میں سے ہدیہ ناظرین ہے۔

برادہ فولاد ایک تولہ۔ ایلوا عمدہ ۶ ماشہ میں کھرل کر کے لعاب کنوار گندل میں رکھ کر کوزہ گلی میں بند کر کے پانچ سیر اپلوں کی آنچ دیں اور یکہ بعد دیگرے سات مرتبہ بدستور یہ عمل کرنے سے کشتہ بر رنگ سرخ تیار ہو جائیگا۔ مقدار خوراک ایک رتی سے دو رتی تک ہمراہ مکھن یا جوارش جالینوس یا جوارش آملہ وغیرہ کے عمل میں لاویں مقوی جگر و مثانہ ہے۔

برادہ آہن عمدہ ایک تولہ سیماب تین ماشہ ہر دو کو لعاب گھیکوار میں کھرل کریں اور دو گھنٹے کھرل کرنے کے بعد کوزہ گلی میں بند کر کے گل حکمت کریں خشک ہونے پر ایک سیر اپلہ صحرائی کی آگ دیں۔ پھر نکال کر سیماب مصفےٰ چار ماشہ ملائیں اور دو گھنٹے شیر مدار میں کھرل کریں اس کے بعد بدستور سابق گڑھے میں ہوا سے بچا کر آنچ دیں۔ اسی طرح ہر دفعہ سیماب ایک ماشہ بڑھاتے جائیں اور یکے بعد دیگرے گیارہ مرتبہ اس کو دو گھنٹے شیر مدار اور لعاب گھیکوار میں کھرل کر کے آنچ دیں حتیٰ کہ بائیس آنچیں پوری ہو جائیں پھر دو گھنٹے کھرل کر کے بحفاظت شیشی میں رکھیں مقدار خوراک نصف رتی سے ایک رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسب کے دیں تمام قسم امراض باردہ و حار کیلئے اکسیر الصفت ہے۔

بڑے کلاک کی ناقابل استعمال کمانیاں کسی گھڑی ساز سے لیکر جس کا وزن چالیس تولہ سے کم نہ ہو کو اچھی طرح سے صاف کر کے ایک چینی کے برتن میں ڈال دیں پھر ایک بوتل تیزاب گندھک آملہ سار اور ایک بوتل تیزاب نمک اور ایک بوتل تیزاب شورہ ڈال دیں حتیٰ کہ تین ماہ گذر جائیں۔ اور کبھی کبھی سرپوش اٹھا کر دیکھتے رہیں سب سے پہلے اس

محلول کا سیاہ رنگ ہو جائیگا۔ آخر میں سب کا سب سفید ہو جائیگا۔ یہ اکسیر سفید کسی شیشی میں ڈال لیں۔ یہی فولاد سفید مومیائی کہلاتا ہے اور ہمیشہ ایسا ہی رہے گا۔ اس کے اوصاف اگر ہم کسی دوسری جگہ لکھیں گے دنیا بھر کے امراض کا یہ واحد علاج ہے اگر آپ چاہیں فولاد کو زہ گلی میں بند کر کے گل حکمت کریں اور خشک ہونے پر صرف پندرہ سیر مذکورہ اپلوں کی آگ دیں کشتہ برنگ سرخ باوزن ہوگا۔ کھرل کر کے بحفاظت رکھیں مقدار خوراک ایک رتی سے دو رتی تک ہمراہ مکھن یا معجون جالینوس خاص یہ مشتہی اور ہاضم مقوی وہبی آور مولد خون ہے۔ مختلف طریقوں سے استعمال کرائیں۔ ہر قسم کی کمزوری کیلئے اکسیر واحد ہے۔

برادہ فولاد دو تولہ کو چینی کے پیالہ میں ڈال کر ہاتھی سونڈی بوٹی کا پانی اس قدر ڈالیں کہ برادہ تر ہو جائے تین مرتبہ اسی طرح تر و خشک کریں بس فولاد مانند اکسیر کے تیار ہے اس کو شربت بزوری بارد کے ہمراہ موسم گرما میں استعمال کریں اور موسم میں جوارش آملہ یا انوشدارو سادہ یا جوارش جالینوس کے ہمراہ کھلائیں مقدار خوراک ایک رتی ضعف جگر کے لئے نایاب تحفہ ہے۔

برادہ فولاد ایک تولہ پارہ مصفٰے دس ماشہ شنگرف عمدہ ایک ماشہ سم الفار الکیات کو ہمراہ شراب برانڈی میں کھرل کریں پھر ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں رکھ کر منہ بند کر کے دو سیر اپلوں کی آنچ دیں پھر نکال کر شنگرف سنکھیا بمقدار بالا کھرل کر کے قرص بنا کر بطریق سابق عمل کے ساتھ آٹھ آنچ دیں اور اسی طرح اتنی آنچیں دیں بس کشتہ فولاد تیار ہے مقدار خوراک نصف رتی تک ہمراہ مکھن غذا مرغن کھائیں خون کی کمی سے جو مریض چارپائی سے اُٹھ نہ سکتے ہوں۔ ان کے لئے اکسیر اعظم ہے نامردی کے لئے مرغ کے بھنے ہوئے گوشت کے ساتھ صرف ایک ہفتہ کھلائیں بفضل خدا پیر صد سالہ بھی قوت مردانگی میں نوجوان سے ایک قدم آگے ہوگا۔ اگر اس کو بنا کر متواتر مناسب بدرقہ موافقہ سے استعمال

کرینگے تو بڑھاپے میں بال سفید نہ ہونگے اور ہر حیثیت میں جوان سے بہتر بلکہ عمر بھی طویل ہوگی۔ لیکن یہ تمام اوصاف مجرد رہنے پر رونما ہونگے مجرب آزمودہ فرمودہ

(حاجی محمد ابراہیم گوالیاری حال مقیم شہر جہلم)

سفوف زنجبیل چالیس تولہ ایک برتن گلی میں ڈال کر اس کے درمیان ایک تولہ برادہ فولاد رکھ کر اس برتن کو آب لیموں کاغذی سے بھر دیں جب یہ برتن خشک ہو جائے تو کڑچھی میں ڈال کر اس کے اوپر ایک پاؤ خرمات تازہ ڈالیں اور تیز آگ جلائیں حتیٰ کہ فولاد کے علاوہ سب کچھ جل جائے۔ پھر اس راکھ کو جو کشتہ فولاد کے اوپر آگئی ہے پنکھے کی ہوا سے اڑا دیں۔ کڑاہی میں گلابی رنگ کا کشتہ موجود ہوگا۔ اس کو بحفاظت حاصل کرکے کھرل کریں اور شیشی میں ڈال کر غلہ گندم میں چالیس یوم دفن رکھیں۔ مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ مکھن مولد خون ہے ضعف جگر کو مفید ہے۔

برادہ فولاد پارہ طوطیا سبز، ہر ایک چار تولہ کو تین سو پچاس لیموں کے عرق میں کھرل کرلیں پھر زرد چھلکے جو شامل ہے میں سات روز کھرل کریں پھر ہلدی سبز کے خیساندہ میں سات یوم کھرل کرکے قرص بنالیں اور پارچہ کی پوٹلی کے درمیان رکھ کر سات مرتبہ پختہ گل حکمت کریں خشک ہونے پر مناسب آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں۔ مقدار خوراک ایک رتی تک حسب برداشت ہمراہ مکھن گائے تازہ۔ مقوی باہ ہے اور مصفی خون ہے۔ آتشک کیلئے اکسیر الصفت ہے۔ پرانے سے پرانا آتشک صرف ایک ہفتہ تک دفع ہو جاتا ہے اور ہماری اکسیر مصفی کا جزو اعظم ہے (صدری مجربات)

برادہ فولاد ۲ تولہ میں آب لیموں ڈالدیں۔ بارہ گھنٹے کے بعد دوسرا عرق لیموں ڈال دیں پھر تیسری مرتبہ بارہ گھنٹے کے بعد آب لیسن وآب بہاد میں پینتالیس گھنٹے کھرل کریں پھر غلولہ بنا کر آبخورہ میں بند کرکے گل حکمت کریں خشک ہونے پر پانچ سیر اپلوں کی

آنچ دیں سرد ہونے پر نکال کر دو تولہ عرق لہسن و پیاز میں کھرل کریں بدستور آنچ دیں جب اسی طرح آٹھ آنچیں پوری ہو جائیں تو کھرل کر کے بحفاظت رکھیں۔ مقدار خوراک ایک رتی سے دو رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسب کے استعمال کرائیں۔ قوت باہ کیلئے اکسیر ہے اور مقوی معدہ و جگر ہے۔ نیز گردہ کو نافع ہے۔

برادہ فولاد ایک پاؤ میں چار تولہ شورہ اور چار تولہ اسگندھ ملا کر گھیکوار کے گودہ میں کھرل کر کے ارنڈ کے پتہ پر لیپ کریں پھر اس کو لپیٹ کر سات مرتبہ کپڑ مٹی کریں خشک ہونے پر گجیٹ کی آگ دیں اگر آپ کے تجربہ میں کشتہ نامکمل ہو تو ایک مرتبہ پھر یہی عمل کریں۔ کشتہ بے نظیر تیار ہوگا ضعف جگر ضعف معدہ و یرقان کیلئے مفید ہے اور بحید مولد خون ہے

ولائتی فولاد ایک تولہ۔ سم الفار ایک رتی۔ طباشیر کبود تین تولہ دانہ الائچی خورد ایک تولہ سب کو ایک ہفتہ کھرل کریں۔ پھر چوتھائی حصہ کوزہ مصری ملا کر تین یوم کھرل کر کے بحفاظت رکھیں مقدار خوراک ایک رتی سے دو رتی تک۔ مقوی باہ و مقوی معدہ ہے

جوہر فولاد:۔ برادہ فولاد تین تولہ۔ نوشادر دو تولہ۔ گندھک آملہ سار ایک تولہ ہر سہ اجزا کو خشک و صاف کر کے دو پیالوں میں بند کریں اور ان کے لبوں کو بند کر کے معمولی آنچ پر رکھ کر جوہر اڑائیں جو جوہر اوپر کے پیالے میں جا لگے اس کو نیچے کے تفل میں ملا کر کھرل کریں اور بدستور جوہر اڑائیں۔ اغلب ہے کہ سات مرتبہ کے عمل سے تمام فولاد جوہر بن کر اوپر کے پیالہ میں جا لگیگا۔ اس کو کھرل کر کے بحفاظت رکھیں مقدار خوراک نصف رتی۔ ماہرین فن مناسب موقعوں پر استعمال کرا کر معجز نما کرشمہ ملاحظہ فرماویں۔ اکسیر الصفت ہے۔

جوہر فولاد:۔ برادہ فولاد نوشادر۔ پارہ۔ گیسیں ہر ایک ہموزن کو لعاب کنوار گندل میں کھرل کر کے خشک ہونے پر بطریق

معروف جوہر اُڑائیں بعد ازاں اوپر کے جوہر اور نچلے ثقل کو ملا کر کھرل کریں پھر بدستور جوہر اڑائیں حتیٰ کہ تمام جوہر بن جائے۔

جوہر فولاد:۔ برادہ فولاد۔ نوشادر۔ گندھک آملہ سار۔ ہیرا کسیس۔ برادہ چاندی ہر ایک ایک تولہ کو شیر مدار میں کھرل کر کے دو پیالوں میں رکھ کر بدستور جوہر اڑائیں اور ہر مرتبہ عرق گلاب سہ آتشہ سے کھرل کر کے ثقل اور جوہر کو کھرل کرتے چلے جائیں۔ جوہر اڑاتے رہا کریں حتیٰ کہ تمام جوہر ثقل بن کر اوپر کے پیالے میں جا لگے۔ پس اکسیر اعظم تیار ہے۔

نوٹ:۔ یہ وہ نسخہ جوہر فولاد ہے جس کے متعلق ہم نے اپنے سابقہ ایڈیشن میں وعدہ کیا تھا جو آج ہدیہ ناظرین ہے۔ بنائیں اور قدرت خداوندی کا اعتراف کرتے ہوئے فقیر کو دعائے خیر سے یاد کریں (صدری مجربات)

عرق فولاد:۔ سنا رکی۔ بادیان تخم سنبھالو۔ تخم کرفس۔ بیخ کبر سہاگہ۔ دار فلفل فلفل گرد۔ زنجبیل انیسوں۔ نمک لاہوری۔ نمک سانبھر نمک شورہ۔ سداب صبر سقوطری۔ نوشادر۔ ترید سفید خراشیدہ ہر ایک ۹ ماشہ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ آملہ۔ پوست بلیلہ ہر ایک ایک تولہ تخم کاسنی اجوائن ہر ایک پانچ تولہ۔ قند سیاہ کہنہ آدھ سیر۔ برادہ آہن تین پاؤ۔ جملہ ادویہ جوکوب کر کے دس سیر پانی ملا کر برتن چوب میں ڈالیں اور سرپوش دے کر چالیس دن تک سرگین اسپ میں تا گلو دفن کریں۔ پھر نکال کر بطریق معروف عرق کشید کریں یہ عرق مہا سن جارہے۔ سوء القنیہ اور طحال کے لئے مجرب ہے عرق مذکور بقدر ۲ تولہ ہمراہ شربت بزوری اثرادہ تولہ۔ عرق کاسنی۔ عرق بادیان۔ عرق گلاب ہر ایک پانچ تولہ دو ہفتہ تک نوش فرما کر قدرت خدا دیکھئے۔

عرق فولاد ۱ :- برادہ فولاد - قند سیاہ ہر ایک ایک پاؤ - برادہ آہن چوب منتشر - پوست ہلیلہ زرد ہر ایک ایک سیر چرب برتن میں بارہ سیر پانی کے ہمراہ ڈال کر دھوپ میں رکھیں اگر موسم سرما ہو تو زمین میں دفن کریں اور دو ہفتہ کے بعد نکال کر عرق کشید کریں - مقدار خوراک ایک تولہ سے ڈیڑھ تولہ تک ہمراہ عرق گلاب سہ آتشہ کے دیں یہ مقوی معدہ و جگر ہے اور دافع یرقان ہے - بھوک بڑھاتا اور چہرے کو سرخ بناتا ہے - اعضاء شکنی کے لئے مفید ہے بدن میں چستی پیدا کرتا ہے دافع سیلان الرحم ہے - سرعت انزال کے لئے مفید ہے مجرب

(حکیم مولوی سید دیدار علی شاہ صاحب آلوری مرحوم)

عرق فولاد ۲ :- برادہ آہن سوا سیر - پوست تولہ - اذخر ہر ایک سیر - کاجو چار سیر - برگ سنبھالو - اجوائن - پوست نرچھلہ ہر ایک آدھ سیر پوست جامن - پوست ببیل - پوست نیم - پوست نیل - برگ جھاؤ - کاسنی ہر ایک ایک سیر کشمش دو سیر بہمن سفید چار تولہ - قند سیاہ کہنہ دو سیر - تخم گھیکوار دو سیر - شیر شتر دس سیر - شیر بز چار سیر سب ادویہ کو نیم کوب کر کے مٹکے میں ڈال دیں پانی اس قدر ہو کہ سب ادویہ کا وزن بیس سیر ہو جائے سرپوش مضبوطی سے بند کر کے پندرہ روز گل خندہ سرگیں مادہ گاؤ سے میں نیچے اوپر لیداسپاں رے کر دفن کریں - بعد میعاد نکال کر عرق کشید کریں یہ عرق لہاسن بارد کہلاتا ہے مقدار خوراک پانچ تولہ تک علی الصبح ہمراہ شربت دینار دو تولہ اور عرق گلاب پانچ تولہ یہ تپ کہنہ - ضعف جگر - سوء القنیہ یرقان اور طحال کو رفع کرتا ہے - مقوی باہ اور مقوی بدن و اعضاء رئیسہ ہے - بدن کو فربہ اور اعضاء کی سستی کو دور کرتا ہے - خون صالح پیدا کرنے میں اپنا ثانی نہیں رکھتا -

عرق فولاد:- برادہ فولاد آدھ سیر - زنجبیل - زیرہ سیاہ - فلفل دراز ہلیلہ بلیلہ آملہ - مویز منقہ - اسطوخودوس - تیزپات بادیان - گل دھاوا - ہر ایک دس تولہ - اجوائن - بارتنگ - سعد کوفی ہر ایک ایک پاؤ - برگ پان بنگلہ پانچ عدد - عسل خام ڈھائی پاؤ - قند سیاہ کہنہ تین سیر پانی خالص پندرہ سیر - سب ادویہ کو مع پانی مٹکے میں ڈال کر منہ بند کرکے دو ہفتہ تک زمین میں دفن کریں - جب جوش کھا کر بیٹھ جائے اس کا عرق بقدر پانچ سیر کشید کریں - مقدار خوراک پانچ تولہ صبح شام ہمراہ عرق گلاب و شربت سرور افزا کے دیں - بواسیر یرقان سوء القنیہ و ہر قسم امراض معدہ اور اسہال صادق کے لئے مفید ہے (مجرب ہے)

(حکیم قاضی شمس الدین صاحب سنیاسی) (بیتاپوری)

عرق فولاد:- برادہ فولاد گھڑیوں کے باریک سپرنگ دس تولے کر چھتیس تولہ نمک کے تیزاب میں ڈال دیں پھر اس پر سترہ تولہ پانی آہستہ آہستہ کرکے ڈالیں پھر اس لوہے یا چینی کے برتن کو بالوجنتر پر آگ کی گرمی پہنچائیں - جب جوش کھانا موقوف ہو جائے تو آنچ تیز کرکے ایک جوش دیکر اتار لیں - اور ریت کے فلٹر سے چھان لیں جو سیال چھن کر حاصل ہو اس کے اندر سترہ تولہ نمک کا تیزاب ڈالیں پھر ایک کھلے پیالہ میں پچاس تولہ شورہ کا تیزاب ڈال کر چھنا ہوا مرکب ملائیں اور بالوجنتر پر گرم کریں تاکہ ایک گاڑھا سیال بن جائے - اس سیال میں اڑھائی تولہ نمک کا تیزاب ڈالیں اور عرق گلاب سہ آتشہ اس قدر ملائیں کہ کل وزن چھتیس تولہ ہو جائے اب مندرجہ ذیل ادویہ اس میں شامل کر دیں۔

جائفل پندرہ تولہ - ایلوا خالص - دس تولہ - اجوائن خراسانی آٹھ تولہ زعفران دو تولہ جملہ ہر چہار اشیا کو باریک کر کے سردائی کی طرح گھوٹیں پھر اس میں پندرہ تولہ شراب مقطر یعنی الکحل ڈال دیں اور کسی تیج یا چینی کی سلاخ سے ہلاتے رہیں تین یوم کے بعد مقطر کر لیں پھر اس میں اس قدر پانی ملائیں کہ کل وزن چالیس تولہ ہو جائے یہ ساری دوائی پہلی دوائی کے اندر ڈال دیں یہ ایک سیاہ رنگ کا نہایت تیز عرق فولاد بن جائے گا۔

نمبر ۱۔ بالو جنترے گرم کرنے کی ترکیب یہ ہے۔ کہ ایک پختہ ہانڈی میں موٹی چمکدار ڈال کر آگ پر رکھیں جب اس ریت پر دانے بھٹنے لگ جائیں تو دوا کا پیالہ اس پر رکھ کر گرم کریں بہتر ہے کہ لوہے کی کڑاہی میں ریت ڈال کر گرم کریں۔

نمبر ۲:۔ ریت کا فلٹر اس طرح بنایا جاتا ہے کہ بوتل پر پیک رکھ کر اس پر ایک جاذب کاغذ رکھ کر ریت ڈال دیں۔ پھر بھی عرق فولاد ہے جس سے حب نشاط کھرل کر کے تیار کی جاتی ہے مقدار خوراک پانچ قطرے سے دس قطرے تک ایک چھٹانک عرق گاؤ زبان کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

فوائد:۔ مقوی باہ ممسک۔ مفرح۔ خون افزا۔ دافع ورم طحال ہے۔ مقوی جگر دافع سرعت انزال۔ احتلام جریان۔ سیلان الرحم۔ ضعف جگر اور حبس ہے۔

نوٹ:۔ بخلاف مرکبات فولاد خالص نہیں اگر بیمار کو کھانسی ہو تو دس قطرے دوا میں گلیسرین ملا کر بعد غذا صبح یا شب کو سوتے سے قبل استعمال کرائیں (مجرب آزمودہ)

اس عرق فولاد کا ہونا ہر مطب میں ضروری ہے چونکہ اس قدر سریع التاثیر ہے کہ انسان کی ایک خوراک کو معجزہ کہنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ قبلہ جناب احمد حسن صاحب شفاء الملک بانی عظیمیہ دواخانہ کو پنڈت کٹھاکر دت شرما نے جب امرت دھارا

کی سلور جوبلی ۱۰ مارچ ۱۹۱۵ء میں شرکت کی دعوت دی تو آپ نے تحفہ کے طور پر
چند نسخے جو آپ کے سربستہ سینے کا راز کہلاتے تھے عنایت کئے ان میں ایک نسخہ یہ بھی
تھا جس کو ہم عرق فولاد کے نام سے ہدیہ ناظرین کر رہے ہیں اور اسی زمانہ سے عظیمیہ
دواخانہ سے ہر سال تیار کیا جا رہا ہے بنائیں اور مخلوق خدا کو فائدہ پہنچائیں۔ صحیح
معنوں میں اس وقت ملک کی یہ خدمت قابل قدر ہے کہ محنت و جانفشانی سے
صحیح اجزا کے ساتھ دوائیں تیار کر کے دی جائیں جب کہ ملک کے ہر فرد و بشر کی صحت
خطرے میں ہے اور طبابت ایک دکانداری بنی ہوئی ہے اگرچہ خدمت خلق کا یہ
واحد ذریعہ تھا۔ مگر افسوس آج اس کے برعکس عمل ہو رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ توفیق
بخشے کہ ہم لوگ صحیح معنوں میں خدمت خلق کا ذریعہ بن سکیں۔ الراقم حکیم نور احمد ثاقب
عظیمیہ دواخانہ رجسٹرڈ شہر جہلم۔ معمول مطب مرکبات درج ذیل ہیں (صدری)

حب فولاد:۔ عقرقرحا ایک تولہ۔ ریگ ماہی ایک تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۹ ماشہ
بیخ بند ۹ ماشہ۔ سنبل الطیب ۹ ماشہ۔ فلفل مدار ۹ ماشہ۔ بیخ سنبل ایک تولہ۔ جملہ
ادویہ کو باریک پیس کر کپڑ چھان کر لیں اور کشتہ فولاد پارہ والا ایک تولہ۔ زعفران ایک
تولہ شیر برگد دس تولہ میں کھرل کر کے نخودی گولیاں بنا لیں۔ مقدار خوراک ایک ایک
گولی علی الصبح تازہ دودھ یا موسم کے لحاظ سے مناسب بدرقہ کے استعمال کرائیں
نہایت سریع التاثیر ہیں۔ سیلان الرحم۔ جریان۔ اور احتلام کو فوراً بند کرتی ہے بشرطیکہ
امراض کمزوری یا حدت جگر کا باعث ہوں۔

حب مبہی خاص:۔ شقاقل مصری۔ تخم پیاز سفید۔ تخم گندنا۔
ثعلب مصری۔ تخم جرجیر ریگ ماہی۔ گرشش خرما
ہر ایک دو تولہ سب کو مانند میدہ بنا لیں چڑیوں کے مغز دو تولہ ملا کر کھرل

کریں۔ بعد ازاں مشک نیپالی اور کشتہ فولاد شنگرف وسم الفار چھ چھ ماشہ شامل کر
کے تبزیات کے پانی میں کھرل کریں اور شہد کی مدد دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنائیں
مقدار خوراک ایک گولی سے دو گولی تک ہمراہ ماء اللحم طیوری یا پانچ تولہ کے یا
دودھ کے عمل میں لاویں۔ بید مقوی باہ اور مقوی اعصاب ہے جسم میں توانائی
پیدا کرتی ہے اور خاص کر کثرت مجامعت سے پیدا شدہ تمام نقائص کو دور کرتی ہے۔

حب جریان:- اجوائن خراسانی۔ تخم بنلوفر۔ تخم خشخاش سفید۔ کتیرا گوند ببول۔ افیون۔ تخم کاہو۔ ستاور۔ مغز تخم کدو شیریں
تالمکھانہ ہر ایک ایک تولہ۔ شیر برگد۔ اس قدر کہ تمام ادویہ تر ہو جائیں۔ پھر
کشتہ فولاد شامل کر کے کھرل کریں اور شہد کی مدد سے نخودی گولیاں بنائیں
مقدار خوراک ایک گولی ہمراہ پانی یا دودھ کے استعمال کریں۔ احتلام اور سیلان الرحم
کیلئے مفید ہے۔ جریان کو چند یوم میں بند کرتی ہے۔

نوٹ:- اگر محض سیلان الرحم کے لئے ہی بنانا چاہیں۔ تو نسخہ ہذا میں ایک تولہ
پوٹاسیم برومائیڈ ملا کر گولیاں بنائیں۔ مردوں کے لئے پوٹاشیم برومائیڈ نقصان
دہ ہے۔ اس لئے اطباء نے منع کیا ہے۔

حب ارشدی خاص:- سنکھیا سفید۔ ہڑتال طبقی۔ شنگرف رومی ہر ایک ایک تولہ سب کو ایک سو ایک
آب لیموں میں کھرل کریں۔ جب گولیاں بننے کے قابل ہو جائے تو جوہر فولاد ۶ ماشہ
شامل کر کے شہد کی مدد سے دانہ مسور کے برابر گولیاں بنا لیں۔ مقدار خوراک
ایک ایک گولی صبح شام ہمراہ مکھن کھائیں گھی دودھ کا استعمال خوب کریں ترش
اور بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔ اعلیٰ درجہ کی مقوی باہ ہے جسمانی قوت کے

لئے نایاب تحفہ ہے۔ چہرہ کے رنگ کو نکھارتی ہے۔ اگر بڑھاپے میں جوانی کا لطف اٹھانا ہو تو حب ارشدی خاص کا استعمال کیجئے بوڑھوں کے لئے آب حیات کام دیتی ہے۔ نوٹ:۔ بہتر تو یہ ہے کہ چالیس سال سے کم انسان استعمال نہ کریں باقی معالج کی مرضی پر منحصر ہے اگر وہ تدارک کر سکے تو ہر عمر میں مفید ہے۔

حب جدوار فولادی:۔ ایک سالم ناریل کو اوپر سے چھیل کر ایک پیسہ برابر ٹکڑا کاٹیں اور افیون خالص پانچ تولہ جدوار خطائی ۹ ماشہ۔ زعفران ساڑھے چار ماشہ باریک کر کے اس میں بھر دیں پھر کٹے ہوئے ٹکڑے سے سوراخ کو بند کریں اور ناریل پر آرد ماش گوندھ کر ایک انگشت بھر موٹا لیپ کر دیں اور دس سیر گھی میں ڈال کر پکائیں جب دودھ کھویا بن جائے تو ناریل کو گھی میں بھون لیں۔ یہاں تک کہ اوپر کا آٹا سرخ ہو جائے اس کے بعد آٹا دور کر کے ناریل کو دواؤں سمیت کوٹیں جب خوب باریک ہو جائے تو اس میں سے ساڑھے سات تولہ لیکر اس میں عنبر۔ روغن بلسان ہر ایک دو ماشہ جائفل اجوائن خراسانی۔ گوند ببول ہر ایک سوا دو ماشہ۔ جاوتری۔ بہمن سرخ بہمن سفید۔ مایہ شتر اعرابی بادرنجبویہ ہر ایک ساڑھے چار ماشہ۔ مصری ایک تولہ۔ عنبر کو بلسان میں حل کر کے تیار شدہ ناریل میں ملا دیں اور اس کے بعد تمام دوائیں تیار کر دیں تر کر کے عرق فولاد جس کی مقدار خوراک پانچ قطرے ہے ڈھائی تولہ شامل کریں اور سب کو کھرل کر کے نخودی گولیاں بنا لیں اور ان پر چاندی کے ورق چڑھا لیں۔ مقدار خوراک ایک گولی شہد سے میٹھا کئے ہوئے دودھ کے ساتھ شام کو کھائیں۔ جریان۔ سرعت انزال اور ضعف باہ کے لئے مفید ہے۔ دائمی نزلہ بند کام کو دور کرتی ہے۔ پرانی کھانسی کیلئے مفید ہے۔ اطبا کے معمول مطب ہے خاص طور پر نسخہ مرتب کر کے صدری مجربات میں لکھا گیا

ہے۔ مختلف طریقوں سے اکثر امراض میں استعمال کرائی جاتی ہے۔

حب جواہر:۔ کشتہ طلا فولاد والا۔ مروارید ناسفتہ۔ بیخ مرجان ہر ایک پانچ ماشہ۔ یشب سبز تین ماشہ۔ عقیق سرخ تین ماشہ۔ یاقوت سرخ یاقوت نیلم فیروزہ ہر ایک چار ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی سات ماشہ۔ نارجیل دریائی زعفران ہر ایک دو ماشہ۔ مشک نیپالی۔ ورق نقرہ۔ عنبر اشہب ہر ایک ۴ ماشہ۔ عرق بید مشک ایک پاؤ۔ عرق گلاب سہ آتشہ ایک پاؤ۔ سب کو ایک جگہ جمع کر کے نہ گھسوائے کھرل میں اس قدر کھرل کریں کہ نخودی گولیاں بن سکیں پھر ان پر ورق طلا چڑھا کر بحفاظت رکھیں۔ مقدار خوراک ایک گولی ہمراہ بدرقہ مناسب کے نوش فرمائیں۔ یہ حرارت غریزی کو برانگیختہ کرتی ہے اور اعضائے رئیسہ کو قوت دیتی ہیں۔ جسمانی کمزوری یا مرض کے بعد کی نقاہت کو دور کرتی ہے

حب اکسیر خاص:۔ مصطگی رومی۔ طباشیر کبود۔ قرنفل۔ جاوتری۔ جائفل بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ دارچینی۔ شقاقل مصری۔ زنجبیل درونج عقربی۔ عود ہندی۔ عود صلیب۔ جدوار خطائی ہر ایک ایک ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی۔ عنبر اشہب مشک خالص۔ مروارید ناسفتہ۔ ہر ایک دو ماشہ۔ بیر بہوٹی عمدہ تازہ پانچ عدد۔ مغز سر گنجشک نر خانگی ہر ایک تین ماشہ ورق طلا سات عدد کشتہ فولاد مرکب چھ ماشہ۔ روغن پستہ بقدر ضرورت۔ جملہ تمام اشیاء کو ہمراہ عرق ماء اللحم کھرل کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔ مقدار خوراک ایک گولی سونے سے قبل گائے کے دودھ کے ساتھ جس کو شہد سے شیریں کیا گیا ہو استعمال کریں۔ ضعف دل و دماغ کو مفید ہے۔ ضعف اعصاب کیلئے اکسیر اعظم ہے اور باہ کی تمام کمزوریوں کو دور کرتی ہیں۔ سیلان الرحم اور اختناق الرحم کیلئے بھی مفید ہے۔ غرضیکہ کثرت جماع کی تمام کمزوریوں کو دور کر کے از سر نو تازگی بخشتی ہیں۔ بلغمی اور سوداوی مزاج کے مریضوں کے لئے ان کا استعمال ہرگز

جائز نہیں۔ جو اصحاب خود نہ بنا سکیں ہم سے طلب کریں۔ خط و کتابت جوابی ہونی چاہیئے۔ اگر آپکو نسخہ کے سمجھنے میں دقت ہو تو اس وقت تک ہرگز ہرگز بنانے کی کوشش کریں۔ جب تک کہ اس کے افعال و خواص سے آپ کو پوری واقفیت نہ ہو جائے خط و کتابت کیلئے پتہ۔ حکیم نور احمد ثاقب عظیمیہ دواخانہ رجسٹرڈ جہلم (پاکستان)

شربت فولاد:۔ پوست ہلیلہ زرد۔ آملہ خشک۔ بلیلہ عمدہ۔ صندل سفید۔ بارہنگ نیز بات۔ الائچی کلاں۔ صعتر فارسی۔ افسنتین رومی۔ بادیان۔ فلفل دراز۔ سنبل الطیب۔ تخم کشوث۔ زیرہ سفید۔ گل سرخ۔ جملہ تمام اشیاء کا بطریق معروف عرق کشید کریں۔ پھر عرق فولاد ملا کر عرق مذکور کے ہمراہ شربت بنائیں۔ مقدار خوراک ایک تولہ صبح شام ہمراہ لو۔ شیر گرم ضعف جگر و معدہ کیلئے مفید ہے۔ کمزوری جسم ہر قسم کے لئے آب حیات ہے۔

اطریفل فولادی:۔ پوست ہلیلہ زرد ایک تولہ چار ماشہ۔ مویز منقیٰ۔ پیپلی۔ نمک لاہوری۔ ہر ایک دو تولہ آٹھ ماشہ۔ ستاور سات تولہ۔ اصل السوس مقشر آٹھ تولہ۔ پوست آملہ بیس تولہ۔ روغن بادام شیریں دس تولہ۔ مصری آدھ سیر۔ شہد خالص تین پاؤ۔ خشک دوائیں کو کوٹ چھان کر روغن بادام میں چرب کر لیں۔ مویز منقیٰ کو پیس کر مصری اور شہد کے قوام میں ملائیں پھر جملہ ادویہ ملا کر کشتہ فولاد سرد ایک تولہ آٹھ ماشہ شامل کر دیں ٹھنڈا ہونے پر کسی مرتبان میں ڈال کر بیس یوم بند رہنے دیں۔ اس کے بعد استعمال کریں۔ مقدار خوراک چھ ماشہ صبح یا شام کو ہمراہ عرق گاؤزبان دس تولہ کے دیں۔ خونی اور بادی بواسیر کے لئے نیز بہتر ہے۔ موتیابند یعنی نزول الماء کو نافع ہے۔ درد شقیقہ کیلئے بھی مفید ہے معدہ و جگر کو قوت دیتا ہے (عطیہ جناب پنڈت مول چند صاحب وید شرما آنند امرت دھارا بھون ریلوے روڈ لاہور۔

چندر پربھاوٹی:- کچور۔ بچھ۔ ناگرموتھ۔ چرائتہ۔ گلو خشک۔ ہلدی
اتیس۔ دارہلد۔ پیلامول۔ چینہ ہندی۔ دھنیہ۔ ترپھلہ۔ چیپ۔ بائبڑنگ
گنج پیپل۔ زرکٹا۔ سونامکھی۔ سجی کھار۔ نمک سندھیا۔ نمک سونچر۔ نمک سانبھر
ہر ایک ۶ ماشہ۔ لسنوت۔ بیخ جماگھڑہ۔ پترج۔ الائچی۔ بنسلوچن ہر ایک دو تولہ
سلاجیت اور گوگل کو پانی میں ملا کر شامل کریں۔ متواتر چھ گھنٹے کھرل کر کے
تین تین رتی کی گولیاں بنا کر رکھیں۔ مقدار خوراک ایک گولی علی الصبح دودھ
یا پانی یا عرق بادیان کے ہمراہ کھلائیں نہایت مفید ہے بدہضمی ورم خصیہ
بھگندر۔ بواسیر۔ ذیابیطس۔ احتلام۔ جریان۔ سیلان الرحم۔ پتھری۔ ریگ
اور گردہ مثانہ کے امراض میں مفید ہے۔

نوٹ:- ہمارے دواخانہ میں ان ہی کا نام حب ہاضم رکھا ہوا ہے فی الواقع
مندرجہ بالا امراض میں میں نے ان گولیوں کو تیر بہدف پایا ہے آپ بھی بنائیں اور فائدہ اٹھائیں مجرب

اکسیر جگر:- نوشادر۔ ریوند چینی۔ ہر ایک دو تولہ۔ شورہ قلمی چار تولہ۔ جوہر
فولاد گندھک والا ایک تولہ۔ صندل سفید۔ زیرہ سفید ہر
ایک ۹ ماشہ۔ فلفل سفید ۶ ماشہ۔ سب کو کوٹ چھان کر کھرل کریں مقدار
خوراک چار رتی۔ ہمراہ عرق بادیان یا عرق مکو کے استعمال کرائیں۔ درد جگر
ضعف جگر اور عظم جگر وغیرہ کے لئے نافع ہے۔

حب شباب مرواریدی:- ست سلاجیت ڈھائی تولہ۔ کچلہ مدبر
ڈھائی تولہ۔ کشتہ فولاد دو تولہ۔ فلفل
سیاہ ایک تولہ۔ زعفران چھ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ایک تولہ ایک ماشہ۔ کشتہ
چاندی مرکب ڈیڑھ تولہ۔ جملہ تمام دواؤں کو شیر برگد میں کھرل کر کے شہد

کی مدد سے گولیاں بوزن ایک رتی بنائیں اور گولیوں پر طلائی ورق چڑھائیں مقدار خوراک ایک گولی روزانہ صبح کے وقت ہمراہ شیر گرم کے استعمال کریں۔ سرعت انزال۔ جریان۔ احتلام۔ کمزوری جسم کمی خون۔ بواسیر اور دائمی قبض۔ ضعف ہاضمہ کے لیے مفید ہے جگر کو قوت دے کر خون صالح پیدا کرتا ہے (مجرب آزمودہ)

حب مرنجل خاص:- تلبیہ مربہ چار ماشہ۔ مومیائی ڈھائی ماشہ۔ زعفران ایک تولہ۔ جائفل سالم دو عدد۔ فلفل دراز ڈیڑھ تولہ۔ سہاگہ بریاں سوا تولہ۔ تخم کثائی خوردہ ۹ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ایک تولہ۔ طباشیر کبود ایک تولہ۔ ریگ ماہی عمدہ ایک تولہ۔ موچرس اڑھائی تولہ تمام دواؤں کو باریک پیس کر آب برگ مرنجل سبز۔ تین تولہ میں کھرل کریں جب یہ خشک ہو جائے تو کشتہ فولاد سہ آتشہ۔ کشتہ قلعی۔ بھنگ والا کشتہ۔ شنگرف مرکب شامل کریں اور شہد کی مدد سے گولیاں بنالیں۔ گولی بوزن نصف رتی ہو پھر اس پر چاندی کے ورق چڑھادیں اور بحفاظت رکھیں۔ مقدار خوراک ایک گولی سے تین گولی تک ہمراہ شیر گاؤ یا مکھن تازہ کے استعمال کریں۔ مقوی باہ بھی اور مشتہی ہے۔ دافع بلغم اور بلغمی بخاروں کے لیے ہے (مجرب)

نوٹ:- اس نسخہ میں حب بوٹی کا ذکر ہے اگر اس کی شفاعت مقصود ہو تو خزنیۃ الارض ڈالیں۔ [illegible]

سفوف جریان:- جائفل جلوتری۔ قرنفل۔ زعفران۔ تخم اوٹنگن۔ تخم کاہو۔ افیون۔ ہر ایک ایک تولہ تین ماشہ۔ رت سلاجیت:- بیخ بند۔ مغز پنبہ دانہ۔ تخم سریالہ ہر ایک ۹ ماشہ۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ سنبل۔ موصلی۔ خولنجاں ہر ایک ایک تولہ۔ رکیس برگہ پانچ تولہ۔ سب کو باریک پیس کر کشتہ قلعی۔ کشتہ پوست مرغ۔ کشتہ مرجان۔ ہر ایک ایک تولہ دو ماشہ۔ کشتہ

فولاد مرکب تین تولہ - کوزہ مصری کھرل شدہ اس قدر ملائیں کہ ذائقہ تبدیل ہو جائے مقدار خوراک ایک ماشہ سے دو ماشہ تک ہمراہ شیر گرم - غذا مرغن کھائیں - احتلام جریان اور سرعت انزال کے لئے مفید ہے - حدت مثانہ کو رفع کرتا ہے مقوی اعضا رئیسہ ہے

نوٹ :- نسخہ ہذا آج تک ہمارے معمول میں ہے اور جملہ مرقومہ امراض کا شافی علاج ہے

اکسیر فولاد شاہی :- زعفران دو تولہ - مشک نیپالی عنبر اشہب - کشتہ فولاد - جملہ تمام دواؤں کو شیر میں گیارہ یوم تر رکھیں بعد ازاں بذریعہ آگ خشک کر کے ورق طلا نقرہ ۶ ماشہ ملا کر بحفاظت رکھیں مقدار خوراک ایک ماشہ تک ورق تازہ یا شیر گرم بوقت صبح استعمال کریں جریان احتلام سیلان الرحم سرعت انزال اور نامردی کیلئے مفید ہے -

اب یہاں سے کشتہ جات خبث الحدید شروع ہوتا ہے اسی کو منڈور یا منور کہتے ہیں

کشتہ جات خبث الحدید :- منور پرانا آدھ پاؤ لے کر آگ میں سرخ کر کے گائے سیاہ کے پیشاب میں اس قدر بجھائیں - کہ ریزہ ریزہ ہو جائے پھر اس کو پانی سے دھو کر کڑاہی میں ڈال کر چھاچھ ملا کر گھوٹیں حتیٰ کہ خشک ہو جائے پھر لعاب کمنوار گندل میں دو پہر کے بعد کڑاہی آگ پہ رکھیں جب خشک ہو جائے تو آگ سے اتار کر روغن زرد آدھ پاؤ گڑ پرانا آدھ پاؤ - پوست بلیلہ زرد دو تولہ - پوست بلیلہ دو تولہ - آملہ مقشر دو تولہ - مجیٹھ ایک تولہ سب کو ملا کر باریک سفوف بنا لیں بس تیار ہے - بحفاظت رکھیں جگر کی تمام خرابیوں کو دور کرتا ہے

منور ایک پاؤ لے کر چھان کر مٹی کے برتن میں ڈال لیں پھر اس پر چند ترش دہی ڈال دیں اور منہ بند کر کے ایک من اپلہ صحرائی کی آنچ دیں - سرد ہونے پر نکال لیں پھر لعاب گھیکوار میں چار پہر کھرل کر کے ٹکیہ بنا لیں اور ایک کوزہ گلی میں

ڈال کر گجپٹ کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر کھرل کر کے شیشی میں ڈال لیں مقدار خوراک دو رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسب کے دیں۔ سردی گرمی کی بیماریوں کو رفع کرتی ہے ضعف جگر اور ضعف معدہ کیلئے بھنگرہ بنی کے واسطے بہت مفید ہے لیکن ہر سہ امراض میں ہمراہ شہد دیں۔

تسبیح خبث الحدید:۔ خبث الحدید کو گاؤ نو زائیدہ کے پیشاب میں اکیس مرتبہ بجھائیں پھر بوزن ایک پاؤ لے کر سہاگہ۔ نوشادر۔ افسنتین اسود ہر ایک دو تولہ ہمراہ تیز سرکہ انگوری خالص سے ایک روز مکمل کھرل کریں بعد ازاں زنجبیلہ ایک پاؤ لے کر پینتالیس گھنٹے بھگونے کے بعد جوش دیں۔ اور جب تین پاؤ رہ جائے تو اس میں کھرل کریں جب یہ پانی خشک ہو جائے تو ایک یوم بالکل خشک کو کھرل کریں اور شیشی میں ڈال کر بحفاظت رکھیں۔ مقدار خوراک دو رتی سے لیکر ایک ماشہ تک۔ بغیر مکھن نکلی ہوئی لسی سے کھائیں ضعف جگر۔ طحال۔ معدہ۔ سوء القنیہ۔ استسقاء اورام بلغمیہ اور اسہال کہنہ کے لئے مفید ہے۔

خبث الحدید کو اکیس مرتبہ گائے کے پیشاب میں بجھائیں پھر صاف پانی سے دھو کر ایک ہفتہ سرکہ انگوری خالص اور ایک ہفتہ شراب برانڈی اور ایک ہفتہ لعاب گھیکوار میں کھرل کر کے بحفاظت رکھیں اگر چاہیں تو شیر برگد سولہ حصہ ملا کر کھرل کر کے بمقدار دانہ ماش کے گولی بنالیں۔ مقدار خوراک ایک گولی سے تین گولی تک ہمراہ بالائی یا مکھن کے استعمال کریں ضعف جگر و ضعف معدہ و سوء القنیہ اور انواع اسہال معدی و تقویت باہ کے لئے مفید ہے بے حد ممسک ہے (مجرب)

شراب خبث الحدید:۔ خبث الحدید ایک سیر پختہ۔ پوست ترپھلہ تین پاؤ۔ اجوائن۔ باؤبڑنگ۔ سونٹھ۔ پودینہ خشک۔ دار چینی۔ بیخ کبر۔ تخم کرفس۔ بیخ کرفس انیسوں۔ زیرہ سیاہ۔ تخم مکوہ ہر ایک تین تولہ۔ نمک سیاہ۔ نمک طعام۔ سہاگہ۔ قلمی شورہ۔ نوشادر۔ سجی ہر ایک دو تولہ۔ شیرہ گھیکوار پانچ سیر پختہ۔ قند سیاہ دو سیر پختہ۔ سب کو ایک چینی کے مرتبان میں ڈال کر منہ بند کر کے تین ہفتہ تک گھوڑوں کی لید میں دفن کریں۔ اس کے بعد نکال کر مقطر کر کے بوتلوں میں بھر لیں۔ مقدار خوراک ڈھائی تولہ سے چار تولہ تک روزانہ بوقت صبح نوش فرمائیے۔ جملہ امراض نزلیہ و عصابیہ کیلئے مفید ہے مقوی باہ اور مقوی جسم ہے مندرجہ ذیل کشتہ جات معجون خبث الحدید بنانے کیلئے ہیں

خبث الحدید کو صاف کر کے گھوٹیں اور کپڑے میں چھان لیں اور چینی کے برتن میں شراب ریحانی کے ہمراہ اکیس یوم دھوپ میں رکھیں اور روزانہ شراب بدلتے رہا اس کے بعد ایک ہفتہ ماء العسل میں اور ایک ہفتہ ماء الشکر میں بھگوئے رکھیں۔ پھر روغن بادام یا روغن گاؤ میں بریان کریں۔ بس تیار ہے۔

خبث الحدید کو صاف کر کے ایک ہفتہ سرکہ انگوری خالص میں بھگوئیں اس کے بعد شراب برانڈی میں ایک ہفتہ بھگو کر لعاب گھیکوار سے کھرل کریں حتیٰ کہ خشک ہو۔ مانند غبار بن جائے پھر اس کو بادام روغن میں بریان کر کے محفوظ رکھیں اور بوقت ضرورت معجون بنانے کے لئے کام میں لاویں۔ بالکل بے ضرر ہے۔

خبث الحدید حسب ضرورت لے کر ہاون دستہ میں کوٹیں اور کپڑے میں چھان لیں پھر اس کو چند پانیوں سے دھو کر صاف کریں اور آب انار ترش میں بھگوئیں جب یہ پانی خشک ہو جائے تو آب لیموں میں بھگوئیں جب یہ پانی بھی خشک ہو جائے تو اس کو آب چکوترہ میں بھگوئیں۔ اس کے خشک ہونے کے بعد اس تمام خشک شدہ خبث الحدید

کو ایک عدد پختہ عمدہ تربوزہ ولیسی میں بھر کر خشک کر لیں۔ اور بعد چھلکا بیج وغیرہ کے کوٹ چھان کر کپڑ چھان کر یں بس تیار ہے یہ بہترین قسم کا خبث الحدید تیار ہے اور امراض جگر ہر قسم کے لئے مفید ہے۔ مناسب حال معجون کے ہمراہ استعمال کریں۔

خبث الحدید صد سالہ کو سرخ کر کے دس مرتبہ گاؤ نوزائیدہ کے پیشاب میں بجھا کر صاف کریں اور ایک سو ایک مرتبہ دریا کے پانی سے دھوئیں، شیر مدار میں بھگو کر آگ پر رکھ کر جذب کریں بعدہٗ شیرہ گھیکوار میں کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر کوزہ گلی میں بند کر کے جنگلی اُپلوں کی آنچ دیں۔ اسی طرح سات مرتبہ تحقیق و تکلیس کریں لیکن ہر مرتبہ آگ کم کرتے چلے جائیں۔ تاکہ اس کا جوہر نہ جلے۔ پھر سرد ہونے کے بعد نکال لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں مقدار خوراک ایک ماشہ ہمراہ مکھن استعمال کریں۔ ہیمیم مشرفہ و ملذوعہ سنگ گزیدہ ہر قسم کے درد ہر قسم کے اسہال کیوا اسطے مفید ہے۔ استسقاء اور سنگرہنی کے لئے خاص طور پر مفید ہے۔ ضعف جگر کو مفید ہے۔ بدن کے رنگ کو نکھارتا ہے اور چہرے کو بارونق بناتا ہے۔ خون صالح پیدا کرتا ہے یہ وہ نسخہ ہے جو کہ ہمارے یہاں اکسیر جگر کے نام سے معمول مطب ہے اور مندرجہ تمام امراض میں مانند اکسیر پایا گیا ہے بلکہ استسقاء کی ہر قسم میں آب حیات کا کام دیتا ہے۔ سنگرہنی کو ایک ہی خوراک سے ختم کر دیتا ہے (مجرب ہے)

خبث الحدید صد سالہ لے کر سات مرتبہ گائے کے پیشاب میں بجھائیں اس کے بعد کھرل کر کے دو چند ترپھلہ کے پانی میں جوش دے کر صاف کر کے اس میں ایک روز کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں بند کر کے آگ دیں۔ بعد ازاں شیر مدار اور شیرہ گلو میں ایک روز کھرل کر کے تحقیق و تکلیس کریں۔ مقدار خوراک چار رتی ہمراہ شہد کھلائیں ضعف جگر و سنگرہنی کو مفید ہے۔

منور کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرکے لوہے کی کڑاہی میں ڈالیں پھر اس پر شیر مدار
اس قدر ڈالیں کہ آگ کا دودھ جذب ہو جائے بعد ازاں شیر مدار ڈال کر آنچ دیں
اور جذب کریں حتیٰ کہ سات مرتبہ بدستور عمل کریں بعدہٗ اسی طرح لبلی مادہ گاؤ کیلہ
میں چار دفعہ پھر گائے کے دودھ میں پکاکر نکال لیں اور بذریعہ کھرل مانند غبار
بنالیں پھر اس میں مجیٹھ ایک تولہ، پوست ہلیلہ زرد۔ پوست آملہ منقی۔ فلفل ابیض
تالمکھانہ۔ زنجبیل مصطگی رومی ہر ایک دس تولہ باریک پیس کر کھرل کریں جب
سب ایک جان ہو جائے تو بحفاظت رکھیں برائے قوت باہ اور مقوی بدن ہے۔
ضعف معدہ کے لئے عجیب الخاصیت ہے اور امراض بلغمیہ بالخصوص ضعف جگر کے لئے
بے عدیل و بے نظیر ہے۔ ترتیب خوراک یہ ہے کہ پہلے دن ایک ماشہ اور دوسرے دن
دو ماشہ پھر تیسرے دن تین ماشہ بعدہٗ روزانہ تین ماشہ چالیس یوم کھلائیں
پرہیز نمک عسل و جماع جغرات و جملہ اشیاء ترشی و بادی سے پرہیز کریں۔ روغن
زرد خوب استعمال کریں بفضل خدا دوران استعمال میں بے حد فوائد رونما ہونگے۔

منور عمدہ لیکر ایک سو ایک مرتبہ آب روان سے دھوئیں پھر بول شتر فیل مٹی
کے برتن میں ڈال کر جوش دیں اور نکال کر کوٹ چھان کر سرکہ انگوری یا آب لیموں
میں اتنا بھگوئیں کہ جس برتن میں منور ڈالا گیا ہو اس میں منور دکھائی نہ دے
اور دھوپ میں رکھ کر خشک کرلیں پھر کوزہ گلی میں رکھ کر گل حکمت کرکے دس سیر
اپلہ صحرائی کی آنچ دیں اس کے بعد لعاب گھیکوار میں ڈال کر دھوپ میں
رکھیں جب یہ جذب ہو جائے تو ٹکیاں بنا کر دو پیالوں میں بند کرکے خفیف
آنچ دیں اور یہ عمل سات مرتبہ کریں کشتہ برنگ سفید برآمد ہوگا۔ مقدار خوراک
ایک رتی ہمراہ مکھن بوقت صبح روزانہ استعمال کرائیں۔ ضعف جگر کے واسطے

اعجازنہ ہے اور قوت باہ کے واسطے بہت مفید ہے۔

نمک خبث الحدید:۔ خبث الحدید آدھ سیر لیکر دھوئیں اور پھر کھرل کریں پھر چینی کے برتن میں آدھ سیر سرکہ انگوری کے ہمراہ ڈال کر کڑاہی میں چار انگل ریت بچھا کر اس کے اوپر ظروف چینی رکھ کر چولہے پر رکھیں اس کے نیچے چراغ کے مثل آگ جلائیں چوبیس گھنٹے کے بعد اس کا آب زلال لے کر چینی کے برتن میں رکھیں اسی طرح تیسری مرتبہ کریں بعد ازاں جمع شدہ سرکہ ظرف گلی میں ڈال کر نرم آگ پر خشک کریں اور پانچ مرتبہ آدھ سیر پانی ڈال کر خشک کریں تاکہ سرکہ کی خصوصیت دور ہو جائے۔ اس کے بعد بحفاظت شیشی میں ڈال کر رکھیں مقدار خوراک دو رتی سے چار رتی تک ہمراہ مربہ سیب یا مربہ بہی یا مربہ آملہ یا آب پان کے دیں۔ جملہ امراض دماغیہ و عصبانیہ کے واسطے مفید ہے۔ معدہ جگر و آنتوں کے ہر قسم کے دستوں کو نافع ہے۔ جگر سے جاری شدہ خون کو فوراً بند کرتا ہے۔ جریان زنان و مرداں و قروح مثانہ سیلان بواسیر خونی کثرت طمث نکسیر وغیرہ کیلئے عجیب اور کثیر النفع ہے

نمک خبث الحدید:۔ خبث الحدید کہنہ دھو کر خیرہ گھیکوار میں چوبیس گھنٹے کھرل کر کے قرص بنا کر کوزہ گلی میں رکھ کر گل حکمت کر کے آگ دیں اور سرد ہونے پر نکال لیں حتیٰ کہ اسی طرح یہ عمل دس مرتبہ کریں سرکہ انگوری نہایت عمدہ خبث الحدید سے تین گنا لے کر ہر دو کو چینی پختہ کے برتن میں ڈال کر ایک کڑاہی جو بالو ریت سے بھری ہوئی ہو کے درمیان رکھ کر مانند چراغ اس کے نیچے آگ جلائیں اور ایک شبانہ روز کے بعد اس کے اوپر سے آب زلال لے کر جمع کر لے لوہے یا مٹی کے ظرف میں نرم آنچ پر پکا کر خشک کر لیں۔ تمام نمک ہو جائیگا مقدار خوراک ایک رتی سے نصف ماشہ تک ہمراہ مکھن یا جوارش کمونی کے جملہ اقسام اسہال۔ جریان۔ خون ہر قسم

سیلان۔ رطوبت۔ مرداں و زنان بواسیر کے لئے مفید ہے (مجرب ہے)

نمک خبث الحدید:۔ خبث الحدید کہنہ لے کر دھوئیں اور سات روز تک گھیکوار میں کھرل کریں۔ تین روز پوست ترپھلہ کے جوشاندہ میں اور دس روز شیرہ مقطر برگ خستہ جامن میں کھرل کر کے قرص بنا کر کوزہ گلی میں رکھ کر آگ دیں اور سرکہ انگوری تیز میں سہ یوم تک رکھیں اور اس کے بعد کڑاہی آہنی کو ریت سے بھر دیں اس کے اوپر چینی کے اسی برتن کو رکھیں جس میں خبث الحدید اور سرکہ پڑا ہوا ہو اس کڑاہی کے نیچے مانند چراغ بیری کی لکڑی جلائیں اور چوبیس گھنٹے کے بعد آب زلال علیحدہ کریں اور جب یہ زلال پانچ مرتبہ چینی کے برتن میں جمع ہو جائے پھر اس کو نرم آگ پکا کر سوختہ کر لیں بس نمک خبث الحدید تیار ہے مقدار خوراک ایک رتی سے تین رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسب کے یا مکھن میں استعمال بہتر ہے۔ جملہ اقسام اسہال اور جریان خون مثلاً نکسیر کثرت حیض۔ بواسیر خونی وغیرہ کے لئے مفید ہے امراض جگر و مثانہ کیلئے نافع ہے۔ نسخہ ہٰذا حکیم سید رضا حسین شاہ صاحب انبالوی کے بیاض خاص کا تحفہ ہے جس کو میں نے بھی بنا کر سینکڑوں مریضوں پر آزمایا۔ ماشاء اللہ تجربہ کردہ ہر مرض پر کثیر النفع اور سریع التاثیر ثابت ہوا جس کو آج ہدیہ ناظرین کر رہا ہوں بنائیں اور فائدہ اٹھائیں۔

عرق خبث الحدید:۔ خبث الحدید کہنہ صد سالہ ایک چھٹانک۔ فلفل دراز ایک چھٹانک۔ سہاگہ۔ زنجبیل۔ نوشادر۔ اجوائن دیسی جوز بوا۔ ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ قند سیاہ کہنہ آدھ سیر۔ مویز منقی ایک سیر۔ لعاب گھیکوار پانچ سیر سب کو ایک مرتبان میں ڈال کر بھوسہ میں دفن کر دیں۔ اگر موسم گرما ہو تو اکیس یوم کے بعد بالائی پانی بہ آہستگی چھان لیں۔ نیلے رنگ کی بوتل میں بھر کر رکھیں

مقدار خوراک تین تولہ سے ایک چھٹانک تک نوش فرمائیے۔ ضعف جگر۔ بھبس اور عظم طحال وسوء القنیہ کے لئے مجرب ہے۔

عرق خبث الحدید:۔ خبث الحدید ساڑھے دس چھٹانک۔ اجوائن دیسی پوست ہلیلہ زرد۔ قرنفل کلاں ہر ایک سات چھٹانک سب کو نیم کوب کر کے ظرف مستعمل روغن میں ڈالیں۔ قند سیاہ صد سالہ کو آب پیاز سفید میں حل کر کے شامل کریں پھر شیرہ برگ گھیکوار آدھ سیر ڈال کر برتن کا منہ بند کر کے کسی گڑھے میں سرگین اسپ کے درمیان دفن کریں تین ہفتہ کے بعد نکال کر مقطر کر لیں۔ بس عرق تیار ہے۔ مقدار خوراک تین تولہ حسب مزاج استعمال کریں۔ سختی طحال۔ نفخ شکم درد شکم۔ ضعف اشتہا۔ ضعف جگر کے لئے مفید ہے۔

سفوف خبث الحدید:۔ خبث الحدید کو باریک پیس کر ایک سو ایک بار دریا کے پانی سے دھوئیں۔ قند سیاہ کہنہ ایک پاؤ۔ روغن گاؤ ایک پاؤ۔ پہلے روغن کڑاہی میں ڈال کر گرم کریں۔ پھر قند سیاہ شامل کر کے پکائیں جب یک ذات ہو جائے تو پھر خبث الحدید ڈال کر آہنی دستہ سے ہلاتے رہیں۔ آنچ مانند چراغ جلائیں جب سب ادویہ جل کر خاک ہو جائے تو اتار کر تین یوم کھرل کریں بس تیار ہے بحفاظت شیشی میں رکھیں۔ مقدار خوراک ایک رتی سے تین رتی تک ہمراہ مکھن استعمال کریں۔ سوء القنیہ اور استسقاء ضعف جگر و طحال کہنہ کے لئے مجرب ہے۔

اکسیر جریان:۔ کشتہ مشہر ایک تولہ۔ مازو سات عدد۔ مصطگی رومی۔ تخم موچرس۔ تالمکھانہ۔ ستاور۔ ہر ایک ایک درم کوٹ چھان کر اس میں گوندہ مصری تیخ درم ملا کر چنے کی گولیاں بنا لیں اور سات یوم تک صبح شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں کثرت انزال جریان۔ احتلام کے لئے ایک ہفتہ کا شافی علاج ہے (مجرب آزمودہ)

حب ممسک شاہی:- کشتہ منور پانچ ماشہ لے کر آب پان بنگلہ میں کھرل کریں اور مندرجہ ذیل اشیاء شامل کر کے نخودی گولیاں بنائیں

مصطگی رومی خالص عمدہ۔ جائفل جرمل۔ زعفران۔ قرنفل کلاں ہر ایک ایک ماشہ مقدار خوراک ایک گولی سے چار گولی تک ہمراہ بدرقہ مناسب چار گھنٹے قبل کھائیں اور پھر مشغول کار ہوں۔ امساک طبعی کے لئے منشی اشیاء سے پاک لاجواب ہے (مجرب)

کشتہ منور (صدری) منور ایک تولہ لیکر ترپھلہ نیم کوفتہ کر کے اس میں آدھ پاؤ پانی ڈال دیں۔ صبح کو پانی نتھار کر کسی چینی کے پیالے میں ڈال دیں اور سایہ میں پڑا رہنے دیں۔ کہ ترپھلہ کا پانی خشک ہو جائے اسی طرح تین مرتبہ لوہ چون کو ترپھلہ کے پانی میں خشک کریں بعد ازاں لوہ چون کو ایک کرنگلی میں ڈال کر تیزاب گندھک سے بھر دیں جب یہ خشک ہو جائے تو اسی کوزہ کو گل حکمت کر کے خشک کریں اور آٹھ سیر اپلہ صحرائی کی آنچ دیں اور سرد ہونے پر نکال لیں پھر ایک بار بدستور سابق شیر مدار میں آگ دیں پھر ایک پاؤ شیر حبش میں کھرل کر کے محفوظ رکھیں مقدار خوراک حسب برداشت ایک رتی سے تین رتی تک ہمراہ مکھن دافع سیلان الرحم۔ جریان۔ احتلام۔ سرعت انزال اور نامردی کیلئے مفید ہے علاوہ ازیں مختلف طریقوں سے اکثر امراض میں مفید پایا گیا ہے۔

معجون مقوی باہ و ممسک:- کشتہ مذکورہ ۳ تولہ۔ افیون ۶ ماشہ۔ ست سلاجیت ۶ ماشہ

مازو سبز عمدہ ۶ عدد۔ سپاری عمدہ ۳ عدد۔ تخم دھتورہ سیاہ ۳ ماشہ۔ اجوائن خراسانی ۳ ماشہ

مصطگی رومی ۳ ماشہ۔ عقرقرحا ۳ ماشہ۔ جاوتری ۳ ماشہ۔ ورق نقرہ ۵۰ عدد۔ ورق طلاء ۲۵ عدد۔ مغز بادام ۶ عدد۔ مغز پستہ ۱۲ عدد۔ عسل خام دوچند

شکر سفید ایک حصہ۔ سب کو صاف کر کے صحیح وزن کے مطابق جمع کر لیں اور بطریق معروف معجون تیار کریں۔ بعد بیس یوم کے استعمال کرنا شروع کر دیں مقدار خوراک تین ماشہ سے پانچ ماشہ تک ہمراہ شیر گاؤ جوش دیا ہوا۔ غذا روغن کھائیں چھاچھ اور ترش اشیاء سے پرہیز لازم ہے بجد باہ پیدا کرتا ہے۔ امساک طبعی اس کا فعل خاص ہے نامردی لیکوریا جریان منی و سیلان الرحم کو مفید ہے اگر آپ نہیں تیار کر سکتے تو ہم سے طلب کریں "منیجر عظیمیہ دواخانہ شہر جہلم"۔

اب کشتہ خبث الحدید کا بیان ختم ہو کر کشتہ قلعی کا بیان شروع ہوتا ہے۔

قلعی عمدہ دس تولہ کو پگھلا کر بوٹی ہرن کھری کے پانی میں سات مرتبہ بجھائیں پھر روغن سرسوں میں تیسری دفعہ آب نیم میں سات مرتبہ بجھائیں پھر برگ بھنگ دس تولہ کے نگدہ میں قلعی مذکورہ کو ملفوف کر کے نیچے اوپر ایک سیر چھال پیپل دے کر آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں کھرل کر کے بحفاظت رکھیں۔ مقدار خوراک نصف رتی سے ایک رتی تک طریقہ استعمال: معمول مطب یہ ہے برائے جریان کہنہ ایک رتی سفوف جریان پانچ ماشہ میں ملا کر کھلائیں اور اوپر سے شیر تازہ نوش فرمائیے برائے سوزاک ایک رتی سفوف نمک سوزاک دو ماشہ یا سفوف کباب چینی تین ماشہ میں ملا کر کھائیں اور اوپر سے شیر تازہ نوش فرمائیے۔ یا شربت بزوری معتدل دو تولہ عرق مکوہ پانچ تولہ عرق بادیان پانچ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ برائے قوت باہ ایک رتی سفوف عباسی پانچ ماشہ میں ملا کر کھائیں ضیق النفس کے لئے کشتہ مذکور ایک رتی شیرہ ادرک ملا کر کھائیں ضیق النفس کیلئے کشتہ مذکور ایک رتی شیرہ ادرک ملا کر کھائیں۔ تپ کہنہ یعنی دق کے لئے بلکہ دوسرے درجہ میں بھی مفید ہے۔ ایک رتی رب پان تین ماشہ میں ملا کر کھائیں

اور موسم گرما میں سفوف طباشیر تین ماشہ کے ہمراہ کھلائیں اور اوپر سے عرق گلو دو تولہ عرق گاؤزبان دو تولہ پلائیں اگر کھانسی بھی ہو تو سفوف رب السوس دو ماشہ میں ملا کر کھائیں اور اوپر سے شربت اعجاز ایک تولہ۔ شربت بزوری معتدل ایک تولہ عرق گاؤزبان تین تولہ عرق گلو تین تولہ عرق شیر دو تولہ ملا الفزع مقوی ایک تولہ ملا کر سب کو نیم گرم کر کے پلائیں۔

کشتہ ہذا اکثر امراض میں استعمال کراتا ہوں۔ آپ خود تیار کر کے اس کی تعریف کریں گے انشاءاللہ آپ کے مطب اور تشخیص میں ہر جگہ یکساں مفید ہوگا۔ (مجرب آزمودہ)

دس تولہ قلعی لیکر اکیس مرتبہ چھاچھ ترش گاؤ میں بجھائیں پھر ماشہ ورق چاندی کے بنا کر آدھ سیر بھنگ خشک کے درمیان رکھ کر ایک ٹاٹ کے تھیلے میں بند کر کے بیس سیر کنڈوں میں آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں نہایت عمدہ کشتہ تیار ہوگا۔ مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ شربت فواکہ یا آب سیب یا سفوف نشاط یا بالائی وغیرہ کے کھائیں۔ سوزاک۔ ذیابیطس جریان اور ضعف باہ میں مفید ہے۔

پائو گورکھ بوٹی کے ایک پاؤ لغدہ میں ایک تولہ قلعی رکھ کر عمدہ سمپٹ کر کے دس سیر اُپلہ صحرائی میں آگ دیں۔ عمدہ کشتہ ہوگا مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ بالائی یا معجون آرد خرما کے کھلائیں۔ جریان زنان مرداں ہر دو یکساں کے لئے مفید ہے۔

قلعی مصفیٰ ایک تولہ مانند برنج ٹکڑے کتر لیں اور پھر قشر بیضہ مُرغ میں ڈال کر دو سرا خول اوپر چڑھا دیں پھر گل حکمت کر کے ہانڈی میں رکھ کر بند کر کے آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں کھول کر کے عمل میں لاویں۔ مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسب کے دیں سعال کہنہ کالی کھانسی اور ضیق النفس کو مفید ہے۔ مثانہ کی حدت کو رفع کر کے بار بار پیشاب آنے کو روکتا ہے۔ سرعت انزال کو رفع کرتا ہے (مجرب ہے)

قلعی اور سیماب ہر ایک دو تولہ عقد کر لیں اور کھرل نہ گھسنے والی میں ڈال کر کھرل کریں پھر نوشادر گندھک آملہ سار ہر ایک دو تولہ شامل کر کے سحق بلیغ کریں۔ اور آتشی شیشی میں ڈال کر اسے گلحکمت کر لیں خشک ہو چکنے کے بعد انگاروں پر رکھیں اور منہ کھلا رہنے دیں اور اس میں ایک آہنی سلاخ پھیرتے رہیں جب سیاہ دھواں نکلنا بند ہو جائے۔ زردی مائل دھواں نکلیگا تب فوراً آگ سے ہٹا لیں۔ یہ شیشی کی گردن پر جو ہر لگا ہوا ہو اس کو بحفاظت رکھیں اس کے بعد شیشی میں سے کشتہ قلعی طلائی نکال کر بحفاظت رکھیں اسی کو مرگانگ کہتے ہیں یہ بالکل سنہری ہوتا ہے۔ مقدار خوراک دو چاول سے چار چاول تک ہمراہ بدرقہ مناسب کے استعمال کریں ہم نے اکثر کایا پلٹ کیلئے استعمال کرایا ہے اس کا طریقہ ذیل طرح ہے

چھ ماشہ چوب کلاں عمدہ لیکر کسی چینی کے برتن میں ڈال کر برتن کے منہ پر ململ کا باریک کپڑا باندھ دیں۔ کپڑے کے اوپر دو تولہ کوزہ مصری کو مل کر ڈال دیں۔ اس کے اوپر پاؤ بھر بجتہ شیر گاؤ تازہ کشتہ کھانے کے بعد پی لیا کریں اور چالیس روز اسی طرح کریں بفضل خدا اس کورس سے بدن موٹا ہو جائیگا۔ اور منی بے حد پیدا ہو گی جس سے انسان بڑھاپے میں بھی جوانی کا لطف حاصل کر سکتا ہے ماہرین فن اس ترکیب کو ہی پلٹ یا کایا پلٹ کہتے ہیں۔ یہی ترکیب رسائن ہے آزمودہ اور مجرب امراض مجاری بول جریان سیلان الرحم ضیق النفس۔ پرانی کھانسی۔ سل و دق کیلئے خاندانی معمولی مطب ہے اگر آپ تیار نہ کر سکیں۔ تو ہم سے طلب کریں۔

قلعی عمدہ بیس تولہ ظرف گلی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور چوب پلاس سوختنہ کی آنچ دیں۔ حتیٰ کہ قلعی پگھل جائے چوب نرد دس تولہ اجوائن دیسی دس تولہ کا مانند سفوف تیار کر کے قریب رکھ لیں اور چمچی سے قلعی پر چھڑکتے رہیں اس سفوف کے

ختم ہونے تک قلعی کشتہ ہو جائیگا پھر نکال کر یا چھ پہر کرکے عرق گاؤزبان سے آتشہ میں کھرل
کرکے بحفاظت رکھیں۔ بموجب تراکیب ذیل امراض میں استعمال کریں۔ ہمارے ہاں یہاں
روزمرہ سینکڑوں مریضوں پر استعمال ہونے والی نہایت مفید اور کبیر الفوائد اکسیر ہے
دوران استعمال امراض کی نوعیت کے مطابق پرہیز کرائیں باقی ترشی و بادی سے ہمیشہ پرہیز کریں
برمیوہ زمان میں کافی ہے ایک سرخ کشتہ ہذا تین سرخ صبح شام کھائیں۔ سلسل البول
میں تین سرخ کشتہ ہذا لے کر ہمراہ آب برگ تلسی کے نوش فرمائیے۔ دق کے ابتدائی درجہ
تین رتی بتین درم قند سفید میں ملا کر دن میں تین مرتبہ استعمال کریں قوت باہ جریان
سرعت انزال اور احتلام وغیرہ کیلئے فیرنی کے ساتھ دیں۔ دو سرخ یومیہ صبح و شام
کھائیں ضیق النفس میں کشتہ ہذا تین رتی سفوف زرد تین چوب تین دام میں ملا
کر کھلائیں۔ بوئے دہن یا امراض دہن ہر قسم کے لئے کشتہ مذکورہ دو رتی۔ گل دھاوا تین
درم یا سفوف قادری تین ماشہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ امساک کے لئے برگ بھنگ تین
درم میں کشتہ مذکور تین رتی ملا کر کھائیں اور اوپر سے دودھ پئیں بحورت عقیمہ کیواسطے
تخم ترب تین درم میں کشتہ مذکور ایک سلاخ ملا کریں اور استعمال کریں یا سفوف آزود کے ہمراہ کھائیں
بوٹی کوکڑہ بھنگرہ ایک پاؤ لے کر ٹکڑی بنالیں اور پھر وہ قرص بنا کر رکھیں اور ایس
پر قلعی عمدہ کے ٹکڑے جو مانند چاول کاٹ لئے ہوں پاس رکھ دیں پھر دونوں قرص
آپس میں ملا کر کسی ٹاٹ میں رکھ کر تین سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ یہ مانند کھیل مٹی کے
برآمد ہوگا سرد ہونے پر نکال کر کھرل کریں اور بمقدار ایک رتی روزانہ ہمراہ بدرقہ مناسب کے
کھلائیں۔ جریان احتلام اور درد کمر کیلئے مفید ہے سوزاک کیلئے کثیر النفع ہے۔
قلعی حسب ضرورت لیکر اکیس اکیس مرتبہ روغن کنجد چھاچھ آب یا تر پھلہ بنر کانجی

گئو موتر آب کلنسی وغیرہ میں بجھائیں یعنی منجملہ اکیس چھبیس بجھا دیں۔ پھر ایک اُپلہ لیکر اس میں گڑھا بنا کر راکھ بلاس ڈال دیں پھر اس کے اوپر اجوائن دیسی ڈال کر قلعی مصفیٰ کے ریزے ریزے اس کے اوپر چن دیں پھر اجوائن ڈال دیں اور اس کے اوپر راکھ بلاس ڈال کر دوسرا اپلہ اس کے اوپر رکھ کر لبوں کو بند کر دیں اور محفوظ الہوا مقام پر گڑھے میں آنچ دیں۔ اگر ضرورت ہو تو چار سیر اُپلے اس کے گرد لگا دیں۔ سرد ہونے پر قلعی کی پھٹکیاں چن لیں سب کشتہ تیار ہے۔ کھرل کر کے بحفاظت رکھیں مقدار خوراک ایک رتی روزانہ صبح ہمراہ مکھن یا بالائی کے کھائیں نامردی کے لیے مفید ہے۔

دودھی بوٹی خورد اور قلعی کے پترے تہ بہ تہ کر کے دو تھاپیوں کے درمیان گڑھے میں رکھ کر آگ لگا دیں سرد ہونے پر نکال لیں۔ نہایت عمدہ سفید کشتہ حاصل ہوگا کھرل کر کے رکھ لیں
نوٹ:۔ اس کا دوسرا نام کوکڑ چھدی ہے جو عام علاقوں میں پائی جاتی ہے مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن یا معجون احلب کے عمل میں لائیں قوت باہ کیلئے مفید ہے۔

تین سیر برگ درخت جنڈی لیکر لغدہ بنالیں اور کسی کورے برتن میں ڈال کر درمیان میں ڈال کر درمیان میں چار تولہ قلعی مصفیٰ کی ڈلی رکھ کر منہ بند کر کے گل حکمت کر دیں خشک ہونے پر محفوظ الہوا مقام پر گڑھے میں رکھ کر چھبیس سیر اُپلوں کی آنچ دیں۔ سرد ہونے کے بعد نکال لیں سالم ڈلی کشتہ برآمد ہوگی کھرل کر کے بحفاظت رکھ لیں۔ مقدار خوراک ایک رتی مناسب انوپان سے استعمال کرائیں اس سے تمام مسلوبہ طاقتیں عود کر آئیں گی

صدریہ قلعی۔ قلعی نصف چھٹانک کے پتلے ورق بنا کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر لیں پھر نوشادر عمدہ ایک چھٹانک ملا کر اس قدر کوٹیں کہ مانند غبار بن جائے پھر مندرجہ بالا ترکیب سے استعمال کریں اقسام کرم شکم کے لیے پہلے تھوڑا سا گڑ کھلا دیں اور بعد نصف گھنٹے کے ایک ماشہ سفوف

ہذا ہمراہ آب تازہ کے نگل لیں پندرہ یوم متواتر کھانے سے ہر قسم کے کرموں کا قلع قمع ہو جاتا ہے مگر کرم مقعد جنہیں ہمیکاں بھی کہتے ہیں۔ ان کا اخراج بذریعہ دوا بہت کم ہوتا ہے چونکہ اس میں جتنی بھی دوائیں دی جاتی ہیں ان کا اثر منزل مقصود پر پہنچنے سے قبل ضائع ہو جائے گا۔ آخر تنگ آکر کرم کش دواؤں کا حقنہ کیا جاتا ہے لیکن اس سفوف کے استعمال سے بغیر تکلیف حقنہ کے لئے صرف کھانے کی دوا ہی سے کرم دفع ہو جاتے ہیں کیونکہ قلمی بخلاف دیگر ادویہ معدہ اور امعا میں تحلیل نہیں ہو سکتی۔ پاخانہ کے ہمراہ خارج ہونے کے باعث کرم مقعد پر برابر اثر کرتی ہے اور اسی طرح سفوف کا نام ہمارے معمولات میں سفوف مہلب نمبر ۲۸ ہے (مجرب ہے)

اوراق قلمی پانچ تولہ۔ مویز منقی پندرہ تولہ دونوں کو مخلوط کر کے اس قدر کوٹیں کہ مرہم سی بن جائے ترکیب استعمال: ہر قسم کے کرم شکم کے واسطے یہ دوا چھ ماشہ کھلا کر اوپر سے کیلہ عمدہ صاف شکر سفید سے شیریں کئے ہوئے دودھ میں ملا کر نوش کریں (مجرب ہے)

قلمی دس تولہ کو جوشاندہ زنجبیلہ میں چالیس مرتبہ بجھائیں بعدہٗ ظرف آہنی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور آب اونٹ کٹارہ بوٹی ڈالتے رہیں اور چوب برگد سے ہلاتے رہیں تاکہ کشتہ ہو جائے۔ بعدہٗ جھرات سے کھرل کر کے قرص بنا کر دس سیر اپلہ صحرائی کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں اور کھرل کر لیں اور بحفاظت رکھیں مقدار خوراک ایک سرخ ہمراہ مکھن یا بالائی یا مویز منقی یا تازہ پانی ضیق النفس کیلئے مفید ہے بے حد مبہی و مشتہی ہے جریان و سوزاک کو نافع ہے۔

قلمی بقدر ضرورت لے کر سات سات مرتبہ آب دریا آب نہری و روغن سیاہ میں بجھائیں پس اگر قلمی ایک تولہ ہو تو بقدر اڑھائی پاؤ اجوائن اور اتنا ہی نگدہ بھنگ کے

درمیان رکھ کر سوا سیر پارچہ کہنہ لپیٹ کر آگ دیں نہایت عمدہ کشتہ ہوگا مقدار خوراک چار رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسب بمطابق مزاج مریض استعمال کریں پرانے سوزاک کیلئے نہایت سریع التاثیر تحفہ ہے (مجرب)

نال تخود آدھ سیر لیکر ایک ٹاٹ پر بچھادیں اور اس پر قلعی مصفیٰ کے باریک باریک ٹکڑے رکھ کر لپیٹ لیں اور گل حکمت کر کے کسی محفوظ الہوا مقام پر گڑھے میں آنچ دیں مقدار خوراک تین رتی تک ہمراہ سفوف آزاد یا نمک سوزاک عقر اور سوزاک کیلئے مفید ہے۔

قلعی مصفیٰ ایک تولہ کو مرتح بوٹی کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے دس سیر اپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں خاکی رنگ کا نہایت بہترین کشتہ ہوگا مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ سفوف ہاضم یا جوارش کمونی مقوی معدہ ہے جگر اور مثانہ کی حدت کو کم کرتا ہے۔



نوٹ:- مرتح بوٹی کے پتے زبان پر رکھنے سے سوزش معلوم ہوتی ہے ہر موسم میں اکثر نالوں کے کنارے پر پائی جاتی ہے۔

قلعی ایک چھٹانک بنولے ایک سیر لعاب گھیکوار ایک پاؤ پہلے بنولوں کی چکی میں پیس لیں تاکہ ان کا مغز علیحدہ ہو جائے پھر اس مغز کو کوٹ کر سالم ڈلی قلعی کے نیچے اوپر کسی ظرف گلی میں رکھ کر لعاب کنوار گندل ڈال دیں برتن کا منہ بند کر کے گل حکمت کریں خشک ہونے پر آٹھ سیر اپلہ صحرائی کی آگ دیں۔ بہ رنگ خوش شگفتہ ہوگی مقدار خوراک ایک رتی سے ڈیڑھ رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسب کے دیں۔ مقوی دماغ و

و باہ دافع جریان و سرعت انزال ہے۔

قلعی ایک تولہ کو مانند برنج کرلیں اور حل نیم کے ایک پاؤ نغدہ میں بہ ترتیب معروف رکھ کر دس سیر اپلوں کی آنچ دیں عمدہ کشتہ ہوگا۔ مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ جوارش جالینوس یہ نسخہ کلاں تین ماشہ کے دیں مقوی معدہ و مقوی جگر ہے خون صالح پیدا کرتا ہے

قلعی مصفا کے پترے بنا کر ریزہ ریزہ کرلیں۔ بعدہ گلوندہ کے پتوں کے نغدہ میں آدھ سیر رکھ کر دو ڈبی یا ٹھیبوں کے درمیان رکھ کر محفوظ الہوا مقام میں دس سیر اپلوں کی آنچ دیں نہایت بہترین کشتہ ہوگا۔ سرد ہونے پر نکال لو اور کھرل کر کے بحفاظت رکھیں مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ سفوف ثعلب یا سفوف عباسی پانچ ماشہ کے ہمراہ کھائیں۔ مفرح اور مقوی ہے حدت جگر کے باعث اگر جریان احتلام و سرعت انزال کی تکلیف ہو تو اس کے لئے سریع التاثیر ہے۔ نوٹ:۔ ترکیب مذکورہ سے۔ برگ مغیلاں، برگ نیم، برگ نک چھکنی، برگ میتھی۔ ہاتھی سونڈی بوٹی۔ بوٹی برگ کسائی خورد۔ پالک۔ برگ مرچ سرخ برگ۔ برگ ملار کے نغدہ میں بھی کشتہ ہو جائیگا۔ سب چیزوں میں بنا کر تجربہ کیا ہوا ہے۔ ان میں بنے ہوئے کشتے مقوی باہ ممسک اور مقوی معدہ میں اور مقوی اعضاء رئیسہ ہوں گے (مجرب)

اب بھی اگر آپ کچھ دریافت کرنا چاہیں تو جوابی لفافہ بھیج کر معلوم کریں "حکیم نور احمد ثاقب عظیمیہ دواخانہ جبر [illegible] جہلم"

قلعی مصفا ایک تولہ بنفشہ عمدہ تازہ چھ ماشہ۔ باریک کر کے قلعی کے نیچے اوپر دیکر بند کوزہ گلی میں بند کر کے معمولی گل حکمت کریں خشک ہونے پر سات سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں نہایت عمدہ اور سریع التاثیر شگفتہ کشتہ برآمد ہوگا۔ مقدار خوراک نصف رتی۔ نزلی قبض کے لئے مفید ہے۔ جریان ضعف باہ اور استسقاء کیلئے مفید ہے۔

قلعی سہ بالمناصفہ ایک جز لیکر توا آہنی پر رکھ کر نیچے بیری کی لکڑی جلائیں۔ جب یہ

پگھل جائے تو سفوف قرنفل یا نخ جڑ اس کے اوپر چھڑکتے جائیں حتیٰ کہ ختم ہو جائے اور نیم کی تازہ لکڑی سے ہلاتے جائیں۔ یہاں تک کہ تمام خاکستر ہو جائے۔ پھر کسی محفوظ شیشی میں ڈال کر ایک ہفتہ نمناک زمین میں دفن رکھیں بس تیار ہے۔ مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ برگ پان یا برگ بیری یا برگ ریحان یا تباشہ کے کھلائیں جنبین کی نشوونما مکمل طور پر ہو کر بفضل تعالیٰ صحیح و سلامت پیدا ہوتا ہے۔ تقویت باہ اور امساک اور رنگ بدن کے سرخ کرنے و نکھارنے و موٹا کرنے میں اپنی مثال نہیں رکھتا۔

قلعی سیسہ ہموزن لیکر مٹی کی ہانڈی میں ڈال کر پگھلائیں اور آک کی تازہ جڑ سے ہلاتے رہیں حتیٰ کہ تمام خاکستر ہو جائے۔ بعد ازاں اس کو کوزہ گلی میں بند کر کے معمولی آنچ دیں پختہ ہونے کی یہ نشانی ہے کہ رنگ مانند گل جعفری ہوگا۔ مقدار خوراک ایک رتی سے دو رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسب بہ لحاظ موسم حابس البول کے واسطے مخصوص ہے۔ تقویت گردہ و مثانہ اور سلسل بول میں نہایت کثیر الصفت ہے۔ (آزمودہ مجرب ہے)

قلعی تین تولہ کو ایک تولہ پارہ کے ہمراہ گرم کرکے چھ تولہ بچھناک کا سفوف بنا کر نیچے اوپر رکھ کر کوزہ گلی میں بند کر کے تین سیر جنگلی اپلوں کی آنچ دیں پھر آب لیموں میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر ہلدی اور اجوائن خراسانی ہر ایک آدھ سیر باریک شدہ کے درمیان رکھ کر ٹاٹ میں لپیٹ کر بدستور آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر کھرل کر کے بحفاظت شیشی میں رکھیں مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ برگ پان جنگلہ اور سفوف عباسی یا سفوف قرنفل یا سفوف الائچی کے کھائیں اور اوپر سے گائے کا دودھ نیم گرم میٹھا ملا کر پئیں صرف ایک روز کا استعمال کافی ہے۔ تقویت باہ کیلئے اور خاص طور پر امساک کے واسطے عجیب الخواص ہے۔

قلعی دس تولہ کو مثل سلائی بنا کر دھتورہ کی تازہ لکڑی میں جو ایک بالشت لمبی اور

تین انگشت چوڑی ہو ڈال کر ایک پارچہ کہنہ لپیٹ کر گل حکمت کر کے خشک ہونے پر بیس سیر اپلوں کی آنچ دیں خوراک ایک رتی مکھن یا پان میں رکھ کر کھائیں۔ تقویت باہ اور امساک تغلیظ کے مفید ہے۔ سیلان الرحم کے لئے خاص طور پر مفید ہے۔

قلمی عمدہ صاف حسب ضرورت لیں اور مانند برنج کتر لیں پھر اجوائن ہر چہار قسم ہموزن پوست پیپل سب کے برابر ملا کر اچھی طرح کوٹ کر دو قرص بنالیں۔ قلمی کے ٹکڑے کو اس کے درمیان برابر رکھ کر اوپر کپڑا لپیٹ دیں پھر اس پر اتنی مونج ڈالیں کہ پارچہ نظر نہ آئے اور پانچ سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ شگفتہ ہوگا سرد ہونے پر نکال لیں۔ مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ سفوف جریان یا معجون آرد خرما کے استعمال کریں مغلظ منی۔ دافع جریان مقوی معدہ و اعضاء رئیسہ ہے۔

قلمی کو پہلے چونہ آب نارسیدہ نیم پختہ لا کر باریک کریں پاس کو زمین پر بقدر ایک بالشت بچھا کر اس پر تھوڑا نوشادر فرش کریں اور نوشادر پر قلمی گلا کر ڈالیں۔ قلمی پر تھوڑا نوشادر اور اس پر باقی ماندہ ایک سیر چونہ رکھ کر اس کا چھٹ دیں۔ جب چونہ سرد ہو کر نکال لیں اسی طرح سات مرتبہ کرنے سے قلمی مصفٰی مانند چاندی کے ہو جاتی ہے پھر قلمی کا تیسرا حصہ پارہ عنقریب کے باریک تیرے کاٹ کر صقل گنجہ میں تہ بہ تہ رکھ کر اپلوں کے درمیان آنچ دیں سرد ہوتے پر نکال لیں عدیم المثال کشتہ تیار ہوگا۔ یہ کشتہ ہماری نو ایجاد حب نشاط کا جزو اعظم ہے۔ مقدار خوراک چار رتی تک بدرقہ مناسب کے مستعمل ہے۔ جریان سرعت انزال۔ رقت منی، درد کمر، ضعف باہ سوزاک کہنہ۔ آتشک، سیلان الرحم اور تپ بلغمی کے دور کرنے میں اکسیر الاثر ہے (آزمودہ ہے)

قلمی اور پارہ کو گرہ کر کے سرچوں اور چھ گنا بیٹ کبوتر کے درمیان رکھ کر مناسب آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ برگ پان یا بتاشہ یا منقہ کے کھلائیں۔ مقوی باہ

اور دافع جریان ہے۔ سیلان الرحم کے لئے مفید ہے۔

قلعی ڈھائی تولہ۔ پارہ ڈھائی تولہ شورہ قلمی ڈھائی تولہ قلعی کو پگھلا کر پارہ میں ڈال دیں۔ اور صاف پانی ڈال ڈال کر اس قدر کھرل کریں کہ سیاہی پانی میں نہ رہے پھر خشک کر کے شورہ مذکور ڈال کر کھرل کریں اور ایک مٹی کے کورے کوزہ میں ڈال کر منہ گل حکمت کریں اگر کوزہ باریک ہے تو پانچ اُپلہ صحرائی کی آگ دیں اور اگر کوزہ موٹا ہے۔ تو دس اُپلہ صحرائی کی محفوظ الہوا مقام پر گڑھے میں آنچ دیں مقدار خوراک ایک رتی سے دو رتی تک ہمراہ مسکہ یا بالائی کے نوش فرمائیں۔ جریان مرداں و زناں۔ سوزاک حرارت جگر۔ حرارت منی قوت باہ وغیرہ امراض میں تیر بہدف ہے۔ گرم اشیا اور ترشی سے پرہیز کریں۔ دوران استعمال میں غذا مرغن کھائیں اگر باقاعدہ اکیس یوم استعمال کریں تو تمام زندگی منی میں کسی قسم کی خرابی نہ ہوگی (مجرب آزمودہ)

قلعی سیسہ پارہ تینوں کو ہموزن لیکر ظرف گلی میں پگھلا کر نیم مدار سے ہلاتے رہیں۔ کشتہ برنگ زرد برآمد ہوگا۔ مقدار خوراک ایک رتی سے تین رتی تک ہمراہ مکھن یا دیگر ادویہ مناسب کے دیں۔ جریان سلسل البول۔ سیلان سفید رطوبتی زناں کو فائدہ مند ہے اور مقوی باہ اور ممسک ہے اگر اسی کو نہی ڈال کر کھرل کر کے مناسب آنچ دیں تو بہتر ہے عطیہ حکیم محمد بخش صاحب انبالہ شہر۔

بیر ترش کے تین سیر پتے لیکر نغدہ بنائیں اور اس کے درمیان قلعی کا پترہ رکھ کر عمدہ گل حکمت کریں خشک ہونے پر جیبٹ کی آنچ دیں۔ نہایت عمدہ اور کثیر النفع کشتہ ہوگا۔ مقدار خوراک ایک ایک رتی صرف ہمراہ مکھن یا بالائی کے استعمال کریں۔ مقوی و ممسک ہے سوزاک جریان و احتلام کو مفید ہے

نغدہ برگ درخت جنڈ ایک سیر کے درمیان ایک تولہ قلعی کی ڈلی رکھ کر پچیس سیر اپلوں کی آنچ دیں نہایت عمدہ کشتہ ہوگا۔ مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن تازہ کے دیں سوزاک کہنہ کیلئے عجیب الاثر ہے

اب چند مرکبات جو کہ کشتہ ہذا کے متعلق ہیں لکھتا ہوں ملاحظہ ہوں۔

سفوفِ ممسک:۔ تخم املی فیر گاؤ تازہ میں بھگو دیں پھر اس کو صاف کر کے مغز نکال لیں اور مندرجہ ذیل کے ساتھ سفوف بنا لیں۔

مغز تخم خیارین۔ تخم سروالی۔ بنگھمار اہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ سبوس اسبغول نو ماشہ خار خسک ایک تولہ۔ تالمکھانہ دو تولہ۔ سب کو شیر برگد میں بھگو کر سایہ میں خشک کریں بعد ازاں ایک تولہ کشتہ قلعی اور مساوی الوزن نبات سفید ملا کر رکھ لیں۔ مقدار خوراک چھ ماشہ ہمراہ شیر تازہ گاؤ کے صبح شام کھائیں موسم گرما میں تازہ پانی کے ساتھ نوش فرمائیں۔ جریان احتلام اور سیلان الرحم کے لئے مفید ہے۔

سفوفِ جریان:۔ شقاقل۔ ستاور۔ ثعلب مصری۔ تودری کلاں۔ تالمکھانہ تج سلک۔ سلیارہ۔ تخم کوچ۔ تخم اٹنگن۔ مغز بنولہ۔ دانہ الائچی خورد۔ طباشیر۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ بہمن سفید۔ بہمن سیاہ۔ پھلی ببول خام ہر ایک چھ ماشہ۔ سب کو باریک پیس کر کشتہ قلعی ایک تولہ شامل کر کے نصف جز کھانڈ ملا کر صبح شام ہمراہ آب تازہ اکیس یوم کھائیں نہایت اکسیر ہے یہی سفوف ہمارے یہاں ہر وقت ملتا ہے لیکن ہم نے اس میں تین کشتہ جات کا اضافہ کیا ہے۔ جس کی وجہ سے یہ ہر ملک اور ہر موسم میں یکساں اثر رکھتا ہے اور نوجوان سے لے کر پیر مرد تک کے لئے مفید ہے۔ قیمت فی ڈبہ ۲۰ خوراک تین روپے آٹھ آنے۔

حبوبِ مقوی:۔ تخم بند ایک تولہ۔ ثعلب دانہ ایک تولہ۔ قرنفل کلادار ۹ ماشہ۔ بنج ایک تولہ۔ تخم بنت ایک تولہ۔ بالچھڑ ۳ ماشہ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ جاوتری ۶ ماشہ۔ جائفل ۹ ماشہ۔ سب کو شیر برگد گیارہ تولہ میں کھرل کر کے کشتہ قلعی ایک تولہ۔ کشتہ پوست بیضہ مرغ ایک تولہ کشتہ فولاد مرکب ایک تولہ

ملا کر لعاب کنوار گندل کی مدد سے نخودی گولیاں بنا لیں۔ مقدار خوراک ایک ایک گولی صبح شام ہمراہ شیر گائے کے نوش کریں۔ مقوی باہ اور ممسک ہیں۔ کثرت جماع کی وجہ سے جو کمزوری ہو اس کے لئے مفید ہے۔

جوارش مقوی باہ:۔ تخم اجمود۔ تخم گاجر۔ تخم شبت ہر ایک ایک تولہ۔ لونگ مصطگی رومی۔ عود ہندی ہر ایک ایک درم گلرخ زیرہ سفید ہر ایک ۹ ماشہ نبات سفید ایک حصہ اور شہد خالص دو حصہ بطریق معروف جوارش تیار کریں بعد ازاں کشتہ قلعی تین تولہ۔ ورق نقرہ ایک سو پچیس عدد ورق طلاء دو صد ملا کر چھ ماہ تک بند رہنے دیں۔ اور اس کے بعد مقدار خوراک تین ماشہ ہمراہ عرق باد اللحم اور موسم گرما میں ہمراہ عرق شیر کے استعمال کرائیں بجد مقوی باہ ہے اور مقوی اعضائے رئیسہ ہے

عطیہ جناب حکیم عزیز اللہ خاں صاحب سہروردی

یہاں تک قلعی کا بیان ختم ہو گیا اب ہم کشتہ جات سیسہ کا بیان درج کرتے ہیں۔

ایک حصہ سیسہ کو کڑاہی میں ڈال کر پگھلائیں اور چھ حصہ سفوف سلیجہ کی چٹکی دیتے رہیں حتیٰ کہ تمام سکہ کشتہ ہو جائے اور درخت بید انجیر کی لکڑی سے ہلاتے رہیں۔ مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ بدرقہ مناسب کے دیں۔ برائے تپ صفراوی دموی و سوزش حلق کے لئے مفید ہے۔

سیسہ چار تولہ۔ قلمی شورہ سولہ تولہ۔ بھنگ عمدہ سولہ تولہ سکہ کو پگھلا کر شورہ اور بھنگ کے سفوف کی چٹکی دیں۔ اس سفوف کے ختم ہونے تک کشتہ سکہ تیار ہو جائیگا پھر اس گلابی رنگ کے کشتہ کو کھرل کر کے بحفاظت رکھیں۔ مقدار خوراک ایک چاول تک سفوف وغیرہ کے ہمراہ دینے سے سوزاک اور قرحہ کو تین دن میں فائدہ پہنچاتا ہے

ہمراہ مکھن جریان منی اور سیلان الرحم کے لئے مفید ہے۔

سکہ تین تولہ۔ آہنی کڑاہی میں ڈال کر پگھلائیں اور بیخ پھکنڈہ سے ہلاتے رہیں جب سرب خاکستر ہو جائے تو کھرل کر کے رکھیں۔ مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ شیر و مکھن عمل میں لائیں۔ سوزاک کے لئے مفید ہے۔

نوٹ: چوب برگد سبز۔ چوب سرس سبز۔ چوب آک سبز۔ چوب بھنگ سبز وغیرہ میں مندرجہ بالا ترتیب سے کشتہ کیا جا سکتا ہے لیکن خواص علیحدہ علیحدہ ہوں گے مگر سوزاک اور قرحہ کے لئے ہر چیز میں بنا ہوا کشتہ مفید ہوگا۔

سیسہ ایک تولہ کو کڑاہی آہنی میں ڈال کر نیم کی سبز لکڑی سے ہلاتے رہیں اور تیز آنچ کریں حتیٰ کہ سرخ رنگ کا کشتہ ہو جائے کھرل کر کے استعمال کریں۔ زخہائے آتشک پر لگاؤ ناصور وغیرہ میں بھریں زخم کو جلدی بھرتا ہے۔

سیسہ عمدہ آہنی کڑاہی میں ڈال کر آنچ پر رکھیں جب پگھل جائے تو پوست درخت پیپل کا باریک شدہ سفوف کی چٹکی دیتے رہیں جب یہ ایک سیر سفوف ختم ہو جائے بس کشتہ تیار ہے کھرل کر کے بحفاظت رکھیں مقدار خوراک دو چاول تک ہمراہ مسکہ گاؤ مقوی باہ ہے۔

سرب بارہ تولہ۔ برگ ہلدی۔ دو سیر سکہ کو پگھلا کر برگ مہندی ڈالتے رہیں جب کشتہ ہو جائے تو کشتہ تانبا اور گندھک مصفیٰ ہر ایک ہموزن ملا کر لعاب گھیکوار میں کھرل کریں اور چار پہر تک بالورت میں رکھ کر آنچ دیں سرد ہونے پر نکال مقدار خوراک ایک رتی تک بجگہ پان میں رکھ کر مریض کو دیں یا دیگر مناسب بدرقہ کے استعمال کرائیں ضیق النفس اور کالی کھانسی و دیگر امراض صدر میں مفید مقوی بدن ہے (آزمودہ)

سکہ دو تولہ اور مسل دو تولہ دونوں کو حسب ضرورت پانی سے کھرل کریں جب یک ذات ہو جائے تو غلولہ بنا کر کوزہ گلی میں بند کرکے با کپڑے میں لپیٹ کر گل حکمت کریں خشک ہونے پر سات سیر یا چکد شتی کی محفوظ الہوا مقام پر آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں کشتہ برنگ سفید برآمد ہوگا۔ اگر پہلی مرتبہ سفید نہ ہو تو دوبارہ عمل کریں اور اگر دوسری مرتبہ بھی سفید نہ ہو تو تیسری مرتبہ ضرور بالضرور سفید ہو جائیگا اور وزن کم نہ ہوگا سونا بنانے والے حضرات کیلئے نایاب تحفہ ہے مقدار خوراک دو چاول تک ہمراہ مکھن مقوی باہ ہے

سب کو ایک آہنی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر پگھلاؤ پھر اس میں مدار کر بخیہ یا برگد کی لکڑی سے ہلاتے جائیں۔ اور برگ کیکر یا پوست خشخاش یا اجوائن خراسانی کی چھلکی دیتے جائیں پھر سرد ہوتے پر اس کو دہی ترش یا آب لیموں یا سرکہ انگوری میں خوب کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر کوری ٹھیکری پر کوئلوں کی تیز آنچ دیں جب اس کا رنگ زرد ہو جائے تب کھرل کرکے بحفاظت رکھیں مقدار خوراک نصف رتی سے ایک رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسب کے دیں مغلظ منی ممسک مقوی باہ ہے۔

سیسہ کے باریک پترے بنا کر مقرض کرلیں پھر برگ نیم کے نغدہ میں برابر رکھ کر کپرمٹی کریں۔ اور محفوظ الہوا مقام پر رکھ کر مناسب آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں مقدار خوراک ایک رتی با ادویہ مناسب یہ کشتہ مقوی باہ مقوی معدہ ہے اور مصفی خون ہے مجرب آزمودہ۔

سکہ پانچ تولہ لیکر کڑاہی آہنی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور آگ کی تانبہ کے ٹکڑے سے ہلاتے رہیں اور ہر دس منٹ کے بعد مدار تبدیلی کرتے رہیں ہم نے کھلے میدان میں تیار کرایا تھا جہاں پر آس کے درخت بیشمار تھے۔ اور مسلسل آٹھ گھنٹہ کی محنت کے بعد کشتہ سرب

نہایت خوش نما رنگ زرد سنہری ہو گیا تھا۔ مہوس حضرات بھی اس سے فائدہ اٹھائیں اس کو کھرل کر کے رکھ لیں۔ بمقدار ایک رتی ہمراہ معجون فلاسفہ یا البوب کبیر میں کھلائیں نہایت اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ اور مقوی اعصاب ٹیسہ مانک ہے خاص طور پر سلسل البول کیلئے مفید ہے

نوٹ: لیکن خیال رہے کہ سلسل البول بوجہ سردی مثانہ کے ہو ورنہ حدت مثانہ اگر ہو گا تو نقصان دہ ہے۔ صدری مجربات نے نقل کیا گیا ہے اگر آپ نہ تیار کر سکیں تو ہم سے طلب فرمائیے اور اگر کسی قسم کا سوال پوچھنا ہو تو دو آنہ کا ٹکٹ یا لفافہ بھیج کر پوچھ سکتے ہیں۔ مینجر عظیمیہ دواخانہ رجسٹرڈ ۲۳ ریلوے جہلم"

سیسہ اور پارہ ہر ایک ۶ ماشہ کو گرہ کر کے دو تولہ تخم بھلاوہ کلاں زار کردہ کو سحق بلیغ کریں قرص بنا کر اس کے درمیان رکھیں پھر ان کو دو اپلوں کے درمیان رکھ کر آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں مقدار ایک ایک چاول برگ پان میں رکھ کر کھلائیں نہ ان استعمال میں نان نخود بے نمک کھائیں جس میں روغن زرد کافی مقدار میں ہو اور جملہ اقسام اغذیہ سے پرہیز کریں۔ جذام، آتشک، وجع المفاصل، تصفیہ خون کے واسطے بے عدیل ہے۔

نوٹ: چالیس یوم سے زیادہ کسی مرض میں بھی استعمال نہ کریں۔ امراض بالا میں جس کیلئے حکماء نے لاعلاج ہونے کا فتویٰ دیدیا ہو تو اس وقت اس کا استعمال مسیحا ایزدی ثابت ہوتا ہے (مجربات صدری)

سکہ ڈھائی تولہ کو گلائیں۔ پوست ہلیلہ زرد اور پوست بلیلہ ہر ایک باریک شدہ تھوڑا تھوڑا ڈالتے رہیں جب سفوف جل جائے اس کی خاکستر دور کریں پھر افیون زعفران ہر ایک پانچ ماشہ باریک شدہ کا سفوف تھوڑا تھوڑا ڈالیں جب یہ بھی جل

جاوے خاکستر دور کرکے سرد ہونے پر دو چند فلفل دراز کے ہمراہ سولہ پہر کھرل کریں غبار کو شیشی میں ڈال کر بحفاظت رکھیں مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ برگ پان یا منقہ میں رکھ کر کھائیں۔ ریاح اور اقسام درد کو نافع ہے قوت باہ کو بڑھا کر امساک بھی پیدا کرتا ہے
عطیہ جناب پنڈت ٹھاکر دت صاحب شرما مالک امرت دھارا بھون ریلوے روڈ لاہور

کشتہ سونا۔ اول سونا سب سے افضل اور قیمتی دھات ہے اور گندھک کی مصفا کان میں پیدا ہوتا ہے۔ گرمی سردی اور خشکی تری میں معتدل ہے خون کو صاف کرتا ہے دل اور دماغ میں فرحت اور بشارت لاتا ہے غم فکر جنون اور ڈراؤنے خیالات کو دور کرتا ہے۔ دوا ئیں ضعف گردہ۔ ورم طحال ضعف جگر اور ضعف باہ جریان کیلئے اکسیر ہے آنکھوں میں سونے کی سلائی لگانے سے بصارت تیز ہوتی ہے۔ سوم سونا برائے کشتہ جات کو کیمیا کرتے

سونے کے پترے بنوا کر کوئلہ کی آگ میں سرخ کرکے سرسوں کے تیل میں بجھاویں اسی طرح تین بار آب کانجی میں بجھاویں پھر تین بار چھاچھ میں بجھاویں۔ دو بار جوشاندہ کلتھی میں بجھاویں پھر دو بار۔ بدستور بول گاؤ میں بجھادیں۔

(سوم کشتہ کرنے کی ترکیب)۔

۱۔ سونا خالص و مصفی ۶ ماشہ سیماب مصفی ایک تولہ دونوں کو آب لیموں کے ہمراہ کھرل کرکے غلیلہ بنا کر دو سکوروں میں رکھ کر اوپر ڈیڑھ تولہ سفوف گندھک مصفی دے کر کپڑ مٹی کرکے خشک کریں اور ساٹھ عدد اپلے گوبر کی آنچ دیں اور اسی طرح سے چودہ دفعہ آنچ دیں کشتہ ہو گا۔

(۲) زر خالص و مصفا لیکر اس کے برابر سیماب مصفیٰ ملا کر چیالا کھی کے عرق و کچنال کے عرق و شیر ناریل دونوں اجزائے سے چار چند ملا کر کھرل کریں جب وہ گاڑھا ہوجائے

اس سے چوتھائی سہاگہ اور چار گنا عرق موتیا اور کل اجزائے کے برابر گندھک ڈال کر
خوب کھرل کر کے غلولہ بنا کر ظرف گلی میں رکھیں اور اوپر نیچے غلولہ کے نمک دے کر ظرف کا منہ
بند کر کے گل حکمت کریں خشک کریں اور پاچک دشتی کی گز بھر کی آنچ دیں سرد ہونے کے
بعد نکال کر وزن کریں پھر گندھک و پارہ ہر ایک ہموزن دوا کے ملا کر بدستور بالا
آنچ دیں جب سرد ہو نکال کر نگاہ رکھیں۔

(۳) سونا اشرفیوں کا لیں اور سیندور مکھی ۵ تولہ باریک پیس کر شیرہ نیم سبز ۲۰ تولہ لائیں
اور اشرفی کو ایک کڑاہی آہنی میں رکھ کر آنچ دیں جب خوب گرم ہو جائے اس پانی کا چھینٹا
دیں جب نصف پانی سوختہ ہو جاوے اس کو بدل لیں دوسری طرف چھینٹا دیں جب پانی
خشک ہو جاوے نکال کر نیم برگ سبز دس تولہ کی ٹکیہ بنا کر اس میں اشرفی کو رکھ کر سکورہ
گلی میں بند کر کے ۲۰۰ اپلہ کی آگ دیں۔ کشتہ نہایت عمدہ ہو گا۔

(۴) ورق طلائے کر اس کو عرق لونگ میں دو روز حل کر کے بعد خشک ہونے کے
سکورہ گلی میں رکھ کر دس سیر اپلہ کی آگ دیں کشتہ ہو جائے گا۔

(۵) تازہ برگ سنبھالو نصف پاؤ لے کر کوٹ کر نغدی بنا دیں اور سونا چھ ماشہ
کا پترہ بنا کر نغدی مذکور میں رکھ کر اوپر پرانی ملاکیاں ایک پاؤ بھر لپیٹ کر معمولی گل حکمت
کریں خشک کر کے پندرہ سیر پاچک دشتی میں پھونک دیں سرد کر کے نکال لیں عمدہ کشتہ ہو گا

۶۔ برادہ سونا۔ موتی ناسفتہ ہر دو برابر وزن لے کر گلی ہوئی کٹھالی میں ڈال کر
خمیر بکری میں دو روز تر رکھیں اور خشک ہونے پر دوسری کٹھالی اس کے اوپر
رکھ کر گل حکمت کر کے سہ سیر سوختہ اپلوں میں جلا دیں۔

۷۔ برادہ سونا ایک تولہ اور عرق چولائی خاردار مقطرہ تولہ اور برادہ کو کوزہ گلی میں

رکھ کر ایک تولہ عرق مذکورہ ڈال کر گرم کریں اور اس طرح سے ۵ تولہ عرق جذب کریں۔
جب کل عرق جذب ہو جاوے تو برادہ مذکور کا غلولہ بنا کر پاؤ بھر چولائی خاردار
میں رکھ کر دو پیالہ گلی میں بند کر کے گڑھے میں ۲۰ سیر اپلیوں کی آنچ دیں سرد ہونے
پر نکال لیں عمدہ کشتہ ہو گا۔

(۸) اشرفی کو عرق نک چھکنی۔ عرق لکمہ ندہ، شیر زرہ۔ بول گاؤ۔ روغن تلخ شیرہ تھوہر
تازہ میں سات مرتبہ گرم کر کے بجھاویں اور پھر ایک کاغذ میں اشرفی کو لپیٹ کر گندہ
تھوہر تازہ دیکر دو سکورہ میں بذریعہ گل حکمت گجپٹ کی آنچ دیں، اور آٹھ پہر آگ کو
بند کر کے رکھیں سرد ہونے پر نکالیں عمدہ کشتہ ہو گا۔

۹۔ سونا خالص ایک تولہ کا پتر۔ پوست بکائن تازہ تین تولہ۔ دونوں ایک کٹھالی
میں رکھ کر آگ دیں کشتہ ہو گا۔

۱۰۔ سونا خالص ایک تولہ کا پترہ بنا کر مرغ کے انڈے کا چھلکا ایک سیر صاف
کر کے برتن گلی میں نیچے اوپر دے کر گل حکمت کر کے گجپٹ کی آنچ دیں عمدہ کشتہ ہو گا۔

۱۱۔ بہتر اور عمدہ کشتہ کی شناخت یہ ہے کشتہ سونا کو عرق لیموں سے کھرل کریں
اگر سرخ ہو جاوے تو عمدہ ہے ورنہ ناقص ہے۔

فوائد اور ترکیب استعمال کشتہ سونا

(۹) کشتہ سونا اول درجہ میں گرم و خشک ہے مفرح مقوی
قلب و معدہ و جگر و دماغ و حرارت غریزی و دافع امراض سوداوی۔ مثانہ کا ضعف دور
کرتا ہے قوت امساک پیدا کرتا ہے خوراک۔ بعض حکما کی رائے ہے کہ خوراک کشتہ سونا
ایک دانہ خشخاش ہے اور بعض ایک چاول مقرر کرتے ہیں۔ اور اس کو ہمراہ حلوہ شہد

یامربہ سیب کے ساتھ کھا سکتے ہیں۔
پرہیز۔ ترشی روغن سیاہ۔ دال موٹھ۔ مسور۔ بینگن سے کرنا چاہیئے یہ کشتہ مقوی اعضاء رئیسہ ہے دل و دماغ و جگر۔ گردہ مثانہ اعضاء تناسل سب کو قوت عظیم بخشتا ہے۔ مقوی اعصاب محرک باہ و دودھ گھی ہضم کرنے والا ہے۔ احتلام۔ سرعت انزال جریان ذیابیطس ضعف باہ نسیان۔ کمزوری دل سب دور ہو جاتے ہیں۔

کشتہ چاندی:۔

(۱) چاندی اس کان میں پیدا ہوتی ہے جس میں دس حصہ پارہ ہو اور گیارہواں حصہ گندھک۔ چاندی کی طبیعت پہلے درجے میں سرد خشک ہے۔ مفرح دل ہے خفقان اور جنون کو دور کرتی ہے۔ مقوی باہ اور مقوی بصر ہے

(۲) چاندی کو برائے کشتہ صاف کرنے کی ترکیب:۔
چاندی کے پترے بنوا کر کوئلہ کی آگ میں سرخ کر کے سرسوں کے تیل میں بجھادیں۔ اس طرح سے آب کانجی میں بجھادیں۔ پھر دو بارہ آب تلسی میں بجھادیں پھر دو بارہ آب ترپھلہ میں بجھادیں پھر دو بارہ چھاچھ میں بجھادیں۔ پھر دو بارہ بول مادہ گاؤ میں بجھادیں۔

(۳) کشتہ کرنے کی ترکیب:۔
(۱) برادہ چاندی دو تولہ۔ گھونگچی سفید ۲ تولہ۔ پانی کریر کی کونپلوں کا نکال کر رات کو گھونگچی تر کریں اور صبح کو نکال کر چھلکا اتار کر اس کو باریک کوٹ کر کے درمیان برادہ چاندی رکھ کر غلولہ بنادیں اور دو بڑے بڑے جنگلی اپلے کر ان کے اندر غلولہ رکھیں اور گڑھے میں دو توں کو جلائیں کشتہ ہوگی۔

(۲) روپیہ سالم المعروف کشتہ کرنا۔
ہزار دانہ لونگ ۱۰ تولہ لغدہ کے اندر روپیہ رکھ کر ایک بڑے اپلہ میں خول کر کے

نغدہ رکھیں اور دوسرا اپلہ اس کے اوپر رکھیں پھر ہر دو اپلوں کا منہ ملا کر آگ دیں بدستور سابق سات دفعہ کے عمل سے روپیہ پھول جاویگا اور حروف سب قائم رہیں گے۔

(۳) کنیر زرد کے پانی میں روپیہ محمد شاہی یا ٹنک شاہی بیس دفعہ بجھادیں پھر اس کا دس تولہ کا نغدہ بنا کر درمیان روپیہ رکھ کر بطریق بالا کشتہ کریں۔

(۴) سنگرف چار تولہ۔ گیندا تمباکو کا پانی بیس تولہ سنگرف کو اس میں دو دن کھرل کر کے سایہ میں خشک کریں اس تمباکو کے نغدہ میں رکھ کر بدستور بالا کشتہ کریں۔

(۵) بچھوا بوٹی اس کے پتے پان کی شکل اور پھول سفید بطرز پیسہ کے ہوتا ہے اس کو کوٹ کر درمیان میں روپیہ رکھ کر بیس سیر جنگلی اپلہ کی آگ دیں تو بہت عمدہ کشتہ ہوگا۔

(۶) چاندی خالص ایک تولہ اگن بوٹی جس کو لٹیری یا لٹوری بھی کہتے ہیں ملا کر عرق نکال کر چاندی کو ۲۵ بار بجھائیں۔ پھر بوٹی مذکورہ معہ بیخ و شاخ و برگ دو تولہ لے کر کوٹ کر ٹکیہ بنا کر پترے چاندی کے رکھ کر دو پیالوں میں بند کر کے گل حکمت کر کے خشک کریں۔ آگ دیں کشتہ ہو جاوے گا۔

(۷) برادہ چاندی خالص ایک تولہ۔ عرق درخت برگ نیم سبز پاؤ میں کھرل کر کے تمام عرق جذب ہونے پر خشک کر کے دو پیالوں میں بند کر کے کشتہ بے چاک اور سفید ہوگا۔

(۸) ناس پال اندرتش ۴ تولہ کوٹ کر زیر و بالا روپیہ دے کر دو اپلہ ڈھائی ڈھائی سیر میں رکھ کر لب اپلہ بند کر کے تین مرتبہ آگ دیں کشتہ ہوگا۔

(۹) چاندی حسب ضرورت پتر بنا کر گائے کے پیشاب میں ایک سو ایک مرتبہ بجھا کر نغدہ اٹ سٹ دس تولہ کی ٹکیہ بنا کر سکورہ گلی میں بند کر کے بیس سیر اپلہ کی آگ دیں۔ کشتہ برنگ سفید عمدہ ہو جاوے گا۔

(۱۰) اجوائن خراسانی - اجوائن دیسی - اجموده - تخم کرفس - برگ حناسب کو برابر وزن لے کر پہلے چاندی
کو رگ انار کے پانی میں بیس مرتبہ بجھائیں پھر اس نغدے کیساتھ سکورہ گلی میں رکھ کر بیس سیر اُپلہ
کی آگ دیں۔ کشتہ ہو جائے گا۔

(۱۱) چاندی لیکر پترہ بنوا کر پہلے اپنے پیشاب میں ۵۰ مرتبہ بجھاویں اور چرس میں
رکھ کر چلم میں رکھیں اور پیویں کشتہ ہو جائے گا۔

(۱۲) گل دھاوہ ۵ تولہ۔ بریا و شاں سبز ۵ تولہ۔ دونوں کے نغدہ میں روپیہ کو ۵ سیر
آگ دیں اس طرح تین بار کریں کشتہ ہو گا۔

(۱۳) روپیہ محمد شاہی یا جے پوری یا راجکوٹ لے کر چل نیم اور ستیاناسی ہر ایک
چھٹانک علیحدہ کوٹ کر جدا جدا ٹکیاں بنا کر دونوں ٹکیوں کے درمیان روپیہ رکھ کر ڈیڑھ
سیر پختہ کنده صحرائی میں آنچ دیں اس طرح چھ سات آنچ میں کشتہ ہو جاتا ہے۔

(۱۴) گل دائودی ندور رنگ بائو بخلا میں چاندی مصفی کا پترہ دیکر پانچ سیر اُپلہ میں
آنچ دیں سات دفعہ آگ دینے سے کشتہ ہو جاتا ہے۔

(۱۵) کشتہ چاندی اگر لونگ کے ساتھ کھرل کیا جاوے اور سیاہ ہو جائے تو عمدہ ہے

فوائد اور ترکیب استعمال کشتہ چاندی :-

(۱) کشتہ چاندی کو بعضے سرد خشک اور بعضے سرد تر
کہتے ہیں۔ مقوی دل و معدہ حافظ جوانی مقوی باہ اور امراض۔ جریان۔ سوزاک کو مفید
ہے۔ مقوی دماغ امساک لاتا ہے۔ سرعت و رقت کو دور کرتا ہے۔ دھڑکن کو مفید ہے
احتلام اور ذیابطیس کو آرام کرتا ہے۔ خوراک ایک چاول سے چار چاول تک یعنی ایک
رتی شہد خالص ڈیڑھ تولہ میں ایک ہفتہ استعمال کراتے ہیں۔ پرہیز، ترشی اور بادی

اور جماع سے پرہیز کریں۔

کشتہ قلعی یعنی رانگ :۔ (۱) قلعی تیسرے درجہ میں سرد ہے اور یبوست
میں رطوبت میں معتدل ہے اور اس کان میں
پیدا ہوتی ہے جس میں چاندی پیدا ہوتی ہے۔ قلعی کو برائے کشتہ صاف کرنے کی ترکیب
(۱) قلعی کو باریک پترے بنوا کر گرم کر کے متواتر تر بھلا۔ گئو موتر۔ تیل چھاچھ۔ کلہتی
کے کاڑھے میں آب کانجی میں دس دس بار بجھائیں۔ کشتہ کرنے کی ترکیب :۔
(۱) دو تولہ قلعی مصفا کے پترے رکھ کر بیس سیر اپلوں کی آگ گڑھے میں دیویں عمدہ
کشتہ ہو جاوے
(۲) ایک تولہ قلعی۔ ایک تولہ سہاگا لے کر حرمل کے پانی میں رگڑ کر چٹنی بنا کر چاندی
پر لیپ کر دیں۔ اور اس کے اوپر لتے چیتھڑے و سیر میں لپیٹ کر بیس سیر اپلوں کی آگ دیں۔
(۳) قلعی چار تولہ۔ بیس دفعہ شورہ قلمی کے پانی میں بجھاویں پھر اوپر نیچے اس کے دو
سیر برگ مہندی رکھ کر دس سیر اپلوں کی آگ دیں عمدہ کشتہ ہوگا۔
(۴) کمر کس نصف پاؤ خس و خاشاک سے صاف کر کے قلعی مصفا کے پترے کر کے
برگ مذکورہ میں رکھ دیں۔ دو بڑے اپلوں میں آگ دیویں عمدہ کشتہ ہوگا۔
(۶) چھال تازہ درخت کیکر ایک پاؤ لیکر کوٹ کر ایک تولہ کے پترے کرا کر چھال
مذکور میں رکھ کر اوپر ایک سیر ٹاکیاں لپیٹ کر درمیان گوبر جنگلی ۵ اسیر پھونک دیں
سفید ابرق پھول ہونگے۔

فوائد اور ترکیب استعمال کشتہ قلعی :۔ (۱) یہ کشتہ تیسرے درجہ کا سرد اور دوسرے
درجہ کا خشک ہوتا ہے اور مقوی باہ محافظ منی دافع جریان و سرعت و انزال ہوتا ہے

ہے اور مختلف رطوبات و نزولات و نافع اسہال و ورم۔ تپ ہائے بلغمی اور سرمہ میں ملا کر آنکھوں میں ڈالنے سے سیلاب آب چشم کو فائدہ کرتا ہے اور مرہم میں ملانے سے مدمل اور مجفف اور مدرات کے ساتھ پینا۔ دافع سوزاک اور پچکاری کرنا خشک کنندہ جراحات و قروح نافع نزف الدم۔ سرفہ بلغمی ضیق النفس اور بخار ہائے باردہ میں شیرہ پان بنگلہ خواہ شہد ادرک یا شہد کے ساتھ اور سوزاک میں زیرہ سفید یا کباب چینی کے ساتھ اور رعشہ استرخا اور جریان منی تا لمکھانہ یا موچرس کے ساتھ ۲ رتی کی خوراک کرنی چاہیئے۔ پرہیز:۔ ترشی تیل کی چیز اچار وغیرہ جماع سے بھی پرہیز کریں۔

کشتہ سکہ: (۱) سکہ مصفی کو ایک کڑچھا آہنی میں ڈال کر چولھے پر چڑھا کر نیچے بیری کی لکڑی جلا دیں۔ اور ایک تازہ ڈنڈا بھروال کا لیکر اس میں پھیرتے رہیں اور نیچے آگ برابر جلاتے رہیں۔ آہستہ آہستہ سکہ خاکی رنگ کی خاک بن جائے گا اور پھر اس کو کپڑچھان کر کے رکھیں۔

(۲) سکہ صاف شدہ لے کر بطریق مذکورہ بالا کڑچھے میں ڈال کر نیچے بیری کی آگ جلا دیں اور ایک تازہ ڈنڈا درخت لہڑے سے لیکر بدستور ہلاتے رہیں۔ کشتہ خاکی رنگ کا ہو گا۔

(۳) پہلے سیسہ کو گداز کرکے اوپر اس کے املی کی گٹھالی باریک پیس کر ڈالتے جائیں اور ہلاتے رہیں جب وہ کشتہ ہو جاوے ہموزن اس کے مثل لیکر دونوں کو کھرل کر کے دو سکوروں میں رکھ کر گل حکمت کر کے گزبھر کی آنچ دیں کشتہ ہو گا۔

(۴) سیسہ کے پترے کر کے مثل آب برگ تنبول میں حل کیا ہوا لیپ کر کے دو رکابیوں میں گل حکمت کر کے اوپر سے کپروٹی کر کے گزبھر کی آنچ دیں۔

(۵) سیسہ یعنی رصاص اسود ہندی طبیب اس کو ناگرس کہتے ہیں سیسہ جسقدر

دو کارہو لیکر کڑاہی آہنی میں ڈال کر گرم کریں۔ اور گندھک آملہ سار کی چٹکی دیتے جائیں کشتہ برنگ گلابی ہوگا۔

(۶) سیسہ کو کڑاہی میں گلا کر ڈھکنڈہ کی لکڑی سے ہلاتے جاویں اور جس قدر آنچ تیز ہوگی اسی قدر سرخ رنگ ہوگا۔

(۷) سیسہ کو کڑاہی آہنی میں گلا کر بھنگ و شورہ قلمی برابر وزن کی چٹکی دیتے جاویں عمدہ کشتہ ہوگا

(۸) سیسہ دو جز پارہ ایک جز دونوں کو ملا کر عرق گڑ ہند تلخ میں کھرل کریں اور ٹکیہ بنائیں اور دو سکوروں میں دھان کی بھوسی بھر کر اندر ٹکیہ مذکور رکھ کر دس سیر سرگین ڈنڈل میں جلادیں اور سرد ہونے پر نکال کر کام میں لائیں اور چھ سات بار ایسا کرنے سے کشتہ ہوگا۔

(۹) سیسہ کو انڈوں کے چھلکوں کے درمیان رکھ کر گل حکمت کر کے آگ دینے سے کشتہ ہوتا ہے۔

فوائد اور ترکیب استعمال کشتہ سکّہ:۔ یہ کشتہ سوزاک۔ جریان منی امراض گردہ۔ جلن بول۔ اسہال صفراوی۔ تمام امراض منی نافع ہے۔ امراض بلغمی کھانسی کو دور کر کے سنگرہنی اور بواسیر کو دور کرتا ہے۔ کام دیو کو بڑھاوے خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن

کشتہ جست:۔ (۱) جست لیکر آہنی کڑاہی میں ڈالیں اور گرم کریں جب پگھل جاوے تو پانی قدرے سنکھیا اس کے اوپر ڈال دیں۔ اور ایک لکڑی سے ہلاتے جاویں کشتہ سفید رنگ کا ہو جاوے گا۔

(۲) جست کو کڑاہی میں رکھ کر گرم کریں جب پگھل جاوے تو پانی بھی اس پر ڈالیں۔ اور سیخ آہنی سے ہلاتے رہیں پھر وہ مثل دانہ جوار کے پھول کر کشتہ ہو جائے گا۔

(۳) جست عمدہ کو ظرف گلی یا آہنی میں رکھ کر پگھلائیں اور اوپر سفوف پنج اٹ رسٹ (السکپھرہ) چٹکی سے ڈالتے جاویں عمدہ کشتہ ہو گا

(۴) پوست درخت پیپل سوا سیر پختہ کوٹ کر ایک پاتھی پر بچھا کر ان پر سفوف بھنگ و اجوائن دیسی ہر ایک تین تولہ باہم ملا کر ادھا بچھا دیں اور ان پر براوہ جست رکھ کر اس پر سفوف مرکب اور اس پر سفوف درخت پیپل ڈال کر پاتھی کلاں رکھ کر اوپر پاتھیاں رکھ کر آگ دیں کشتہ ہو جائے گا۔

(۵) برتن آہنی یا گلی میں جست پگھلا کر نیچے تیز آگ روشن کریں اور ڈنڈا الخنوہ سبز سے ہلاتے جاویں۔ عمدہ کشتہ ہو گا

(۶) جست کو پگھلا کر تیز آگ ڈالنے سے بھی کشتہ ہو جاتا ہے۔

فوائد اور ترکیب استعمال کشتہ جست:۔ (۱) یہ کشتہ گرم خشک دوسرے درجہ میں ہے بطور سرمہ پانی جانا وھند غبار کو مفید ہے۔ کھانے سے درد مفاصل۔ سرعت۔ کھانسی۔ مقوی معدہ مغلظ منی و قابض ہے۔ مکھن دھوئے ہوئے یا کار بالک آبل میں ملا کر لگانا زخموں کو بھرتا ہے۔ خوراک میں بہت کم استعمال کیا جاتا ہے۔

کشتہ پارہ:۔ (۱) پارہ کو خشت پختہ میں کھرل کر کے اس کی میل دور کریں۔ اور پھر پارچہ بیز کر لیں۔

(۲) ایک لمبے بانس میں سے ایک فٹ بانس کا ٹکڑا کاٹ لیں جس کے ایک طرف گانٹھ ہو پھر ایک پاؤ عشبہ لے کر باریک کوٹ کر آدھا اس بانس میں ڈال لیں اوپر سے دو تولہ پارہ مدبر ڈال کر باقی ماندہ عشبہ بھی ڈال کر کے بانس

کا منہ مٹی سے مضبوط بند کر کے سات پارچہ باریک سے لپیٹ کر معمولی گل حکمت کر کے خشک کریں اور ایک گڑھے میں بیس سیر پاچک دشتی ڈال کر ہوا سے محفوظ کر کے آگ دیں۔ کشتہ برآمد ہوگا۔

(۲) ایک چمگادڑ پکڑ کر اس کے منہ میں پارہ ڈال کر کسی مٹی کے برتن میں بند کر کے چار دن تک دفن رکھیں بعدہٗ نکال کر دو سیر آگ دیں کشتہ برآمد ہوگا۔

(۳) بلو نیج بوٹی لے کر اس کے نغدہ میں پارہ رکھ کر چار سیر آگ دیں پھول کر کھیل ہو جاتا ہے۔

(۴) بوٹی رتن جوت کے عرق میں کھرل کر کے کوزہ میں بند کر کے ۵ سیر اپلوں میں جلا دیں یک تولہ پارہ کو ایک پاؤ عرق کافی ہے۔

(۵) ایک تولہ پارہ کو کیلا کی گوبھ میں جو ایک ہاتھ لمبا ہو بھر کر ۵ سیر آگ دیں۔

(۶) سیماب مصفیٰ کو گل نخود برابر وزن میں رگڑنے سے گولی بندھ جاتی ہے اگر زیادہ سخت کرنی ہو تو اور پھول ڈال کر کھرل کریں۔ گولی منہ میں رکھنے سے امساک ہوتا ہے

(۷) سیماب ایک جزو شیر برگد لصف جزو دونوں کو ایک کٹھالی آہنی میں ڈال کر بتامی خورد پر رکھ کر نیچے روغن کنجد کا چراغ جلا دیں اور پھر پارہ کو صاف کر کے کام میں لائیں یہ آگ پر نہ اُڑے گا۔

(۸) اول سیماب کو لے کر اینٹ کے ٹکڑوں میں رگڑ کر صاف کریں اور سات مرتبہ اسی طرح کریں بعد سیماب عرق جل نیم میں سات روز کھرل کریں پھر سیماب کو نکال کر ٹکیہ بنا کر گودہ گھی کنوار میں رکھ کر کوزہ گلی میں بند کر کے دس سیر اپلوں کی آگ دیں کشتہ رنگ گلابی ہوگا

(۹) سیماب دو تولے لے کر پہلے خشت پختہ میں سات بار رگڑ کر صاف کرلیں پھر پارچہ

میں صاف کر کے رکھیں۔ نمک لاہوری ۸ ماشہ ریوند چینی ۲ ماشہ زنجبیل ۲ تولہ جدوار ایک تولہ ان چاروں کو عرق بھنگرہ میں خوب باریک کر کے دو قرص بنا دیں سیماب کو دونوں کے اندر رکھ کے گل حکمت کر کے ایک اُپلہ صحرائی کی آگ دیں۔ اسی طرح تین مرتبہ آگ دیں کشتہ سفید رنگ کا ہو جاوے گا۔

(۱۰) ایک تولہ پارہ کو شیر گوار میں کھرل کریں جب راکھ ہو جاوے تب دو تولہ سراینگ کا گولہ بنا کر درمیان میں رکھ دیکر آدھ پاؤ کپڑا لپیٹ کر ۳ پاؤ بکری کی مینگنیوں کی آگ دیں کشتہ ہو گا

(۱۱) بہتر اور عمدہ کشتہ کی شناخت یہ ہے کہ اگر آپ پر ڈالنے سے دھواں نہ دے تو بہتر ہے

فوائد اور ترکیب استعمال کشتہ پارہ

(۱) یہ کشتہ نہایت درجہ کا مقوی باہ دافع نامردی اور سستی ضعف معدہ کو دور کرنے والا امراض ریحی۔ جذام۔ سعال۔ بھگندر کے واسطے تریاق ہے جریان سرعت انزال میں قسم کا پرہیز کو دور کرتا ہے۔ خوراک نصف چاول بجے جذام دودھ اور گھی جس قدر چاہیں استعمال کریں۔

کشتہ شنگرف:۔

(۱) شنگرف کو عرق لیموں میں کھرل کریں تو قابل کشتہ ہو جاتا ہے

(۲) بھلاوہ سربریدہ پانچ تولہ کو کوٹ کر جو کوب کریں۔ کڑاہی میں ڈالیں درمیان اس کے شنگرف دو تولہ رکھیں۔ شہد خالص ۵ تولہ اور گھی ۵ تولہ اس میں ڈالیں اور کڑاہی کے تلے آگ جلا دیں جب کڑاہی میں آگ جل اٹھے تو نیچے کی آگ کھینچ دبا دیں۔ جب مجموعہ سوختہ ہو کر کل آدھ مذکور مثل کوئلہ ہو جائے تو جلا ہوا ملغوبہ اتار کر شنگرف نکال لیں۔

(۳) شنگرف رومی لیکر اجوائن لاہوری نیچے اوپر دیکر کلیہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے

آٹھ ثار اپلوں کی آگ دیں۔

(۳) ڈلی شنگرف ۱ تولہ کو کڑاہی میں رکھ کر نیچے آگ جلادیں اور اس پر چوآ عرق ادرک کا دیتے جائیں۔ ۴ سیر پختہ عرق ادرک خرچ کرنے کے بعد کشتہ برنگ سفید ہو جاویگا

(۴) تنکار سفید یا سرخ کا سفوف ۴ تولہ ایک تولہ شنگرف کی ڈلی کے نیچے اوپر دیکر توا پر رکھ کر نیچے آگ جلادیں کشتہ سیاہی مائل سرخ ہو جائے گا۔

(۵) کشتہ شنگرف برنگ سفید تخم حنظل ایک سیر کے نغدہ میں چار تولہ شنگرف کی ڈلی رکھ کر ایک من پاتھیوں کی آگ دیں۔ سفید ہو جاوے۔

(۶) قشر بیضہ مرغ تیس تولہ پیس رکھیں اور ایک مٹی کا چکوسہ لیکر اس میں ڈھائی سیر ریت ڈالیں اور پندرہ تولہ چھلکا انڈا مرغ ڈالکر ڈلی شنگرف رکھ دیں۔ اس کے بعد باقی ماندہ قشر بیضہ مرغ ڈالکر اور اس کے اوپر پھر ڈھائی سیر باجوریت ڈال دیں۔ اور چولھے پر رکھ کر نیچے بیری کی لکڑی جلاویں ایک پہر تک نرم دیکر پھر تیز کریں یہاں تک کہ ریت کا رنگ سُرخ ہو جاوے اور اس پر گیہوں بھن جاویں۔ پھر سرد کرلیں شنگرف کا کشتہ سفید نکال لیں کشتہ برآمد ہو گا۔

(۷) شنگرف۔ شنگرف رومی ایک تولہ کو آٹھ پہر تک عرق کنوار میں کھرل کریں پھر ٹکیہ بنا کر خشک کریں۔ لعبۂ پیپل کی خاکستر کرلیں جو بقدر دو ثار ہو۔ ایک ہانڈی میں ٹکیہ کے زیر و بالا النصف نصف دیکر مضبوط گل حکمت کرلیں اور دیگدان پر رکھ کر نیچے چار پہر تک برابر اور ہلکی آنچ جلاویں سرد ہونے پر نکال لیں کشتہ برآمد ہو گا۔

(۸) شنگرف رومی ایک تولہ شیر مدار، ۷ تولہ ہمراہ کھرل کر کے گولی بنا کر پارچہ دیسی تین تہ لپیٹ کر گل حکمت کر کے ۲۰ سیر آگ دی جائے۔

(۹) شنگرف تین روز پیاز کے رس میں کھرل کر کے ٹکیہ بنائیں اور پیپل کی راکھ نصف نیچے نصف اوپر ٹکیہ کے اوپر رکھ کر دو پہر تک آگ جلاویں۔ شنگرف سفید ہو جاویگا۔

(۱۰) سیماب ۱۰ ماشہ۔ سہاگہ تیلیا سنجرف ہر ایک تولہ گندھک چھ ماشہ سب کو سفیدی بیضہ مرغ میں کھرل کر کے زردی دور کریں اور اسی طرح بیضۂ مرغ کے چھلکے میں بھر کر تیار کریں اور ایک مٹی کی ہانڈی میں خاکستر ڈھاک دو سیر بھر کر بیضۂ مرغ میں رکھ کر کپڑ مٹی کر کے خشک کریں اور چولھے پر چڑھا کر ڈھاک کر لکڑی کی آنچ دیں بعد چار پہر آنچ موقوف کریں سرد کر کے کشتہ کو چھلکا بیضہ مرغ سے نکالیں۔

(۱۱) ڈلی سنجرف تین ماشہ لیکر اسے پوست بیضۂ مرغ میں ڈال کر اوپر سے سات کپڑ مٹی کر کے خشک کر کے دو سیر اپلیوں کی آنچ دیں اور یہ اسے محفوظ رکھیں سرد ہونے پر نکال لیں عمدہ کشتہ ہوگا

فوائد و ترکیب استعمال کشتہ سنجرف:-

(۱) یہ کشتہ قوت باہ۔ اعصابی امراض اور امراض بلغمی کیلئے تریاق ہے لقوہ فالج۔ برص۔ دمہ۔ رہیز کو قطع کرتا ہے۔ نہایت مقوی ہے۔ خون صالح پیدا کرتا ہے۔

(۲) عمدہ کشتہ ہے جو سفید ہو اور آگ پر دھواں نہ دیوے (۳) خوراک ایک چاول ہمراہ مکھن یا بالائی (۴) پرہیز تیل اور کھٹائی۔

کشتہ ہڑتال ورقیہ:-

(۱) ہڑتال کے اوپر گانہ کی باریک شاخیں قدرے کچلکر لپیٹ کر عمدہ طور سے سنپٹ کر کے ۴ سیر جنگلی اپلوں کی آگ دیں کشتہ ہو جائے گا۔

(۲) ہڑتال سیماب دونوں برابر وزن لیکر عرق لیموں میں چار پہر کھرل کر کے قرص بنا دیں پھر پیپل کی راکھ کیلا کے پانی میں بھگو کر اور ہانڈی میں بھر دیں اور درمیان میں ہڑتال

مذکور رکھ کر ہانڈی کا منہ بند کر کے ۲ سیر اپلوں کی عمدہ کشتہ ہو گا۔

(۳) ایک پیٹھا لیکر درمیان سے آدھے پیٹھے تک کھود کر ہڑتال ورقیہ ایک تولہ کی ڈلی اس میں رکھ کر اسی گودا پیٹھے سے بند کر کے دیسی کپڑے کی تین تہ لپیٹ کر معمولی گل حکمت کر کے خشک کر کے ایک گڑھے میں اتنی آنچ دیں کہ پیٹھا جل جاوے سرد کر کے نکالیں اور پارچہ میں لگا کر کام میں لاویں

(۴) دودھ آک کے پانی میں ہڑتال کو کھرل کریں اور ۲ تولہ پانی جذب کر کے ٹکیہ بنا کر دو چھٹانک کے نغدہ میں رکھ کر دو سیر پاتھیوں میں جلا دیں کشتہ ہو جاوے گی۔

(۵) ہڑتال طبقی و سیماب ہموزن لیں اور دونوں کو کھرل میں خوب باریک پیسیں تاکہ ایک ذات ہو جاوے پھر عرق لیموں کاغذی میں ایک پہر کھرل کریں اور اسی طرح سے ۱۲ پٹ ایک ایک پہر کھرل کریں اور اسی طرح سے ۱۲ پٹ ایک ایک پہر کے وقفہ سے دیں بعد ازاں شیر تھوہر میں اسی طرح ۱۲ پٹ دیں پھر برگ پان کوٹ کر شیرہ نکال کر اس میں ۱۲ مرتبہ کھرل کریں اور شیرہ گھیکوار میں ۱۲ مرتبہ پٹ دیں خاطر ہو جانے پر ٹکیہ باندھ کر آفتاب میں خشک کر لیں اور پھر دو ٹکڑے پرانی اینٹ کے گھسا کر برابر کر لیں اور ان کے درمیان گڑھا ٹکیہ کے برابر بنا کر اس میں ٹکیہ رکھ کر ۷ بار گل حکمت کر کے دھوپ میں سکھا لیں پھر مٹی کا ایک بڑا اور مضبوط برتن لیں اور اس کو بھی سات مرتبہ گل حکمت کر کے خشک کر لیں پھر اس کے درمیان دس سیر بالو ریت ڈالیں۔ ریت کے اوپر وہی خشت اینٹ گل حکمت کی ہووے جس میں ٹکیہ رکھیں اس کے اوپر بالو ریت ڈالیں اور اس برتن کا منہ بھی خوب اچھی طرح سے گل حکمت کر کے خشک کریں پھر چولھے پر رکھ کر ۱۲ پہر تیز آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں عمدہ کشتہ ہو گا۔

(۶) ہڑتال ایک چھٹانک نیم کے سبز پتوں کے پاؤ بھر پانی میں کھرل کریں کسی کوزہ گلی میں بند کر کے گل حکمت کر کے ۵ سیر آگ دیں کشتہ ہو گا۔

(۷) ہڑتال گئودنتی ۱ تولہ کو آب کنوار گندل ۵ تولہ میں کھرل کرکے بطریق بالا آگ دیں کشتہ ہو گا
(۸) ہڑتال ورقیہ کو آٹھ دن تک آٹھ قسم کی بوٹی میں کھرل کریں یعنی اٹ سٹ دیکھر (؟) کے پانی کنوار گندل کے پانی۔ برہم ڈنڈی کے پانی میں کھرل کرکے بعد اس کے کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے ۱۲ سیر بختہ پاتھیوں کی آگ دیں کشتہ عمدہ ہو گا۔
(۹) ہڑتال زرد جس قدر ضرورت ہو اس کو عرق کیلہ میں سات روز تر کرلے پھر مندھ اگ میں سات روز تر کریں بعد میں زمین قند کی ٹکیہ بنا کر ایک سکورہ گلی کے نیچے اوپر رکھ کر بند کرکے بیس سیر اپلہ کی آگ دیں کشتہ برنگ سفید برآمد ہو گا۔
(۱۰) زرنیخ ورقی ۵ تولہ کو نگدہ بوٹی تک چھکنی اس قدر جس میں ہڑتال اچھی طرح سے ڈھک جائے۔ سمپٹ کرکے خشک ہونے پر ۱۵ سیر بختہ اپلوں میں آگ دیں کشتہ ہو جائیگا
(۱۱) ہڑتال ورقی ۲ تولہ کو شیر مدار میں نگدہ بنا کر ببول چھال نمولی ½ پاؤ میں ورے کراوپر برگ و شاخ و جڑ مولی کا نگدہ لپیٹ کر سمپٹ کریں اور خشک ہونے پر بیس سیر بختہ اپلوں کی آگ دیں کشتہ ہو گا۔

فوائد اور ترکیب استعمال کشتہ ہڑتال:۔

(۱) یہ کشتہ تمام اقسام امراض کو مناسب انوپان سے دور کرتا ہے خاص طور پر امراض فساد۔ خون آتشک۔ بخار، ہر قسم امراض منی کو نافع ہے۔ جذام۔ دق۔ جریان کو نافع ہے۔
(۲) ہڑتال گئودنتی کا کشتہ۔ بخار۔ جریان۔ اسہال قے الدم۔ نفث الدم۔ نزف الدم خون بواسیر ضیق النفس کو بہت فائدہ دیتا ہے۔
(۳) یہ کشتہ تیسرے درجہ میں گرم اور خشک ہے۔ ویدک والے اس کو

اکسیر کہتے ہیں۔ مگر یونانی اطبا اس کو داخلی استعمال کیلئے منع کرتے ہیں اور کہتے ہیں
کہ بجائے نقصان اس کا کوئی فائدہ نہیں ہے آدمی کے اندر زخم کر دیتی ہے۔
(۴) عمدہ کشتہ وہ ہے جو سفید ہو اور آگ پر دھواں نہ دے خوراک
نصف چاول ہمراہ شہد۔

کشتہ تانبا:-

(۱) جس کان میں ایک حصہ گندھک اور آٹھ حصہ پارہ ہو
اور ہر دو صاف نہ ہوں۔ تو ان کے ملنے سے تانبا پیدا ہوتا ہے
(۲) تانبا کے پترے کر کے ترپھلہ۔ گئو موتر۔ چھاچھ کانجی کے پانی کلھتی کے پانی
میں اور تیل میں بجھاؤ دے کر صاف کریں۔
(۳) پیسہ تانک شاہی کو ۱۲ مرتبہ لیموں کے رس میں بجھاویں اور پھر دو تولہ ہڑتال
کو ہڑتال کو باریک کر کے اوپر نیچے سجی بچھا کر بیس سیر اپلیوں کی آگ دیں بہت عمدہ کشتہ ہوگا
(۴) پیسہ تانک شاہی پاؤ بھر لال پھول والی دودھک بوٹی کے نغدہ میں رکھ
کر گڑھے میں تیس سیر اپلیوں کی آگ دیں بہت عمدہ کشتہ ہوگا۔
(۵) دس دفعہ آگ کے دودھ میں پیسہ کو بجھا کر اٹ سٹ بوٹی کے آدھ پاؤ
نغدہ میں پانچ سیر اپلیوں کی آگ دیں پھولکر عمدہ کشتہ ہوگا۔
(۶) مس یعنی تانبہ ایک تولہ۔ گندھک یا سرمہ سیاہ ڈیڑھ تولہ پیس کر زیر و بالا
دے کر کاغذ میں رکھ کر ایک تولہ سوتر اس پر لپیٹ دیں اور مٹی کے بوتہ میں رکھ کر پندرہ
سیر بخیتہ اُپلہ میں آگ دیں عمدہ کشتہ ہوگا۔
(۷) تانبا ایک تولہ نیلا تھوتھا ایک ماشہ۔ رال ایک ماشہ پانی میں پیسکر تانبا پر لگاویں
اور ہڑتال طبقی ایک تولہ پیس کر لیپ کریں۔ اور جب وہ بھی خشک ہو جائے تو ایک

ڈبیہ قلعی چار تولے کی بنوائیں اور اس میں جما لگوڑہ چار تولہ پیس کر اس میں تانبے کو رکھ کر دو سیر پرانا کپڑا لپیٹ کر آگ دیں۔ کشتہ برنگ سفید ہو جائیگا۔

(۸) برادہ تانبا ایک تولہ لیکر نیم برگ سبز کے عرق یا پانچ تولہ کھرل کر کے خشک کر کے غلولہ بنا دیں اور دو اپلے خانگی کے درمیان رکھ کر ۵ ۲ سیر کی آگ دیں عمدہ ہوگا

(۹) تانبے کے پترے باریک کر کے انہیں کٹھالی میں رکھیں اور ہر مرتبہ سفوف گیرہ میں بجھاتے جائیں۔ لبعدہٗ شراب ان کے منہ پر دیگر گل حکمت کر کے گرفٹ کی آنچ دیں۔

(۱۰) پیسہ نانک شاہی ایک عدد لیکر ایک چھٹانک سوت میں لپیٹ کر دو اپلو نکے درمیان رکھ کر بیس سیر یا چلد شتی کی آگ دیں اور اس طرح ۱۰۰ مرتبہ کریں کشتہ ہوگا

(۱۱) نم مدار کو کھود کر درمیان پیسہ دھر کر اوپر ٹاکیاں ایک سیر لپیٹ کر ایک آپلہ گڑھا میں رکھ کر پھونکیں عمدہ کشتہ ہوگا۔

۱۲۔ تانبا گلا بانسی کی ایک جڑ ایک پاؤ پختہ کے رس میں جتنی بیٹھ آسکیں دیں پھر اسی نغدہ میں دیگر سمپٹ کر کے دو چار سیر پختہ اپلوں کی آگ دیں اور سمپٹ سے پہلے نغدہ پر اسیر پرانا کپڑا لپیٹ دیں عمدہ کشتہ ہوگا۔

(۱۳) تانبہ آب گندلی رائی میں پیس کر ۸۰ بار بجھا دیں پھر انہیں گندلیوں کے مغز سیر بھر کا نغدہ کر کے اس میں پیسہ رکھ کر ۱۲ سیر اپلوں کی آگ دیں۔

(۱۴) پانچ تولہ تلسی سیاہ کے نغدہ میں ذیل دے کر آدھ پاؤ کپڑا لپیٹ دیں تئیس سیر اپلوں کی آگ دیں ہلکے نیلے رنگ کا کشتہ ہوگا۔

(۱۵) تانبا گھوڑ ہنڈا لقمہ بھر کے دودھ میں پیس بٹھ دیکر انوالہ نغدہ تک جھکنی میں دیکر سمپٹ کر کے پندرہ سیر پختہ کنڈہ جنگلی میں جلا دیں۔ اور سرد ہونے پر کام میں لائیں۔

(۱۶) تانبا کو ایک سو بار عرق ادرک اور عرق لیموں میں بجھاویں بعدہٗ روپہ مکھی ۱۰ ماشہ سونا مکھی دس ماشہ لیکر دونوں کو پیس کر بعدہٗ بالا تانبا لیکر دس سیر سرکنڈوں میں جلاویں اس کے بعد دو پہر دودھ آک میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر سایہ میں خشک کر کے آنچ دیں اور پھر عرق گھیکوار میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر سایہ میں خشک کر کے بدستور آنچ دیں کشتہ برنگ سفید ہوگا۔

۱۷۔ ہڑتال ورقی اور نمک سانبھر ہر ایک ۶ ماشہ دودھ آک میں پیسکر پیسہ پر چڑھا کر کوزہ میں بند کر کے گل حکمت کر کے دس سیر پختہ اپلوں کی آنچ دیں بدستور ۵ دفعہ کرنے سے کشتہ عمدہ ہوگا۔

(۱۸) جو کشتہ دہی میں ملانے سے زنگار نہ ہووے وہ کشتہ تانبا عمدہ ہوگا۔

فوائد اور ترکیب استعمال کشتہ تانبا:۔ (۱) مزاج اس کا گرم اور خشک دوسرے درجہ کا ہے۔ یونانی حکما اس کا استعمال کرنا منع کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اس کے کھانے سے جذام ہو جاتا ہے اور یہ تمام خون کو جذب کر دیتا ہے۔

(۲) ویدک میں عمدہ کشتہ تانبا کا استعمال جائز ہے اور ویدک حکما کہتے ہیں کہ یہ کشتہ نامرد کو مرد، پیر کو جوان۔ بزدل کو شیر ببر بنانے والا ہے۔

(۳) تانبہ کشتہ مقوی باہ ہے۔ امراض بات اور بلغم کا قلع قمع کرتا ہے جھولہ وغیرہ کو دور کرتا ہے۔ جلودر کو نافع ہے۔ خوراک ایک خشخاش بھر مکھن میں دیں۔ پرہیز: تیل کھٹائی کچا میٹھا۔ دہی۔ چھاچھ۔ ترشی وغیرہ سے پرہیز کریں۔

کشتہ فولاد و لوہا:۔ (۱) لوہ چورن ۲ تولہ۔ آک کا دودھ دس تولہ۔ نوشادر دودھ کو کھرل کر کے دو ٹکیہ بنا کر درمیان میں لوہ چورن رکھیں اور غلولہ کر کے موٹے اپلوں کے درمیان رکھ کر آگ دیں عمدہ کشتہ ہوگا۔

(۲) لوہ چورن ۱ تولہ ایک چینی یا شیشے کی پیالی میں ڈالیں اور اس کے اوپر چار چار انگل

تربوز کا رس ڈالا کریں۔ چالیس دن میں رس میں برابر لیے کا بہت اچھا کشتہ ہوگا

(۳) فولاد دو تولہ بیس دفعہ ملکہ کے رس میں بجھائیں پھر دس تولہ آملہ سار کو جو کوب کر کے بیچ میں ڈالیں اور منہ بند کر کے من بھر اپلوں کی آگ گڑھا کھود کر دیں عمدہ کشتہ ہوگا

(۴) فولاد ۲ تولہ جامن کے رس میں ۴۰ دن تک بھگو کر دھوپ میں رکھیں عمدہ کشتہ ہوگا

(۵) فولاد عمدہ ۴ تولہ لیکر سوہن سے ریتیں اور چار ماشہ شنگرف رومی داخل کر کے کوزہ میں ڈال کر سرکہ تیز سے تر کر کے دھوپ میں رکھیں۔ آب لیموں میں تر کریں بشیرہ خام تخم مغیل سے تر کریں جب وہ خشک ہو جاوے آب تخم جاموں سے تر کریں جب وہ خشک ہو جائے۔ باریک کر کے کپڑ چھان کر کے دہی سے کھرل کر کے ٹکیہ بنائیں اور سفال گلی یعنی پیالہ میں ڈال کر اوپر دوسرا پیالہ رکھ پانچسیر اپلوں میں آگ دیں جب سرد ہو جاوے کشتہ ہوگا

(۶) برادہ فولاد ایک تولہ بھنگرہ کے عرق ۲ تولہ میں کھرل کر کے خشک ہونے پر کسی مٹی کے کوزہ میں ۱۵ سیر آگ دی جائے اسی طرح سے تین دفعہ کریں۔

(۷) جامن کے پتے لاکر کوٹ کر رس نکال لیں اور یہ پانی کڑاہی میں ڈالیں اس میں ایک ٹکڑا فولاد کا ڈال کر پندرہ روز دھوپ میں رکھیں۔ بعدہ پندرہ دن کے حل ہو جائیگا کھرل میں خشک کر کے ایک کوزہ گلی میں بند کر کے بیس سیر آگ دیں کشتہ عمدہ ہو جائیگا

(۸) برادہ آہن یا فولاد کو ترش لسی میں ملا کر چینی کے برتن میں سرپوش سے مضبوط بند کر کے دو ہفتہ تک لید یا گوبر میں بند کریں جو رش نکال کر آب ترجیلہ میں تین روز کھرل کر کے قرص بنا کر مٹی کے برتن میں گل حکمت کر کے ایک گڑھے میں جنگلی اپلوں کی آگ دیں۔ اور بدستور آنچ دینے سے کشتہ ہوگا۔

(۹) برادہ فولاد کو تین پہر عرق گھیکوار میں پیس کر کسی برتن میں بند کر کے پندرہ سیر پختہ

اپلوں کی آگ دیں عمدہ کشتہ ہو گا۔

(۱۰) برادہ فولاد ۲ تولہ۔ نوشادر ۶ ماشہ کو ملا کر ملیں کہ دھواں اٹھنے لگے اور گرم ہو جاوے بعدہٗ دھوپ میں خشک کر کے دو سکوروں میں رکھ کر گز ونٹ کی آگ دیں عمدہ کشتہ ہو گا بدستور تین آنچ دینے سے عمدہ کشتہ بن جاویگا۔

(۱۱) برادہ فولاد یا آہن جوشاندہ انار دانہ ترش میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا دیں اور ظرف گلی میں رکھ کر انار دانہ کے لغدہ میں گز بھر کی آنچ دیں عمدہ کشتہ دیگا۔

(۱۲) فولاد اصلی لیکر گرم کر کے گائے کے پیشاب میں اکیس ایک دفعہ بجھا دیں۔ بعدہٗ اس کو گرم کر کے کوٹیں یہ مثل برادہ کے ہو جاویگا پھر اس کو عرق کٹیلی خورد میں دو روز کھرل کر کے اسی کی لغدی کو سکورہ گلی میں بند کر کے بیس سیر اپلہ صحرائی کی آگ دیں کشتہ برنگ گلابی ہو جاویگا۔

فوائد اور ترکیب استعمال کشتہ فولاد:-

(۱) یہ کشتہ گوشت خون اور بصارت کو بڑھاتا ہے اور تمام امراض معدہ اور کھانسی دفعہ۔ سنگرہنی کو مفید ہے۔ ریزش کا قاطع ہے جگر اور امعا کو فائدہ دیتا ہے۔

(۲) یہ کشتہ نمبر تیسرے درجہ میں گرم خشک ہے حبس اسہال کرتا ہے۔ بواسیر اور سلسل بول نافع ہے۔ استسقا۔ تپ ہائے کہنہ۔ زہیر صادق۔ سنگرہنی۔ وجع المفاصل دافع یرقان۔ مقوی دماغ اور مولد منی قوت باہ۔

(۳) یونانی حکما کے نزدیک جب تک یہ کشتہ پرانا نہ ہو۔ اس کا استعمال بھی جائز نہیں ہے۔

(۴) دوران استعمال کشتہ فولاد۔ ترشی شراب۔ رائی تیل اور ماش کی دال سے پرہیز رکھنا چاہیئے۔

(۵) عمدہ کشتہ وہ ہے جو پانی پر تیرنے لگے اور رنگ نہ دے۔

(۶) خوراک ایک رتی سے دو رتی تک مکھن یا بالائی یا مربہ ہلیلہ آملہ سیب میں یا جوارش مصطگی میں رکھ کر کھاویں۔ لیکن جوارش جالینوس رکھ کر کھانا بہت مفید ہے۔

کشتہ ابرک سیاہ و سفید:۔ (۱) ابرک سفید چار تولہ۔ پرانا گڑ دس تولہ باہم کوٹ کر سیر بھر ہاتھی سونڈی کے نغدہ میں بطریق معمولی لپیٹ کر بیس سیر اپلوں کی آگ دیں بہت عمدہ کشتہ ہوگا۔

(۲) ابرک سیاہ دو تولہ قلمی شورہ دس تولہ۔ شورہ کو بھنگرہ کے پانی میں تین شبانہ روز کھرل کرکے ابرک کے اوپر لیپ کریں اور انگور کی دس سیر لکڑیوں میں جلا دیں بہت اچھا کشتہ ہوگا

(۳) ابرک سفید ہو یا سیاہ دو تولہ لیکر ورق ورق تراش کر مقراض سے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرکے کوزہ میں زیر و زبر قلمی شورہ ۸۰ تولہ دیکر تین سیر آگ دیں اور سرد ہونے پر نکال کر پانی سے دھو ڈالیں۔

(۴) ابرک دو تولہ کو بطریق بالا ٹکڑے ٹکڑے کرکے کسی پتھر کی کونڈی میں آب ترب یعنی مولی کے ہمراہ خوب گھوٹیں حتیٰ کہ عرق بے چمک نغدہ بن جائے قلمی شورہ ۵ تولہ زیر و بالا دیکر کسی کوزہ میں بند کرکے تین سیر آگ دیں بطریق بالا دھو کر کام میں لاویں۔

(۵) ابرک دو تولہ کو بطریق بالا آب گندنہ سے گھوٹیں کسی ٹاٹ میں بند کرکے سوت خام لپیٹ کر سات سیر آگ دی جائے عمدہ کشتہ ہوگا۔

(۶) ایک برتن گلی میں سرکہ تیز بھر کر اس میں ابرک چالیس روز بھگو رکھیں۔ اگر اس میعاد کے اندر سرکہ خشک ہو جائے تو اور ڈالدیں بعد میں خشک ہونے پر اسی برتن کو گل حکمت کرکے بیس سیر اپلیہ کی آگ دیں۔

(۷) برگ (سرس) کو پیس کو آب برگ مولی میں پیسیں کر ٹکڑے ہائے ابرک پر ضماد کریں اور ۸ سیر پختہ اپلوں کی آگ دیں۔ وہ تین بار آگ دیں۔ عمدہ کشتہ ہوگا۔

(۸) ابرک سیاہ لیکر آب برگ سوہنجنہ میں اسے سرخ کر کے چند بار بجھائیں اور چند بار گرم کر کے بکتھوہر کے دودھ میں بجھادیں اور ایک شبانہ روز آب برگ چولائی میں تر کر کے صاف کر کے شیر مدار میں خوب کھرل کر کے قرص بنا کر دو سکوروں میں نیچے اوپر برگ رکھ کر گل حکمت کر کے گز بھر کی آنچ دیں۔ عمدہ کشتہ ہوگا۔

(۹) شورہ قلمی پاؤ بھر آدھ پاؤ دہی گائے میں حل کر کے ابرک پر دونوں طرف ضماد کر کے سکورے میں رکھ کر اس کو ڈھانپ کر ملتانی مٹی سے گل حکمت کر کے ۵ سیر اپلوں میں رکھ کر آگ لگادیں

(۱۰) ابرک سفید کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے دہی مادہ گائے یا پختہ میں یہاں تک کھرل کرو کہ کشتہ ہو جاوے گولی برابر نخود بناؤ۔ بواسیر ہر قسم کو زائل کرتا ہے۔

(۱۱) ابرک کو ۷ بار گرم کر کے دودھ میں بجھائیں پھر رس لسن میں کھرل کر کے گز فٹ کی آنچ دیں۔ سات آنچ میں سرخ رنگ کا کشتہ ہوگا۔

(۱۲) ابرک سیاہ کو گئو پیشاب میں ایک سو ایک بار بجھاویں۔ یعنی گرم کر کے بعدہ اٹ سٹ کا دس تولہ نخدہ بنا کر سکورہ گلی میں بند کر کے ۲۰ سیر اپلہ کی آگ دیں کشتہ برنگ سفید بہت عمدہ ہوگا

ہزار پٹھی ابرک تیار کرنا۔

(۱۳) یہ ابرک ہر ایک مرض کو مختلف انوپان سے دور کرتا ہے۔ چار سال میں تیار ہوتا ہے بمفصلہ ذیل بوٹیوں میں کھرل کر کے گج فٹ کی آنچ دیں۔ آک۔ لہوڑھ۔ بکتھوہر۔ گھیکوار۔ جڑھ اندر کنگی موتیا۔ گلو۔ سیانک گوکھرو۔ کمٹیلی خورد۔ کھٹی بوٹی۔ اکاس بیل۔ سرسوں سفید۔ لسی پیاز۔ برگد کی داڑھی۔ بیل۔ سہدیوی۔ ہرڑ۔ خرنی۔ آملہ۔ بہیڑہ۔ تالیس۔

پتر موصلی - اڑوسہ - اسگندھ - بھانگرہ - مرچ سیاہ - اناروانہ - کیلا - دھتورہ - لودھ
دبوار - تلسی (پ) گموندھی - مکو - بالچھڑ - پان - سونٹھ - برہمی - انارائن - کتھ - ڈھاک
توری - بکلی - کنجی ہر ایک بوٹی کے رس میں ایک ماہ کھرل کرکے گز فٹ کی آنچ دیں۔

فوائد و ترکیب استعمال کشتہ ابرک:-

(۱) ابرک بھی جنس معدنی ہے جس جگہ پارہ نکلتا ہے۔ اس جگہ سے ابرک نکلتا ہے مزاج کا سرد خشک دوسرے درجہ میں ہوتا ہے

(۲) یہ کشتہ عسر البول۔ حرکت بول ضعف مثانہ وتقطیر البول۔ سوزاک کہنہ ہر قسم کے بخوں کھانسی نصف الدم۔ اسہال کبدی و ذبوی کیلئے مفید ہے۔ بواسیر کو دور کرتا ہے

(۳) کشتہ ابرک کو کیلوں کے پتے پر رکھ کر آپس میں ملیں۔ اگر اصلی حالت پر نہ آوے اور چمک نہ دیوے تو عمدہ ہے۔

(۴) خوراک ایک رتی۔ رومی مصطگی میں یا شہد میں کھائیں۔

کشتہ سنکھیا (سم الفار)

(۱) سیماب مصفیٰ ایک تولہ سم الفار سفید ایک تولہ۔ دونوں کو تین یوم کھرل کریں۔ اس کے بعد ایک تولہ سم الفار ڈال کر تین یوم کھرل کریں۔ اسی طرح دس تولہ سم الفار تیس دن تک کھرل کریں بعد ازاں ایک تولہ تیزاب گندھک ڈال کر تین یوم تک کھرل کریں۔ پھر آتشی شیشی میں گولیاں بنا کر ڈالیں اور ملکا گل حکمت کرکے گرم بھوبھل کی آنچ آٹھ پہر تک دیں بعد دوا مذکور نکال کر ایک تولہ تیزاب گندھک میں تین دن تک پھر کھرل کریں۔ گولیاں بنا کر آتشی شیشی میں ڈالدیں اور منہ بند کردیں اور آٹھ پہر تک کھچڑی کی آگ دیں پھر نکال کر تین دن تک ایک تولہ تیزاب گندھک میں کھرل کرکے گول بنا کر آتشی شیشی میں آٹھ پہر کھچڑی کی آگ دیں۔ اسی طرح آٹھ دفعہ کریں عمدہ کشتہ ہوگا۔

(۲) سم الفار سفید ایک تولہ شیر مدار ایک پاؤ میں کھرل کرکے ایک قرص بنا دیں اور اوپر اس کے پارچہ گاڑھے کا لپیٹ کر دو پیالیوں میں رکھ کر گل حکمت کرکے خشک کرکے ہوا سے بچا کر گوبر جنگلی ۵ سیر کی آگ دیں سفید بے دود ہوگا۔

(۳) تھوہر کے درخت کی تازہ لکڑی لیکر اس کے اندر سے خالی کرکے اس میں سم مذکور کی ڈلی رکھ کر لکڑی سے منہ بند کرکے تین تہ پارچہ لپیٹ کر گل حکمت کرکے خشک کرلیویں۔ گز بھر کی آنچ دیں کشتہ بہت عمدہ ہوگا۔

(۴) سم الفار ایک تولہ کو ایک بینگن دراز کو کھود کر اس میں رکھ کر ڈاٹ بینگن کے لگا کر کے پارچہ مضبوط سے لپیٹ کر سمیٹ کرکے پندرہ سیر اپلوں کی آگ دیں۔

(۵) راکھ چوب کنجد ایک ظرف گلی میں بھریں اور ڈلی سم الفار کو درمیان میں رکھیں نیچے بیس سیر ڈھاک کی لکڑی کی آگ جلادیں چار پہر میں سب لکڑی جل جاوے سرد ہونے پر کشتہ سفید نکالیں

(۶) ڈلی سم الفار کو آہنی کڑاہی میں روغن حب الملوک میں تر کرکے رکھیں اور نیچے ملائم آگ جلاویں اور ڈلی پر روغن مذکور کا چوبہ دیتے جائیں سم الفار کو الٹتے پلٹتے جاویں عمدہ کشتہ اور شگفتہ ہوگا۔

(۷) سفوف پھٹکڑی ۲ حصہ میں ڈلی سم الفار ایک کوزہ میں دیکر بذریعہ گل حکمت پندرہ سیر کنڈوں میں جلادیں۔ کشتہ ہو جائے گا۔

(۸) مرغ کے انڈوں کا چھلکا ایک ہانڈی میں بھر کر درمیان میں ڈلی سم الفار دیکر آگ گز ننٹ دیں۔ عمدہ کشتہ ہوگا۔

(۹) سنکھیا دو تولہ شیر مدار پاؤ سیر میں تر کرکے رکھیں ۱۲ روز کے بعد نکال کر زمین میں دفن رکھیں اکیس روز کے بعد نکال کر برگ بھنگ ہانڈا کی راکھ دو سیر کے ہانڈی گلی میں رکھیں اور سنکھیا درمیان میں رکھیں چولھے پر رکھ کر نیچے آگ جلادیں۔ جس وقت ہانڈی کے اوپر دالے

رکھنے سے جل جاویں۔ اس وقت عمدہ کشتہ ہو گا۔

(۱۱) کشتہ سنکھیا سفید دو سیر بختیہ دودھ گائے کسی برتن قلعی دار میں ڈال کر چار تولہ سنکھیا ڈالیں برتن کا منہ خوب مضبوطی سے بند کریں کہ ہوا نہ نکلے۔ نیچے بیری کی لکڑی جلادیں۔ حتی کہ دودھ خشک ہو جاوے بہت عمدہ کشتہ ہو گا۔

(۱۲) مغز تخم ارنڈ کی ۲ سیر لغدی میں ایک تولہ سم الفار رکھ کر خوب گل حکمت کریں اور ۵ سیر آگ دیں عمدہ کشتہ ہو گا۔

فوائد کشتہ سنکھیا اور ترکیب استعمال:-

(۱) سنکھیا چوتھے درجہ میں گرم خشک سموم قاتلہ سے ہے اور فوراً آدمی کو مارنے والا ہے۔

(۲) عمدہ کشتہ سنکھیا وہ ہے جو سفید ہو اور آگ پر ڈالنے سے دھواں نہ دے

(۳) کشتہ سنکھیا نامردی آتشک اور قوت باہ معدہ و ریزش بادی و بلغمی مزاج کو اکسیر ہے بوڑھے کو جوان بناتا ہے گنٹھیا۔ فالج لقوہ۔ دمہ۔ کھانسی۔ بلغمی درد کو نافع ہے۔

(۴) پرہیز:- خشک ترش قابض اشیاء استعمال نہ کریں گھی اور دودھ کا استعمال کریں۔

کشتہ مرجان شاخ مونگا:-

(۱) شاخ مرجان ایک تولہ کو آب کنوار گندل ایک چھٹانک کے ہمراہ کھرل کرکے ایک کوزہ میں بند کرکے آگ جنگلی گوبرہ ۵ اسیر دی جائے۔

(۲) شاخ مرجان ایک تولہ برگ حنا ۵ تولہ سے کھرل کرکے ایک سیر آگ دی جائے کشتہ عمدہ ہو گا

(۳) گل سرخ تازہ ۶ تولہ لیکر اس لغدی میں رکھ کر ایک سکورہ گلی میں بند کرکے دس سیر اُپلہ صحرائی کی آگ دیں۔ کشتہ برنگ گلابی بہت اچھا ہو گا۔

(۴) مونگا لے کر عرق لیموں میں جوش دے کر جب خشک ہو جائے برگ کرنجوہ ۵ تولہ کی نغندی بنا کر سکورہ گلی میں رکھ کر دس سیر اُپلہ کی آگ دیں کشتہ ہو جائے گا۔

(۵) حسب ضرورت لیکر عرق لیموں شیریں جس کو میٹھا کہتے ہیں اس میں تر کر کے ایک رات دن رکھیں اور دوسرے روز اس کو معہ اس کے عرق کے گل حکمت کریں بیس سیر اُپلہ کی آگ دیں برنگ سفید ہو جائے گا۔

(۶) گیرو کو پانی سے پیس کر مونگے اس میں آلودہ کر کے دو سکوروں میں دھر کر بدستور آنچ دیں عمدہ کشتہ ہوگا

(۷) پہلے مونگہ یا شاخ مونگا کو گرم کر کے اکیس بار جغرات میں سرد کر کے بعدہٗ دو سکوروں میں رکھ کر بدستور آنچ دیں۔ عمدہ کشتہ ہوگا۔

(۸) مونگا کو شیر گاؤ و شہد خالص میں تین روز رکھ دیں تو اشبار نیم خشک ہو جانے پر اسی کوزہ کو بذریعہ گل حکمت دس سیر بختیہ اپلوں میں آگ دیں عمدہ کشتہ ہو گا۔

(۹) مغز کنول گٹھ کو شیر گاؤ میں پیس کر نغدہ بنا دیں اور اس نغدہ میں مونگا یا بیخ مونگا کو دیکر سمپٹ کر کے خشک ہونے پر دس سیر لنڈوں میں جلا دیں۔ عمدہ کشتہ ہوگا۔

(۱۰) مونگا کو چالیس بار آب بیخ کٹائی خوردہ میں بجھا کر بدستور بالا دس سیر یا ۲۰ سیر کنڈوں میں جلا دیں۔ عمدہ کشتہ ہو گا۔

فوائد و ترکیب کشتہ مونگا و شاخ مونگا:۔ (۱) عمدہ کشتہ مرجان وہ ہے۔ جو سفید ہو اور پانی پر تیرے

(۲) کشتہ مرجان مونگا و جڑ مونگا۔ دافع وسواس جنون خفقان جمع نقرس کل امراض معدہ فساد اشتہا۔ نفث الدم۔ اسہال خونی۔ سنگ گردہ و مثانہ ورم طحال۔ بواسیر۔ نزلہ سردائمی۔ نسیان۔ نزلہ۔ زکام و سل کو نافع ہے۔

(۳) خوراک ایک رتی مکھن یا ملائی یا منقہ میں کھاویں۔

(۴) ترش اشیاء چھاچھ۔ تیل۔ گرم۔ اشیاء استعمال نہ کریں۔

کشتہ عقیق سرخ :-

(۱) سرس کے پتے ۵ تولہ گھوٹ کر نغدہ کریں۔ اور عقیق کے ٹکڑے کر کے ایک تولہ نغدہ میں رکھدیں۔ ۱۰ سیر آگ دیں عمدہ

(۲) سرس کی بیخ گھونٹ کر نغدہ کریں اور اس میں ایک تولہ عقیق کے ٹکڑے کر کے ۱۰ سیر آگ دیں عمدہ کشتہ ہوگا

(۳) عقیق ایک تولہ لیکر بنانہ لو کے پانی میں بجھاویں پھر بنانہ لو کے نغدہ ایک پاؤ کے درمیان رکھ کر سمپٹ کر کے ۸ سیر آگ دیجائے۔

(۴) عقیق مصفّٰی کو چھال بادام میں کوزے میں رکھ کر سمپٹ کر کے ۱۰ سیر آگ دیں کشتہ سفید رنگ کا عمدہ ہوگا

(۵) عقیق ایک تولہ لیکر عرق گلاب میں ایکسو ایک مرتبہ بجھاویں بعد اس کے کنول گٹھہ) کنول ڈوڈہ ۵ تولہ کا نغدہ کر کے اسمیں رکھ کر دس سیر اُپلہ کی آگ دیں کشتہ برنگ سفید ہوگا۔

(۶) عقیق کو عرق گلاب میں دس بجھہ دیکر گلاب کے نغدہ میں دیکر ایک ٹانکی دیکر ایک تولہ سوڑہ اس میں لپیٹ دیں ایک پیالی گلی نیچے اور ایک اوپر دے کر پانچ سیر آگ دیں سفید کشتہ ہوگا۔

فوائد و ترکیب استعمال کشتہ عقیق :-

(۱) عمدہ کشتہ وہ ہے جو سفید ہو۔

(۲) یہ کشتہ دھات اور دل کی دھڑکن مقوی قلب معدہ و دماغ تپ ہائے کہنہ حرارت جگر و دل ضعف اعضاء رئیسہ درد گردہ و مثانہ ذیابیطس و ضعف باہ کو مفید ہے۔

(۳) خوراک ایک رتی مربہ سیب میں کھلاویں۔

(۴) یہ سنگ کئی قسم کا اور کئی رنگ کا ہوتا ہے سب سے بہتر سرخ رنگ کا ہوتا ہے۔ سرد و خشک درجہ دوم میں ہے۔

کشتہ ہیرا یعنی رتن بھسم:- (۱) کشتہ ہیرا۔ اس کو رتن بھسم کہتے ہیں پہلے ایک مینڈک کو پکڑ کر اس کو کانسی کے پیالہ میں بٹھائیں جو وہ پیشاب کرے اسے بحفاظت لیکر پہلے ہیرا کو گرم کر کے مینڈک کے پیشاب میں تین بار بجھائیں اور پیس لیں عمدہ کشتہ ہو گا

(۲) ہیرے کو گرم کر کے جوشاندہ کلہتی اور نمک لاہوری میں ایکسو ایک دفعہ بجھائیں عمدہ کشتہ ہو گا

(۳) ہیرا دو رتی سوار چکنا ۲ ماشہ سفوف داڑھ گدھا ۲ ماشہ ہڈی مار سیاہ ۲ ماشہ نغدہ برگ گل داؤدی سفید ۳ تولہ میں ادویہ مذکورہ کو اس طرح سے رکھیں کہ اول نصف آردہ استخوان مار اوپر نصف آردہ داڑھ گدھا، اور نصف دار چکنا پھر اس پر یہی اشیاء یعنی دار چکنا آردہ داڑھ گدھا۔ آردہ مار سیاہ کی ہڈی۔ نغدہ برگ گل داؤدی سمپٹ آہنی میں رکھ کر گجپٹ کی آنچ دیں۔ خوب سرد ہونے پر نکالیں عمدہ کشتہ ہو گا۔

فوائد و ترکیب استعمال رتن بھسم:- (۱) مفرح اور مقوی حرارت غریزی اور باہ کو قوت دینے والا اور منی کو غلیظ کرتا ہے۔

(۲) خوراک ایک چاول کا سولھواں حصہ مربہ سیب یا آنولہ کیساتھ صرف تمام عمر میں ایک دفعہ کھانا لکھا ہے۔ دوبارہ کھانے کا حکم نہیں ہے۔

کشتہ موتی یا مروارید سچا:- (۱) موتی ایک تولہ کو دودھ کے ساتھ کوزہ میں گل حکمت کر کے آگ میں رکھ کر ۵ سیر آگ دیں سفید ہو جاوے گا۔

(۲) موتی ایک تولہ کو گرم کر کے آب چکوترہ میں آب برگ چولائی میں آب برگ مدار میں تنیس تنیس مرتبہ بجھا دیں پھر ایک کوزہ میں گل حکمت کر کے دس سیر اپلیوں کی آگ دیں عمدہ سفید کشتہ ہو گا۔

(۳) عرق کیلہ میں کھرل کرکے ۲ سیر پاتھیوں کی آگ دیں عمدہ کشتہ ہوگا۔

(۴) موتیوں کو لیکر سبوس گندم میں پوٹلی باندھ کر شب کو عرق گلاب و بادیان میں تر رکھیں اور صبح کو معہ پوٹلی کے سکورہ گلی میں گل حکمت کرکے ۵ سیر اپلہ صحرائی کی آگ دیں نہایت عمدہ سفید کشتہ ہوگا

فوائد وترکیب استعمال کشتہ موتی

(۱) یہ کشتہ سرد خشک دوسرے درجہ میں ہے مفرح اور لطیف اور مقوی اعضا باطنی مقوی ارواح۔ مقوی دماغ۔ تقویت قلب اور باہ مولد منی۔ نفث الدم خفقان ضعف معدہ گردہ کو مفید ہے۔ جگر یرقان لو اسیر کو از حد مفید ہے۔ سبل سفیدی آنکھ کیواسطے اکسیر ہے۔ خوراک ایک چاول ہمراہ شیر یا مربہ آملہ و سیب کے استعمال کریں۔

کشتہ یاقوت:-

(۱) یاقوت کو آگ میں سرخ کرکے عرق گلاب میں تین دفعہ بجھاویں اور گلاب کے نغدہ میں رکھ کر پانچ سیر کی آگ دیں عمدہ کشتہ ہوگا

(۲) یاقوت کو آگ میں سرخ کرکے آب چکوترہ اور آب چولائی و آب برگ مدار میں تیس دفعہ بجھاویں پھر ایک مٹی کی کلیہ میں گائے کا دودھ ڈال کر یاقوت اس میں رکھیں اور سمپٹ ۱۰ سیر بخیتہ اپلوں کی آنچ دیں کشتہ ہوگا۔

(۳) یاقوت لیکر عرق بید مشک میں ایک سو ایک بار گرم کرکے بجھاویں بعد اس کے مغز املی ۵ تولہ کی نغدی بنا کر ۵ سیر اپلہ صحرائی کی آگ دیں کشتہ بہ رنگ سفید ہوگا۔

فوائد کشتہ یاقوت وترکیب استعمال

(۱) یہ پتھر بھی زرد اور سرخ ہوتا ہے اگر کشتہ اس کا دوسرے درجہ میں گرم اور خشک ہے۔

(۲) یہ کشتہ مفرح مقوی دماغ مرگی خفقان، طاعون اور بستہ ہونے خون کے بطن میں

اور واسطے دور کرنے اثر زہروں کو صاف کرنے خون کے واسطے حفاظت حرارت عزیزی کے مقوی اعضاء رئیسہ ہے اور تقویت باہ کے واسطے از حد مفید ہے۔

(۳) خوراک نصف چاول ہمراہ مربہ سیب ایک تولہ دو ہفتہ استعمال کریں۔

کشتہ زمرد:۔ زمرد کو جس قدر ضرورت ہو لیکر عرق گلاب میں ایک سو مرتبہ گرم کر کے بجھاویں بعد ازاں برگ (سنگترہ) نلر تخ میں ۵ تولہ کی ٹکڑی میں گل حکمت کر کے دس سیر اپلہ صحرائی کی آگ دیں کشتہ برنگ سفید ہوگا۔

فوائد کشتہ زمرد و ترکیب استعمال:۔ (۱) یہ پتھر بھی سبز رنگ کا ہوتا ہے مزاج اس کا دوسرے درجہ میں سرد اور خشک ہے۔

(۲) کشتہ زمرد۔ مفرح مقوی۔ حرارت غریزی اور باہ کو قوت دینے والا ہے منی غلیظ کرتا ہے مقوی دماغ و دل جگر مقوی حواس خمسہ روح کو طاقت دیتا ہے۔ دافع مرگی خفقان وہم نفث الدم۔ ذات الدبہ۔ ذات الجنب اسہال دموی کو فائدہ کرتا ہے۔ استسقاء یرقان سلسل بول۔ وجع المفاصل گردہ مثانہ۔ جذام۔ برص کو از حد مفید ہے تریاق کل زہروں کا ہے۔ قروح باطنی۔ دفع طاعون و امراض وبائی میں استعمال کرنا عمدہ اور مفید ہے واسطے امراض چشم کے آنکھوں میں لگانا اکسیر ہے۔

(۳) خوراک ایک چاول ہمراہ مربہ سیب و آملہ۔

کشتہ حجر الیہود:۔ حجر الیہود جس قدر درکار ہو لیکر عرق مولی میں ایک رات تر رکھیں اور صبح کو سکورہ گلی میں بند کر کے دس سیر اپلہ کی آگ دیں کشتہ برنگ مٹی ہو جائیگا

فوائد کشتہ حجر الیہود و ترکیب استعمال:۔ (۱) پہلے درجہ میں گرم دوسرے درجہ میں خشک ہے (۲) یہ کشتہ مدر بول اخراج البول و سوزاک کیلئے مفید ہے

(۳) خوراک چار سرخ سے ایک ماشہ تک ہمراہ شربت بزوری و شیرہ خار خشک و شیرہ مغز کدو کے مفید ہے اور مجرب ہے۔

کشتہ صدف یعنی سیپ:- (۱) صدف کو لیکر جس قدر ضرورت ہو گرم کر کے سرکہ میں بجھاویں اور اکیس مرتبہ بعد اس پر افیون کا طلحہ کر کے ۵ سیر اپلہ کی آگ دیں کشتہ سفید ہو جاویگا۔

(۲) صدف آبدار کو صاف کر کے تین روز دودھ میں تر رکھ کر چھلکے اور اذخر مہرہ زردہ ۲۸ ماشہ سبکو گلاکے دودھ کے ہمراہ کھرل کر کے دو سکوروں میں رکھ کر گل حکمت کر کے گز فٹ کی آنچ دیں۔ عمدہ کشتہ ہوگا۔

(۳) موتی کا سیپ لیکر شیر گاؤ میں آٹھ روز ٹکڑے کر کے تر رکھیں اور خشک ہونے پر بذریعہ گل حکمت کر کے پانچ سیر اپلوں کی آگ دیں۔

فوائد کشتہ صدف و ترکیب استعمال:- (۱) کشتہ صدف کو بعض حکما گرم اور بعض سرد کہتے ہیں۔

(۲) یہ کشتہ دافع اسہال دموی واسطے دانتوں اور مسوڑھوں کے اس کشتہ کا دانتوں پر ملنا بہت فائدہ مند ہے۔ نفث الدم۔ زخم منہ کے لئے مفید ہے، واسطے قرحہ آنکھ اور اعاقت کے لگانا اس کا اور بواسیر کے بہت فائدہ کرتا ہے اور استسقا پر لگانا بہتر ہے۔

(۳) خوراک ۴ سرخ ہے۔ اس سے زیادہ نہیں ہے۔

کشتہ حلزون یعنی سنکھ:- (۱) سنکھ حسب ضرورت لیکر عرق لیموں کاغذی میں تین دفعہ کھرل کریں اور خشک ہونے کے بعد برگ لیموں کے نغدہ میں بیس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ برنگ سفید ہوگا۔

(۲) سنکھ کے ٹکڑے کر کے ہفتم کر کے ڈنڈے میں بھر کر گز فٹ کی آنچ دیں۔ عمدہ کشتہ ہو گا۔
(۳) ناگ کیسر ہلدی رائی جملہ برابر وزن لے کر سنکھ پر ضماد کر کے ۵ سیر آپلہ صحرائی کی آگ دیں عمدہ کشتہ ہو گا

فوائد کشتہ منور و ترکیب استعمال:۔ یہ کشتہ دوسرے درجہ میں گرم اور تیسرے درجہ میں خشک ہے۔ مقوی معدہ و جگر مقوی مثانہ و دل و دماغ مانع نفث الدم۔ مانع کثرت حیض بلیہ اور قرحہ امعا سلسل البول کیلئے از حد مفید ہے۔ جگر کی اصلاح کرتا ہے خوراک ایک سرخ سے ۲ سرخ ہمراہ

فوائد کشتہ سنکھ اور ترکیب استعمال:۔ (۱) یہ کشتہ دوسرے درجہ میں سرد اور خشک ہے۔
(۲) واسطے سفیدی و دوران خون کے واسطے جذام اور جرب وغیرہ کیلئے مفید ہے مقوی معدہ اور ادرار حیض کرتا ہے اور تپ کو مفید ہے خوراک ایک سرخ سے ۴ سرخ ہمراہ شربت سکنجبین اور لعاب بہی دانہ کے استعمال کریں۔

کشتہ خرمہرہ زرد کوڑیوں کا:۔ (۱) خرمہرہ لیکر عرق کیلا میں گرم کر کے پچاس مرتبہ بجھا دیں بعد اس کو عرق کیلا میں رکھ کے سکورہ گلی میں آگ دیں کشتہ ہو جائے گا۔

فوائد کشتہ خرمہرہ و ترکیب استعمال:۔ (۱) یہ کشتہ سرد و خشک درجہ دوم میں ہے
(۲) یہ کشتہ برائے سفیدی آنکھ اور تقویت گردہ واسطے توڑنے سنگ گردہ اور واسطے تپ عنب خالص کے لئے مفید ہے۔
(۳) خوراک ایک ماشہ ہمراہ شیرہ چار مغز اور مغز شربت خربزہ۔

کشتہ بارہ سنگا:۔ بارہ سنگا لیکر ایک ارنڈ کے پتے میں لپیٹ کر آگ دیں جب جل جاوے تو کھرل کرکے دہی مادہ گاؤ میں کھرل کرکے ٹکیہ بنادیں اور کُجی میں ڈال کر گل حکمت کرکے ۱۰ سیر اپلیوں کی آگ دیں کشتہ رنگ سفید ہوگا

(۲) بارہ سنگا کو چھوٹا چھوٹا کرکے پوست خشک لکڑی ۲ ٹلی میں رکھ کر پھونک دیں عمدہ کشتہ ہوگا

(۳) برادہ شاخ گوزن ایک پاؤ پختہ۔ بھنگرہ سبز پاؤ پختہ کے نغدہ میں بند کرکے پانچ سیر اپلیوں کی آگ دیں۔ اگر کشتہ قدرے سخت ہو تو پھر بدستور آنچ دیں۔

فوائد بارہ سنگا اور ترکیب استعمال:۔ (۱) یہ کشتہ ۲ ماشہ ہمراہ کتیرا ۱۲ ماشہ کے لعاب سے پینا نفث الدم اور پانی میں کھانا فوراً درد قولنج کو دفع کرتا ہے اور قرحہ امعاء اسہال کہنہ یرقان ورم طحال۔ درد مثانہ وسیلان مزمنہ رطوبت رحم کو مفید ہے۔

(۲) شہد کے ساتھ کھلانا گینٹھیا۔ ذات الجنب۔ ذات الکبد۔ ذات الصدر کو فائدہ دیتا ہے

(۳) خوراک ۴ رتی سے لیکر ۲ ماشہ تک۔ پرہیز:۔ ترشی اور بادی اشیاء سے۔

کشتہ پوست بیضہ مرغ:۔ (۱) پوست بیضہ مرغ جس میں سے بچے نکل چکے ہوں۔ لیویں اور عرق لیموں میں دو روز تر رکھیں بعد میں اس کا پوست باریک نکالیں اور صاف کرکے کھرل کریں خشک کرکے سکورہ گلی میں رکھ کر آدھی کمہاراں میں رکھیں کشتہ برنگ سفید ہوگا۔

(۲) پوست بیضہ مرغی ۱½ تولہ لیکر نمکیدہ کرکے ایک سکورہ گلی میں ڈالیں اور درمیان میں شنگرف ایک تولہ رکھ کر گل حکمت کریں دس سیر اپلیوں میں جلادیں کشتہ سفید ہوگا

(۳) پوست بیضہ مرغ کو صاف کرکے برتن میں ڈال کر عرق لیموں یا سرکہ انگوری

یا آب نمک اس قدر ڈالیں کہ ایک انگشت پر رہے اس کو بند کر کے رکھیں جب وہ خشک ہو جائے اسی طرح تین بار کریں پھر گل حکمت کر کے بیس سیر اپلوں کی آگ دیں مفید کشتہ ہوگا

سفید کشتہ چھلکا بیضۂ مرغ و ترکیب استعمال:-

(۱) یہ کشتہ نافع سوزاک و جریان دافع ودی - منی - سرعت انزال ممسک و تنگ کنندہ فرج زناں - قروح رحم کو فائدہ کرتا ہے۔

(۲) سرد خشک درجہ اوّل و دوم میں ہے۔ خوراک ایک رتی سے چار رتی تک ہمراہ دودھ اور شہد شربت بزوری۔

کشتہ خبث الحدید یعنی منور:-

(۱) خبث الحدید یعنی لوہے کا میل جس کو منور کہتے ہیں۔ اس کو لیکر سرکہ میں تین روز بھگو دیں پھر سرکہ میں پکاویں۔ اسی طرح ۶ بار کریں کشتہ ہو جائیگا۔

(۲) منور کو گرم کر کے گائے کے بول میں دس بجھے دیویں پھر پیسکر ہمراہ دو چند دہی خوب کھرل کریں جب باریک ہو جاویں اس میں روغن زرد عمدہ ڈال کر کڑاہی میں آگ پر رکھیں جب منور سے دھواں نہ نکلے تو اتار لیویں اور اس میں تیز سرکہ ڈال کر دھوپ میں رکھیں کشتہ ہو گا۔

فوائد کشتہ منور و ترکیب استعمال:-

(۱) یہ کشتہ دوسرے درجہ میں گرم اور تیسرے درجہ میں خشک ہے مقوی معدہ جگر مقوی مثانہ دل و دماغ۔ مانع نفث الدم۔ مانع کثرت حیض و قرحہ امعاء سلسل البول کے واسطے از حد مفید ہے جگر کی اصلاح کرتا ہے۔

(۲) خوراک ایک سرخ سے دو سرخ تک۔

کشتہ سرمہ سفید (۱) سرمہ سفید لیکر آگ میں سرخ کر کے برگ سرس کے پانی میں ایک سو دفعہ بجھاویں کشتہ ہوگا۔

فوائد کشتہ و ترکیب استعمال:۔ آنکھوں کی امراض کیلئے اکسیر ہے گرمی کے مریضوں میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

کشتہ سنگ جراحت یا دودھ پتھری:۔ سنگ جراحت کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے کوئلوں کی تیز آگ میں کشتہ کریں عمدہ ہوگا۔

فوائد کشتہ سنگ جراحت و ترکیب استعمال:۔ کھانسی سل تپ سوزاک کیلئے مفید ہے۔ خوراک ایک ماشہ ہمراہ شربت فریاد رس یا بزوری۔

کشتہ سونا مکھی:۔ سونا مکھی کو باریک پیس کر کوزہ گلی میں ڈال کر دودھ بکری سے بھر دیویں اور منہ بند کر کے ابپلوں کی آگ دیں کشتہ ہو جاویگا۔

ترکیب استعمال و فوائد:۔ بخار ہر قسم بچوں کے واسطے استعمال کیا جاتا ہے خوراک چاول سے دو چاول تک شہد میں دیا جاتا ہے۔

کشتہ مردہ سنگ:۔ ایک تولہ مردہ سنگ کو آدھ پاؤ بھنگ کے نغدہ میں رکھ بذریعہ گل حکمت پانچ یا ٹی سیر خشک اپلوں کی آگ دیں کشتہ ہوگا۔

فوائد کشتہ مردار سنگ و ترکیب استعمال:۔ مار گزیدہ کو ایک تنکا بھر ملائی میں رکھ کھلانا مفید ہے۔

مرکب کشتہ سم الفار ہڑتال ورقی شنگرف:۔ ہر سہ دھات کو آب بھنگ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا دیں اور توے پہ رکھ کر اوپر باریک چینی سے ڈھانپ

دیں نیچے دو گھنٹہ تیز آگ جلائیں پھر چینی اٹھا کر نصف گھنٹہ آگ جلا دیں پھر دھواں ہٹ جانے پر بھنگرہ کھرل کر کے ٹکیہ بنا دیں اسی طرح سے پانچ بار کریں عمدہ کشتہ تیار ہوگا۔

فوائد کشتہ مرکب سم الفار ہڑتال ورقی شنگرف و ترکیب استعمال

یہ کشتہ مقوی باہ مشتہی طعام ہاضم ہے درد وجع المفاصل کمزوری کھانسی بلغمی بخار بلغمی کہنہ ذات الصدر کو مفید ہے (۲) خوراک دو دانہ خشخاش ہے اگر کھانسی نہ ہو تو دودھ اور گھی پلاویں۔

مرکب کشتہ ترد ھاتہ (قلعی جست وسیسہ کا مرکب کشتہ)

قلعی جست وسیسہ تینوں کو آگ پہ گرم کر کے ملالو پھر چرخ دیکر تین سرساہی ڈوڈہ (یعنی خشخاش) کو ٹکڑے کرکے ڈالتے جاؤ اور اٹ سٹ کی جڑ سے ہلاتے جاؤ جو راکھ پوست کی ہوتی جائے اس کو ہوا سے اٹھا کر دور کرتے جاؤ جب تمام دوا کی خرچ ہو جائے اور دھات کشتہ ہو جاویں تو صاف کر کے ترش دہی میں ملا کر ٹکیہ بنا کر آب نہ رسیدہ ٹھیکری پر رکھ کر کوئلوں کی تیز آگ دیں رنگ بسنتی ہوگا۔

کشتہ ریکپورہ ۔ ریکپورہ کو گلاب سے کھرل کر کے خشک کریں اور سات روز کھرل کریں خشک ہونے کے بعد جوہر اڑا دیں۔

فوائد کشتہ ریکپورہ ۔ یہ کشتہ گرم خشک درجہ سوئم وچہارم کا ہے۔ آتشک سوزاک جرب و حکہ ناصور سنگ گردہ اور مثانہ مجری بول خنازیر سرعت انزال کے واسطے مفید ہے۔ مگر یہ منہ لاتا ہے۔

(۲) خوراک ایک چاول ہمراہ مسکہ یا بالائی۔

ترکیب کشتہ دار چکنا یعنی سلیمانی :۔ دار چکنا کو بھی آگ کے دودھ میں

کھرل کرکے جوہر اڑائیں۔

فوائد کشتہ دار چکنا و سلیمانی :- یہ کشتہ خارجی استعمال میں آتا ہے۔ داخلی استعمال کرنا جائز نہیں ہے اکثر مرہموں میں استعمال کیا جاتا ہے۔

مرکب کشتہ سکہ جست ۔قلعی۔ پارہ :- سکہ اتولہ جست اتولہ قلعی اتولہ پارہ ۶ ماشہ چاروں کو ایک کٹھالی آنچ میں گلا دیں۔ پوست خشخاش (ڈوڈہ) باریک پیس کر چٹکی دیتے جاویں جب خاک ہو جائے اتار کر کنوار گندل کے پانی میں کھرل کریں ٹکیہ بنا کر خشک کریں پھر دو پیالیوں میں ڈال کر گلحکمت کرکے امن خام اپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ برنگ زردہ ہوگا۔

کشتہ بنگشیر:- سکہ پارہ جست قلعی ہر ایک پاؤ چھٹانک سوائے پارہ کے باقی کو پگھلا کر تیل سرسوں میں نرش لسی ڈال کر سات دفعہ بجھائیں اور پھر سات دفعہ زہر یلا کے پانی میں بجھا دیں۔ پھر کڑاہی یا لوہا نڈہ خوردمیں رکھ کر آگ پر پگھلائیں پگھل جانے پر پارہ سمعنا ملا دیں پھر ڈوڈا پوست۔ بہیڑہ۔ اجوائن دیسی سمندر جھاگ ہر ایک پاؤ پھٹ آدھ پاؤ کے سفوف کا دیتے جائیں اور کنوار گندل سے ہلا دیں جب تک کہ پارہ معدوم نہ ہو جائے اسی طرح سے کرتے جائیں پھر نکال کر ایک سیر پختہ دہی میں کھرل کریں اور ٹکڑے بنا کر ایک بڑے یا چاند کشتی خانگی پر رکھ کر اوپر گرد ۱۵ سیر اپلے لگا دیں کشتہ برنگ سفید ہوگا۔

فوائد کشتہ مرکب بنگشیر سکہ جست قلعی پارہ :- یہ کشتہ برائے دفع جریان استعمال کیا جاتا ہے خوراک ۲ تا ۴ رتی مکھن میں۔

فوائد کشتہ زرد ہانہ قلعی جست سیسہ و ترکیب استعمال :- یہ کشتہ سوزاک

اور جریان کو فائدہ کرتا ہے۔
خوراک ایک رتی مکھن میں ملا کر کھلانا از حد ضروری ہے غذا منددھ گھی وغیرہ۔

مرکب کشتہ چھ دھاتہ:۔ (۱) ہڑتال طبقی پارہ سم الفار سون مکھی۔ سندھور سرمہ سیاہ تمام ادویہ کو جدا جدا باریک کریں پھر ان کو آٹھ پہر تک گوبھی کے پھول کے رس کو نکال کر کھرل کریں بعد ازاں بقدر جنگلی بیر کے گولیاں بنائیں اور سایہ میں خشک کریں پھر سوہاگہ اور پرانی اینٹ کی ہموزن خاکستر بنائیں ان ہر ایک اوویہ کا وزن ایک تولہ ہو تو ظاہر مر چار پر ہونی چاہیئے نیچے خاکستر ایک کجی میں ڈال کر درمیان میں گولیاں رکھیں اور ڈیڑھ گز کا گاڑھا کھود کر دس من اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں اور گولیاں بنا کر شیشی میں رکھیں۔ **فوائد کشتہ ۶ دھاتہ و ترکیب استعمال:** ہر قسم کے جریان والے کو مکھن یا حلوہ میں نصف رتی دیویں

کشتہ مرگانگ:۔ قلعی سیماب۔ گندھک و نوشادر ہر ایک ہموزن اول قلعی اور سیماب کو آپس میں ملا کر دیں۔ پھر گندھک اور نوشادر اس میں داخل کر کے خوب سحوق کریں۔ اس کے بعد شیشی آتشی میں ڈال کر گل حکمت کر کے آگ کوئلہ پر رکھیں اور زنار آہنی کے ساتھ اندرون اس کا زیر و زبر کرتے ہیں۔ جب دھواں موقوف ہو جاوے اتار لیویں اور نکال کر استعمال کریں۔

فوائد کشتہ مرگانگ و ترکیب استعمال:۔ یہ کشتہ جریان اور قوت باہ کے واسطے استعمال کرتے ہیں خوراک یک چاول سے ایک رتی تک مکھن یا ملائی میں۔

جر نکشش:۔ (۱) شنگرف آ تولہ مرچ سیاہ ۴ تولہ سات روز تک عرق لیموں میں

کھرل کر کے حب بقدر نخود تپ رتیح میں ایک حب سے ۴ حب تک۔

مالیتی لبسنت:۔ سنگ مصری ۱ تولہ مرچ سیاہ ۵ تولہ شنگرف ۱ تولہ مروارید ناسفتہ ۶ ماشہ ورق طلا ۶ ماشہ سب کو باریک کر کے مکھن تین تولہ میں کھرل کریں۔ جب مخلوط ہو جائے تو سات گھنٹہ تک عرق لیموں میں کھرل کریں۔

فوائد مالیتی لبسنت و ترکیب استعمال:۔ (۱) یہ تپ دق۔ جریان منی دیگر گرمی کے عارضے سنگرہنی موتر کرچھ سانگ کھانسی ہر درد کو دور کرتا ہے (۲) خوراک ایک رتی یا دو رتی شہد یا پیپل دراز کے ساتھ شہد ملا کر اس میں کھلا دیں۔

چندرا ودے رس (۱) سیماب ۲ تولہ لیکر اٹھ بار پارچہ سنگین میں صاف کر کے ورق طلا میں ڈال کر کھرل کریں۔ جب تین تولہ ورق طلا حل ہو جاویں۔ تب ایک تولہ مروارید ناسفتہ اور ۶ ماشہ شنگرف اس میں ملا کر عرق لیموں کاغذی ملا کر کھرل کریں بعدہٗ قرص بنا کر ایک ایک کلبیہ میں ڈال کر اس پر ایک پیالہ آٹا سے لگا کر گل حکمت کریں۔ ایک چکر میں دو من یا چکد شتی کی آگ دیں سرد کر کے نکال لیں۔ ایک سال تک استعمال نہ کریں۔

فوائد اور ترکیب استعمال:۔ یہ ایک قسم کا رس سندھور مرکب یا سونا ہوتا ہے۔ تمام ادویات کا راجہ ہے۔ کل امراض میں بدرقہ مناسب سے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ ایک خشخاش بھر مکھن یا ملائی کھائیں۔

مروارید کو حل کرنا:۔ مروارید کو پارچہ کے کیسہ میں ڈال کر عرق لیموں میں اتنے یوم تر رکھیں کہ مانند مسکہ کے ہو جاوے۔ پھر کیسہ کو ہاتھ سے ملیں۔ کہ وہ اس

کیسہ سے نکال کر عرق لیموں اس پر سے اتار لیویں اور دھوپ میں خشک کریں بلمل کے پارچہ میں چھان کر کام میں لاویں۔

فوائد مروارید حل شدہ:۔ یہ سفوف موتی مقوی قلب۔ دافع خفقان اسہال مراری و دموی ضعف جگر۔ گردہ یرقان۔ دقت بول۔ سنگ گردہ مثانہ۔ نزف الدم۔ حابس جریان۔ وخون اعضا باطنی۔ مقوی لبصر۔ مفرح ہے۔

کشتہ ریٹھا:۔ ریٹھا جو ہر ایک جگہ دستیاب ہوتا ہے۔ اس کو کسی برتن میں ڈال کر گل حکمت کریں جلالیں۔

مار گزیدہ کے واسطے اکسیر ہے:۔ ایک بتاشہ میں ڈال کر کھلاویں۔ دودھ میں گھی ڈال کر کھلاویں۔ خوراک ایک چاول کا آٹھواں حصہ

رسالہ در خواص حروف تہجی

پہلی فصل:۔ علم حروفات تہجی کے خواص ہیں۔ اور ان کا بیان بڑا سریع الاجابت ہے اور تمام مجربات ہے اور یہ مذہب کے فقیروں کا بھید ہے۔ کہ انہوں نے اس پر عمل کیا ہے۔

الف:۔ جو کوئی جمعرات کے دن کاغذ کے ٹکڑہ پر ایک ہزار الف لکھے اور لکھنے کے وقت یَا اللہ یا اللہ الرفیع جلالہٗ یا اللہ ایک سو دس مرتبہ پڑھے اس کا محبوب اس کا مطیع ہووے۔

(ب) جو کوئی دولت جمع کرنی چاہے وہ اسم بدوح پنجشنبہ کے دن تین

سو بیس بار پڑھے اور تین سو بیس ب کاغذ پر لکھے اور اپنے پاس رکھے لوگوں کی نظر میں عزیز اور محبوب خلائق ہووے اور دولتمندوں سے فائدہ اٹھاوے

(ت) جو کوئی چہار شنبہ کے دن چار سو (ت) لکھے اور یا تواب پڑھتا جاوے اور اپنے پاس رکھے زبان خلق دشمناں اس کے خلاف ہو جاوے۔

(ث) جو کوئی چاہے کہ اپنے آپ کو کسی کے سامنے ثابت قدم ظاہر کرے اور لوگ اس پر یقین کریں اور اس کے معتقد بن جاویں۔ اس کو چاہیے کہ چہار شنبہ کے روز پہلی ساعت میں پانچسو (ث) لکھے اور لکھتے وقت تین سو بار یا ثابت لیشار میں شئ تک پڑھے۔ تو تمام مردمان میں ثابت قدم ہوگا اور مردمان اس کے معتقد بن جاوے۔

(ج) جو کوئی چاہے کہ خلقت کی نظروں میں محبوب بن جائے اس کو چاہیئے کہ نو شنبہ کے دن چار سو جیم کاغذ پر لکھے اور لکھتے وقت یا جلیل جلیل پڑھتا جاوے۔

(ح) اگر کوئی شخص چار سو (ح) شیر کی صورت میں سہ شنبہ کے دن اس طرح لکھے کہ شیر کے پیٹ میں وہ سو پچاس حی اور باقی اس کے گرد اگرد لکھے اور اسم کو پڑھتا جاوے۔ کہ نزد خالق ہیچو شیر باشد و ہیچ دشمنے بروے نادر نتواند۔ اور لکھ کر اپنے پاس رکھے جو کوئی اس کو دیکھے اپنا دوست خیال کریگا اور اس کے ساتھ اچھی طرح سے سلوک کریگا۔

(خ)۔ اگر ۹ سو خ شنبہ کے دن لکھے اور لکھنے کے بعد نو سو بار یا خافض پڑھے اور مردہ مچھلی کا پیٹ پھاڑ کر اس میں وہ حروف گذار کر آب ناپاک

یا زمین نمناک کے نیچے دفن کرے۔ جس دشمن کا نام اس اسم کو لکھتے وقت بولتا جاوے۔ بیشک وہ دشمن مرجاوے۔

(د) اگر اسی دفعہ دال پیلے کاغذ پر لکھے اور لکھتے وقت یا دیان نوئے دفعہ پڑھے اور اپنے پاس رکھے دوستی میں بڑا بھاری اثر رکھتا ہے اور بادشاہوں اور بزرگوں میں عزت پاوے اور خلق خدا اس کو ایماندار اور دیانتدار خیال کرے

(ذ) اگر چالیس ذ ساعت مریخ یا زحل میں نیلے کاغذ پر لکھے اور لکھتے وقت یا ذلیل ویا مذل لجواند اور اس کاغذ کو درو دیوار قبلہ رو بہ دشمن کے گھر میں دفن کرے۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے دشمن خراب و برے حال ہوئے اور بیروزگار ہو جلئے

(ل) اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کی دھن اور دولت روز بروز بڑھے اس کو چاہیئے کہ چاند کی چودھویں جس روز شنبہ ہو تین سو اکاون ۳۵۱ (ل) کاغذ پر لکھے اور تین سو اکاون دفعہ لکھتے وقت یا رافع پڑھے اور یہ عمل پہلی ساعت میں پڑھے جب تک یہ کاغذ اس کے پاس رہیگا اس کے کاروبار اور روزگار میں برکت ہوگی اور روز بدن ترقی کریگا۔

(ش) اگر کوئی چاہے کہ کسی کی زبان کو بند کرے اس کو چاہیئے کہ اسی آسمانی رنگ کے کاغذ پر الو کے خون سے لکھے اور لفظ بیس کو سات دانہ ماش سیاہ پر پڑھے اور اس کاغذ کو دشمن کے گھر کے نیچے دفن کرے اس کی زبان بند ہو گی۔

(س) جو کوئی تین سو تین کاغذ پر لکھے اور لکھتے ایک سو ستر دفعہ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمِ پڑھے۔ نیک و خوشدلی اس کو دیوے اور دشمن کے خوف اور شرارت سے محفوظ رکھے۔

(ش)۔ جو کوئی کہ دو آدمیوں کے درمیان دشمنی ہو جاوے اس کو چاہیئے کہ تین سو شین مریخ کی ساعت میں الّو کے خون سے لکھے اور سہ شنبہ کے روز کتّے کے دو بڑے دانت اور بلّی کے دو بڑے دانت اس میں رکھ کر جس کے گھر میں رکھے ان میں دشمنی ہو جائے۔

(ص) جو کوئی ہرن کی کھال پر کستوری اور کیسر سے نوّے دفعہ ص لکھے اور لکھتے وقت یا صادق کہتا جائے اور اپنے پاس رکھے جو کوئی اس کو دیکھے اس کا دوست بنجائے

(ض) جو کوئی چاہے کہ کل خلقت اس سے راضی رہے اس کو چاہیئے کہ جمعہ کے روز ساعت زہرہ اوّل میں نو سو (ض) لکھے اور لکھتے وقت نو سو دفعہ یہ آیت یَارَبِّ الرَّحِیْمِ پڑھے اور لکھ کر اپنے پاس رکھے اس کے تمام دشمن جو دوست بن جاویں اور راضی ہو جاویں۔ آیت یہ ہے اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَاِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُوْنَ ٥

ط۔ اگر کوئی چاہے کہ کسی کو اپنے دیکھنے کے طالب اور اپنا مشتاق بنا دے اس کو چاہیئے کہ سعد ساعت میں او منتر بنی کاغذ پر مشک و کیسر سے لکھے اور نوّے بار طاہر المطہر طہر فی پڑھتا جاوے۔ بیشک وہ آدمی اس کا مطیع و فرمانبردار ہو جاوے۔

(ظ) اگر کوئی کہ کسی شخص کو ظلم و قہر میں گرفتار کرنا تو زہرہ کی ساعت ایک طرف آدمی کی شکل بناوے اور اس کے مقابل شیر کی صورت بناوے اور نو سو صد (ظ) آدم اور شیر کی صورت کے گرداگرد لکھے لکھکر ساعت زہرہ میں حمام کی بھٹی یا یہودیوں کی قبرگاہ میں اس کاغذ کو دفن کرے اس آدمی کو خوف و خطرہ غیب سے پیدا ہو۔

(ع) جو کوئی شخص چاہے کہ کسی کو اپنا عاشق بنا دے سات سو عین لکھے اور لکھتے وقت ایک سو دس مرتبہ یا علی پڑھے اور لکھے ہوئے اپنے پاس رکھے اور کوٹھے پر جاوے

اور اپنا منہ مطلوب کے گھر کی طرف کرکے تین سو دفعہ عین پڑھے۔ وہ شخص مسخر یا عاشق ہو جاوے۔

(غ) جو کوئی چاہیے کہ دولتمند ہو جائے اور لوگ اس کو دولتمند جانیں اور اس کے برا نہ کہے۔ اور تمام دشمن مطیع ہو جائیں اس کو چاہیئے کہ پنجشنبہ کے دن سے شروع کرکے آئندہ پنجشنبہ تک پانچسو دفعہ غین ہر روز پڑھا کرے اور صبح کے وقت ہر روز یا غنی ایک ہزار ایک مرتبہ پڑھا کرے جب ہفتہ گذر جاویگا اس کا مطلب پورا ہو جاویگا۔

(ف) جو کوئی پنجشنبہ کے پہلی ساعت میں شنگرف روز نکال کر ملا کر اسی طرح (ف کاغذ پر لکھے اور اپنے پاس رکھے کل مہمات و مشکلات اس میں حل ہو جائیں۔

(ق) جو کوئی چاہے کہ ظالم کو خدا کے قہر میں گرفتار کرے چاہیئے کہ سہ شنبہ کے دن کہ آخری ماہ میں ہووے۔ نوے اور تو گنتی ۹۹ دفعہ قاف لکھیں اور لکھتے وقت یا قاہر ذا لبطش الشدید انت الذی لا یطاق انتقامہ یا قاہر جس کے نام پڑھے اور اس کے گھر میں پھینک دے وہ ظالم خدا کے قہر میں پھنس جاوے۔

(ک) جو کوئی چاہے کہ ظالم اس پر مہربان ہو جائے اکیس ک لکھے اور نوسو دفعہ یا کریم مکرر یا کرم کریک یا کریم پڑھے اور لکھے ہوئے کو اپنے پاس رکھے وہ ظالم اس پر متفق مہربان ہو جاوے

(ل) اگر کوئی شخص نوے لام سرخ کاغذ کے ٹکڑہ پر پنجشنبہ کے دن مشتری کی ساعت میں لکھے اور عود و عنبر جلاوے اور لکھتے وقت ایک ہزار دفعہ یا لطیف پڑھے اگر بے روزگار ہووے تو روزگار غیب سے ملے اور دولتمند ہو جاوے۔

(م) اگر کوئی چاہے کہ کسی کو بیمار کرے اس کو چاہیئے کہ ہزار میم آلّو کے خون سے لکھے اور

لکھتے وقت ہزار دفعہ یا ذلّ پڑھے اور اس کو ناپاک یا نمناک جگہ پر دفنا دیوے
دشمن اس کا بیمار ہو جاوے اگر چالیس روز تک نہ نکالے تو مر جاوے۔

(ن) جو کوئی تین سو پچاس نون زہرہ کی ساعت میں لکھے یا نون کو کل تین ہزار بار
پڑھے اور اپنے پاس رکھے کل خلقت کا دوست ہووے

(و) جو کوئی چاہے کہ تمام دنیا میں اور ہر ایک مہم اس کی فتح ہو اور اولیاء ہو جائے اس کو
چاہیئے کہ چالیس دن ہر روز نو سو نوّے واؤ لکھ کر چلتے ہوئے پانی میں ڈالے اور ہر روز
یا والی یا والی ایک ہزار ایک سو ایک مرتبہ پڑھے چالیسویں دن واؤ لکھ کر اپنے پاس
رکھے عود و عنبر جلاوے جو کوئی مشکل پیش آوے خدا اس کا مددگار ہووے اور کسی چیز سے نہ جھکیگا

(ھ) جو کوئی چاہے کہ کسی کو اپنا گرویدہ اور آشفتہ کرے ایسی ہی مشتری کی ساعت گندھک
و کیسیر سے لکھے اور اسم یا ہادی ہزار مرتبہ پڑھے اور لکھا ہوا اپنے پاس رکھے ہر ایک شخص
اس کا مطیع اور فرمانبردار ہو جائے۔

(ی) جو کوئی یکصد بیس عطارد کی ساعت میں لکھے اور لکھتے وقت یٰسین سو دفعہ
پڑھے اور اپنے پاس رکھے اگر بے روزگار ہووے تو غیب سے روزگار ملے۔

ہفتہ کا دن

یک شنبہ	اتوار	شمس کی ساعت صبح	پنجشنبہ	بیروار	مشتری کی ساعت صبح
دو شنبہ	سومورا	قمر یا چندرماں کی ساعت	جمعہ	شکروار	
سہ شنبہ	منگلوار	مریخ کی ساعت			ساعت زہرہ کی ہ
چہار شنبہ	بدھ وار	عطارد کی ساعت	سنیچر	ہفتہ	زحل کی ساعت ہ

دھرم کے بغیر انسان کی اسی طرح سے شوبھا نہیں ہے۔

(۱) جیسے بغیر خوشبو پھول کی (۲) بغیر آنکھوں کے چہرہ کی (۳) چندرماں کے رات کی (۴) سایہ کے بغیر درخت کے (۵) کپڑے اور زیور کے کنچن کی (۶) خیرات کے بغیر دھن کی (۷) پانی کے بغیر کنوئیں کی (۸) چلبلاپن کے بغیر گھوڑی کی (۹) دانتوں کے بغیر ہاتھی کی (۱۰) چراغ کے بغیر گھر کی (۱۱) روشنی کے بغیر چراغ کی (۱۲) سینگ کے بغیر بارہ سنگے کی۔

نوٹ:۔ بالائی مضمون کی معلومات کیلئے مہر کے ٹکٹ بھیج کر مندرجہ ذیل پتہ پر خط و کتابت کریں۔ (مینجر عظیمیہ دواخانہ شہر جہلم)

سیسہ کو ایک مٹی کے برتن میں ڈال کر چولہے پر رکھیں جب یہ پگھل جائے تو اس کو کفچہ سے ہلائیں اور چٹکی سے قلمی شورہ ڈالتے رہیں۔ نصف پہر کی شدت آگ کے باعث اس کا رنگ مانند شنگرف سرخ ہو جاویگا۔ خیال رہے کہ جس قدر آنچ تیز دینگے اسی قدر رنگ سرخ اور صاف ہوگا۔ یہی کشتہ سکا سیندور کہلاتا ہے۔ اکمارتشی اوربلن میں

سیسہ آدھ پاؤ گلا کر باریک پترے بنالیں ان پتروں کو مقراض سے کتر لیں پھر ان پتروں کو اس قدر کھرل کریں کہ حل ہو جائے پھر قرص بنا کر کوزہ گلی میں بند کر کے اڑھائی سیر اپلوں کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں اور بدستور سابق لعاب گھیکوار میں کھرل کر کے قرص بنا کر آنچ دیں اور یہ عمل چالیس بار کریں اس کے بعد یہ گلنار رنگ کا سرخ ہو جائیگا۔ مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ مسکہ گاؤ۔ ضعف باہ جریان سیلان منی مذی وسیلان الرحم کے لئے اکسیر ہے (مجرب آزمودہ)

سیسہ کو گلا کر اس کے ہموزن پھٹکڑی سفید باریک شدہ بذریعہ چٹکی ڈالتے رہیں اور لوہے کی سیخ سے ہلاتے رہیں تاکہ تمام خاکستر ہو جائے۔ پھر چھان کر کے کھرل کرلیں

مقدار خوراک ایک رتی سے تین رتی تک ہمراہ مکھن تازہ اور اوپر سے تازہ بھینس کا دودھ بلکہ ملٹھی نوش فرمائیے ہر قسم سیلان خون کیلئے مفید ہے۔ پہلی خوراک سے پرنالے کی طرح بہتا ہوا خون بند ہوتا ہے۔

سیسہ کے باریک ٹکڑے کرکے آب اِٹ سِٹ بوٹی میں اس قدر کھرل کریں کہ بالکل حل ہو جائے پھر شیرہ برگد ڈال کر کھرل کریں اور قرص بنا کر کوزے میں بند کرکے گل حکمت کریں خشک ہونے پر آگ دیں۔ شگفتہ ہوگا ضعف جگر اور ذات الجنب کی ابتدائی حالت میں مفید ہے۔

برادہ سکہ کو گھیکوار کے رس میں کھرل کرکے دس سیر پاچک دشتی کی آنچ دیں اور سرد ہونے پر نکال لیں۔ بدستور عمل کرکے پھر دس سیر پاچک دشتی کی آنچ دیں حتیٰ کہ وہ زرد رنگ کا کشتہ ہو جائے اور پھر بھی آگ دیتے رہیں اسی طرح ایک سو ایک آنچ دیں۔ پھر یہ بالکل سرخ رنگ کا کشتہ ہو جائیگا ماہرین فن کا کہنا ہے کہ یہ تانبے کو طلائی کا رنگ دیتا ہے۔

نمک سیسہ:۔ سیسہ کو کڑاہی میں ڈال کر تیز آنچ کرکے آہنی دستہ سے ہلاتے رہیں حتیٰ کہ تمام خاکستر ہو جائے۔ پھر اس خاکستر کو سرکہ انگوری مقطر میں ڈال کر اُپلوں کی نرم آنچ پر رکھیں آٹھ پہر تک پھر سرکہ مقطر کرکے نیا سرکہ ڈال دیں اور آٹھ پہر کی نرم آنچ دیں۔ اسی طرح تیسری مرتبہ کریں اور پھر تینوں بار مقطر سرکہ نرم آگ پر منجمد کر لیں لیس تیار ہے اس کو انگریزی میں ایڈ ایسی ٹیٹ اور شوگر آف لینڈ بھی کہتے ہیں مقدار خوراک نصف رتی سے دو رتی تک زخم امعاء اور جریان سل اسہال خونی پچش وغیرہ امراض میں مفید ہے

نمک سکہ:۔ سکہ کے باریک پترے بنا کر زمین شور میں دفن کر دیں اور تین چار سال کے بعد نکال لیں۔ یہ اپنے اصل وزن سے سوائے ہوں گے ان پر ایک قسم کا نمک چڑھا ہوا ہوگا۔ اس کو کھرچ کر کھرل کرکے علیحدہ رکھ لیں اور اس کے ہموزن کوزہ مصری ملا کر تین پہر کھرل کریں۔ مقدار خوراک ایک ماشہ سے چھ ماشہ تک صبح شام ہمراہ آب تازہ

نوش فرمایئے۔ سنگریزہ اور پتھری کے لئے مفید ہے۔ سخت سے سخت پتھری دو ہفتہ میں تحلیل ہو کر خارج ہو جائے گی۔ (صدری مجربات میں سے ہے)
(حکیم نور احمد ثاقب انبالوی عظیمیہ دواخانہ رجسٹرڈ جہلم)

اب ہم کشتہ جات جست درج کرتے ہیں:۔

جست میٹھا ۱ تولہ۔ پارہ مصفےٰ ۱ تولہ۔ جست کو کڑچھے میں ڈال کر آگ پر پگھلائیں اور پارہ شامل کر دیں اور کالیجی مصری ۲ تولہ باریک شدہ کی چٹکی دیتے جائیں اور بکائین کی گیلی لکڑی سے ہلاتے رہیں۔ حتیٰ کہ سفید خاکستر ہو جائے۔ مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن یہ کشتہ قوت باہ بڑھاتا ہے۔ مقوی بصر ہے سرعت انزال کی لاثانی دوا ہے
جست مصفےٰ ۱ تولہ۔ پوست انار شیریں۔ ۱ تولہ کو ہمراہ پانچ تولہ کے خوب کھرل کریں جب یکجان ہو جائے تو جست کو اس میں رکھ کر ہاتھ سے گولہ بنائیں۔ اور گل حکمت کر کے خشک ہونے پر آٹھ سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ باوزن سفید اکسیر ہو گا۔ مقدار خوراک دو رتی ہمراہ مسکہ گاؤ جریان منی کے لیے مفید ہے باہ پیدا کرتا ہے معجون ثعلب کے ہمراہ کھانے سے سرعت انزال کو فائدہ مند ہے۔
جست مصفےٰ چار تولہ۔ پارہ مصفےٰ ۴ تولہ۔ سم الفار عمدہ ۴ تولہ سب کو ملا کر ایک سیر پختہ آب بسکھپرہ سے سحق کر کے قرص بنا لیں۔ پھر ایک مٹی کی ہانڈی میں قرص رکھ کر اوپر کٹوری تانبے کی معکوس رکھیں۔ اس پر ۴ سیر پختہ نمک سنگ باریک پسا ہوا ڈال کر خوب ہاتھ سے دبا دیں اور ہانڈی مذکور کو چولہے پر رکھ کر نیچے آنچ چوب ببول کی روشن کریں۔ پہلے تین گھنٹے معمولی آنچ دیں پھر زیادہ کر دیں۔ اور متواتر ایک دن رات آنچ ہوتی رہے۔ آٹھ پہر کے

بعد سرد ہونے پر نکال لیں۔قرص سفید باوزن شگفتہ نکلے گا پھر پانچ گھنٹے آب سیب میں کھرل کرکے بحفاظت رکھیں مقدار خوراک چار چاول سے ایک رتی تک ہمراہ مکھن یا بدرقہ مناسب بہ مزاج مریض کے دیں۔نامرد کو مرد بناتا ہے جذام کو دور کرتا ہے۔جریان کہنہ سرعت انزال سوزاک کے لئے اکسیر ہے۔

نوٹ:۔ بلا آمیزش سم الفار حسبت اور سیماب بدستور کشتہ کریں تو امراض چشم کے لئے اکسیر صفت ہے۔اس کا استعمال مامیرہ کا بدل مانگا گیا ہے۔

برادہ حسبت ۲ تولہ پیالہ چینی میں ڈال کر ایک لیموں صبح اور ایک شام تیسرے پہر اس میں نچوڑ دیں اور کانچ کی سیخ سے ہلاتے رہیں اس طرح سات روز کریں پھول پھول کر سفید براق ہو جائے گا۔امراض چشم میں مستعمل ہے۔

برادہ حسبت سیماب ہر ایک ایک تولہ ہر دو کو نیلا تھوتھا معمول کے پانی میں کھرل کر کے قرص بنا دیں۔اور اس پر پارچہ کہنہ لپیٹ کر پانچ سیر اپلیوں کی آنچ دیں۔سرد ہونے پر نکال لیں۔پھر ایک تولہ آرد ملٹھی اس میں شامل کر کے کھرل کریں۔مقدار خوراک ایک رتی سے دو رتی تک ہمراہ مسکہ دیں نفث الدم کے لئے نہایت مفید ہے۔

خبث الحدید اور بکری کا کلیجہ لیکر ایک بوتہ بنائیں بعدہٗ حسبت مصفیٰ ایک تولہ نوشادر ۴ تولہ لے کر باریک کرکے بوتہ مذکورہ میں فرش کر دیں اور حسبت کا ٹکڑا اس کے اوپر رکھ کر باقی ماندہ نوشادر اس پر فرش کر دیں پھر بوتہ کا منہ بند کرکے گل حکمت کریں اور خیال رکھیں کہ بوتہ اوپر نیچے نہ ہو جائے۔پھر تین پاؤ سرگین میں رکھ کر آنچ دیں جب سرد ہو جائے

تو پھر لوہنہ میں خرچ کریں۔ اور اس کے اوپر ۴ ماشہ رس کپور چھڑکیں۔ جب رسکپور جل جائے تو پھر ۴ ماشہ ہڑتال طبقی ڈال کر چرخ دیں پھر ہموزن چاندی ڈال کر چرخ دیں۔ تمام کی تمام عمدہ چاندی بن جائے گی۔ اگر نقلی چاندی بنانا مقصود ہو تو قلعی شامل کریں اس کو نقرہ بسارہ کہتے ہیں۔

جست ایک تولہ، پارہ ایک تولہ ہردو کو ملا کر گندہ دیں اور پترہ بنا کر باریک بادہ بنالیں۔ پھر آب گرم نیم میں بادہ پھر کھرل کریں اور قرص بنالیں پھر مٹی کو دو پیالیاں بنا کر ان کے درمیان رکھ کر سیمنٹ کریں۔ تین کپروٹی کر کے خشک ہونے دیں بعدہ بادہ پھر کا بالو جنتر کریں آگ بالکل نرم رہے۔ پھر ایک تولہ تانبا عمدہ مصفّٰی کی اس پر طرح دیں۔ یہ سب سونا بن جائیگا (آزمودہ)

عطیہ حکیم سلطان محمود صاحب بھاٹی گیٹ لاہور۔

جست حسب ضرورت لیکر ایک آہنی کڑاہی میں پگھلائیں اور بادہ برنگ و پوست انار کا سفوف چٹکی چٹکی ڈالتے رہیں۔ ساتھ ہی کسی آہنی کفگیر سے ہلاتے رہیں۔ یہاں تک کہ جست خاکستر ہو جاوے پھر آب کو کنار میں کھرل کرکے نخودی گولیاں بنالیں خشک ہونے پر بحفاظت رکھیں۔ مقدار خوراک ایک گولی ہمراہ مربہ آملہ یا مربہ کے دیں۔ اسہال کبدی و ذحیر صادق کو مفید ہے۔ مقوی معدہ ہے (مجرب)

جست مصفّٰی ایک تولہ گداز کر کے ایک تولہ سیماب کے ساتھ عقد کریں پھر بندرقہ لمجہ پوست بیس تولہ و مغز کو آب برگ کیکر میں کوٹ کر لغدہ بنائیں اس میں عقد شدہ جست کو رکھ کر آدھ سیر پارچہ کہنہ کی کپروٹی کریں اور محفوظ الہوا

مقام پر رکھ کر آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں کشتہ ہوگا۔ یہ کشتہ ضعف بصر کے لئے تریاق مانا گیا ہے۔ علاوہ ازیں خارش چشم و دھند جالا غبار اور پھولا وغیرہ کو دور کرتا ہے۔ دیگر بے حد مقوی باہ ہے۔ مقدار خوراک ایک رتی سے دو رتی تک ہمراہ مسکہ گاؤ۔

جست مصفٰی ۲ تولہ سیماب مصفٰی ۲ تولہ۔ ہر دو کو عقد کر کے علیحدہ رکھ لیں پھر سم الفار ڈھائی تولہ سہاگہ ڈھائی تولہ۔ نوشادر ڈھائی تولہ۔ قلمی شورہ ڈھائی تولہ جو کوٹ کر لیں۔ بلنصف سے کر کوزہ گلی میں ڈال کر اس پر عقد کی ہوئی ڈلی رکھ دیں۔ پھر باقی سفوف اوپر ڈال کر گل حکمت کریں اور اوپر نیچے اُپلہ صحرائی رکھیں اور آگ دیں نہایت عمدہ کشتہ باوزن تیار ہوگا یہ کشتہ اکثر مہوس حضرات تیار کرتے ہیں۔ چاندی بنانے کے کام آتا ہے۔

جست بارہ تولہ کڑاہی میں گلا کر ایکاش کے سبز ڈنڈے سے گھوٹیں حتیٰ کہ کشتہ ہو جائے۔ پھر اس میں ۵ تولہ تیزاب ڈال کر لگا دو۔ جب تیزاب خشک ہو جائے۔ تب خوب کھرل کریں۔ یہ مانند موم کے ہو جائے گا۔ اس کو ایک بوتل میں بحفاظت رکھیں اور فی تولہ ایک ماشہ سے تین ماشہ تک۔ جس شے میں ترتیب دے کر ساتھ ملا کر کھرل کریں گے اس کو بہا دے گا۔ یہ ایک خاص نسخہ راز کا تھا۔ امید ہے کہ ہمارے کیمیا گر حضرات اس سے فائدہ اٹھا سکیں (بیاض خاص سے نقل کیا گیا ہے۔)

کشتہ جست کا بیان ختم ہو گیا اب ہم کشتہ جات نیلا تھوتھا درج کرتے ہیں۔

نیلا تھوتھا ایک تولہ کی ایک ڈلی لے کر نیم کی کونپل کے بھر نگدہ میں رکھ کر آدھ
سیر ابلہ صحرائی میں محفوظ الہوا مقام پر آنچ دیں سرد ہونے پر نکال کر شیرہ نیم
کی سبز کونپلوں کا ڈھائی تولہ اور کھرل کریں ان ہی کونپلوں کے ایک پاؤ نگدے
میں بند کر کے ایک سیر اپلوں میں آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ مقدار
خوراک ایک رتی سے دو رتی تک حلوہ یا منقیٰ میں رکھ کر کھلا دیں۔ یہ
سوزاک کا قطعی اور خطمی علاج ہے۔

پھر پانچ تولہ شیر مدار میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا لیں اور برگ مدار سبز نرم نرم
کے نغدے میں رکھ کر محفوظ الہوا مقام پر تین سیر اپلوں کی آگ دیں۔ مقدار
خوراک تین چاول سے ایک رتی تک حلوہ یا ملائی میں رکھ کر کھلائیں۔ یہ
آتشک کے لئے مفید ہے اور ایک ہفتہ تک مکمل آرام ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد
فوراً ہی بھینس کا تازہ دودھ جس کی جھاگ بدستور رہے آدھ سیر لیں اور اس میں
ایک لیموں نچوڑ کر پی لیں۔

طوطیا عمدہ سالم ڈلی ۶ ماشہ۔ کافور لیسی ڈھائی تولہ کے درمیان رکھ
کر کسی آبخورے میں بند کر کے گل حکمت کریں خشک ہونے پر دو سیر
پاچک دشتی کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ مقدار خوراک دو چاول
سے چار چاول تک صرف آتشک اور سوزاک کیلئے اکسیر ہے۔

مغز شیار عنبر ڈیڑھ پاؤ پختہ لے کر اس کوٹ کر پیڑا سا بنا لیں۔ اور اس
کے درمیان طوطیا سبز رکھ کر مضبوط کپڑ مٹی کریں پھر کوزہ گلی میں رکھ کر منہ بند
کر کے آٹھ سیر اپلوں کی آنچ دیں سرد ہونے کے بعد نکال لیں۔ مقدار خوراک

ایک رتی منقہ میں رکھ کر کھلا دیں۔ جذام اور آتشک کے لئے مفید ہے یہ کشتہ طوطیا باوزن سفید ہوگا۔

طوطیا سبز جو کہ چمکدار نہ ہو۔ دو تولہ سالم ڈلی لے کر اس کو چینی کی پیالی میں رکھ کر اس پر عرق بھنگرہ سیاہ چار تولہ ڈال دیں اور دھوپ میں رکھ کر خشک کریں اور آب برگ دھتورہ سیاہ چار تولہ طوطیا مذکور پر ڈال کر دھوپ میں خشک کرنا چاہیئے۔ جب سب پانی خشک ہو جائے تو طوطیا مذکور کی ڈلی کو پیالہ سے نکال کر بحفاظت رکھیں۔ بعدہ تخم سنیانا سی بقدر چار تولہ باریک سفوف بنا لیں اور بیس تولہ بوٹی دھنار کستوری کو گھوٹ کر نغدہ بنائیں اور نصف نغدہ کا قرص بنا کر اس پر نصف سفوف تخم سنیانا سی فرش کر کے اس کے اوپر طوطیا مذکور کی ڈلی رکھ دیں اور اس کے اوپر سفوف مذکور کا لحاف دیں پھر باقی نغدہ رکھ کر غلولہ بنائیں اور چار مرتبہ گلے بعد دیگرے گل حکمت کریں جب خشک ہو جائے ایک گڑھا کھود کر اس میں مینگنیں بز نر چار سیر ڈال کر چاروں طرف آگ دیں جب یہ آگ بالکل سرد ہو جائے تو بحفاظت کشتہ طوطیا سفید نکال لیں۔ بحکم خدا سوزاک آتشک۔ جذام خنازیر نواسیر اور مفاصل مفعدہ کے لئے بے نظیر اکسیر ہے۔ اور خاص طور پر ہونٹوں کی جان ہے۔ بنائیں اور قدرت خدا کا مشاہدہ کر کے راقم کو دعا خیر سے یاد کریں۔ امراض بالا میں میرا یہ تجربہ ہے۔ مقدار خوراک چار چاول تک روزانہ مکھن یا کیپسول میں بند کر کے کھلائیں اور اوپر سے بھینس کا تازہ دودھ لیموں نچوڑ کر پئیں۔

ایک چاول تک ہمراہ مکھن کھلائیں۔ جملہ امراض خبیثہ مایوس کے لئے مفید ہے۔

جوہر نیلا تھوتھا:۔ طوطیا ایک درم۔ رسکپور۔ دارچکنا ہر ایک ایک درم مردار سنگ چار درم۔ سیماب۔ شنگرف۔ ہڑتال ورقیہ۔ سم الفار سفید۔ نوشادر ہر ایک نصف درم جملہ تمام ادویہ کو آب ادرک میں ایک پہر کھرل کر کے بدستور معروف جوہر اڑائیں مقدار خوراک ایک چاول تک ہمراہ مکھن کے استعمال کریں۔ آتشک کہنہ اور سوزاک کہنہ نزلہ متقرحہ اور فساد خون چنبل خارش وغیرہ کے لئے مفید ہے۔

صلایہ توتیا:۔ نیلا تھوتھا ایک تولہ۔ گیرو عمدہ ایک پاؤ۔ ہر دو کو چالیس گھنٹے کھرل کر کے بحفاظت شیشی میں رکھیں۔ جہاں پر صفت مسیحا کام نہ دے وہاں یہ تحفہ مسیحائی کا ٹیکہ کا علاج ثابت ہوگی۔ سینکڑوں بار تجربے میں آچکی ہے۔

صلایہ توتیا:۔ نیلا تھوتھا۔ پھٹکڑی سفید ہموزن۔ کھرل کر کے بحفاظت رکھیں۔ برائے سوزاک ایک رتی سے دو رتی تک ہمراہ مکھن کھلائیں اس کے اوپر آدھ سیر بھینس کا تازہ دودھ جس میں ایک عدد کاغذی لیموں نچوڑا گیا ہو۔ ملا دیں۔ بفضل خدا ایک ہفتہ میں مکمل آرام ہو گا۔

طوطیا مومیا:۔ ایک پاؤ روغن تلی یا آدھ پاؤ برگ حنا

خشک کر کے ان ڈلیوں کو ایک قلعی دار برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں اس میں پانچ تولہ سے دس تولہ تک نیلا تھوتھا کی ڈلیاں عمدہ ڈالیں اور نرم آنچ پر پکنے دیں۔ یہ سرخ ہو کر مومیا قائم النار ہو جائے گا۔

نیلا تھوتھا سے تانبا نکالنے کی ترکیب:۔ روغن تلی میں نیلا تھوتھا تر رکھ کر صبح کو آدمی کے سر کے بال لپیٹ کر کٹھالی میں ڈال کر چرخ دیں تانبا علیحدہ ہو جائے گا۔

کشتہ جات نیلا تھوتھا کا بیان ختم ہو گیا اب ہم کشتہ جات مردار سنگ کا بیان درج کرتے ہیں۔

مردار سنگ سفید شدہ کو دو پہر تک شیر مدار میں کھرل کریں اور مانند فلفل سیاہ کے گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کریں پھر مٹی کے کلاں میں بھر کر مضبوط گل حکمت کریں۔ خشک ہونے پر محفوظ الہوا مقام پر گجپٹ کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ مقدار خوراک ایک چاول سے ایک رتی تک ہمراہ برگ پان یا منقہ کے استعمال کریں۔ ضیق النفس اور سل کے لیئے مفید ہے۔ جریان منی اور سیلان الرحم کہنہ کے لیئے عجیب الاثر ہے۔ مقوی باہ اور ممسک ہے

مردار سنگ ایک تولہ کو بھنگرا کے نغدہ میں رکھ کر کوزہ گلی میں بند کر کے گل حکمت کریں خشک ہونے پر تین سیر اپلہ صحرائی کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ پھر کھرل کر کے بحفاظت رکھیں۔ مقدار

خوراک نو چاول سے ایک رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسب کے اکثر امراض میں بے حد مفید ہے۔

کشتہ ہذا گرم خشک ہے۔ قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ اور بدن کی رنگت کو نکھارتا ہے۔ سوجن۔ اپھارہ شکم کو دور کرتا ہے۔ اور تاپ تلی جلودھر اور بواسیر کو نافع ہے۔ نزلہ کھانسی دمہ آتشک جریان سوزاک کہنہ اور فساد خون وغیرہ میں مفید ہے۔ سمیات کے اثر کو زائل کرنے میں تریاق اعظم ہے۔

مردار سنگ کو آٹے میں لپیٹ کر دس سیر اپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر بحفاظت نکال لیں شگفتہ ہو گا۔ مقدار خوراک ایک رتی تک ہمراہ برادہ اسبغول و کتیرا گوند کے استعمال کریں کثرت جس کو روکنے میں مثل تریاق ہے۔ دیگر سانپ کے کاٹے ہوئے کی آنکھوں میں سلائی لگانے سے بفضل خدا فوراً صحت ہو گی۔

مردار سنگ کو مٹی کے برتن میں آٹھ پہر تک شیر مدار تازہ میں تر رکھیں پھر اسی برتن میں گل حکمت کر کے مناسب آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ پھر کھرل کر کے بحفاظت رکھیں۔ مقدار خوراک ایک رتی ہمراہ نباشہ میں رکھ کر کھلائیں۔ امراض بلغمی کھانسی ضیق النفس اور سانپ کے کاٹے کا تریاق ہے۔ سانپ کے ڈسے ہوئے کی آنکھوں میں سلائی سے لگائیں۔ بفضل خدا دیکھتے ہی دیکھتے زہر دفع ہو جائے گا۔ (مجرب)

صلایہ مردار سنگ:۔ مردار سنگ کو تین روز تک زور دار ہاتھوں سے کھرل کر کے بحفاظت شیشی میں رکھیں۔

فوائد:۔ اقسام کرم شکم کے لئے اکسیر ہے۔ بقدر ایک درم کے روغن کنجد نو درم میں ملا کر کھلائیں۔ اس سے کرم بمعہ تھیلیوں کے خارج ہو جائیں گے۔ اور اس کے بعد ایک ہلکا سا مسہل ضرور لیں بغیر روغن کنجد کے ہرگز استعمال نہ کریں۔ غذا غیر گرم ہمراہ برنج عمدہ بلا گھی کے کھلائیں۔

جوہر مردار سنگ:۔ مردار سنگ ایک تولہ، رسکپور چھ ماشہ۔ دار چکنا تین ماشہ۔ سب کو پیس کر دو پیالیوں میں جن کے لب بالکل بند ہو گئے ہوں۔ ڈالیں اور گل حکمت کر کے چولھے پر رکھیں۔ اس پہر تک اس کے نیچے دو چوبہ آگ جلائیں اوپر کے پیالے میں ٹھنڈے پانی میں تر کیا ہوا کپڑا رکھتے رہیں۔ تاکہ پیالہ کے سرد ہونے سے تمام جوہر رہ جائیگا اور عمل دوبارہ کرنا پڑے گا۔ اس اوپر کے پیالے میں سے جوہر بحفاظت نکال کر کھرل کر کے شیشی میں رکھیں۔ مقدار خوراک ایک چاول ہمراہ مکھن استعمال کریں۔ مقدار خوراک جو مقرر ہے۔ اس سے زیادہ دینے سے ہرگز کوشش نہ کریں۔ یہ جوہر تمام امراض مزمنہ بالعموم خبیثہ۔ خصوصاً۔ آتشک۔ سوزاک فرجہ وغیرہ۔ کہنہ سوراخ

حلق زکام و نزلہ کے واسطے عظیم النفع ہے۔ قواسیر و خنازیر کے لئے مفید ہے۔

سیال مردار سنگ:۔ ایک تولہ نمک باریک پیس کر ایک ماشہ مردار سنگ ملا کر کٹھالی میں ڈال کر بھٹہ رکھ دیں۔ تیز آنچ ہو تو نمک گھل جائیگا۔

فوائد:۔ یہ کھانے کے کام نہیں آتا۔ بلکہ محسین صاحبان کے مطلب کو پورا کرنے کے لئے عجیب نسخہ ہے۔ جس کی اکثر حضرات کو تلاش رہتی ہے۔

قطعۂ تاریخ خیال کاتب کتاب ھذا

کتابے کہ عجب رہبر کیمیا است
گلہائے رنگا رنگ جاں افزا ست

سلامت باد مصنف و پبلشر تا ابد
نیز کاتب نورِ رقم و ہم مصنف نور احمد

مدامی شاد باد سیٹھ آدم حجی عبداللہ
کہ بارہ دیگر آں فتح و نصرت من اللہ

وَمَا تَوْفِيْقِيْ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

ختم شد

حکیم نور احمد ثاقب انبالوی عظیمیہ دواخانہ شہر جہلم

مفتاح المفردات

اس کتاب میں قابل مصنف حکیم محمد عزیز صاحب چوہدری نے یونانی یعنی دیسی طب کی تمام ادویات کے ہر زبان میں بہ ردیف حروف تہجی دار نام دیگر ان کے نام و شکل و رنگ، جنس، ہیئت، ذائقہ، افعال، خواص نہایت مشرح اور عام فہم زبان میں بیان کئے گئے ہیں دوا کا نام خواہ کسی زبان میں ہو پہلی نظر میں ملاحظہ کرنے سے معلوم ہو جائیگا یہ کتاب حکیموں، پنساریوں، ویدوں، عطاروں کے لئے گراں قدر تحفہ ہے کتابت عمدہ طباعت نفیس قیمت ۲/۸ دو روپے پچاس پیسے علاوہ خرچہ

علاج غریبانہ: یہ ایک ایسی کتاب ہے جس کی مدد سے غریب لوگ معمولی خرچ سے ہر قسم کی بیماری کا علاج کر سکتے ہیں بارہ آنہ کے ٹکٹ بھیج کر طلب کریں یہ کتاب ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو رہی ہے

مجربات ارسطو

اس کتاب میں انسان کی اندرونی و بیرونی امراض کے مجرب و تیر بہدف نسخہ جات طبع کئے گئے ہیں جو کوڑیوں کے مول تیار ہو سکتے ہیں اور بیش قیمت نسخوں سے زیادہ زود اثر اور مفید ثابت ہوئے ہیں اس کتاب کی مدد سے آپ گھر بیٹھے تمام امراض کا بخوبی علاج کر سکتے ہیں قیمت ایک روپیہ پچاس پیسے علاوہ خرچہ (عہ)

مجربات افلاطون

علم العلاج کی یہ نادر بے نظیر کتاب جناب طبیب فخر الاطبا حکیم شہزادہ غلام محمد خان صاحب طبیب خاص مہاراجہ صاحب کشمیر کے نبیرہ حکیم سید احمد حسین شاہ گیلانی حاذق الحکماء ماہر طبیب و جراحت کی تالیف ہے جس میں ہر قسم کے امراض انسانی کے تیر بہدف مجربات درج کئے گئے ہیں یہ کتاب ۔۔۔ صفحات پر مشتمل ہے قیمت ایک روپیہ پچیس پیسہ علاوہ خرچہ

منگوانے کا پتہ

سیٹھ آدم جی عبداللہ پبلشرز بمبئی والے لوہاری بازار لاہور

دار الشفاء اردو (اصلی و مکمل)

یہ کتاب صحیح معنوں میں دار الشفا ہے جو تقریباً
پونے دو سو صفحات پر مشتمل ہے اس کتاب میں تشریح
الابدان تشخیص الامراض اور علاج الامراض پر معلومات
کے دریا بہا دیئے ہیں اور سینکڑوں مجرب و تیر
بہدف صدری نسخے رفاہِ عام کی بہتری کیلئے درج
کر دیئے گئے ہیں یہ کتاب غریبوں اور امیروں کیلئے یکساں
طور پر مفید ہے اس کے مؤلف حکیم سید احمد
حسین شاہ گیلانی حاذق الحکماء ماہر طب الجراحت
وغیرہ فخر الاطباء حکیم شہزادہ غلام محمد خانصاحب
مرحوم رئیس الاعظم و طبیب و معالج خاص
مہاراجہ جموں و کشمیر ہیں۔ کتابت و طباعت
عمدہ رنگین ٹائیٹل قیمت دو روپے
پچاس پیسے (۲؍۵۰) علاوہ خرچہ

اصلی مکمل سنیاسی جڑی بوٹی

اس کتاب میں قابل مصنف حکیم نور احمد صاحب نے
طبی اصولوں کے مطابق تمام نشاط انگیز نسخے مثلاً
سرعت سستی، نامردی، ضعف باہ کو دور کرنے کی ترکیب
اور مقوی باہ غذائیں ممسک دوائیں بے ضرر تیل و نایاب
مجربات طلا اور اس کتاب میں ہر قسم کی جڑی بوٹیوں کی
شناخت کیلئے اور ان کے خواص پر مکمل بحث کی گئی ہے
اور شناخت کیلئے تصویریں بھی دے دی گئی ہیں اس
کے ساتھ ہی وہ تمام کشتہ جات اور نسخے بنانے کی ترکیبیں
درج ہیں جن میں یہ بوٹیاں استعمال ہوتی ہیں آپ اپنی
ازدواجی زندگی کو کامیاب بنانا چاہتے ہیں اور اپنی
طاقت صحت و شباب کو ہمیشہ قائم رکھنا چاہیں تو آج ہی اس
کتاب کو خریدیں۔ قیمت دو روپے پچاس
پیسے (۲؍۵۰) علاوہ خرچہ

منگوانے کا پتہ

سیٹھ آدم جی عبداللہ پبلشرز بمبئی والے ناشران قرآن مجید

تاجران کتب نولکھا بازار لاہور

(مقبول عام پریس لاہور)

پلانٹ انجینئرز ہینڈ بک

یہ ایسی کتاب ہے جس کی ضرورت سول انجینئروں، اوورسیروں، سٹرکچرل انجینئر، مکینیکل انجینئر، ڈرافٹسمین، فورمین، اپرنٹس اور دیگر کاریگروں کو رہتی ہے جناب سید حبیب الرحمان رحمکاریہ بی ایم، اے ای انجینئرنگ مکینیکل انجینئر نے بڑی محنت سے لکھا ہے سمندری اور دخانی جہازوں کے انجینئروں کیلئے ضروری فارمولے اور پرزوں کے نام اردو اور انگریزی میں لکھ دیئے گئے ہیں تاکہ ہر طبقہ کے لوگ آسانی سے سمجھ کر فائدہ حاصل کریں قیمت تین روپے ۵۰ پیسے

جنرل انجینئرنگ گائیڈ باتصویر

مصنف سید حبیب الرحمن رحمکاریہ بی ایم ای مکینیکل انجینئر نے بڑی محنت سے اس کتاب کو لکھا ہے اسمیں ٹرنروں کیلئے ہر قسم کے لیتھ، فٹروں کیلئے فٹنگ، مکینکوں کیلئے مرمتوں کی ضروریات، ملنگ مشینسٹ کو ملنگ کا حساب اور گراریوں کے فارمولے لکھ دیئے ہیں معمولی پڑھا لکھا انسان بھی اس کتاب کے مطالعہ سے مکمل کاریگر بن سکتا ہے اور خاصکر مستریوں، چارجمینوں، فورمینوں اور انجینئروں کے لئے ایک خزینہ ہے قیمت تین روپے ۵۰ پیسے

جدید طبی فارما کوپیا

موجودہ زمانے میں آپ کو بیشمار طبی کتب مل جائینگی مگر جدید طبی فارما کوپیا کے مقابلے میں آجتک کوئی طبی کتاب آپ کی نظر سے نہیں گزری ہوگی اس کتاب کے مصنف ڈاکٹر فقیر احمد خان تاج جالندھری نے ۵۰ سالہ عمر میں جس قسم کے مفید تجربات حاصل کئے اور تجربہ مفید ثابت ہوئے سب درج کر دیئے ہیں رفاہ عام خصوصاً اطبا کرام کیلئے ایک بہترین طبی درسگاہ ہے اسمیں ہر بیماری کا علاج تشریح ڈاکٹری، ہومیوپیتھک اور آیورویدک طریق پر پوری وضاحت سے درج کیا گیا ہے قیمت چار روپے

مکمل ککری بک

مصنف سید علی احمد صاحب انبالوی نے اپنی عمر کے تجربہ اور محنت سے یہ کتاب تیار کی ہے اسمیں ہر قسم کے انگریزی کھانے سوپ فش انٹریز جوائنٹ سیکنڈ کورس پڈنگ جیلی سیوری آئس کریم ہر قسم کیک اور انگلش مٹھائیاں وغیرہ آپ گھر بیٹھے تیار کر سکتے ہیں۔ خانساماؤں باورچیوں اور بیروں کے لئے تو یہ کتاب ایک بیبہا خزانہ ہے ایک معمولی لکھا پڑھا بھی اس کے مطالعہ سے ہر قسم کے لذیذ کھانے اور مٹھائیاں تیار کر سکتا ہے خواتین بھی اس کتاب سے فائدہ اٹھا سکتی ہیں۔ قیمت صرف چار روپے

جدید کنفکشنری بک باتصویر

اس کتاب کو مصنف نے بڑی تحقیق و جانفشانی سے لکھا ہے اور اس میں انگلش، فرنچ، امریکن، پاکستانی اور انڈیا کے خانساماؤں باورچیوں ڈبل روٹی، کیک، بسکٹ اور مٹھائی کے تجربہ کار ہوشیار استادوں کی رائے ظاہر کی ہے یہ بات آپ کو برسوں تلاش کرنے سے بھی نہ مل سکیگی جو اس کتاب سے آپ کو حاصل ہوگی اسمیں ہر قسم کے چھوٹے بڑے کیک کریم رول آئس مولڈ، بسکٹ، پیسٹری ہر قسم کریم پڈنگ آئس کریم، سویٹ منگو چٹنی انگلش مٹھائیاں بنانے کے طریقے درج ہیں۔ قیمت صرف چار روپے

منگوانے کا پتہ سیٹھ آدم جی عبداللہ پبلشرز بمبئی والے نولکھا بازار لاہور

مطبوعہ نقش آرٹ پریس ہسپتال روڈ لاہور